حق تالیف محفوظ ہے

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ

إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ فِي كِتَابٍ مَّكْنُونٍ

قرآن مجید با ترجمہ

[illegible] احمد صاحب دہلوی دام فیوضہم والحمد للہ کہ ترجمہ با محاورہ [illegible]

لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ

بسعی کارپردازان مقبول پریس دہلی طبع گردید

منشی سید ظفریاب علی جوہر پرنٹر پبلشر

سورة الفاتحة مكية وهي سبع آيات

بسم الله الرحمن الرحيم

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہون)

الحمد لله رب العلمين ○ الرحمن

کل عالمون کے پرورش کرنیوالے خدا کیلیے ہر قسم کی تعریف خاص ہے (جو)

الرحيم ○ ملك يوم الدين ○ اياك

رحمن رحیم ہے (اور) فیصلے کے دن کا مالک ہم تیری ہی

نعبد واياك نستعين ○ اهدنا

عبادت کرتے ہین اور تجھی سے مدد مانگتے ہین خاص

الصراط المستقيم ○ صراط الذين

راہ حق پر ہمکو ثابت قدم رکھیو اُن لوگون کی راہ پر

انعمت عليهم غير المغضوب

جنپر تونے انعام فرمایا نہ اُنکی جنپر غضب

عليهم ولا الضالين ○

نازل کیا گیا اور نہ گمراہون کی

الجزو الاول

آیاتہا ۲۸۶ رکوعاتہا ۴۰ کلماتہا ۶۱۲۱ حروفہا ۲۵۵۰۰

سورۃ البقرۃ مدنیۃ وہی مائتا وست وثمانون آیۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى

الم یہ کتاب ایسی ہے جسمیں کسی قسم کا شک نہیں ان پرہیزگاروں

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

کیلئے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

اقامت صلوٰۃ کرتے ہیں اور جو کچھ ہمنے انکو عطا کیا ہے اسکا ایک جزو (ہماری راہ میں) خرچ کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

اور (اے رسول) جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے اور جو کچھ تم سے پہلے

قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ عَلٰي

اتارا گیا اسپر (بھی) ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر بھی وہ (پورا پورا) یقین رکھتے ہیں یہی لوگ

هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اپنے رب کیطرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی (پوری پوری) فلاح پانے والے ہیں

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ

جو کافر ہوچکے اُنکے لئے برابر ہے خواہ تم اُنکو ڈراؤ یا

لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

نہ ڈراؤ وہ ایمان نہ لائینگے اُنکے دلوں اور کانوں پر خدا نے

وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ

نشان کردیا ہے اور اُنکی آنکھوں پر پردہ (پڑا ہوا) ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَن

اور اُنکے لئے بڑا عذاب ہے اور آدمیوں میں سے ایسے (بھی) ہیں

ع ١ ٧

يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ۝

جو (یہ) کہتے ہیں کہ ہم خدا اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں حالانکہ وہ مومن نہیں ہیں

يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۚ وَمَا يَخْدَعُونَ

وہ خدا کو اور مومنوں کو دھوکا دیتے ہیں حالانکہ وہ اپنے ہی آپ کو

إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

دھوکا دیتے ہیں اور سمجھتے نہیں اُنکے دلوں میں روگ ہے

فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

خدا اُنکے روگ کو اور بڑھاتے اور اُنکے لئے بوجہ (برابر) جھوٹ بولتے رہنے کے

بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا

تکلیف دینے والا عذاب (مقرر کیا گیا) ہے اور جب اُنسے یہ کہا گیا کہ زمین میں فساد

فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ۝ أَلَا إِنَّهُمْ

مت کرو (تو) اُنھوں نے یہ کہدیا کہ ہم تو اصلاح ہی کرنیوالے ہیں خبردار رہو

هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ

یہ لوگ بلاشک مفسد ہیں ولیکن سمجھتے نہیں اور جب اُنسے

لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ

یہ کہا گیا کہ جسطرح اور لوگ ایمان لائے ہین تم بھی ایمان لاؤ (تو) اُنھون نے یہ کہدیا کیا ہم اسطرح

اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

ایمان لے آئین جسطرح بیوقوف ایمان لے آئے خبردار رہو یہ لوگ خود (ہی) بیوقوف ہین ولیکن

لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا

جانتے نہین اور جب یہ مومنون سے ملاقات کرتے ہین تو کہدیتے ہین کہ ہم ایمان لائے ہین

وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا

اور جب خلوت مین اپنے شیطانون سے ملتے ہین تو کہدیتے ہین کہ ہم تو تمھارے ہی ساتھ ہین اُنسے تو

نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ

ہم صرف ہنسی کرتے ہین اللہ (بھی) اُنسے ہنسی کریگا اور اُنکو اُنکی سرکشی مین

فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

ڈھیلے رکھیگا کہ (آپ ہی) سرگردان رہین یہی لوگ ہین جنھون نے ہدایت کے بدلے

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا

گمراہی خریدلی نہ اُنکی تجارت ہی نے اُنکو نفع دیا اور نہ اُنھون نے

مُهْتَدِيْنَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ

ہدایت ہی پائی اُنکی مثل اُس شخص کی سی ہے جسنے آگ روشن کی

فَلَمَّآ اَضَاۗءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ

اور جب آگ نے ہرطرف اُجالا کردیا تو اللہ نے اُنکی روشنی کھودی اور اُنکو ایسی تاریکیون

فِىْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ۝ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ

مین چھوڑا کہ کچھ دیکھتے (ہی) نہین بہرے گونگے اندھے ہین اب (کفر سے)

لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ

پلٹ کر نہین آسکتے یا (امر حق جو اُنھین سنایا گیا) اُسکی مثال اُس بارش کی سی ہے جسمین تاریکیان بھی ہون

وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ

اور گرج بھی اور چمک بھی یہ کڑک کی آواز سنکر موت کے ڈر سے اپنے اپنے کانون مین

مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○

انگلیان دے لیتے ہین حالانکہ اللہ اُن کافرون کو (علم وقدرت سے) گھیرے ہوئے ہے

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ كُلَّمَآ اَضَاۤءَ لَهُمْ

قریب ہے کہ چمک اُنکی بصارتون کو خیرہ کردے جب کبھی اُنھین روشنی دکھائی دیتی ہے

مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَاۤءَ

اُسمین چل پڑتے ہین اور جب اندھیری ہوجاتی ہے تو کھڑے رہجاتے ہین اور اگر اللہ چاہتا

اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي

تو اُن کی سماعت اور بصارت کو کھو دیتا بیشک اللہ ہرشے پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ ع ٢ ١٣ ٢

(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اے آدمیو تم اپنے پروردگار کی عبادت کرو

الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○

جسنے تمکو اور تمسے پہلون کو پیدا کیا ہے تاکہ تم کو اُسکا خوف ہوجائے

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَاۤءَ بِنَاۤءً

جسنے زمین کو تمھارا فرش بنایا ہے اور آسمان کو سائبان

وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۤءِ مَاۤءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ

اور آسمان سے پانی اُتارا جسکے ذریعہ سے تمھین روزی دینے کے لئے پھل

رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○

پیدا کئے پھر اب تو جان بوجھ کر خدا کے لئے شریک نہ بناؤ

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰي عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ

اور جو کچھ ہمنے اپنے بندے پر نازل کیا اگر اُس مین تمھین کچھ شک ہو تو ویسی ہی ایک سورت

مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

تم بھی بنا لاؤ اور اپنے خدا کے سوا اور اگر تم سچے ہو تو

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا

سب گواہوں کو بلا لو پھر اگر تم ایسا نہ کرو اور ہرگز نہ کر سکو گے

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ

تو اُس آگ سے (بھی) ڈرتے رہو جسکا ایندھن آدمی ہیں اور پتھر (جو)

اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

خاص کر کافروں ہی کیلئے تیار کی گئی ہے اور (اے رسول) ایماندار اور نیکوکار آدمیوں کو بشارت دو

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

کہ اُنکے لئے باغ ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی (پھرتی) ہیں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ

جب کبھی اُنکو کھانے کے لئے اُنمیں سے کوئی میوہ ملے گا تو وہ کہینگے کہ ایسا ہی تو ہم کو

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَآ

پہلے (بھی) مل چکا ہے حالانکہ وہ رنگت ہی میں ویسا ہوگا نہ ذائقہ میں) اور اُنکے لئے اُن باغوں

اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ڎ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ

میں پاکیزہ بیبیاں بھی ہونگی اور اُنمیں وہ ہمیشہ رہیں گے بیشک اللہ کو مچھر تک کی

اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

مثل بیان کرنے میں کوئی شرم نہیں ہے نہ اُس سے کسی بڑے جانور کی اب جو

اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

ایمان لانیوالے ہیں وہ تو جانتے ہی ہیں کہ خدا کیطرف سے یہ حق ہے رہے کفار وہ یہ

كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ

کہہ بیٹھتے ہیں کہ اس مثل سے خدا نے مقصد ہی کیا تھا (مگر خدا اُسے

كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا ۚ وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ ۝

ایسی ہی مثال سے بہتیروں کو ہدایت کر دیتا ہے اور بہتیروں سے توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے مگر توفیق ہدایت

الَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ

صرف فاسقوں سے سلب کرتا ہے۔ جو خدا سے عہد و پیمان کر کے پھر اسے توڑ توڑ دیتے ہیں اور جن چیزوں کے

مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ

خدا نے وصل کا حکم دیا تھا انہیں فصل کر دیتے ہیں اور زمین میں فساد کرتے ہیں

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَ

یہی لوگ نقصان میں رہنے والے ہیں تم لوگ خدا کا انکار کرتے کیونکر ہو حالانکہ

كُنتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ۖ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ

تم مردہ تھے تمکو زندہ کیا پھر تمکو موت دیگا اور پھر (دوبارہ) زندہ کریگا پھر تم اسکے

تُرْجَعُونَ ۝ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا

حضور میں حاضر کئے جاؤ گے (خدا) وہی تو ہے جسنے زمین کی کل چیزیں تمھارے لئے پیدا کیں

ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ ۚ وَ

پھر آسمان کی جانب توجہ فرمائی پھر برابر سات آسمان پیدا کر دئے اور

هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي ع ٣ ٩

وہی ہر چیز کا پورا علم رکھنے والا ہے اور (اے رسول) تمھارے رب نے جس وقت کل فرشتوں سے یہ

جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً ۖ قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن

فرمایا کہ زمین پر خلیفہ (ہمیشہ) میں مقرر کرونگا تو انھوں نے یہ عرض کی کہ کیا تو ایسوں کو

يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

(خلیفہ) مقرر کریگا جو زمین میں فساد اور خونریزی کیا کریں حالانکہ ہم تیری تسبیح

وَنُقَدِّسُ لَكَ ۖ قَالَ إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَعَلَّمَ

تقدیس کیا کرتے ہیں (پروردگار عالم نے) فرمایا کہ جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے اور آدم

آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ

(علیہ السلام) کو کل نام تعلیم کئے پھر (جنکے نام تعلیم کئے تھے) اُنکو فرشتون کے سامنے پیش کرکے ارشاد

أَنْۢبِئُونِي بِأَسْمَاءِ هٰٓؤُلَاءِ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ○ قَالُوا

فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو انکے نام مجھے بتادو فرشتون نے

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ط إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ

(عاجزانہ) عرض کی تیری شان عالی ہے ہمکو سوائے اُتنے علم کے جتنا تو نے تعلیم کیا ہے اور علم کہان بیشک

الْحَكِيمُ ○ قَالَ يٰٓادَمُ أَنْۢبِئْهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ فَلَمَّا أَنْۢبَأَهُمْ

صاحب علم وحکمت تو ہی ہے (خدانے) فرمایا اے آدمؑ انکے نام ان فرشتونکو تم بتادو چنانچہ جب آدمؑ نے

بِأَسْمَآئِهِمْ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ

اُنکے نام اُن فرشتونکو بتائے تو (خدانے) فرمایا کہ کیون مین نے تم سے کہا نہین تھا کہ مین آسمان

وَالْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ ○ وَإِذْ

اور زمین کی پوشیدہ باتون سے بھی آگاہ ہون اور جو کچھ تم ظاہر کررہے ہو اُسے اور جو کچھ چھپارہے ہو اُس سے بھی خوب

قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ ط

واقف ہون اور جس وقت ہمنے کل فرشتون کو حکم دیا کہ آدمؑ کو سجدہ کرو تو سوائے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا

ربع

أَبٰى وَاسْتَكْبَرَ زلا وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِينَ ○ وَقُلْنَا يٰٓادَمُ

(ابلیس) اکڑ کر انکاری ہوا اور کافرون مین شمار ہوا اور ہمنے حکم دیا کہ اے آدمؑ

اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ

تم اور تمھاری زوجہ اس باغ مین بسو اور جہان جہان سے تم دونون کا جی چاہے خوب کھاؤ (پیو)

شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظّٰلِمِينَ ○

مگر اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ تمھارا شمار نافرمانون مین ہو جائے گا

فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ

شیطان نے اُن دونون کو وہان سے نکالنے کی تدبیر کی اور جس حالت مین دونون تھے اُس سے اُنکو نہ رہنے دیا

وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ

اور ہمنے حکم دیا کہ نیچے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہوگے اور مقررہ وقت تک زمین ہی

مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۝ فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ

مین تمھاری جائے قرار ہے (اور) وہین تمھارے لئے سرمایۂ حیات ہے پس آدمؑ کو اپنے رب کیطرف سے کچھ کلمات ملے

فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ قُلْنَا اهْبِطُوا

(جنسے) خدانے اُنکی توبہ قبول کرلی بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے ہمنے حکم دیا کہ تم سب کے سب

مِنْهَا جَمِيعًا ۖ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ

یہان سے نیچے جاؤ پس میری طرف سے تمکو ہدایت ضرور پہنچیگی پھر جو میری ہدایت کی پیروی کرینگے

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا

اُنکے لئے نہ آئندہ کا کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ گزشتہ کا غم کرینگے اور جو انکار کرینگے

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ ع ١٠

اور ہماری آیتونکو جھٹلائینگے وہی جہنمی ہین (اور) وہ ہمیشہ ہمیشہ اُسمین رہینگے

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ

اے بنی اسرائیل میری اُن نعمتونکا ذکر کرتے رہو جو مین تمپر انعام کرچکا اور جو عہد

أَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ۝

مجھسے کرچکے ہو اُسے پورا کرتے رہو تاکہ مین نے جو عہد تمسے کیا ہے اُسے پورا کردون اور صرف مجھی سے ڈرو

وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ

اور جو کچھ مین نے نازل کیا ہے اُسپر ایمان لاؤ کہ تمھارے پاس جو کچھ پہلے سے موجود ہے وہ اُسکی تصدیق کرتا ہے اور

كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ ۝

تم سب سے پہلے اُسکے منکر نہ بنو اور میری آیتونکو تھوڑی قیمت پر نہ فروخت کرو اور صرف مجھی سے ڈرتے رہو

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

اور باطل کو حق کے پیرایہ مین مت ظاہر کرو اور حق کو جان بوجھکر نہ چھپاؤ

وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ○

اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور باجماعت نماز ادا کرو

أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ

کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود کو فراموش کرجاتے ہو؟ باوجودیکہ تم کتاب

الْكِتٰبَ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○ وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

پڑھتے ہو کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے اور روزے اور نماز کے ساتھ (ہم سے) مدد مانگو

وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخٰشِعِينَ ○ الَّذِينَ يَظُنُّونَ

بیشک نہیں کہ نماز سب پر بھاری ہے سوائے اُن خوف کرنیوالوں کے جنکو یقین ہے کہ ہمیں اپنے

ع ٥ أَنَّهُمْ مُلٰقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رٰجِعُونَ ○ يٰبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ

پروردگار کے سامنے پلٹ کر جانا اور اُسکی حضور میں پیش ہونا ہے اے بنی اسرائیل

اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ

میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو تم کو عطا کرچکا ہوں اور اس بات کو کہ میں نے تمکو تمام

عَلَى الْعٰلَمِينَ ○ وَاتَّقُوا يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ

عالم پر فضیلت دی ہے اور اُس دن سے ڈرو جسدن کوئی نفس کسی دوسرے نفس کے

نَّفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفٰعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا

کسی طرح کام نہ آسکیگا اور نہ کسی (عام) شخص کی اُسکے بارے میں سفارش قبول کیجائیگی اور نہ کوئی معاوضہ لیا جائیگا

عَدْلٌ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ○ وَإِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ

اور نہ اُنکی کسی قسم کی امداد کیجائیگی اور اُس وقت کو یاد کرو جبکہ ہمنے تمہیں

فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَآءَكُمْ

فرعون والوں کے ہاتھ سے نجات دی تھی کہ وہ تمہیں بُرے سے بُرے عذاب دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو ذبح کرڈالتے تھے

وَيَسْتَحْيُونَ نِسَآءَكُمْ وَفِي ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اسمیں تمہارے پروردگار کیطرف سے تمہاری بڑی آزمائش تھی

عظيم ○ وإذ فرقنا بكم البحر فأنجينكم وأغرقنا آل

اور (اسوقت کو بھی یاد کرو) جبکہ ہمنے سمندر مین تمہارے لئے راستہ پیدا کردیا تھا اور تمہیں نجات

فرعون وأنتم تنظرون ○ وإذ وعدنا موسى أربعين

دی تھی اور تمہارے دیکھتے دیکھتے فرعون والون کو ڈبو دیا تھا اور (اسے بھی یاد رکھو) جبکہ ہمنے موسے سے چالیس

ليلة ثم اتخذتم العجل من بعده وأنتم ظلمون ○

شبون کا وعدہ کیا تھا پھر تمنے یہ ظلم کیا کہ انکی غیبت مین بچھڑا پوجنے لگے

ثم عفونا عنكم من بعد ذلك لعلكم تشكرون ○

اسپر بھی ہمنے تمہارا قصور معاف کردیا تاکہ تم شکرگزار بنو

وإذ آتينا موسى الكتب والفرقان لعلكم تهتدون ○

اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے موسے کو کتاب اور (حق وباطل کی) جانچ عنایت کی تاکہ تم راہ راست پر آجاؤ

وإذ قال موسى لقومه يقوم إنكم ظلمتم أنفسكم

اور جب موسے نے اپنے لوگونسے یہ کہا کہ اے میری قوم تمنے بچھڑا پوجکر خود اپنے اوپر ظلم توڑا ہے اب

باتخاذكم العجل فتوبوا إلى بارئكم فاقتلوا أنفسكم

اپنے پیدا کرنیوالے کے حضور مین توبہ کرو اور آپس مین ایک دوسرے کو قتل کرڈالو

ذلكم خير لكم عند بارئكم فتاب عليكم إنه هو

یہی تمہارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک تمہارے حق مین بہتر ہے پھر تمہاری توبہ قبول کی بیشک وہ

التواب الرحيم ○ وإذ قلتم يموسى لن نؤمن لك حتى

بڑا توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔ اور جبوقت تمنے یہ کہا تھا کہ اے موسے جبتک ہم ظاہر بظاہر

نرى الله جهرة فأخذتكم الصعقة وأنتم تنظرون ○

خدا کو نہ دیکھ لین ہم تو تمہاری باتون پر ایمان نہ لائینگے تو تمہارے دیکھتے دیکھتے تم پر بجلی گری تھی

ثم بعثنكم من بعد موتكم لعلكم تشكرون ○ وظللنا

پھر ہمنے تمہارے مرنے کے بعد تمکو زندہ کیا تاکہ تم شکرگزار بنو اور ہمنے تم پر

عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۖ كُلُوا

بادلون کا سایہ کیا اور تم پر من و سلوی نازل کیا (اور ہم نے حکم دیا کہ)

مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ ۖ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ

ہمارے دیے رزق کا نفیس حصہ کھاؤ اور (جو اسپر بھی شکرگزار نہ ہوئے تو) انہوں نے ہمارا کچھ نہ بگاڑا بلکہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُونَ ۝ وَإِذْ قُلْنَا ادْخُلُوا هَٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوا مِنْهَا

ظلم کرتے تھے اور جب ہم نے یہ کہا کہ اس گاؤں میں جاؤ اور اسمیں سے جو کچھ تمہارا جی چاہے

حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا

خوب کھاؤ (پیو) اور اس دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور لفظ حطہ

حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ ۚ وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ۝ فَبَدَّلَ

بھی اپنی زبان پر جاری کرو تو ہم تمہاری خطائیں بخشدینگے اور ہم نیک لوگوں کو جلد ترقی دینگے پھر ظالموں نے

الَّذِينَ ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنْزَلْنَا عَلَى

جو کچھ انسے کہا گیا تھا اسے بدل کر اسکی جگہ دوسری بات رکھدی پس جیسی نافرمانی کیا کرتے تھے اسکے بدلے ہم نے

ع ١٣ ٦ الَّذِينَ ظَلَمُوا رِجْزًا مِنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝

آسمان سے انپر عذاب نازل کیا

وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِعَصَاكَ

اور (اس وقت کو یاد کرو) جبکہ موسےٰ نے اپنی قوم کیلئے پانی مانگا تو ہم نے یہ کہا کہ اس پتھر پر

الْحَجَرَ ۖ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ

اپنا عصا ملیو پھر اس سے بارہ چشمے جاری ہو گئے تھے (اور) ہر ہر گروہ نے اپنے اپنے

كُلُّ أُنَاسٍ مَشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِنْ رِزْقِ اللَّهِ

چشمے کو پہچان لیا تھا (پھر ہم نے یہ حکم دیا کہ) خدا نے جو کچھ تمکو دیا ہے کھاؤ پیو

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ وَإِذْ قُلْتُمْ

لیکن بد نیتی سے زمین میں فساد مت کرو اور جس وقت تمنے یہ کہا تھا

يٰمُوسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ

کہ اے موسیٰ ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ کرینگے اسلئے اپنے خدا سے ہمارے لئے

يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا

یہ دعا کرو کہ زمین سے جو جو چیزیں پیدا ہوا کرتی ہیں ساگ پات کھیرا ککڑی گیہوں

وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

مسور پیاز وہ ہمارے لئے بھی پیدا کردے (موسیٰ علیہ السلام) فرمایا تھا کہ کیا تم گھٹیا

الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ اِهْبِطُوْا

چیزوں کو اس سے بدلنا چاہتے ہو جو عمدہ ہے (ایسا ہی ہے تو) کسی شہر

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ

میں چلے جاؤ کہ جو کچھ مانگتے ہو تمکو وہاں ملجائیگا اور ایسی باتیں بنانیوالوں کو

الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ

ذلت اور افلاس کی مار دی گئی تھی اور غضب خدا میں آگئے تھے یہ نتیجہ اسکا

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

تھا کہ وہ خدا کی نشانیوں کا انکار کیا کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق قتل کیا

بِغَيْرِ الْحَقِّ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ ع

کرتے تھے (اور) یہ اسکا نتیجہ تھا کہ وہ نافرمانی اور زیادتی کیا کرتے تھے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى

بیشک جو لوگ ایمان لائے (مسلمان) اور جو یہودی ہوئے اور نصاریٰ

وَالصَّابِئِيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ

اور ستارہ پرست (انمیں سے) جو بھی خدا اور روز قیامت پر ایمان لائینگے اور نیک

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ

عمل کرینگے پس انکا اجر انکے خدا کے پاس ہے اور انکو نہ کوئی خوف ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ

اور نہ وہ غمگین ہونگے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم سے ہمنے عہد لیا تھا

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ

اور کوہ طور تمہارے سر سے اونچا کر دیا تھا (اور حکم دیا تھا کہ) جو کچھ ہمنے تمکو دیا اُسپر مضبوطی کے ساتھ

وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ○ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِنْ

قائم ہو جاؤ اور اُسکے مطالب بیان کرتے رہو تاکہ تم متقی ہو جاؤ اسکے بعد تم پھر روگردان

بَعْدِ ذَٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ

ہوئے پس اگر اللہ کا فضل اور اُسکی رحمت تمہارے شامل حال

لَكُنْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ

نہوتی تو تم نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہو جاتے اور تم میں سے جنہوں نے سبت کے باب میں زیادتی کی

اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا

تم اُنکو خوب جانتے ہو پس ہمنے اُنسے کہا کہ

قِرَدَةً خَاسِئِينَ ○ فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهَا

ذلیل بندر بنجاؤ پھر ہم نے اس واقعہ کو اُنکے ہم عصروں

وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِلْمُتَّقِينَ ○ وَإِذْ قَالَ

اور بعد میں آنیوالوں کے لئے عقوبت قرار دیا اور پرہیزگاروں کیلئے نصیحت اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ

مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا

موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا تم کو گائے ذبح کرنے کا حکم

بَقَرَةً ۖ قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۖ قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ

دیتا ہے اُنھوں نے کہا کیا آپ ہم سے ٹھٹھا کرتے ہیں (موسےٰ نے) فرمایا پناہ بخدا

أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ○ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

کہ میں جاہلوں میں سے ہو جاؤں اُنھوں نے کہا کہ اپنے خدا سے دعا کیجئے کہ وہ

يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا

ہم سے کھولکر بیان کرے کہ وہ گاے کیسی ہو (موسیٰ نے) فرمایا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ گاے نہ تو

فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ فَافْعَلُوا

بڑھیا ہو اور نہ بچھیا بلکہ دونوں کے بین بین ہو اب تو تمکو جو حکم دیا گیا ہے

مَا تُؤْمَرُونَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا

بجا لاؤ انھوں نے کہا کہ خدا سے کہیے کہ اسکا رنگ صاف صاف

مَا لَوْنُهَا قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ

بتلادے (موسیٰ نے) فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ وہ گاے ایسے گہرے زرد رنگ کی ہو

فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا

کہ دیکھنے والوں کو بھلی معلوم ہو انھوں نے کہا کہ خدا سے دعا

رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا

کیجیے کہ اسکی ماہیت کھولکر بیان کردے ہمیں اس گاے کے بارے میں دھوکا ہے

وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۝ قَالَ إِنَّهُ

پھر ہم انشاء اللہ راہ راست پر آجاینگے (موسیٰ نے) کہا کہ خداوند عالم

يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا

فرماتا ہے کہ یہ گاے ایسی ہو جو نہ کام کرنیوالی ہو کہ زمین جوتتی ہو اور نہ

تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا قَالُوا الْآنَ

زراعت سینچتی ہو صحیح وسالم ہو اسمیں کوئی داغ دھبہ نہو وہ بولے کہ اب آپ نے

ع ۸ جِئْتَ بِالْحَقِّ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝

ٹھیک ٹھیک بیان کیا پھر گاے ذبح کی گو انسے ایسا کرنے کی امید نہ تھی

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللَّهُ مُخْرِجٌ

اور جبکہ تمنے ایک شخص کو قتل کیا اور پھر اسکے بارے میں اختلاف کیا اور جو کچھ تم چھپاتے تھے اللہ

مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا

اُسکو ظاہر کرنے والا تھا پس ہمنے کہا کہ اس گائے کا ایک ٹکڑا اُس میت کو چھوا دو

كَذَٰلِكَ يُحْيِ اللَّهُ الْمَوْتَىٰ وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ

اسی طرح اللہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم

تَعْقِلُونَ ۝ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ

سمجھ جاؤ پھر اسکے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ

پس وہ پتھر کے مانند تھے یا اس سے بھی زیادہ سخت حالانکہ

الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا

پتھروں میں سے بعض تو ایسے بھی ہیں جن میں سے چشمے نکلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو

يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ

پھٹ جاتے ہیں پس اُنسے پانی نکل آتا ہے اور بعض ایسے ہیں کہ خوف

مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

خدا سے گر پڑتے ہیں اور جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے اللہ بے خبر نہیں ہے

أَفَتَطْمَعُونَ أَنْ يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِنْهُمْ

کیا تمہاری یہ خواہش ہے کہ وہ لوگ تیرا ایمان لے آئیں حالانکہ ایک گروہ اُن میں ایسا ہے

يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا

کہ کلام خدا کو سنتے ہیں پھر بعد اسکے کہ اُسے سمجھ چکے ہوں

عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا

جان بوجھکر اُسمیں تحریف کرتے ہیں اور جب مومنوں سے ملاقات کرتے ہیں تو

قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا

کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لے آئے اور جب آپس میں ایک دوسرے سے خلوت کرتے ہیں تو کہتے ہیں

اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ

کیا تم اُنسے وہ باتیں بیان کرتے ہو جو اللہ نے تم پر ظاہر کی ہیں تاکہ وہ تمہارے رب کے حضور میں انھیں

رَبِّكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ

باتوں سے تم پر حجت قائم کریں کیا تمکو (اتنی بھی) عقل نہیں۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ وہ بھی

يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ

جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور وہ بھی جسکو وہ اعلان کرتے ہیں اور انمیں بعض تو ایسے اَن پڑھ ہیں کہ

لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِىَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝

کتاب کو اتنا ہی جانتے ہیں کہ اُسکے لفظوں کو سوچ لیں اور مطلب کیطرف سے گمان ہی گمان رکھتے ہیں

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۤ ثُمَّ

پس ویل ہے اُن لوگوں کے لیے جو کتاب کو اپنے ہی ہاتھوں سے لکھتے ہیں اور پھر (منہ سے)

يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا

کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس سے آئی ہے تاکہ اسکو تھوڑی سی قیمت پر

قَلِيْلًا ۭ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ

بیچ لیں پس ویل ہے انکے لیے بوجہ اسکے کہ جو کچھ انھوں نے اپنے ہاتھوں سے لکھا اور ویل ہے انکے لیے

مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا

بوجہ اسکے جو کچھ وہ اُس سے کماتے ہیں اور انھوں نے یہ کہا کہ ہمکو تو سوائے گنتی کے دنوں کے جہنم کی آگ

مَّعْدُوْدَةً ۭ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ

چھوئے گی بھی نہیں تم اُنسے پوچھو کہ کیا تم نے خدا سے کوئی عہد لے لیا ہے کہ

يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

خدا اپنے عہد کے ہرگز خلاف نہ کرے گا یا بغیر اسکے کہ تمکو کچھ علم ہو خدا کے خلاف باتیں بناتے ہو

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْۗـــــَٔــتُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ

ہاں جو کوئی بدی بھی کریگا اور اُسکا گناہ اُسکو گھیر لیگا وہی تو

تفسیر

أَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ○ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا

جہنمی ہیں جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيهَا

اور انہوں نے نیک کام کئے جنتی وہی ہیں جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

ع ٩ ١١ خٰلِدُونَ ○ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ

رہیں گے اور (اس وقت کو یاد کرو) جب ہم نے اولاد اسرائیل سے عہد لیا تھا

لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوٰلِدَيْنِ إِحْسَانًا وَّذِي

کہ سوائے اللہ کے کسی اور کی عبادت نہ کرنا اور اپنے ماں باپ سے (خصوصًا) اور

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِينِ وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا

کنبے والوں اور یتیموں اور مسکینوں سے (عمومًا) نیکی کرتے رہنا اور لوگوں سے بھلی بات کرنا

رُبع

وَّأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۗ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا

اور نماز پڑھتے رہنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا پھر تم اس حکم سے روگردان

مِّنْكُمْ وَأَنْتُمْ مُّعْرِضُونَ ○ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ

ہو کر سوائے معدودے چند کے سب پھر گئے اور جب ہم نے تم سے یہ عہد لیا تھا کہ

لَا تَسْفِكُونَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنْفُسَكُمْ مِّنْ

آپس میں خونریزی نہ کرنا اور نہ اپنوں کو اپنے ملک سے

دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ ○ ثُمَّ أَنْتُمْ

نکالنا پھر تم نے اقرار کیا تھا اور تم اسکے گواہ ہو پھر وہی تم ہو کہ

هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُونَ أَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِّنْكُمْ

اب اپنوں کو قتل کرتے ہو اور اپنے میں سے ایک گروہ کو اپنے ملک سے

مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُونَ عَلَيْهِمْ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

نکالتے ہو اور انکے برخلاف گناہ اور زیادتی کرنے میں ایک دوسرے کی پشتی لیتے ہو

وَإِن يَأْتُوكُمْ أُسَارَىٰ تُفَادُوهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ

اور جب وہ تمہارے پاس قید کر کے لائے جاتے ہیں تو اُنسے تم فدیہ لیتے ہو حالانکہ اُنکا نکالدینا ہی

عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ ۚ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ

تم پر حرام کر دیا گیا تھا کیا تم کتاب کے بعض حصے پر ایمان لاتے ہو

وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاءُ مَن يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنكُمْ

اور بعض کے منکر ہو اور جو تم میں سے ایسا کرے اُسکا بدلا سوا اسکے نہیں ہے

إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ

کہ زندگانی دنیا میں رسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت سے سخت

إِلَىٰ أَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

عذاب میں ڈالے جائیں ہر حال جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے بے خبر نہیں ہے

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۖ

وہ لوگ وہی ہیں جنھوں نے آخرت کے عوض زندگانی دنیا (بخوشی) خرید لی

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝

پس نہ اُنکے عذاب میں کوئی تخفیف کیجائے گی اور نہ انھیں کوئی مدد دیجائے گی

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَقَفَّيْنَا مِن بَعْدِهِ بِالرُّسُلِ ۖ

اور بالتحقیق ہمنے موسیٰ کو کتاب عنایت کی اور اُنکے بعد اور رسول (یکے بعد دیگرے) بھیجے

وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۗ

اور ہمنے عیسیٰ ابن مریم کو کھلی کھلی نشانیاں مرحمت فرمائیں اور روح القدس کے ذریعے اُنکی تائید کی

أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ

کیا (ایسا نہیں ہوا کہ) جس وقت بھی تمہارے پاس کوئی رسول تمہارے نفوس کی خواہش کے خلاف حکم لیکر آیا

فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ ۝ وَقَالُوا قُلُوبُنَا

تم برابر اکڑتے رہے پھر کسی کو جھٹلایا اور کسی کو قتل کیا اور انھوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے دل

غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ○

غلاف کے کھتے ہین (ایسا نہین) بلکہ اللہ نے اُنکے کفر کے سبب اُنپر لعنت کی ہے اور وہ بہت ہی کم ایمان لاینگے

وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

اور جبوقت اللہ کی طرف سے اُنکے پاس ایک ایسی کتاب آئی جو خود اُنکی کتابونکی تصدیق

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَي الَّذِيْنَ

کرنے والی تھی حالانکہ پہلے سے وہ خود کافرون کے برخلاف فتح حاصل کرنا چاہتے

كَفَرُوْا ښ فَلَمَّا جَاۗءَھُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ

بھی تھے مگر جب وہ آیا جسکو وہ پہچانتے تھے تو اُسکا انکار کر گئے پس ان انکار کرنیوالون

اللّٰهِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ○ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَھُمْ

پر خدا کی لعنت ہو کیا بُری چیز ہے وہ جسکے بدلے اُنھون نے اپنی جانون کو

اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ

بیچ ڈالا کہ اللہ نے جو کچھ نازل کیا اُس سے انکار کر دین یہ بغاوت اسلیے کی کہ اللہ اپنے

فَضْلِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰي

بندون مین سے جسپر چاہتا ہے اپنا فضل نازل کرتا ہے پس وہ غضب بالاے غضب کے

غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

مستحق ہوے اور منکرون کے لئے ذلیل کرنیوالا عذاب مقرر کیا گیا ہے اور جب اُنسے یہ کہا جاتا ہے

اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَ

کہ جو کچھ اللہ نے نازل فرمایا ہے اُسپر ایمان لاؤ تو کہتے ہین کہ جو کچھ ہمپر نازل کیا گیا ہے ہم تو اُسپر ایمان لاینگے اور

يَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَاۗءَهٗ ۤ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ

جو اُسکے علاوہ ہے اُسپر ایمان نہین لاتے حالانکہ وہ حق ہے اور جو کچھ اُنکے پاس ہے اُسکی بھی تصدیق کرنیوالا ہے

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَاۗءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ

پس تم یہ کہو کہ اگر تم مومن ہوتے تو اس سے پہلے انبیائے خدا کو قتل کیون کرتے

رحمت سے دور کرے [illegible] اسی آیت کے بارے مین کافی مین جو دوسری روایت جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہے وہ ضمیمہ مین درج کیجاتی ہے ۱۲ [illegible] بغضب علی غضب [illegible]

مُّؤْمِنِينَ ۝ وَلَقَدْ جَآءَكُم مُّوسَىٰ بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ

اور بیشک موسیٰ تمھارے پاس کھلی نشانیاں لیکر آئے تھے پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ ۝ وَإِذْ

اُنکی غیبت میں تمنے بچھڑا پوج لیا اور (اُس میں) تم ہی ظالم تھے اور (اُسوقت کو

أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ ط خُذُوا

یاد کرو) جبکہ ہمنے تم سے پختہ عہد لیا تھا اور کوہ طور تمھارے سروں پر اونچا کیا تھا (اور حکم دیا تھا کہ) جو کچھ

مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا ط قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ق

ہم تمھیں دیتے ہیں اسے مضبوط ہو کر لو اور سنو تمھارے بزرگوں نے اُسوقت یہ کہا تھا کہ ہم نے سن لیا مگر مانتے نہیں

وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ط قُلْ بِئْسَمَا

اور اُنکے کفر کیوجہ سے اُنکے دلوں میں بچھڑے کی محبت بیٹھ گئی تھی (اے رسول) تم یہ کہدو کہ اگر تم

يَأْمُرُكُم بِهِ إِيمَانُكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ قُلْ

مومن ہو تو تمھارا ایمان تم کو بہت ہی برا حکم دیتا ہے یہ بھی کہدو کہ

إِن كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِندَ اللَّهِ خَالِصَةً

اگر آخرت کا گھر خدا کے نزدیک خالص تمھارے ہی لئے ہے اور

مِّن دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ

اور لوگوں کے لئے نہیں ہے پس اگر تم سچے ہو تو مرنے کی آرزو

صَادِقِينَ ۝ وَلَن يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ

کرو اور جو کچھ وہ اپنے ہاتھوں سے پہلے کر چکے ہیں اُنکے سبب

أَيْدِيهِمْ ط وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝ وَلَتَجِدَنَّهُمْ

وہ ایسی تمنا ہرگز نہ کرینگے اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے اور تم اُن کو

مع ٢ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلَىٰ حَيَاةٍ ج وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا ج

زندگی کا سب سے زیادہ شیفتہ پاؤگے یہاں تک کہ مشرکین سے (بھی)

له عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ تفسیر امام حسن عسکری علیہ السلام میں مروی ہے کہ پروردگار عالم نے یہودیوں کی مذمت اس وجہ سے کی کہ ان کو جبرئیل امین سے بغض تھا کہ جو چیزیں انکو بری معلوم ہوتی تھیں جبرئیل امین اُس میں قضا سے خدا جاری کرتے تھے جیسے کہ دانیال علیہ السلام کو بخت نصر کے ہاتھ سے قتل کر دینا اور اسی طرح بہت سے یہودی نبی اور ...

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ

ایک ایک کا اُنمیں سے یہ جی چاہتا ہے کہ کاش ہزار برس تو جیئے مگر کسی کا معمر ہونا اُسکو

مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۱۰

عذاب سے نہیں بچا سکتا اور جو عمل وہ کرتے ہیں خدا اُنکا دیکھنے والا ہے

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ

(اے رسول) کہدو کہ جو شخص جبرئیل کا دشمن ہوگا (جبرئیلؑ) وہ ہیں جنھوں نے اللہ کے حکم سے

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى

تمھارے دل پر وہ (قرآن) نازل کیا ہے جو اپنے سے پہلے کی تصدیق کرنیوالا ہے اور مومنوں کے لئے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ

ہدایت اور خوشخبری جو شخص اللہ اور اُسکے فرشتوں اور اُسکے رسولوں

وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰىلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

اور جبرئیلؑ اور میکائیلؑ کا دشمن ہوگا پس اللہ (بھی) ضرور کافروں کا دشمن ہے

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ

اور (اے رسول) ہمنے تمھارے پاس کُھلی نشانیاں بھیجی ہیں اور سوائے نافرمان لوگوں کے

اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ

اُنکا کوئی انکار نہ کریگا کیا جب کبھی وہ کوئی عہد کرینگے تو اُنمیں سے ایک فریق

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَآءَهُمْ

اُسکو توڑ دیگا؟ بلکہ اُنمیں سے زیادہ ایسے ہونگے جو ایمان نہ لائینگے اور جب اللہ کیطرف سے

رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ

اُنکے پاس ایسا رسول آیا جو اُنکے پاس والی چیزوں کی تصدیق بھی کرنیوالا تھا تو جن کو کتاب دی گئی

مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ

تھی اُن میں سے ایک گروہ نے کتاب خدا کو اس طرح پس پشت پھینکا

[illegible]

کی امداد کے لئے نازل ہوتے رہے اور علی علیہ السلام ہمیشہ اپنی تیغ بُرّان سے کافرین اور منافقین پر غالب آیا کئے ۱۲

كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى

گویا وہ اُسکو جانتے ہی نہیں اور اُسکی پیروی کرنے لگے جو کچھ شیاطین عہد سلطنت سلیمانؑ

مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ

مین پڑھا کرتے تھے حالانکہ سلیمانؑ کی طرف سے کفر کی کوئی بات نہیں ہوئی بلکہ شیاطین نے

كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى

کفر کیا جو آدمیون کو جادو سکھایا کرتے تھے اور اُسکی تعلیم کیا کرتے تھے جو بابل مین

الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ

دو فرشتون ہاروت اور ماروت پر نازل ہوا تھا حالانکہ یہ دونون فرشتے

مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ

کسی شخص کو کوئی بات نہ بتاتے تھے جبتک یہ نہ کہہ لیتے تھے کہ (دیکھو) ہم آزمائش ہین اور تو کفر نکر

فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ

اسپر بھی لوگ اُن دونون سے ایسی باتین سیکھ لیتے تھے جن سے شوہر اور زوجہ مین جُدائی ڈالدین

وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ

حالانکہ بغیر حکم خدا وہ اُس سے کسی کو نقصان نہین پہنچا سکتے تھے

وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّھُمْ وَلَا يَنْفَعُھُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا

اور سیکھتے بھی تھے تو وہ جو اُنکو نقصان پہنچائے اور نفع کچھ نہ کرے حالانکہ خوب جانتے تھے کہ

لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ڜ وَلَبِئْسَ

جو ان چیزون کا خریدار ہوگا آخرت مین اُسکا کوئی حصہ نہین اور بہت ہی برا

مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَھُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَوْ اَنَّھُمْ

اُنکا معاوضہ ہے جنہون نے اپنی جانین ان باتون کے عوض مین بیچڈالین کاش اسے وہ جانتے ہوتے اور اگر وہ لوگ

اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا

ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو خدا کی طرف سے جو ثواب اُنکو ملتا بہتر ہوتا کاش وہ اسے

ع ١٢ ١٢

يعلمون ○ يٰٓايها الذين امنوا لا تقولوا راعنا و

جانتے ہوتے اے ایمان لانیوالو (رسولؐ سے) رَاعِنَا نہ کہو اور

قولوا انظرنا واسمعوا وللكفرين عذاب اليم ○

اُنْظُرْنَا کہو اور (توجہ سے) سنو اور انکار کرنے والون کے لئے دردناک عذاب ہی

ما يود الذين كفروا من اهل الكتب ولا المشركين

اہل کتاب مین سے جو کافر ہوگئے ہین انکو اور مشرکونکو یہ پسند نہین ہے

ان ينزل عليكم من خير من ربكم والله يختص

کہ تمپر تمہارے رب کی طرف سے کوئی خیر (و برکت) نازل کیجائے حالانکہ اللہ جسکو چاہتا ہے

برحمته من يشاء والله ذو الفضل العظيم ○ ما ننسخ

اپنی رحمت کے لئے خاص کرلیتا ہے اور اللہ صاحب فضل عظیم ہے ہم کسی آیت کو

من اية او ننسها نات بخير منها او مثلها الم تعلم

منسوخ نہین کرتے نہ بھلاتے ہین جبتک کہ اُس سے بہتر یا ویسی ہی نازل نہ کردین کیا تمکو علم نہین

ان الله على كل شيء قدير ○ الم تعلم ان الله له

کہ خدا ہر شی پر قدرت رکھنے والا ہے کیا تم نہین جانتے کہ آسمانون کا اور

ملك السموت والارض وما لكم من دون الله من

زمین کا اختیار صرف خدا ہی کو ہے اور سوائے خدا کے نہ تمہارا کوئی

ولي ولا نصير ○ ام تريدون ان تسئلوا رسولكم

یار ہے اور نہ مددگار آیا تمہارا یہی ارادہ ہے کہ تم اپنے رسولؐ سے ویسے ہی سوال کرو

كما سئل موسى من قبل ومن يتبدل الكفر

جیسے پہلے موسیٰؑ سے سوال کئے گئے تھے اور جو شخص ایمان سے کفر کو

بالايمان فقد ضل سواء السبيل ○ ود كثير

بدل لے گا وہ بلاشک گمراہ و بدراہ ہوجائیگا اہل کتاب مین سے

فرمایا کہ خدانے جو کچھ فرمایا ہے اسمین الف واو ہرگز نہین ہے خدانے جو فرمایا ہے وہ یہ ہے ما ننسخ من اية او ننسها نات بخير منها او مثلها اس آیت قرآن مین لفظ آیت

کے سبب تم خدا کی نافرمانی کرنے والے قرار پاؤ گے اسلئے عذاب کے مستحق ہو

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚۖ

تو بہت سون کی یہ خواہش ہے کہ تمکو ایمان لانے کے بعد مرتد بنا کر کافر کرلین

حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ

(صرف) حسد کی وجہ سے جو اُنکے دلون مین ہے بعد اس بات کے کہ حق اُنپر کھل چکا ہے

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

بس تم معاف کردو اور درگزرو یہانتک کہ خدا اپنے امر کو خود ظاہر کردے بیشک اللہ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا

ہر شیٔ پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور جو

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

نیکی تم اپنی ذات کے لئے پہلے سے بھیجدوگے اُسے اپنے خدا کے پاس پاؤگے بیشک خدا

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ

تمھارے کل اعمال کا دیکھنے والا ہے اور انہون نے یہ کہدیا کہ سوائے اُسکے جو یہودی ہو یا

كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

نصرانی ہرگز کوئی داخل جنت نہوگا یہ اُنکی آرزوئین ہین تم (یہ) کہدو (کہ) اگر تم سچے ہو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ

تو اپنی دلیل پیش کرو ہان جو شخص خدا کے لئے اپنی ذات کو آمادۂ اطاعت

مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

کرلے اور وہ نیکوکار (بھی) ہو اُسکا اجر خدا کے ذمہ ہی اور (جو ایسے ہین) اُنکو نہ (آئندہ کا) خوف ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى ع ۱۳

اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کرینگے اور یہودیون نے یہ کہا کہ نصارے (دین کی) کسی بات

عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ

پر نہین اور نصارے نے یہ کہدیا کہ یہودی (دین کی) کسی بات پر نہین

وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

حالانکہ وہ (دونوں) کتاب خدا پڑھتے ہین   انہی کی سی باتین اُن لوگون نے بھی بنائی تھین جو

مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

(حق کو) کچھ نہین جانتے   پھر اللہ تعالےٰ قیامت کے دن جن جن باتون مین یہ اختلاف کر رہے

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ

ہین اُن (سب) کا فیصلہ کر دے گا   اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہو جو اللہ کی

مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ

مسجدون مین اُسکے نام کے ذکر کو روک دے   اور اُنکی بربادی مین کوشش کرے

اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۬ؕ

یہی لوگ ہین کہ اُنکے لیئے مناسب نہین ہے کہ مسجدون مین آئین مگر ڈرتے ڈرتے

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

دنیا مین اُنکے لئے رسوائی ہے   اور آخرت مین اُنکے واسطے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ

ہے   اور مشرق و مغرب اللہ کے ہین   پھر تم جس طرف مُنھ کرلوگے پس خدا کا

وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

رُخ اُدھر ہی ہوگا بیشک اللہ صاحب وسعت و علم ہے   اور اُنہون نے یہ کہدیا کہ خدا نے

وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ

کوئی بیٹا بنا لیا   اُسکی ذات (ایسی باتون سے) منزہ ہے بلکہ آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے

قٰنِتُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا

اُسی کا ہے (اور) سب اُسی کے فرمانبردار ہین۔ (وہ) آسمانونکا اور زمین کا پیدا کرنیوالا ہے اور جب کسی امر کو

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

طے کر دیتا ہے تو صرف کُن فرما دیتا ہے اور (وہ) ہو جاتا ہے   اور جاہلون نے یہ کہدیا کہ خدا

۱۱۷ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا صفوان ابن یحییٰ نے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ خدا کے اور مخلوق کے ارادے مین فرق کیا ہے تو حضرت نے فرمایا کہ مخلوق کا ارادہ

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ۭ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ

ہم سے باتین کیون نہین کرتا یا ہمپر کوئی آیت کیون نہین آتی اسیطرح انسے پہلے والون نے بھی

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ۭ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ۭ قَدْ بَيَّنَّا

ایسی ہی بات کہی تھی ان سبکے دل باہم یکسان ہین بیشک یقین لانیوالے

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا

آدمیونکے لئے ہم دلیلین صاف بیان کر چکے بالتحقیق ہمنے تمکو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا

وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۝ وَلَنْ تَرْضٰى

اور ڈرانیوالا (بناکر) بھیجا ہے اور تمسے دوزخیون کی بابت بازپرس نہوگی یہودی اور نصرانی تو

عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۭ قُلْ اِنَّ

تم سے ہرگز راضی نہونگے جبتک تم اُنکی ملت پر نہ چلو تم (یہ) کہدو

هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ

کہ اللہ کی ہدایت حقیقی ہدایت ہے اور اگر بعد اسکے کہ تمہین علم حاصل ہوچکا

بَعْدَ الَّذِيْ جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

تمنے اُنکی خواہشون کی پابندی کی تو خدا کی طرف سے نہ کوئی تمہارا یار ہوگا

وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰھُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ۭ

اور نہ مددگار اور جن لوگونکو ہمنے کتاب دی ہے وہ اسکو ایسا (ہی) پڑھتے ہین جیسا (کہ) پڑھنے کا حق ہے

اُولٰۗىِٕكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

وہی اُسپر ایمان (بھی) رکھتے ہین اور جو اس سے منکر ہوگئے وہی

الْخٰسِرُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ

نقصان اُٹھانیوالے ہین اے اولاد اسرائیل میری اُن نعمتون کو یاد کرو جو

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاتَّقُوْا

مین نے تم کو عطا کین اور اس بات کو کہ مین نے تمکو تمام عالم پر فضیلت دی اور اُس

وقف منزل

ع ۹ ۱۴

يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

اس دن سے ڈرو جس دن کسی نفس کا بدلہ کسی طرح نہ کوئی نفس جان سے دیگا اور نہ اسکا فدیہ قبول

عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

کیا جائیگا اور نہ کوئی سفارش اسکو نفع پہونچاسکے گی اور نہ انکی (کسی اور طرح سے) مدد کیجائے گی

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ

اور اسوقت کو یاد کرو جبکہ ابراہیم کا انکے رب نے چند کلمات سے امتحان لیا اور ابراہیم نے انکو پورا کردیا (خدا نے)

جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ

فرمایا کہ میں تمکو کل آدمیوں کا امام مقرر کرنیوالا ہوں (ابراہیم نے) عرض کی اور میری اولاد میں سے؟ (خدا نے) فرمایا

لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ

جو ظالم ہونگے (وہ) میرے عہدے کا فائدہ نہ اٹھائیں گے اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہم اس گھر کو (لوگوں کے)

مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ

ثواب کی جگہ اور امن کا مقام مقرر کیا اور (یہ حکم دیا کہ) مقام ابراہیم کو مصلے

مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ

قرار دو اور ابراہیم اور اسمعیل کو ہم نے عہد دیا کہ تم دونوں میرے گھر کو

لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝ وَاِذْ قَالَ

طواف کرنیوالوں اور اعتکاف کرنیوالوں اور رکوع و سجود کرنیوالوں کیلئے پاک صاف رکھو اور (اسوقت کو یاد کرو)

اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ

جبکہ ابراہیم نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار اسکو شہر امن قرار دے اور اسکے رہنے والوں کو جو ان میں سے

الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ

اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں پھلوں سے رزق پہنچا (خدا نے) فرمایا اور جو ان میں سے

كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ

کافر ہوگا میں اسکو تھوڑے سے وقت کیلئے نفع پہنچاؤنگا پھر اسکو عذاب جہنم کے لئے مضطر کرونگا اور وہ بری

الْبَصِيرُ ○ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ

بازگشت ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیم اور اسمعیل اس گھر کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے

إِسْمٰعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ رَبَّنَا

(اور یہ عرض کرتے جاتے تھے کہ) اے پروردگار ہماری یہ خدمت قبول کر بالتحقیق تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ

اے ہمارے پروردگار ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار قرار دے اور ہماری اولاد میں سے ایک گروہ کو اپنا فرمانبردار قرار دے

وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○

اور ہمیں ہمارے قواعد تعلیم فرما اور ہماری توبہ قبول فرما بلاشک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا (اور) رحم فرمانیوالا ہے

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيٰتِكَ وَ

اے ہمارے پروردگار انہیں ایک رسول انہی میں سے مبعوث فرما جو تیری آیتیں اِنکو سنائے اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ

کتاب اور حکمت کی اُنہیں تعلیم دے اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرے بیشک تو غالب (اور)

ع ١٥ ٥ ١٥

الْحَكِيمُ ○ وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرٰهٖمَ إِلَّا مَن سَفِهَ

حکمت والا ہے اور ملت ابراہیم سے روگردان ہو کون سکتا ہے سوائے اُسکے جو اپنے آپ کو بھی

نَفْسَهُ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ

نہ سمجھا ہو حالانکہ ہمنے دنیا میں بھی اُنہیں برگزیدہ قرار دیا تھا اور آخرت میں بھی وہ (یعنی ابراہیم)

لَمِنَ الصّٰلِحِينَ ○ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ قَالَ أَسْلَمْتُ

صالحین میں سے ہیں جسوقت اُنکے پروردگار نے اُنسے فرمایا کہ اطاعت کرو اُنہوں نے

لِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ○ وَوَصّٰى بِهَا إِبْرٰهٖمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ

عرض کی کہ میں ربّ العالمین کا مطیع ہوں اور ابراہیم اور یعقوب نے اپنے بیٹوں کو اسکی وصیت کی کہ

يٰبَنِيَّ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم

اے میرے بیٹو اللہ نے تمہارے لئے اس دین کو پسند فرمایا ہے پس تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ

ہے کہ ملت ابراہیم پر صرف ہم اور ہمارے شیعہ قائم ہیں اور کوئی نہیں ١٢

مُسْلِمُوْنَ ۝ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ

فرمانبردار ہو — آیا تم اُسوقت موجود تھے — جب یعقوب کو موت آئی تھی

اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ

کہ اُسوقت اُنھوں نے اپنے بیٹوں سے دریافت کیا تھا کہ تم میرے بعد کسکی عبادت کروگے — انھوں نے عرض کیا کہ

اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا

ہم آپکے معبود اور آپکے دادا، چچا، باپ ابراہیمؑ و اسمٰعیل و اسحٰق کے معبود خدائے واحد کی عبادت

وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ

کیا کرینگے — اور ہم اُسی کے مطیع رہینگے — وہ ایک لوگ تھے جو گزر گئے

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا

اُنکا کیا اُنکے لئے رہا — اور تمہارا کیا تمہارے لئے اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بابت تم سے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى

سوال نہ کیا جائے گا — اور اُنھوں نے یہ کہدیا کہ یہودی یا نصرانی ہوجاؤ تو ہدایت

تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ

پاؤگے (اے رسول) تم یہ کہدو کہ خالص دل سے ملت ابراہیمؑ کا اتباع کرو — اور وہ مشرکین میں سے

الْمُشْرِكِيْنَ ۝ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ

نہ تھے — تم یہ کہدو کہ ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ

اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ

اور اسباط پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دیا گیا ہے اُسپر اور جو اور نبیوں کو انکے رب کی طرف

مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ

سے ملا ہے اُسپر اور ہم (مثل یہود کے) ان میں سے کسی میں کوئی فرق نہیں کرتے — اور ہم اُسی خدا کے

ربع

مُسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا

مطیع ہیں اگر وہ بھی اسی طرح ایمان لے آئے جسطرح تم ایمان لائے ہو تو بیشک انہوں نے ہدایت پائی

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ

اور اگر روگرداں ہوگئے تو وہی نافرمانی میں ہیں پس اللہ تمکو انکے شر سے بچائے گا

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ

اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے یہ اللہ کا رنگ ہے اور اللہ سے اچھا رنگ

اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۝ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي

ہوگا کس کا؟ حالانکہ ہم اسی کی عبادت کرنیوالے ہیں (اے رسول) تو کہدو کیا اللہ کے بارے میں

اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ

تم ہم سے حجت کرتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی اور ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے

وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ۝ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

اور ہم اسی سے خلوص رکھنے والے ہیں یا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ

اور اسحٰق اور یعقوب اور اسباط یہودی یا

نَصٰرٰى ۭ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ اَظْلَمُ

نصرانی تھے (اے رسول) کہدو کہ تم زیادہ واقفکار ہو یا اللہ اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا

مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

جو اللہ کی شہادت کو جو اُسکے پاس ہے چھپائے اور اللہ اُس سے جو کچھ تم کرتے ہو

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا

بیخبر نہیں ہے وہ ایک لوگ تھے جو گزر گئے اُنکا کیا اُنکے لئے

كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۱۶ ۱۲ ۱۶

اور تمہارا کیا تمہارے لئے اور تم سے اُسکی بابت جو وہ کیا کرتے تھے سوال نہیں کیا جائیگا

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلَّاهُمْ
قریب ہے کہ آدمیوں میں سے ناداں یہ کہینگے کہ جس قبلہ کی طرف یہ نماز پڑھا کرتے تھے

عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِلَّهِ الْمَشْرِقُ
اُس سے انکو کس چیز نے روگرداں کردیا ہے تم یہ کہدو کہ مشرق اور مغرب

وَالْمَغْرِبُ ۚ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ
خدا کے ہیں وہ جسے چاہے راہ راست کی ہدایت فرمادے

وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ
اور اسی طرح ہمنے تمکو بیچ کا گروہ مقرر کیا ہے تاکہ تم لوگوں پر

عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۗ
گواہ رہو اور رسول تم پر گواہ رہیں

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ
اور جس قبلہ کی طرف تم نماز پڑھا کرتے تھے اُسکو ہمنے نہیں مقرر کیا تھا مگر اسی لئے کہ ہم

مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ ۚ وَإِنْ
اُنکو جو رسول کی پیروی کرتے ہیں اُنسے جو پچھلے پاؤں پلٹ جاتے ہیں تمیز کرلیں اور بیشک یہ بات

كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ ۗ وَمَا كَانَ
شاق تو سب ہی پر ہوا سوائے اُنکے جنکو توفیق ہدایت خدا نے عطا کی ہے اور خدا ایسا نہیں ہے

اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ
کہ تمہارے ایمان کو ضائع کرے بیشک خدا کل آدمیوں پر بڑی مہربانی اور رحم کرنیوالا ہے

قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ
ہم تمہارا آسمان کی طرف رخ کرنا ضرور دیکھتے ہیں پس ضرور ہے کہ جو

قِبْلَةً تَرْضَاهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ
قبلہ تم کو پسند ہے ہم اُسی کی طرف تمہارا رخ پھرا دینگے تو اب تم اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف کرو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۚ وَإِنَّ

اور جہاں کہیں بھی تم ہوا کرو اسی کی طرف اپنا رخ کر لیا کرو اور جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۗ

کتاب دی گئی ہے وہ تو خوب جانتے ہیں کہ یہ معاملہ خدا کی طرف سے برحق ہے

وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ○ وَلَئِنْ أَتَيْتَ

اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں خدا اس سے غافل نہیں ہے اور جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ

کتاب دی گئی ہو اگر تم ہر ایک نشانی انکے سامنے پیش کر دو گے تو بھی وہ تمہارے قبلہ کی پیروی نہ کرینگے

وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ

اور نہ تمہارا یہ کام ہے کہ تم انکے قبلہ کی پیروی کرو اور نہ انہیں کا ایک دوسرے کے قبلہ

قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ

کی پیروی کرنیوالا ہے اور تمکو جو علم حاصل ہو چکا ہے اسکے بعد

مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ○ وقف لازم

اگر انکی خواہشوں کی پیروی کی تو اس صورت میں تم بھی ظالموں میں محسوب ہو جاؤ گے

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ

جنکو ہم نے کتاب دی ہے وہ رسول کو اسی طرح پہچانتے ہیں جسطرح اپنے بیٹوں کو

أَبْنَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ

پہچانتے ہیں اور بیشک انہیں سے ایک گروہ جان بوجھکر حق کو

يَعْلَمُونَ ○ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ وقف غفران

چھپاتا ہے حق تمہارے رب کی طرف سے ہے پس تم کبھی شک کرنیوالوں میں سے

الْمُمْتَرِينَ ○ وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا ع ١٧

نہ ہونا اور ہر گروہ کے لئے ایک جہت (مقرر) ہے جدھر وہ منہ کرتا ہے پس تم نیکیوں میں

الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ

اور روں سے سبقت حاصل کرو جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو جمع کر کے لے آئیگا بالتحقیق

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ

خدا ہر چیز پر قادر ہے اور جس طرف سے تم نکلو اپنا

وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ

منہ مسجد الحرام کی طرف کرلیا کرو اور یہ حکم تمہارے رب کی طرف سے

رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِنْ

برحق ہے اور خدا تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے اور جدھر سے (بھی)

حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

تم نکلو اپنا منہ مسجد الحرام کی طرف کیا کرو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ لِئَلَّا يَكُوْنَ

اور جہاں کہیں (بھی) تم ہو اسی کی طرف اپنا رخ کیا کرو تاکہ لوگوں کا

لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ

الزام تم پر قائم نہ ہو سوائے انکے جو ہٹ دھرم ہیں

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ

سو تم انسے نہ ڈرو اور مجھے ڈرتے رہو اور تاکہ میں اپنی نعمت تم پر پوری کردوں اور اسلئے کہ تم

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا

ہدایت یافتہ ہو جاؤ (تحویل قبلہ ایسی ہی نعمت ہے) جیسے بھیجے تم ہی میں سے ایک رسول (بھی)

مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ

جو ہماری آیتیں تمکو پڑھکر سناتا ہے اور (ظاہر و باطن) تمکو پاکیزہ کرتا ہے اور تمکو

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ مع

کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمکو وہ کچھ سکھاتا ہے جو کچھ تم نہیں جانتے تھے

ع فَاذْكُرُونِىٓ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِى وَلَا تَكْفُرُونِ

پس تم میری یاد کرو میں تمہاری یاد کرونگا اور تم میرا شکر کرو اور ناشکری نہ کرو

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَوٰةِ

اے ایمان لانے والو صبر اور صلوٰۃ کے ذریعہ سے مدد مانگو

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّٰبِرِينَ ۝ وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ

بیشک اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے اور جو لوگ راہ خدا میں قتل

فِى سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَٰتٌۢ ۚ بَلْ أَحْيَآءٌ وَلَٰكِن

کئے جائیں انکو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ولیکن تم

لَّا تَشْعُرُونَ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَىْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ

سمجھتے نہیں اور ہم ضرور تمکو تھوڑے سے خوف سے

وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَٰلِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَٰتِ

اور کچھ بھوک سے اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے آزمائینگے

وَبَشِّرِ الصَّٰبِرِينَ ۝ الَّذِينَ إِذَآ أَصَٰبَتْهُم مُّصِيبَةٌ

اور (اے پیغمبر) اُن صبر کرنیوالوں کو خوشخبری سنادو جو مصیبت پڑنے کے وقت یہ کہتے ہیں

قَالُوٓا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَٰجِعُونَ ۝ أُولَٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ

کہ بیشک ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہم اسی کی طرف میں پلٹ کر جانیوالے ہیں۔ یہی وہ ہیں جن پر انکے

صَلَوَٰتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ

پروردگار کی جانب سے صلوات اور رحمت ہے اور یہی

الْمُهْتَدُونَ ۝ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَآئِرِ

ہدایت یافتہ ہیں بیشک صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے

اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

ہیں پس جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ بجالائے اُسے لازم ہے کہ اُن

أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ

دونوں کے درمیان ابھی طواف کرے اور جو نیکی کو خوشی بجا لائے خدا ضرور قدرشناس (اور) آگاہ

عَلِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ

ہے جو لوگ اسکو چھپاتے ہیں جو کھلی دلیلیں اور ہدایت ہم نازل

وَالْهُدَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ

کر چکے بعد اسکے کہ ہمنے کل آدمیوں کے لئے کتاب میں اسکو کھول کر بیان کر دیا ہے

أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ۝ إِلَّا

یقیناً انہی پر اللہ لعنت کرتا ہے اور انہی پر لعنت کرنیوالے لعنت کرتے ہیں مگر

الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَبَيَّنُوا فَأُولَٰئِكَ أَتُوبُ

جنہوں نے توبہ کی اور (بگاڑ کی) اصلاح کی اور (جو چھپایا تھا اسکو) صاف بیان کر دیا انکی توبہ میں قبول

عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ الَّذِينَ

کرونگا اور میں بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہوں جو لوگ

كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ

منکر ہوگئے اور انکار ہی کی حالت میں مرگئے انپر

لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ۝

اللہ کی بھی لعنت ہے اور کل فرشتوں کی (بھی) اور کل آدمیوں کی (بھی) (ہمیشہ)

خَالِدِينَ فِيهَا ۖ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

ہمیشہ اسی لعنت میں رہینگے نہ انکا عذاب ہلکا کیا جائیگا

وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ۝ وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ

اور نہ انکو مہلت دیجائیگی اور تمہارا معبود معبود یکتا ہے

ع ۱۱ ۲ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ فِي خَلْقِ

سوائے اس رحمن و رحیم کے اور کوئی معبود نہیں ہے بالتحقیق آسمانوں کی اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ
زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے ادلنے بدلنے میں اور اُن کشتیوں میں

الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
جو سمندر میں وہ چیزیں لے چلتی ہیں جس سے لوگوں کو نفع پہنچتا ہے اور اُس پانی میں جسے

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ
خدا نے آسمان سے اتارا اور جسکے ذریعہ سے زمین کو اُسکے مرنیکے بعد پھر زندہ

مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ
کردیا اور ہر قسم کا چلنے والا اُس میں بکثرت پھیلادیا اور ہواؤں کے چلنے میں

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ
اور اُن بادلوں میں جو آسمان و زمین کے مابین معلق ہیں سمجھنے والے لوگوں کیلئے بہت سی

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ
نشانیاں (موجود) ہیں اور آدمیوں میں سے ایسے (بھی) ہیں جو خدا کو

دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ
چھوڑ کر اوروں کو (اُسکا) ہمسر بناتے ہیں اور اُنسے خدا کی سی محبت رکھتے ہیں اور جو

اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ
ایمان لانیوالے ہیں اُنکو سب سے زیادہ محبت خدا ہی سے ہے اور کاش ان ظالموں کو وہ اب سجھائی دیتی جو

يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ
عذاب دیکھکر سوجھیگی کہ پوری قوت خدا ہی کی ہے اور یہ کہ اللہ

شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ
سخت عذاب دینے والا ہے اُسوقت کو یاد کرو جبکہ پیر اپنے مریدوں سے

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ
تبرا کرینگے اور عذاب کو سب دیکھینگے اور اُنکی نجات کے کل اسباب

الاسباب ○ وقال الذين اتبعوا لو ان لنا

قطع ہوجاینگے اور مرید کہینگے کاش ہمکو لوٹ کر جانا ملے

كرة فنتبرأ منهم كما تبرءوا منا كذلك يريهم

تو ہم (بھی) انسے اسی طرح تبرا کرین جسطرح انہون نے اسوقت ہم سے تبرا کیا یہی یون اللہ تعالےٰ

الله اعمالهم حسرت عليهم وما هم بخارجين

انکے اعمال انکو حسرت بنا کر دکھلائیگا اور وہ جہنم سے

ع ۲۰ من النار ○ يايها الناس كلوا مما في الارض

نکلنے پائینگے اے لوگو زمین مین سے حلال اور

حللا طيبا ولا تتبعوا خطوت الشيطن انه

پاک چیزین کھاؤ اور شیطان کے قدم بقدم نہ چلو بیشک وہ

لكم عدو مبين ○ انما يامركم بالسوء والفحشاء

تمہارا کھلا دشمن ہے سوائے اسکے نہین کہ وہ تمہین بدی اور بیحیائی کا حکم دیتا ہے

وان تقولوا على الله ما لا تعلمون ○ واذا قيل

اور اسکا کہ تم جو کچھ نہین جانتے وہ خدا کے برخلاف کہدو اور جب انسے یہ کہا جاتا

لهم اتبعوا ما انزل الله قالوا بل نتبع ما الفينا

ہے کہ خدا نے جو کچھ نازل کیا ہے اسکی پیروی کرو تو کہدیتے ہین کہ ہم تو اسکی پیروی کرینگے جسپر ہمنے

عليه اباءنا اولو كان اباؤهم لا يعقلون

اپنے باپ داداؤن کو پایا بھلا اگرچہ انکے باپ دادا کسی چیز کی عقل نہ رکھتے تھے اور ہدایت یافتہ

شيئا ولا يهتدون ○ ومثل الذين كفروا

نہ تھے (تو بھی ایسا ہی کرینگے) اور کافرون کی مثال اس شخص کی سی

كمثل الذي ينعق بما لا يسمع الا دعاء ونداء

ہے جو ان چیزون کو پکارتا ہو جو سوائے چیخ پکار کے کچھ نہین سنتین نہ کچھ سمجھین (وہ خود)

علم رکھتے ہون وہ کہین اور جسکا علم نہ رکھتے ہون اسپر خاموش رہین اور جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ دو خصلتون سے بچتے رہو

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

بہرے گونگے اندھے (ہیں) پس وہ کچھ نہیں سمجھتے اے ایمان لانیوالو

آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا

جو پاک چیزیں ہمنے تمکو دی ہیں اُن میں سے کھاؤ اور اللہ کا شکر

لِلَّهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ۝ إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ

ادا کرو اگر تم اُسی کے خالص بندے ہو اُسنے تم پر

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ

مردار اور خون اور سور کا گوشت اور جس ذبیحہ پر خدا کے سوا اور کا نام لیا گیا ہو وہ

اللَّهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ

حرام کیا ہے پھر جو شخص ناچار ہو نہ نافرمان ہو اور نہ حد سے گزرنیوالا تو اُسکے ذمے کچھ گناہ نہیں ہے

إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ

بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے وہ لوگ جو اُسکو چھپاتے ہیں

مَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا

جو کچھ خدا نے کتاب میں نازل کیا ہے اور اُسکو تھوڑی قیمت پر بیچتے

قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ

ہیں وہ اپنے پیٹ میں انگارے بھرتے ہیں

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ

اور خدا اُنسے قیامت کے دن نہ بات کریگا نہ اُنکو پاکیزہ فرمائیگا اور اُنکے لئے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ

دردناک عذاب ہے وہ یہی ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے

بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ

گمراہی اور بخشش کے بدلے عذاب خرید لیا تو یہ آتش (جہنم) پر کیا ہی

عَلَى النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۭ

صبر کرنیوالے ہیں یہ اسلئے کہ یقینا خدا نے کتاب کو حق کے ساتھ نازل کیا ہے

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝ ع ۲۱ ۹ ۵

اور جن لوگوں نے اس کتاب میں اختلاف کیا ہے وہ بیشک بہت بڑی نافرمانی پر (تیار) ہیں

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ

یہ کوئی نیکی نہیں ہے کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف

وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

کرلو بلکہ حقیقی نیکی اسی کی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر

وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰي

اور فرشتوں پر اور کتاب پر اور انبیا پر ایمان لائے اور محبت خدا میں مال

حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ

رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور

السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّاۗىِٕلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ

مسافروں کو اور سوال کرنیوالوں کو اور گردنیں آزاد کرنے میں دے اور نماز پڑھے

وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

اور زکوٰۃ ادا کرے اور جب معاہدہ کرلیں تو اپنے عہد کے پورا کرنیوالے ہوں

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ

اور تنگدستی میں اور بیماری (میں) اور لڑائی کی سختی کے وقت صبر کرنیوالے ہوں

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے (عملاً) سچ بولا اور یہی

الْمُتَّقُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

متقی ہیں اے ایمان لانیوالو جو (ناحق) قتل کیے گئے ہوں انکے بارے

الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۖ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ

میں تم پر قصاص واجب کیا گیا ہے آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے

بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۚ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ

غلام اور عورت کے بدلے عورت پھر جس (قاتل) کو اُسکے (مومن) بھائی کی طرف

شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ۭ

سے کچھ (یعنی قصاص) معاف ہو جائے تو (معاف کرنیوالے کو مطالبہ دیت میں) نیکی کرنی چاہئے (نہ

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى

ظلم و سختی) اور (قاتل کی جانب سے) اُسکی ادائگی احسان مندی کے ساتھ ہوا نہ کمی اور ٹال مٹول کے ساتھ) یہ تمہارے پروردگار کی

بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَكُمْ فِي

طرف سے آسانی اور مہربانی ہے پھر اسکے بعد جو زیادتی کرے اُسکے لئے دردناک عذاب ہے اور اے صاحبان عقل (حکم)

الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

قصاص میں تمہارے لئے زندگی ہے تاکہ تم بچتے رہو

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ

تم پر یہ (بھی) واجب کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت آئے اگر وہ کچھ مال

خَيْرَا ۨ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

چھوڑے تو اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے حق میں مناسب وصیت کر دے خدا سے

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَمَا سَمِعَهٗ

ڈرنیوالوں پر (یہ بھی) ایک حق ہے پھر جو شخص اس (وصیت) کو سننے کے بعد بدل ڈالے

فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

تو اُسکا گناہ انہی کے ذمے ہوگا جو اُسے بدلینگے بیشک اللہ سننے والا

عَلِيْمٌ ۝ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

(اور) جاننے والا ہے پھر جس شخص کو وصیت کرنیوالے کی طرف سے حق تلفی یا گناہ کا اندیشہ ہو

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور وہ آپس میں صلح کرادے تو اسپر کوئی گناہ نہیں ہے بیشک خدا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو تمپر روزہ رکھنا

ع ۶ ۲۲

الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

اسی طرح واجب کیا گیا ہے جسطرح تم سے پہلوں پرواجب کیا گیا تھا تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ۝ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ

پرہیزگار بنو گنتی کے دن (ہیں) اسپر بھی جو شخص تم میں سے

مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى

بیمار ہو یا سفر میں ہو تو وہ اور دنوں میں گنتی پوری کردے اور اُن

الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ

لوگوں کے ذمے جنہیں روزہ رکھنے کی طاقت نہیں ہے ایک مسکین کا کھانا کھلادینا (اسکا) بدلہ ہے اور جو شخص

تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ

اپنی خوشی سے زیادہ نیکی کرے تو یہ اسکے لئے اور بہتر ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ

ہے بشرطیکہ تم سمجھو ماہ (مبارک) رمضان وہ ہے

اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ

جسمیں قرآن نازل کیا گیا جو کل آدمیوں کا راہنما ہے اور (اسمیں) ہدایت کی کھلی

الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ

دلیلیں ہیں اور حق و باطل کی تمیز پس جو شخص تم میں سے اس مہینے کو پائے اسے چاہئے

فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ

کہ اسکے روزے رکھے اور جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو وہ اور دنوں میں

مِنْ اَيَّامٍ اُخَرَ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ

گنتی پوری کر دے اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں

الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى

چاہتا اور یہ چاہتا ہے کہ اس گنتی کو پورا کر دو اور جو راہ راست تمہیں بتلا دی ہے اس پر

مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ وَاِذَا سَاَلَكَ

خدا کی بڑائی بیان کرتے رہو اور تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ اور جو وقت میرے بندے

عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ

تم سے میری بابت کچھ دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں اُن سے قریب ہوں (خاص) دعا کرنیوالے کی دعا

اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ

جس وقت بھی وہ مجھ سے دعا کرے قبول کر لیتا ہوں پس اُن (لوگوں) کو لازم ہے کہ وہ میرے احکام

يَرْشُدُوْنَ ○ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى

قبول کریں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ راہ راست پالیں۔ روزوں کی رات میں تمہارے لئے اپنی ازواج کے

نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ

پاس جانا جائز کیا گیا ہے وہ تمہارے مختلط ہیں اور تم اُن سے خدا اس سے واقف

اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

تھا کہ تم اپنی ذات کے ساتھ خیانت کیا کرتے تھے پس اُس نے تمہاری توبہ قبول کر لی

وَعَفَا عَنْكُمْ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ

اور تمہاری خطا معاف کر دی اب تم اُن سے ہمبستری کرو اور جو اللہ نے تمہارے لئے مقرر کیا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ

اُسکی خواہش کرو اور کھاؤ اور پیو یہانتک کہ صبح کا سفیدہ

الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا

(شب کی) سیاہی سے الگ نمایاں ہو جائے پھر شب

الصِّيَامَ إِلَى الَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ
آغاز پر روزہ ختم کرو اور جب مساجد میں اعتکاف میں ہو تو اُن سے

فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَٰلِكَ
مباشرت نہ کرو یہ اللہ کی مقررہ حدیں ہیں بس اُنکی مخالفت نہ کرنا اسطرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَلَا تَأْكُلُوا
اللہ لوگوں کے لئے اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار بنجائیں اور آپس میں

أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ
ناحق ایک دوسرے کا مال نہ کھاؤ اور اُسکے بارے میں حکام کے پاس جھگڑے اس غرض سے

لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ
نہ لے جاؤ کہ جان بوجھکر ناحق لوگوں کے مال سے جو کچھ ہاتھ لگے

تَعْلَمُونَ ○ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ ع ۲۳ ۶ ۷
کھا جاؤ لوگ تم سے ہلالوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہدو کہ وہ آدمیوں کے

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِن
لئے اور حج کے لئے وقت بتانے کا آلہ ہیں اور یہ نیکی نہیں ہے کہ تم گھروں میں اُنکے پچھواڑے

ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ وَأْتُوا الْبُيُوتَ
کی طرف سے آؤ ولیکن نیکی اُسکی ہے جو تقوٰے کرے اور گھروں میں اُنکے

مِنْ أَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○
دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا
اور راہِ خدا میں اُن لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں اور

تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ○ وَاقْتُلُوهُمْ
زیادتی نہ کرو بیشک اللہ زیادتی کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا اور جہاں تم اُنکو

حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ

پاؤ قتل کردو اور جہاں سے اُنہوں نے تمکو نکالا تھا (یعنی مکہ) اُنکو وہاں سے نکالدو

وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِندَ

اور کفر خونریزی سے بڑھکر ہے اور مسجد الحرام کے پاس اُنسے

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ فَإِن قَاتَلُوكُمْ

نہ لڑو جبتک کہ وہ اُس جگہ تم سے نہ لڑیں پھر اگر وہ تمسے لڑیں تو تم (بھی)

فَاقْتُلُوهُمْ ۗ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝ فَإِنِ انتَهَوْا

اُنکو قتل کر ڈالو کافروں کی سزا یہی ہے پھر اگر وہ باز آجائیں

فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ

تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہے اور اُنسے لڑائی یہانتک کرو کہ کفر باقی

فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ ۖ فَإِنِ انتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ

نہ رہے اور دین صرف خدا کا ہوجائے پھر اگر وہ باز نہ آئیں تو سوائے

إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ ۝ الشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ

ظالموں کے کسی اور پر زیادتی نہوگی محترم مہینوں کا معاوضہ محترم مہینے

وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ ۚ فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا

اور احترام والی چیزوں کا اسی طرح بدلہ (مقرر) ہی پھر جو شخص تمپر زیادتی کرے تو ویسی ہی زیادتی

عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

تم (بھی) اُسپر کرو جیسی زیادتی اُسنے تمپر کی ہے اور اللہ سے ڈرو اور آگاہ رہو

أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ وَأَنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا

کہ اللہ پرہیزگاروں کا ساتھی ہے اور راہ خدا میں خرچ کرو اور

مع ١

تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللَّهَ

اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور احسان کرو بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ

احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے اور خاص خدا کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو پھر اگر

أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا

تم محصور ہو جاؤ تو قربانی جو میسر آجائے اور جبتک قربانی اپنے

رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَن كَانَ مِنكُم

حلال ہونیکی جگہ نہ پہنچ جائے اپنے سر نہ منڈواؤ پھر جو شخص تم میں سے

مَّرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِّن رَّأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِّن صِيَامٍ

بیمار ہو یا اسکے سر میں کسی قسم کی تکلیف ہو تو اسکا بدلہ روزے

أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَمَن تَمَتَّعَ

یا خیرات یا قربانی ہے پھر جب تم امن پاؤ پس جو شخص

بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَن

عمرہ کو حج سے ملا کر فائدہ اٹھانا چاہے تو قربانی جو میسر آجائے (کرے) اور جسکو

لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا

میسر نہو پس حج کے دنوں میں تین دن کے روزے رکھے اور جب تم

رَجَعْتُمْ ۗ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذَٰلِكَ لِمَن لَّمْ يَكُنْ

واپس آجاؤ تو سات دن کے یہ سب مل کر دس ہوئے یہ (حکم) اس شخص کے لئے ہے جسکے

أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

اہل وعیال مکہ میں نہوں اور اللہ سے ڈرو اور آگاہ رہو

ع ۸ ۲۴ أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُومَاتٌ ۚ

کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے حج کے (چند) مہینے ہیں جو معلوم ہیں

فَمَن فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ

پس جو شخص ان میں حج کا بجالائے تو وہ حج میں نہ جماع کرے نہ نافرمانی نہ لڑائی

فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَتَزَوَّدُوا

جھگڑے اور جو نیکی تم کروگے وہ اللہ کو معلوم ہے اور زاد راہ ہم پہنچالو

فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ

بیشک سب سے بہتر زاد راہ تقوے ہے اور اے صاحبان عقل مجھسے ڈرتے رہو

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ

اس میں تمپر کچھ الزام نہیں ہے کہ تم اپنے رب سے فضل کے خواستگار ہو

فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ

پھر جب تم عرفات سے چلو تو مشعر الحرام کے قریب اللہ کو یاد

الْحَرَامِ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِنْ كُنْتُمْ مِنْ

کرو اور اسکی یاد اسطرح کرو جسطرح اسنے تمکو بتادیا ہے اور ضرور تم

قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ○ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ

پہلے اس کے گمراہوں میں سے تھے پھر اسی راستے سے چلو جس سے اور لوگ

النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○

چلیں اور اللہ سے مغفرت طلب کرتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ

پھر جب تم مناسک حج پورے کرچکو تو اللہ کو اسی طرح یاد کرو جس طرح اپنے

آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا

باپ داداؤں کو یاد کرتے ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ پس لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہمارے

آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ○ وَ

پروردگار ہمکو دنیا ہی میں دیدے اور آخرت میں انکا کچھ حصہ نہیں ہے اور

مِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ

ان میں سے بعض ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا کی بھی خوبی دے اور آخرت کی بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

خیر و خوبی عطا کر اور عذاب دوزخ سے ہمیں بچا لے اُن لوگوں کے لئے اُس میں

نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ۗ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○

جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے حصہ ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۗ فَمَنْ تَعَجَّلَ

اور گنتی کے دنوں میں ذکر خدا کرو پھر جو شخص دو ہی

فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ

دن میں (منٰی سے) چل کھڑا ہو تو اُسکے ذمہ کچھ گناہ نہیں اور جو شخص ٹھہرا رہے تو اُس پر بھی کوئی گناہ نہیں ہر

عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ

(یہ بات اُسکے لئے ہے) جو پرہیزگار رہو اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ تم اُسکی حضور میں

نصف

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ

ضرور حاضر کئے جاؤ گے اور لوگوں میں ایسا بھی ہے جسکی باتیں زندگانی دنیا میں تمکو

ربع

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ

اچھی معلوم ہوتی ہیں اور جو کچھ اُسکے دل میں ہے اُس پر خدا کو گواہ بناتا ہے

وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ○ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ

حالانکہ وہ دشمنوں میں سب سے زیادہ جھگڑالو ہے اور جب پیٹھ پھیرے تو یہ کوشش کرتا ہے کہ زمین میں

لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ

فساد برپا کرے اور زراعت کو اور نسل کو برباد کر دے حالانکہ اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ

فساد کو پسند نہیں کرتا اور جب اُس سے یہ کہا جاتا ہے کہ خدا سے ڈر تو گناہ

الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۗ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ○

کرنے کی شیخی اُسکے دل میں سما جاتی ہے پس اُسکے لئے جہنم کافی ہے اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ
اور آدمیوں میں سے ایسا بھی ہے جو رضامندی خدا حاصل کرنے کیلئے اپنے نفس کو فروخت کرتا ہے
وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ۝ ۲۰۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا
اور اللہ کل بندوں پر بہت ہی مہربان ہے اے ایمان لانے والو سب کے سب
فِی السِّلْمِ كَآفَّةً ص وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ط
اسلام میں داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدم بقدم نہ چلو
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ۲۰۸ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا
بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے پھر بعد اسکے کہ تمہارے پاس کھلی دلیلیں
جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ ۲۰۹
آچکیں ہیں اگر تم لغزش کرو تو یہ سمجھ لو کہ اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ
کیا وہ اسکا انتظار کرتے ہیں کہ اللہ بادلوں کے سائے میں ان کے
الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
پاس آئے اور فرشتے آئیں اور کل معاملہ ہی چک جائے حالانکہ کل امور کی بازگشت
الْاُمُوْرُ ۝ ۲۱۰ سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ ع ۲۵ ۱۴
خدا ہی کی طرف ہوگی بنی اسرائیل سے دریافت کرلو کہ ہمنے کتنی کھلی نشانیاں انکو
بَيِّنَةٍ ط وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ
دی تھیں اور جو شخص نعمت خدا کو بعد اسکے پاس آچکی ہو بدل ڈالیگا تو
فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ ۲۱۱ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا
خدا عذاب (بھی) سخت دینے والا ہے زندگانی دنیا ان لوگوں کی نظروں میں جو
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا م وقف لازم
منکر ہیں زینت دیدی گئی ہے اور وہ ایمان لانے والوں سے ٹھٹھا کرتے ہیں

الحزب

وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ

حالانکہ جو متقی ہیں وہ قیامت کے دن اُن پر فوقیت رکھتے ہونگے اور اللہ جسے

مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۣ

چاہتا ہے بیحساب رزق عنایت فرماتا ہے (ابتدا میں) سب لوگ ایک ہی حال پر تھے

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ

پھر خدا نے خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے انبیا بھیجے اور اُنکے ساتھ

مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا

برحق کتاب نازل کی تاکہ لوگوں کے فیمابین جس بارے میں اختلاف ہے اُسکا فیصلہ

فِيْهِ ۭ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ

کر دے اور جو کچھ اختلاف تھا وہ اُن لوگوں کی طرف سے تھا جنکو کتاب دیگئی تھی اور

مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اُنہوں نے آپس کی ضد سے کھلی دلیلیں آلینے کے بعد کیا تھا پھر خدا نے ایمان لانیوالوں کو

اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۭ وَاللّٰهُ

اپنے حکم سے راہِ حق جسکے بارے میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے دکھلادی اور اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ

جسے چاہے راہِ راست دکھلاوے کیا تمنے یہ گمان کر لیا ہے

اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا

کہ تم بہشت میں چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی تم پر ویسی نہیں پڑی جیسی اُن پر (گزر گئی) جو

مِنْ قَبْلِكُمْ ۭ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَاۗءُ وَالضَّرَّاۗءُ وَزُلْزِلُوْا

تم سے پہلے ہو گزرے ہیں کہ اُنپر افلاس اور امراض کی (بھی) سختیاں گزریں اور ہلا مارے گئے

حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى

یہانتک کہ رسول اور اُنکے ساتھ ایمان لانیوالے بول اُٹھے کہ اللہ کی

نَصْرُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ يَسْـَٔـلُوْنَكَ مَاذَا

مدد کب آئیگی (اور ہماری طرف سے کہا گیا کہ) خبردار ہو جاؤ اللہ کی مدد اب آئی ۔ لوگ تجھسے دریافت کرتے ہیں کہ

يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

راہ خدا میں کیا خرچ کریں اُنسے کہدو کہ مال میں سے جو کچھ بھی تم خرچ کرو تو والدین کے لئے

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ

اور قریب کے رشتہ داروں کے لئے اور یتیموں کے لئے اور محتاجوں کے لئے اور مسافروں کے لئے

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُتِبَ

اور جو نیکی بھی تم کروگے اُسکا علم خدا کو یقیناً ہے تم پر جہاد

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَھُوْا

واجب کیا گیا ہے حالانکہ وہ تمکو ناگوار ہے اور شاید ایک چیز تمکو ناگوار

شَـيْـــًٔـا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَـيْـــًٔـا وَّھُوَ

ہو اور وہ تمہارے لئے اچھی ہو اور عجب نہیں کہ ایک چیز کو تم پسند کرتے ہو اور وہ

شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْــَٔلُوْنَكَ ع ۲۶ / ۱۰

تمہارے لئے بُری ہو حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے محترم مہینے میں

عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ

جنگ کرنے کے متعلق تم سے دریافت کرتے ہیں کہدو کہ اسمیں جنگ کرنا بڑا گناہ ہے

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ

اور راہ خدا سے روکنا اور (خود) خدا کا انکار کرنا اور مسجد الحرام سے روکنا

وَاِخْرَاجُ اَھْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

اور اُسکے اہل کو اُس سے نکالدینا خدا کے نزدیک زیادہ بڑا گناہ ہے اور فساد برپا کرنا

مِنَ الْقَتْلِ ۭ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ

خونریزی سے بڑھکر ہے اور وہ (کفار) تم سے برابر لڑتے رہینگے یہاں تک کہ اگر انکا بس چلے تو

عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ

تمکو تمہارے دین سے ہٹادین اور جو تم مین سے اپنے دین سے

عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ

پھر جائیگا اور کفر کی حالت مین مرجائیگا تو ایسے لوگون کے

اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

اعمال دنیا و آخرت مین اکارت ہوجاینگے اور یہی جہنمی

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہین جنمین وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے بیشک جو لوگ ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ

اور جنہون نے ہجرت کی اور راہ خدا مین جہاد کئے وہی رحمت خدا کے

يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْــَٔـلُوْنَكَ

امیدوار ہین اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے لوگ تم سے

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ

شراب اور قمار بازی کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ ان دونون مین بڑا گناہ ہے اور لوگون کے

لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ مَاذَا

کچھ فائدے بھی ہین حالانکہ ان دونون کا گناہ انکے فائدے سے بڑھکر ہے اور تم سے دریافت کرتے ہین کہ

يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُـبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

خرچ کسقدر کرین تم کہدو کہ جو تمہاری جائز ضرورت سے زائد ہو۔ اسطرح اللہ تمہارے لئے احکام کھولکر

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَ

بیان کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو دنیا کے بارے مین (بھی) اور آخرت کے بارے مین (بھی) اور

يَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ

لوگ تم سے یتیمون کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ انکی (حالت کی) اصلاح کرنا بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ

انکا خرچ ملا کر رکھو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ فساد کرنیوالے کو اصلاح کرنیوالے سے (الگ) جانتا ہے

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ وَلَا

اور اگر اللہ چاہتا تو تم پر سختی کرتا بیشک اللہ زبردست اور حکمت والا ہے اور

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ

مشرک عورتوں سے جبتک وہ ایمان نہ لائیں نکاح نہ کرو حالانکہ ایمان والی لونڈی مشرک بی بی سے

مِنْ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ

بہتر ہے گو وہ (بی بی) تمکو کتنی ہی اچھی معلوم ہوتی ہو اور مشرک جبتک ایمان نہ لے آئیں انکے نکاح میں

يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ

(مسلم عورتیں) نہ دو کیونکہ مومن غلام (آزاد) مشرک سے بہتر ہے گو وہ (مشرک) تمکو اچھا ہی معلوم ہو

أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ

وہ تمکو جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ اپنے حکم سے جنت

وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے اور لوگوں کے لئے اپنے احکام کھولکر بیان کرتا ہے تاکہ

يَتَذَكَّرُونَ ○ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى ع ۲۷ ۵ ۱۱

وہ نصیحت حاصل کریں اور لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں تم کہدو کہ وہ ایک نجاست

فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ

ہے پس تم زمانہ حیض میں عورتوں سے الگ رہو اور جب تک وہ پاک نہو جائیں انکے پاس

يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ

نہ جاؤ پھر جب وہ غسل کرلیں تو جدھر سے خدا نے تمہیں حکم دیا ہے انکے پاس

اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ○

آؤ بیشک اللہ توبہ کرنیوالوں اور طہارت کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ وَقَدِّمُوا

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتی میں جسطرح جی چاہے آؤ اور اپنے لئے

لِأَنفُسِكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ

نیک اعمال بھیجتے رہو اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ تمہیں اسکی حضور میں ضرور حاضر ہونا ہے اور ایمانداروں کو

الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلَا تَجْعَلُوا اللَّهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ

خوشخبری سناتے رہو اور خدا تعالے کو اپنی فضول قسموں کے ذریعہ سے اس بات کی روک

أَن تَبَرُّوا وَتَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ

نہ قرار دو کہ تم نیکی کرنے پرہیزگاری بتنے اور لوگوں کے مابین صلح کرانے سے باز رہو اور اللہ

سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ لَّا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ

(سب کچھ) سننے والا جاننے والا ہے تمہاری قسموں میں جو لغو ہونگی اُنکے بارے میں خدا تم سے مواخذہ نہ کریگا

وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ

بلکہ وہ اُنپر مواخذہ کریگا جو تمہارے (بد) اعمال ارادۃً ہونگے اور اللہ بخشنے والا (اور)

حَلِيمٌ ۝ لِّلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ

بردبار ہے جو لوگ اپنی ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھالیں اُنکو چار مہینے کی

أَشْهُرٍ ۖ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَإِنْ

مہلت ہے پھر اگر رجوع کرلیں تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور اگر

عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ وَالْمُطَلَّقَاتُ

طلاق کا پختہ ارادہ کرلیں تو اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور جن عورتوں کو

يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ ۚ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَن

طلاق دیگئی ہے وہ اپنے آپ کو تین طہر تک روکیں اور یہ اُنکے لئے ہرگز جائز نہیں ہے

يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِن كُنَّ يُؤْمِنَّ

کہ خدا نے اُنکے رحم میں جو کچھ پیدا کیا ہو اُسکو چھپائیں بشرطیکہ وہ خدا اور قیامت کے

تین طہر ہیں اور اُس عورت کا عدہ جسکو شوہر نے حیض آتا ہو تین قروء ہے اور قروء اُس مدت کو کہتے ہیں جو دو حیضوں کے مابین خون جمع ہونے میں صرف ہو

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِىْ ذٰلِكَ

دن پر ایمان رکھتی ہوں اور اس مدت میں اُنکے شوہر اگر سازگاری کا ارادہ کریں تو اُن کو

اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِىْ عَلَيْهِنَّ

واپس لینے کے زیادہ مستحق ہیں اور اُن (عورتوں) کا حق نیکی کے بارے میں (مردوں کے ذمے)

بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

ویسا ہی ہے جیسا کہ اُن (مردوں) کا عورتوں کے ذمہ اور مردوں کو اُن پر ایک درجہ فضیلت ہے اور اللہ زبردست (اور)

حَكِيْمٌ ۝ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌ ۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ ع ٢٨ / ١٢

حکمت والا ہے طلاق (رجعی) دو مرتبہ ہے اسکے بعد یا تو نیکی کے ساتھ روک لینا ہے یا

تَسْرِيْحٌ ۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

سلوک کے ساتھ رخصت کر دینا اور یہ تمہارے (مردوں کے) لئے حلال نہیں ہے کہ جو کچھ تم اُنہیں

شَيْئًا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ

دے چکے ہو اُس میں سے کچھ واپس لیلو سوائے اس صورت کے کہ دونو کو اس بات کا خوف ہو کہ (دونو)

خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا

حدود خدا پر قائم نہ رہ سکینگے پھر اگر تمکو اسکا خوف ہو کہ طرفین حدود خدا پر قائم نہ رہینگے اور

افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ

عورت کچھ فدیہ دیدے تو اسمیں دونوں پر کچھ الزام نہیں یہ اللہ کی حدود ہیں پس اُنسے تجاوز نہ کرو

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

اور جو اللہ کے حدود سے تجاوز کرینگے وہی لوگ تو ظالم ہیں

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْ ۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا

پھر اگر عورت کو (تیسری) طلاق دیدے تو وہ اُس (مرد) کے لئے حلال نہو گی جبتک کہ اُسکے سوا

غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ

ایک اور شوہر سے نکاح نہ کرلے پھر اگر دوسرا شوہر (بخوشی) طلاق دیدے اور اُن دونو کا (بھی) یہ خیال ہو کہ خدا کی حدوں پر

اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

قائم رکھینگے اور ایک دوسرے کی طرف رجوع کرلین تو دونون کے ذمے کوئی الزام نہین اور خدا اپنی یہ حدین

اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ

لوگون کے لئے بیان کرتا ہے جو سمجھ رکھتے ہین اور جب تمنے عورتون کو طلاق

النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ

دیدی اور وہ اپنے عدہ کے (ختم کے) قریب جا پہنچین اسوقت یا تو نیکی کے ساتھ انہین روک لو

اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا

یا نیکی کے ساتھ انکو چلتا کرو اور انکا روکنا نقصان پہنچانے کی نیت

لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ

سے نہو اور جو ایسا کریگا وہ اپنی جان پر ظلم توڑیگا

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ؗ وَّاذْكُرُوْا

اور خدا کی آیتون کو ہنسی کھیل نہ بناؤ اور اللہ کی نعمت جو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ

تمپر ہے اسکو (بھی) یاد کرتے رہو اور (اسکو بھی) جو کچھ کتاب و حکمت مین سے اسنے تمپر

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

نازل کیا ہے کہ اسکے ذریعہ سے تمکو نصیحت کرے اور اللہ سے ڈرو اور یہ سمجھو کہ

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

اللہ ہر شئے کا علم رکھتا ہے اور جب عورتون کو طلاق دیچکو اور وہ

فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ

اپنا عدہ پورا کرچکین تو انکو اور شوہرون کے ساتھ نکاح کرنے سے جبکہ

اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ

وہ نیکی کے ساتھ آپس مین رضامند ہوجائین باز نہ رکھو تم مین سے

يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ مِنكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہے اُسکو اسکے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے

ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ

یہ تمہارے لئے بڑے نفع کی اور گناہوں سے پاک کرنیکی بات ہے حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم کچھ

لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ

نہیں جانتے اور مائیں اپنے بچوں کو

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَن يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ

اُسکی خاطر سے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے پورے دو برس دودھ پلائیں

وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ

اور اُن (دودھ پلانیوالی عورتوں) کا کھانا کپڑا دستور کے موافق بچے والے کے ذمے ہے

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ

کسی شخص کو اُسکی وسعت سے زیادہ تکلیف نہ دیجائے نہ ماں کو اُسکے بچے کے سبب سے ضرر

بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَّهُ بِوَلَدِهِ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ

پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اُسکے بچے کی وجہ سے ضرر پہنچایا جائے اور باپ کے قائم مقام کے ذمے

مِثْلُ ذَٰلِكَ ۗ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَن تَرَاضٍ مِّنْهُمَا

(بھی) اسی طرح ہے پھر اگر دونوں (باپ اور ماں) کی مرضی اور آپس کے

وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَإِنْ أَرَدتُّمْ أَن

مشورے سے دودھ چھڑالینا چاہیں تو دونوں پر کوئی الزام نہیں ہے اور اگر تمہارا یہ ارادہ ہو کہ

تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا

تم اپنے بچوں کو کسی دایہ سے دودھ پلواؤ تو تم پر بھی کوئی الزام نہیں ہے بشرطیکہ تم سلوک کے طور پر

سَلَّمْتُم مَّا آتَيْتُم بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

جو کچھ دایہ کو دیتے ہو اُتنا ہی ماں کے حوالے (بھی) کردو اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ

إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ

جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسے دیکھ رہا ہے اور جو لوگ تم میں سے

مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ

مر جائیں اور ازواج چھوڑ جائیں تو وہ عورتیں چار مہینے دس دن

أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا ۚ فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ

اپنے آپ کو روکیں اور جب وہ اپنا عدہ پورا کریں

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۗ

تو جائز طور پر اپنے بارے میں جو کچھ وہ کریں اسمیں تم پر کوئی الزام نہیں ہے

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اُس سے خبردار ہے اور اس باب میں تم پر کوئی الزام نہیں ہے

فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي

کہ ان (عدہ والی) عورتوں کو کنایہ کے طور پر پیام دو یا اس خیال کو اپنے دل میں

أَنفُسِكُمْ ۚ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِن

چھپائے رکھو اللہ جانتا ہے کہ عنقریب تم انکو یاد کرو گے ولیکن

لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۚ

پوشیدہ طور پر اُنسے صریحی وعدے نہ لو سوائے اسکے کہ اُنسے (کنایہ کے طور پر) نیک بات کہو

وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ

اور جب تک عدہ پورا نہ ہو جائے نکاح کا قصد

أَجَلَهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنفُسِكُمْ

نہ کرنا اور یہ سمجھ لو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ اُسے جانتا ہے

فَاحْذَرُوهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ ۝ ع ۳۰ ۴ ۱۴

پس اُس سے ڈرتے رہو اور یہ (بھی) جان لو کہ اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بردبار ہے

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ
اگر تم ان عورتوں کو چھوڑ دو جن کے پاس تم نہیں گئے

أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ وَمَتِّعُوهُنَّ ۚ عَلَى
یا جنکا تم نے کوئی مہر نہیں مقرر کیا ہو تو تم پر کوئی الزام نہیں ہے البتہ انکو نیکی کے طور پر کچھ نفع پہنچا دو

الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا
(یہ نفع پہنچانا) صاحب مقدور پر اسکی حیثیت کے موافق لازم ہے اور مفلس پر اسکی

بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ○ وَإِنْ
حیثیت کے مطابق نیکوکاروں پر یہ انکی ایک حق ہے اور اگر

طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ
انکے پاس جانے سے پہلے طلاق دیدو جس حالت میں کہ انکا مہر تم مقرر کر چکے تھے تو جو کچھ

لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ
تم نے مقرر کیا تھا اسکا نصف (تمہارے ذمے ہے) سوائے اسکے کہ وہ (عورتیں)

أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَنْ
معاف کردیں یا وہ معاف کردے جسکے ہاتھ نکاح کا اختیار تھا اور اگر

تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ
تم معاف کردو تو (یہ) پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے اور آپس میں بڑائی حاصل کرنیکو نہ بھولو

إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○ حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ
بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسکا دیکھنے والا ہے کل نمازوں کی محافظت کرو

وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَىٰ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ○ فَإِنْ
خاصکر نماز وسطیٰ کی اور خدا کے حضور میں کھڑے ہوئے قنوت پڑھو پھر اگر تمکو

خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنْتُمْ
خوف ہو تو پیدل چلتے چلتے یا سواری کی حالت میں (ادا کرلو) پھر جب تمکو اطمینان ہو تو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝
اللہ کی یاد اسطرح کرو جسطرح اُسنے وہ چیزیں تم کو تعلیم کی ہیں جو تم پہلے نہیں جانتے تھے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚۖ
اور تم میں سے جو لوگ مرنے کے لگ بھگ ہوں اور بیویاں چھوڑیں تو (انہیں لازم ہے کہ)

وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ
انکو ایک سال تک نان ونفقہ دینے اور (گھر سے) نہ نکالنے کی (ورثہ کو) وصیت کر دیں

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ
پھر اگر وہ (عورتیں خود بخود) نکل جائیں تو جو کچھ نیکی کے ساتھ اپنے بارے میں کرلیں اُنمیں

اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝
تمہارے ذمے کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى
اور جنکو طلاق دی گئی ہے اُنھیں بھی نیکی کے ساتھ نفع پہنچانا پرہیزگاروں کے ذمے

الْمُتَّقِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ
ایک حق ہے اسی طرح خدا اپنے احکام تمہارے لئے کھولکر بیان کرتا ہے

تَعْقِلُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ ٣١ ع ١٥
تاکہ تم سمجھ لو کیا تمنے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل گئے تھے

وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۠ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۣ
اور وہ ہزاروں (ہی) تھے پس خدا نے اُنسے فرمایا (کہ) مرجاؤ

ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ
پھر اُنکو زندہ کر دیا بیشک اللہ لوگوں پر... فضل کرنیوالا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَاتِلُوْا
ولیکن بہت سے لوگ شکر نہیں کرتے اور راہ خدا میں

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ مَنْ

لڑو اور یہ سمجھ لو کہ اللہ (سب کچھ) سنتا جانتا ہے وہ

ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ

کون ہے جو اللہ کو اچھا قرض دے کہ خدا اسکو اُسکے لئے

اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ

بے انتہا بڑھا دے اور اللہ تنگدستی بھی کرتا ہے اور فراخی بھی دیتا ہے اور اُسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

تمھاری بازگشت ہوگی کیا تم نے موسٰے کے بعد والے بنی اسرائیل کے ایک گروہ کی حالت

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ

پر نظر نہیں ڈالی جبکہ اُنھوں نے اپنے پیغمبر سے یہ کہا کہ ہمارے لئے ایک

وقف لازم

لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ

بادشاہ مقرر کر دیجئے کہ ہم راہ خدا میں لڑیں (اُس پیغمبر نے) فرمایا کہ ایسا نہو کہ

اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا

اگر جہاد تم پر واجب کیا جائے (تو) پھر تم نہ لڑو وہ بولے کہ جب

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ

ہم اپنے گھروں سے نکالے گئے اور اپنے بچوں سے الگ کئے گئے تو

دِيَارِنَا وَاَبْنَاۗىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا

اب ہمیں کیا ہوا جو راہ خدا میں نہ لڑینگے پھر جب اُنپر جہاد واجب کیا گیا تو اُن میں سے سوائے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ○ وَقَالَ

چند کے سب ہی پھر گئے اور اللہ ظالموں سے (خوب) واقف ہی اور (جب) اُنکے

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ۭ

نبی نے اُنسے کہا کہ اللہ نے طالوت کو تمھارے لئے بادشاہ مقرر کیا ہے

قَالُوٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ
تو کہنے لگے کہ اسکو ہمپر حکومت کہاں سے ہوسکتی ہے حالانکہ ہم حکومت کے
بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ
اس سے زیادہ سزاوار ہیں اسکو کشائش مال تو دی ہی نہیں گئی ہے (نبی نے) فرمایا کہ بیشک
اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ
اللہ نے اسکو تمپر بزرگی دی ہے اور اسے علم اور جسم میں
وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ
زیادہ کیا ہے اور اللہ اپنی حکومت جسے چاہے عنایت فرمائے اور اللہ صاحب وسعت و
عَلِيْمٌ ۝ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ
علم ہے اور انکے نبی نے انسے (یہ بھی) کہا کہ اسکے بادشاہ ہونیکی نشانی یہ ہے کہ
يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ
تمہارے پاس وہ صندوق آجائیگا جس میں تمہارے رب کا سکینہ اور آل موسٰے
مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ
اور آل ہارون کے ترکے کا بقیہ موجود ہے فرشتے اسے اٹھائے ہوئے ہونگے
اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا ع ۶ ۳۲ ۱۲
اگر تم مومن ہو تو اسی میں تمہارے لئے نشانی (موجود) ہے پھر جس وقت
فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ
طالوت فوجیں لیکر چلا تو اسنے کہدیا کہ اللہ تعالٰے ایک دریا سے تمہاری آزمائش کریگا
فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّىْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ
جو اس میں سے پی لیگا وہ تو میرا نہیں ہے اور جو اسے نہ چکھیگا بس وہ یقیناً
مِنِّىْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ
میرا ہے سوائے اسکے کہ ایک چلو بھر اپنے ہاتھ سے پی لے پس انہیں سے سوائے معدودے چند کے

إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

سب ہی نے تو پیا پھر جب وہ اور اُسکے ایماندار ساتھی اُس (دریا) کو عبور

قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالَ الَّذِينَ

کر گئے تو اُنہوں نے کہدیا کہ آج تو ہم میں جالوت اور اُسکی فوجوں کے مقابلہ کا دم ہے نہیں اور جنکو

يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو اللَّهِ كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً

یقین تھا کہ ہمکو خدا کے سامنے جانا ہے اُنہوں نے کہا کہ بہت چھوٹے (چھوٹے) گروہ بڑے (بڑے) گروہ پر

كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَمَّا

خدا کے حکم سے غالب آگئے ہیں اور اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے اور جو وقت

بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا

وہ (لوگ) جالوت اور اُسکے لشکر سے لڑنے نکلے تو اُنہوں نے عرض کی (کہ) اے ہمارے پروردگار

صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

ہمکو پورا صبر عنایت فرما اور ہمارے قدم جمے رکھ اور اس کافر قوم کے برخلاف ہماری امداد فرما

فَهَزَمُوهُم بِإِذْنِ اللَّهِ وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَ

پھر اُنہوں نے اللہ کے حکم سے اُن دشمنوں کو شکست دیدی اور داؤدؑ نے جالوت کو قتل کردیا اور

آتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ وَلَوْلَا

اُن (داؤدؑ) کو خدا نے سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور جو کچھ مناسب سمجھا تعلیم فرمادیا اور اگر

دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْأَرْضُ

خدا بعض آدمیوں کو بعض کے ذریعہ سے دفع نہ کرتا رہے تو روئے زمین پر فساد پھیل جائے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ

ولیکن اللہ کل عالموں پر فضل کرنیوالا ہے یہ اللہ کی برحق آیتیں ہیں

نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝

جو ہم تمکو پڑھکر سناتے ہیں اور بیشک تم رسولوں میں سے ہو

الجزء الثالث

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ

ان رسولوں میں سے بعض کو ہمنے بعض پر فضیلت دی

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَ

ان میں سے ایسے بھی ہیں جنسے خدانے کلام کیا اور بعض کے درجے بڑھائے اور

اٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ

مریم کے بیٹے عیسیٰ کو ہم نے کھلی نشانیاں دیں اور روح القدس کے ذریعے سے

الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ

انکی مدد کی اور اگر خدا کو منظور ہوتا تو وہ لوگ بعد اسکے کہ انکے پاس

بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا

کھلی دلیلیں آچکی تھیں ان پیغمبروں کے بعد نہ لڑتے لیکن انہوں نے اختلاف کیا

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

پھر ان میں سے کوئی (تو) ایمان لایا اور کوئی ان میں سے کافر ہوگیا اور اگر اللہ چاہتا تو وہ

مَا اقْتَتَلُوْا ۗ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ يٰٓاَيُّهَا ع ٣٣ ٥

نہ لڑتے لیکن اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

ایمان لانیوالو جو کچھ ہمنے تمہیں دیا ہے اسمیں سے کچھ (ہماری راہ میں) خرچ کرو قبل اسکے کہ وہ دن آجائے

يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ

جس میں نہ بکری ہوگی نہ دوستی نہ سفارش اور منکر (جو ہیں)

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ

وہی ظالم ہیں اللہ اسکے سوا کوئی معبود نہیں زندہ (اور)

الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا

قائم ہے اسکو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند اسکا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ

آسمانوں میں اور زمین میں ہے اُسی کا ہے وہ کون ہے جو اُسکے اذن بغیر اُسکی

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

حضور میں شفاعت کرے وہ لوگوں کے آئندہ اور گزشتہ کا حال جانتا ہے

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ

اور لوگ اُسکے علم کا کسی طرح احاطہ نہیں کر سکتے سوائے اُسکے جتنا وہ چاہے اُسکی

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

کرسی آسمانوں کو اور زمین کو حاوی ہے اور ان دونوں کی حفاظت اُسے تھکاتی نہیں

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ

اور وہ بلند مرتبہ (اور) صاحب عظمت ہے دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے

قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

یقیناً ہدایت گمراہی سے الگ ہوگئی پس جو شخص طاغوت کا منکر ہو

وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ

اور اللہ پر ایمان لائے اُسنے بیشک مضبوط رسی پکڑلی

لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ

جو ٹوٹنے والی نہیں ہے اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے جو لوگ ایمان لائے اللہ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

اُنکا حامی ہے اُنکو تاریکیوں سے نور کی طرف نکال لاتا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ

اور جو منکر ہوگئے اُنکے [illegible] ہیں جو اُنکو نور سے

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى [illegible] بِالْحَقِّ وَاِنَّكَ لَمِنَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

نکال کر تاریکیوں [illegible] لاتے ہیں اور بیشک تم رسولوں جہنمی ہیں

ع ٣٤ وقف لازم

هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرٰهٖمَ
جس میں وہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے کیا تمنے اُسکو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے اُنکے رب کے

فِي رَبِّهٖٓ أَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ إِذْ قَالَ إِبْرٰهٖمُ
بارے میں حجت کی اس سے کہ خدانے اُسے سلطنت دیدی تھی جسوقت ابراہیم نے یہ کہا کہ

رَبِّيَ الَّذِي يُحْيٖ وَيُمِيتُ قَالَ أَنَا۠ أُحْيٖ وَأُمِيتُ ۖ
میرا پروردگار وہ ہے جو جلاتا اور مارتا ہے اُسنے کہا کہ میں بھی جلاتا ہوں اور مارتا ہوں

قَالَ إِبْرٰهٖمُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ
ابراہیم نے کہا کہ خدا سورج کو مشرق کی طرف سے نکالتا ہے

فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ ۗ وَاللّٰهُ
تو اُسکو مغرب کی طرف سے نکال لا اسپر وہ کافر مبہوت ہو گیا اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ۝ أَوْ كَالَّذِي مَرَّ
ظالم لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا یا مانند اُس شخص کے (تمنے نہیں دیکھا)

عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا ۚ قَالَ أَنّٰى
جو ایک بستی کے پاس سے گزرا اور وہ (بستی) اپنی چھتوں پر گری ہوئی پڑی تھی (اور دیکھکر) کہنے لگا

يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ
کہ اللہ اس بستی کو اسکے اُجڑنیکے بعد کیونکر زندہ کریگا بس اللہ نے اُسکو سو برس کے لئے موت دی

عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ۖ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا
پھر اُسکو زندہ کردیا (اور) پوچھا کہ تم یہاں کتنے دن رہے ؟ جواب دیا کہ ایک دن

أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۖ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ
یا ایک دن سے کم فرمایا (نہیں) بلکہ تم سو برس رہے ہو اب اپنے

إِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ
کھانے اور پانی کو دیکھو کہ وہ سڑا ابھی نہیں ہے اور اپنے

کوئی بندۂ مؤمن عمل نیک بجالاتا ہے تو پروردگار عالم اسکی ہر نیکی کو سوگنا کر دیتا ہے۔ اور یہ خدا تعالے کی اسی آیت سے ثابت ہے ۱۲ ف

إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِلنَّاسِ وَانْظُرْ إِلَى

گدھے کی طرف دیکھو اور تاکہ ہم تمکو آدمیوں کیلئے ایک نشانی بنائیں اور ہڈیوں کی طرف

الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا

دیکھو کہ ہم کس طرح انکو جوڑ دیتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں پس جسوقت یہ

تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

اُنپر کھل گئی تو کہنے لگے کہ میں خوب جانتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر شے پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۖ

اور اُسوقت کو یاد کرو جبکہ ابراہیم نے عرض کی تھی کہ اے میرے پروردگار مجھے دکھادے کہ تو مُردوں کو کیونکر زندہ کیا کرتا ہے

قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۖ قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ

فرمایا کیا تم ایمان نہیں لائے؟ عرض کی ایمان ضرور لایا ہوں لیکن اسلئے کہ میرا قلب مطمئن ہوجائے

قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ

فرمایا تو چار پرندے لو پھر اُنکے ٹکڑے ٹکڑے کرکے ملا کے

عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ مِنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا ۚ

پہاڑ پر اُنکا ایک ایک ٹکڑا ڈال دو پھر اُنکو بلاؤ وہ تمہارے پاس دوڑتے چلے آئینگے

وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ مَثَلُ الَّذِينَ ع ۳ ۳۵

اور یہ سمجھ لو کہ خدا زبردست (اور) حکمت والا ہے مثال اُنکی جو

يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنْبَتَتْ

اپنا مال راہ خدا میں صرف کرتے ہیں اُس دانے کی سی مثال ہے جو

سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ

سات بالیں اُگائے کہ ہربال میں سَو دانے ہوں اور اللہ جسکے لئے چاہے

لِمَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ

بڑھا دیتا ہے اور اللہ صاحب وسعت و علم ہے جو لوگ اپنے مال

أموالهم في سبيل الله ثم لا يتبعون ما أنفقوا

راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں پھر جو کچھ خرچ کر چکے اُسکے بعد احسان نہیں

منا ولا أذى لهم أجرهم عند ربهم ولا

جتاتے اور ایذا نہیں پہنچاتے اُنکے لئے اُنکے پروردگار کے پاس صلہ ہے اور اُنکو

خوف عليهم ولا هم يحزنون ۝ قول معروف

نہ خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے نرم بات

ومغفرة خير من صدقة يتبعها أذى والله

اور درگزر اُس صدقے سے بہتر ہے جسکے بعد ایذا ہو اور اللہ

غني حليم ۝ يا أيها الذين آمنوا لا تبطلوا

بے نیاز (اور) بردبار ہے اے ایمان لانیوالو تم اپنے صدقات کو

صدقاتكم بالمن والأذى كالذي ينفق ماله

احسان جتانے سے اور ایذا دینے سے باطل نہ کرو مثل اُس شخص کی جو اپنا مال لوگوں کو

رئاء الناس ولا يؤمن بالله واليوم الآخر

دکھانیکے لئے صرف کرتا ہے اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا

فمثله كمثل صفوان عليه تراب فأصابه

پس اُسکی مثال اُس چٹان کی سی ہے جسپر مٹی ہو پھر اُسپر زور کا مینہ پڑے

وابل فتركه صلدا لا يقدرون على شيء

اور اُسے صفاچٹ چھوڑ جائے اسی طرح جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے کچھ بھی اُسمیں سے

مما كسبوا والله لا يهدي القوم الكافرين ۝

نہ پائینگے اور اللہ منکر لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا

ومثل الذين ينفقون أموالهم ابتغاء مرضات الله

اُن لوگوں کی مثل جو اپنے مال خدا کی خوشنودیاں حاصل کرنیکے لئے اور اپنی ذات کی

وَتَثْبِيتًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ أَصَابَهَا
ثابت قدمی کی وجہ سے صرف کرتے ہیں اُس باغ کی سی ہے جو بلندی پر ہو اور اُس پر زور کا

وَابِلٌ فَآتَتْ أُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا
مینہ پڑے پھر وہ دو چند پھل دے پھر اگر زور کا مینہ اُس پر نہ پڑے

وَابِلٌ فَطَلٌّ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ أَيَوَدُّ
تو ہلکا (ہی سہی) اور اللہ تمہارے اعمال کا دیکھنے والا ہے کیا تم میں سے

أَحَدُكُمْ أَن تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي
کوئی اسکو پسند کرتا ہے کہ اُسکا ایک باغ کھجوروں اور انگوروں کا ہو جسکے

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ
نیچے ندیاں بہتی ہوں جس میں اُسکے لئے ہر طرح کے پھل ہوں اور اُس (شخص) کو

الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ
بڑھاپا آئے اور اُسکے بچے (ابھی) کمزور ہوں پھر اُس باغ میں ایک بگولہ آجائے جس میں

نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ
آگ (بھی) ہو جس سے وہ (باغ) جل جائے اسی طرح اللہ تمہارے (نفع کے) لئے آیتیں کھولکر بیان کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا ع ۳۶ ۴
تاکہ تم غور و فکر کرو اے ایمان لانیوالو جو کچھ تم نے

مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ
نیک کمائی کی ہو اور جو کچھ ہمنے تمہارے لئے زمین سے پیدا کیا ہے اُسمیں سے (راہ خدا میں) خرچ کرو

وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم
اور خراب چیز کو اس نیت سے کہ اُس میں سے (راہ خدا میں) خرچ کرو چھونا بھی نہیں حالانکہ تم خود اُسکے

بِآخِذِيهِ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ
لینے کے روادار نہیں ہو۔ سوائے اسکے کہ اُسکے بارے میں چشم پوشی کرلو اور یہ سمجھ لو کہ اللہ

غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ

بے نیاز (اور) لائق حمد ہے شیطان تم کو فقر سے ڈراتا اور بیہودہ باتوں کی ترغیب

بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ

دیتا ہے اور اللہ اپنی طرف سے مغفرت اور فضل کا وعدہ کرتا ہے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّؤْتِى الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

اور اللہ صاحب وسعت و علم ہے (وہ) جسکو چاہتا ہے حکمت عنایت فرماتا ہے

وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِىَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ

اور جسکو حکمت دی گئی بالتحقیق اسے (تو) بہت کچھ خیر و برکت دی گئی

وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ

حالانکہ سوائے عقلمندوں کے کوئی نصیحت نہیں حاصل کرتا اور جو کچھ (بھی) تم نے

مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ

(راہ خدا میں) صرف کیا اور جو کچھ بھی تم نے منت مانی وہ اللہ کو ضرور معلوم ہے

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ

اور ظالموں کا کوئی مددگار نہوگا اگر تم صدقات کو ظاہر کرو تو

فَنِعِمَّا هِىَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ

وہ اچھا ہے اور اگر تم انکو چھپاؤ اور محتاجوں کو دو تو وہ تمہارے

فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ

حق میں (اور) بہتر ہے اور تمہاری بدیوں کا کفارہ ہوگا

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے (اے رسول) تمہارے ذمہ یہ نہیں ہے کہ تم انکو منزل مقصود

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

تک پہنچا دو لیکن اللہ جسے چاہتا ہے منزل مقصود تک پہنچا دیتا ہے اور جو کچھ تم نیکی میں خرچ کروگے

ربع

فَلِاَنْفُسِكُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۚ

اسکا نفع تمہارے ہی لئے ہوگا جس حال میں کہ تم سوائے خدا کی رضاجوئی کے اور کسی غرض سے صرف نہ کرو

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

اور جو کچھ بھی تم نیکی میں خرچ کروگے وہ تمکو پورا پورا دیا جائیگا اور تمکو کچھ نقصان نہ پہنچایا جائیگا

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

تمہارے صدقات اُن محتاجوں کا حق ہیں جو راہ خدا میں محصور ہوگئے ہوں اور کسی طرف ملک میں

ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ

جا نہ سکتے ہوں ناواقف اُنکو اُنکی خودداری کی وجہ سے بے نیاز خیال

التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ

کرتا ہے تم اُنکی علامتوں سے اُنہیں پہچان لوگے وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں

اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ ع

کرتے اور تم نیکی میں جو کچھ بھی خرچ کروگے اللہ اُس سے آگاہ ہے

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا

جو لوگ اپنے مال رات اور دن پوشیدہ اور ظاہر (راہ خدا میں) صرف کیا کرتے

وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

ہیں اُنکا اجر اُنکے پروردگار کے پاس ہے اور اُنکو نہ کوئی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ

خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے جو لوگ سود کھاتے ہیں

الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ

وہ (قبر سے نکل کر) نہ کھڑے ہونگے مگر اُس شخص کی طرح جسکو شیطان نے

الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ

چھوکر مخبوط الحواس کردیا ہو یہ اس لئے کہ وہ کہتے تھے کہ معاملہ بیع بھی

مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ

مثل سود کے ہے حالانکہ خدا نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام قرار دیا ہے

فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ

پس جس شخص کے پاس اسکے رب کی طرف سے نصیحت آئی اور وہ باز رہا تو جو کچھ پہلے گزر چکا وہ

وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

اسکے لئے (معاف) ہے اور اسکا معاملہ خدا کے حوالے ہے اور جو پھر ایسا ہی کریں وہی دوزخی ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى

جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے اللہ تعالےٰ سود کو مٹا دیتا ہے اور صدقات کو

الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝ اِنَّ

بڑھاتا ہے اور اللہ کسی منکر گنہگار کو دوست نہیں رکھتا بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور نماز پڑھی

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

اور زکوٰۃ دی انکے لئے انکا اجر انکے پروردگار کے پاس ہے اور انہیں نہ کوئی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے اے ایمان لانیوالو

اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِىَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ

اگر تم مومن ہو تو اللہ سے ڈرو اور سود جو (کسی پر) باقی رہ گیا ہے اسے

مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ

چھوڑ دو پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اسکے رسول سے لڑنے کے

وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ

لئے تیار ہو جاؤ اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہاری اصل پونجی تمکو ملنی چاہئے

سود کے تہتر جزو ہیں جنکے ادنے کا وبال اتنا ہے جتنا خاص بیت اللہ الحرام میں اپنی ماں سے زنا کرنیکا۔ جناب امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ

لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ○ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ

نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر مقروض تنگدست ہو تو

فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ

فراغت کے زمانے تک مہلت (دو) اور اگر تم اصل قرض معاف کردو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ

بشرطیکہ تم سمجھو اور اُس دن سے ڈرو جس دن خدا کی حضور میں

اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ ع ۳۸ ۶

حاضر کیے جاؤ گے پھر ہر نفس کو جو کچھ اُسنے کیا ہے اسکو اسکا پورا بدلہ ملیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ

اے ایمان لانیوالو جب تم کسی مقررہ مدت کے لئے آپس میں قرض کا لین دین کرو

مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ ۢ بِالْعَدْلِ ص

تو اُسکو لکھ لیا کرو اور لازم ہے کہ کاتب تمہارے مابین انصاف سے لکھے

وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ج

اور کاتب لکھنے سے انکار نہ کرے بلکہ جس طرح اللہ نے اُسے سکھایا ہے اُسی طرح لکھدے

وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ

اور جو قرض لینے والا ہو وہ لکھواتا جائے اور اُسے لازم ہے کہ خدا سے ڈرے اور قرض دینے والے کا

مِنْهُ شَيْئًا ؕ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ

کچھ حق کم نہ کردے پھر اگر وہ قرض لینے والا نادان یا

ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ

کمزور ہو یا عبارت خود نہ بتلا سکتا ہو تو اُسکا ولی انصاف کے ساتھ

بِالْعَدْلِ ؕ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ج

بتلائے اور گواہوں میں سے جو تمہیں پسند ہوں دو مردوں کو گواہ بنالو

فَإِن لَّمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَأَتَانِ مِمَّن

اور اگر دو مرد نہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنالو

تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَن تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ

تاکہ اُن (عورتوں) میں سے اگر ایک بھول جائے تو

إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَىٰ ۚ وَلَا يَأْبَ الشُّهَدَاءُ إِذَا

دوسری اُسے یاد دلائے اور گواہ جسوقت بُلائے جائیں تو انکار

مَا دُعُوا ۚ وَلَا تَسْأَمُوا أَن تَكْتُبُوهُ صَغِيرًا أَوْ

نہ کریں اور تم کسی چھوٹے بڑے معاملے کے لکھنے میں

كَبِيرًا إِلَىٰ أَجَلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ وَأَقْوَمُ

سستی نہ کرو خدا کے نزدیک یہ زیادہ انصاف کی بات ہے

لِلشَّهَادَةِ وَأَدْنَىٰ أَلَّا تَرْتَابُوا إِلَّا أَن تَكُونَ

اور شہادت کا زیادہ ثبوت ہے اور اس بات سے زیادہ قرین ہے کہ تمکو شک

تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيرُونَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

نہ پڑے سوائے اسکے کہ جو نقد سودا ہو جسکا تم باہمی لین دین کیا کرتے ہو پس اگر تم

جُنَاحٌ أَلَّا تَكْتُبُوهَا ۗ وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ ۚ

اُسکو نہ لکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں ہے اور جسوقت تم خرید و فروخت کرو تو گواہ کرلو

وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ وَلَا شَهِيدٌ ۚ وَإِن تَفْعَلُوا فَإِنَّهُ

اور کاتب کو اور گواہ کو کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے اور اگر تم ایسا کروگے تو یہ تمہاری طرف

فُسُوقٌ بِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۖ وَيُعَلِّمُكُمُ اللَّهُ ۗ وَاللَّهُ

سے نافرمانی ہوگی اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمکو (احکام) تعلیم کرتا ہے اور خدا

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَإِن كُنتُمْ عَلَىٰ سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوا

ہر شے کا علم رکھتا ہے اور اگر تم سفر میں ہو اور کوئی کاتب

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

نہ پاؤ تو جو چیز تمہارے پاس ہے اُسے رہن کر دو پھر اگر تم میں سے کوئی کسی دوسرے کو امین

فَلْيُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

سمجھ لے تو جسکو امین سمجھا گیا ہے اُسے لازم ہے کہ دینے والے کی امانت ادا کردے اور اللہ سے جو اُسکا پروردگار ہے

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ

ڈرے اور شہادت کو نہ چھپاؤ اور جو شہادت کو چھپائیگا اُسکا دل یقیناً گنہگار ہے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ ع ۳۹ ۲ ۷

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے آگاہ ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے

وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ

سب اللہ (ہی) کا ہے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خواہ اُسے تم ظاہر کرو یا

تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

چھپاؤ اللہ تم سے اُسکا حساب لیگا پھر جسے چاہیگا بخش دیگا اور جسے چاہیگا

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ

عذاب دیگا اور اللہ ہر شے پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے رسول

الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ

اُس پر ایمان لائے ہیں جو اُنپر اُنکے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور مؤمنین (بھی)

كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ

سب اللہ پر اور اُسکے فرشتوں پر اور اُسکی کتابوں پر اور اُسکے رسولوں پر ایمان لائے ہیں ہم اُسکے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ ق

رسولوں میں سے کسی (کی تصدیق) میں کوئی تفریق نہیں کرتے اور اُن لوگوں نے یہ کہا کہ ہمنے سُنا اور مان لیا

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

اے ہمارے پروردگار ہم تیری مغفرت کے خواستگار ہیں اور تیری ہی طرف بازگشت ہے اللہ کسی نفس کو اُسکی

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا
وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا (اب) جو کچھ اُسنے اچھا کیا اُسکا نفع اُسکے لئے ہے اور جو کچھ اُسنے برا کیا

لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
اُسکا نقصان اُسکے لئے ہے ای ہمارے پروردگار اگر ہم سے بھول چوک ہو جائے تو اُسکا مواخذہ نہ کر اور ہم پر

عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا
ویسا بار نہ ڈال جیسا اُنپر ڈالا تھا جو ہم سے پہلے تھے ای ہمارے پروردگار

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا
اور ہمسے اُتنا نہ اُٹھوا جسکی ہم میں طاقت نہیں اور ہم سے درگزر کر اور ہمکو بخشدے اور ہمپر

٤٠ ع ٣ وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○
رحم کر تو ہمارا آقا ہے پس ہمکو کافر لوگوں کے مقابلے میں مدد دے

حزب ١

آیاتها ٢٠٠ ركوعاتها ٢٠ كلماتها ... حروفها ٥٣٢٧

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَتَا اٰيَةٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ○ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ○ نَزَّلَ
الٓم اللہ کہ اُسکے سوا کوئی معبود نہیں زندہ وقائم ہے اُسنے

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ
تمپر کتاب برحق نازل کی جو اپنے سے پہلی (کتب) کی تصدیق کرتی ہے اور اُسنے

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۙ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ
آدمیوں کی ہدایت کے لئے پہلے توریت و انجیل نازل کی اور اُسی نے

وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ[1] ۙ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
قرآن اُتارا بیشک جو لوگ خدا کی نشانیوں کے منکر ہوگئے

[1] الفرقان کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن تو ساری کتاب ہے اور فرقان اُسکا وہ حصہ ہے جو محکم اور واجب العمل ہے ۱۲

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝

انکے لئے سخت عذاب ہے اور اللہ زبردست (اور) بدلہ لینے والا ہے

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝

بیشک آسمان اور زمین کی کوئی چیز اللہ سے چھپی ہوئی نہیں ہے

هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلٰهَ

وہ وہی تو ہے جو رحم مادر میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بنادیتا ہے سوائے

إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ

اس زبردست حکمت والے کے کوئی معبود نہیں ہے وہ وہی تو ہے جسنے تمپر کتاب

الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ

نازل کی جسکی کچھ آیتیں تو صاف صاف ہیں اور وہی کتاب کی اصل ہیں اور کچھ

مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ

گول گول ہیں اب جن لوگوں کے دلوں میں کھوٹ ہے وہ فتنہ پھیلانے کی نیّت سے

مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ ۗ وَمَا

اور اپنا مطلب نکالنے کی غرض سے اُن گول گول آیتوں کی پیروی کرتے ہیں حالانکہ انکا اصلی

يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ

صلعم وقف النبی وقف لازم وقفہ

مطلب سوا خدا اور اُن لوگوں کے جو علم میں مضبوط ہیں (اور) کوئی نہیں جانتا وہ یہ

يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ

کہتے ہیں کہ ہم اسپر ایمان لائے ہر ایک (محکم و متشابہ) ہمارے رب کی طرف سے ہے اور سوا صاحبان عقل کے

إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ

(اس سے) اور کوئی نصیحت نہیں حاصل کرتا اے ہمارے پروردگار بعد اسکے کہ تو ہمکو ہدایت کر چکا

إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ

ہمارے دل حق سے نہ ہٹا اور ہمکو اپنے پاس سے رحمت عنایت فرما بیشک تو

أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ

سب سے بڑا عطا کرنیوالا ہے اے ہمارے پروردگار بلاشک تو سب لوگوں کو اسدن جمع کرنیوالا ہے

لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝ إِنَّ ع ٩ ١

جسکے بارے میں کوئی شک نہیں بیشک اللہ خلاف وعدہ نہیں کرتا جو

الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَآ

کافر ہوگئے اُنکے مال اور اُنکی اولاد (غضب) خدا سے اُنہیں ذرہ بھر

أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْـًٔا ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمْ وَقُودُ

(بھی) ہرگز ہرگز نہ بچا سکینگے اور وہ جہنم کا کندہ

النَّارِ ۝ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

بنینگے جیسے فرعون والوں کی اور اُنسے پہلوں کی گت بنی

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ

جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا پھر خدا نے اُنکے گناہوں کے بدلے میں اُنکو گرفتار کیا اور اللہ

شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا سَتُغْلَبُونَ

سخت سزا دینے والا ہے جو کافر ہوگئے ہیں اُنسے کہدو کہ عنقریب تم مغلوب کیئے جاؤگے

وَتُحْشَرُونَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ قَدْ

اور جہنم میں جمع کیے جاؤگے اور (وہ بہت ہی) برا ٹھکانا ہے بیشک تمہارے لئے

كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي

اُن دو گروہوں کے بارے میں جو مقابل ہوگئے تھے ایک نشانی (موجود) تھی ایک گروہ تو راہ خدا

سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ

میں لڑتا تھا اور دوسرا کافر تھا اور کھلی آنکھوں اپنے مقابل والوں کو اپنے سے دو چند

الْعَيْنِ ۚ وَاللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَن يَشَاءُ ۗ إِنَّ

دیکھ رہا تھا اور اللہ اپنی نصرت سے جسکی چاہتا ہے تائید فرماتا ہے بیشک

فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ ۝ زُيِّنَ لِلنَّاسِ

اس واقعہ میں صاحبان بصیرت کے لئے نصیحت ہے لوگوں کی نظر میں اُن

حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ

خواہشوں کی محبت زینت پا گئی ہے جو عورتوں اور بچوں سونے اور

الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

چاندی کے جمع ہوئے توڑوں دغیلے گھوڑوں

وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اور چوپایوں اور کھیتی باڑی سے متعلق ہوں یہ زندگانی دنیا کا سرمایہ ہیں

وَاللّٰهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ ۝ قُلْ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيْرٍ

اور انجام کی نیکی خدا ہی کے ہاتھ ہے تم کہدو کیا میں تمکو اُس سے اچھی چیزوں کی

مِّن ذٰلِكُمْ ۚ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي

خبردوں اُنکے لئے جنھوں نے پرہیزگاری اختیار کی اُنکے رب کے پاس باغات ہیں جنکے نیچے

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

ندیاں بہتی پھرتی ہیں جن میں وہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے اور پاکیزہ بیبیاں ہیں

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ۝ الَّذِينَ

اور خدا کی خوشنودی ہے اور خدا کل بندوں کا نگراں ہے جو

يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا

یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار بیشک ہم ایمان لائے ہیں تو ہمارے گناہوں کو بخشدے اور

عَذَابَ النَّارِ ۝ الصّٰبِرِينَ وَالصّٰدِقِينَ وَالْقٰنِتِينَ

ہمکو عذاب جہنم سے بچالے صبر کرنیوالے اور سچ بولنے والے خدا کی طرف رجوع کرنیوالے

وَالْمُنفِقِينَ وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْأَسْحَارِ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ

راہ خدا میں خرچ کرنیوالے اور تور کے تڑکے مغفرت مانگنے والے (یہی ہیں) خدا نے خود اس بات کی

نصف

أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلٰئِكَةُ وَأُولُوا الْعِلْمِ

شہادت دی کہ سوائے اُسکے کوئی معبود نہیں ہے اور کل فرشتوں نے اور صاحبان علم نے جو

قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

عدل پر قائم ہیں (یہی شہادت دی کہ) سوائے اُس زبردست حکمت والے کے اور کوئی معبود نہیں ہے

إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ وَمَا اخْتَلَفَ

دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور جنکو کتاب دی گئی تھی

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ

اُنہوں نے اختلاف نہیں کیا مگر آپس کے حسد کی وجہ سے بعد اسکے کہ

الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ يَكْفُرْ بِآيٰتِ اللّٰهِ فَإِنَّ

اُنکو علم ہو گیا تھا اور جو (شخص) خدا کی آیتوں کا منکر ہوگا تو

اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ فَإِنْ حَاجُّوكَ فَقُلْ

اللہ (اُس سے) بہت جلد حساب لینے والا ہے پھر اگر وہ تم سے حجت کریں تو کہدو کہ میں نے

أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ وَقُلْ لِلَّذِينَ

اور میرے تابعین نے خدا کے سامنے (اطاعۃً) اپنا سر جھکا دیا ہے اور اُن لوگوں سے جنکو کتاب

أُوتُوا الْكِتٰبَ وَالْأُمِّيّٖنَ ءَأَسْلَمْتُمْ فَإِنْ

دی گئی ہے اور اَن پڑھ لوگوں سے دریافت کرو کہ آیا تم (بھی) اسلام لائے اگر وہ

أَسْلَمُوا فَقَدِ اهْتَدَوْا وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا

اسلام لے آئینگے تو یقیناً ہدایت یافتہ ہو جائینگے اور اگر روگرداں ہونگے تو تمہارے ذمہ تو صرف

عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ۝ إِنَّ

ع ۱۱/۲ ۱۰

پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ کل بندوں کا خود نگراں ہے بہ تحقیق

الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيّٖنَ

جو لوگ خدا کی نشانیوں کے منکر ہیں اور ناحق انبیاء کو قتل

بِغَيْرِ حَقٍّ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَأْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ
کرتے ہیں اور اُن لوگوں کو قتل کرتے ہیں جو آدمیوں میں سے عدل و انصاف کا حکم

النَّاسِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
دیتے ہیں پس اُنکو دردناک عذاب کی خبر سنادو وہ وہی ہیں جنکے

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ز وَمَا لَهُمْ
اعمال دنیا و آخرت میں اکارت ہوجائینگے اور اُنکا کوئی بھی

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا
مددگار نہ ہوگا کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنکو کچھ بہرہ کتاب سے

مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ
دیا گیا تھا وہ کتاب خدا کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ اُنکے مابین فیصلہ کرے

ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ○ ذٰلِكَ
پھر اُن میں سے ایک گروہ روگرداں ہوکر حق سے پھر جاتا ہے یہ اِس وجہ

بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ص
کہ اُن لوگوں نے کہدیا کہ آگ تو ہمکو سوا گنتی کے دنوں کے ہرگز نہ چھوئیگی

وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ فَكَيْفَ
اور جو جھوٹ وہ جوڑا کرتے تھے اُسی نے اُنکو اُنکے دین کے بارے میں دھوکا دیا پھر کیا حالت ہوگی

اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ قف وَوُفِّيَتْ
جبکہ ہم اُنکو اُسدن جمع کرینگے جسکے بارے میں شک نہیں اور ہر نفس کو اُسکے

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ قُلِ
کیے کا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا کہدو کہ

اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ
اے اللہ اے سلطنت کے مالک تو جسکو چاہتا ہے سلطنت عطا فرماتا ہے

منزل ۱

[illegible]

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ
اور جس سے چاہتا ہے سلطنت چھین لیتا ہے اور جسے چاہتا ہے تو عزت دیتا ہے

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط إِنَّكَ عَلٰى
اور جسے چاہتا ہے تو ذلت دیتا ہے تمام خیر و خوبی تیرے ہی ہاتھ ہے بیشک تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ تُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ
ہر شے پر قادر ہے تو رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور دن کو

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
رات میں اور تو مُردے کو زندے سے نکال لاتا ہے اور

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○
زندے کو مُردے سے اور جسکو چاہتا ہے تو بے حساب رزق عنایت فرماتا ہے

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكٰفِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ
مومن مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست

ربع

دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ج وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ
نہ بنائیں اور جو ایسا کریگا تو اُس سے

مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ إِلَّا أَنْ تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقٰىةً ط وَ
اور خدا سے کوئی واسطہ نہیں سوائے اُس صورت کے کہ تم اُنسے کسی قسم کا خوف رکھتے ہو اور

يُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ ط وَإِلَى اللّٰهِ الْمَصِيرُ ○
اللہ تمکو اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف بازگشت ہے

قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ
کہدو جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے خواہ تم اُسکو چھپاؤ یا اُسکا اظہار کرو اللہ اُسکو

اللّٰهُ ط وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ط
جانتا ہے اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سے (بھی) واقف ہے

[illegible]

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ

اور اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اُس دن ہر نفس اُس نیکی کو جو وہ

مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ مع ۴

موجود پائیگا جو وہ کرچکا ہے اور اُس بدی کو کرچکا ہے

تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًۢا بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ

اور یہ خواہش کریگا کہ کاش خود اُسکے اور اُس دن کے مابین ایک مدت طول وطویل حائل ہوتی اور

اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ○ قُلْ اِنْ ع ۳ ۱۰ ۱۱

اللہ تمکو اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ کل بندوں پر بڑا مہربان ہے (اے رسولؐ) کہدو اگر

كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ

تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو تاکہ اللہ تم کو دوست رکھے اور تمہارے

لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ قُلْ

گناہ بخشدے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے کہدو تم

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کرو پھر اگر وہ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ

لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَ

منکروں کو دوست نہیں رکھتا بالتحقیق اللہ نے آدمؑ اور

نُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى

نوحؑ اور آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمران کو تمام عالموں سے

الْعٰلَمِيْنَ ○ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۭ وَاللّٰهُ

برگزیدہ کیا اِن میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ

سُننے والا (اور) جاننے والا ہے جسوقت عمران کی زوجہ نے یہ عرض کی کہ

رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ

اے میرے پروردگار جو میرے پیٹ میں ہے اُسکو تیرے نام پر چھوڑ دینے کی منت مانتی ہوں پس تو میری

مِنِّي ۚ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ فَلَمَّا

(یہ منت) قبول کرلے بیشک تو سُننے والا (اور) جاننے والا ہے پھر جب اُسے

وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثَىٰ ؕ وَاللَّهُ

جنا تو کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار میں نے تو یہ لڑکی جنی حالانکہ اللہ

أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ ۚ

خوب جانتا تھا کہ وہ کیا جنی اور لڑکا لڑکی کے مانند نہیں ہوتا

وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَ

اور میں نے اسکا نام مریم رکھا اور میں اسکو اور اسکی اولاد کو

ذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ○ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا

شیطان لعین کے شر سے بچانے کیلئے تیری پناہ میں دیتی ہوں پھر اُسکے پروردگار نے اُسکی نذر کو

بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ؕ

حُسن قبول سے قبول کرلیا اور اُس لڑکی کو خوبی کے ساتھ بڑھایا اور زکریا نے اُسکی کفالت کی

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا

جسوقت زکریا اُس لڑکی کے پاس محراب (عبادت) میں جاتے اُسکے پاس کچھ کھانے کی چیز

رِزْقًا ۚ قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ

پاتے دریافت کرتے کہ اے مریم یہ تمہارے پاس کہاں سے آتی وہ عرض کرتیں کہ اللہ

مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ؕ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ

کے پاس سے بیشک اللہ جسکو چاہتا ہے بیحساب رزق عنایت

حِسَابٍ ○ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ ۚ قَالَ

فرماتا ہے اُسوقت زکریا نے اپنے پروردگار کو پکارا (اور) عرض کی کہ

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ إِنَّكَ سَمِيعُ
اے میرے پروردگار مجھے بھی اپنے پاس سے پاک اولاد عنایت فرما بے شبہ تو دعا کا
الدُّعَاءِ ۝ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُّصَلِّي
سننے والا ہے پھر جس حالت میں وہ محراب میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے فرشتوں نے انہیں
فِي الْمِحْرَابِ أَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا
آواز دی (اور کہا) کہ اللہ تمکو یحییٰ کی خوشخبری دیتا ہے (جو) خدا کے کلمے کی تصدیق
بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُورًا وَّنَبِيًّا مِّنَ
کرنیوالا اور سردار اور شہوتوں سے باز رہنے والا اور نبی صالحین
الصّٰلِحِينَ ۝ قَالَ رَبِّ أَنّٰى يَكُونُ لِي غُلٰمٌ وَّقَدْ
سے (ہوگا)۔ (زکریا نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میرے لڑکا کہاں سے ہوگا حالانکہ
بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ ۚ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ
بڑھاپے نے مجھے آ گھیرا اور میری بی بی بانجھ ہے جواب ملا کہ اللہ جو کچھ چاہتا ہے
يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّي آيَةً ۚ قَالَ
یوں ہی کر دیا کرتا ہے (زکریا نے) عرض کی کہ اے پروردگار میرے لئے کوئی نشانی قرار دے فرمایا
آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا ۚ
تمہاری نشانی یہ ہے کہ تم تین دن تک آدمیوں سے سوائے اشارے کے بات نہ کر سکو گے
وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ۝ ع ۴ ۱۲
اور اپنے رب کی یاد زیادہ کرو اور شام اور صبح تسبیح پڑھو
وَإِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ
اور جب وقت فرشتوں نے کہا کہ اے مریم یقیناً اللہ نے تم کو چن لیا
وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَاءِ الْعٰلَمِينَ ۝
اور تمکو پاک قرار دیا اور تمکو زمانے بھر کی عورتوں سے برگزیدہ کیا

يٰمَرْيَمُ اقْنُتِىْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِىْ وَارْكَعِىْ مَعَ
اے مریم تم اپنے رب کی خالص عبادت کرو اور سجدہ کرو اور رکوع کرنیوالوں کے ساتھ
الرّٰكِعِيْنَ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ
رکوع کرو (اے رسولؐ) یہ غیب کی خبریں ہم تمکو بذریعہ وحی پہنچاتے ہیں
وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ
اور حالانکہ وہ جسوقت قرعہ ڈال رہے تھے کہ مریمؑ کی کفالت کون کرے تم اُنکے پاس
يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ۝
موجود نہ تھے اور جسوقت وہ (اس بارے میں) جھگڑ رہے تھے تم اُنکے پاس نہ تھے
اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ
(اُسوقت کو یاد کرو) جب فرشتوں نے یہ کہا کہ اے مریمؑ خدا تمکو اپنے کلمہ کی خوشخبری پہنچاتا ہے
مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِى
جسکا نام مسیح عیسٰےؑ ابن مریم ہوگا دنیا اور آخرت میں (وہ)
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ ۝ وَيُكَلِّمُ
رووار اور مقرب بندوں میں (اُسکا شمار) ہوگا اور آدمیوں سے وہ
النَّاسَ فِى الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ قَالَتْ
بچپن اور بڑھاپے میں (یکساں) باتیں کریگا - اور صالحین سے ہوگا (مریمؑ نے) عرض کی کہ
رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِىْ بَشَرٌ ؕ قَالَ
اے میرے پروردگار میرے بچہ کہاں سے ہوجائیگا جس حال میں کہ کسی مرد نے مجھکو چھوا تک نہیں فرمایا
كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا
اللہ جس چیز کو چاہتا ہے یوں ہی پیدا کردیتا ہے جب وہ کسی معاملہ کو طے کردے تو سوائے
يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
اسکے کچھ نہیں کہ فرمادے ہو اور وہ ہوجاتے اور اللہ اُسکو کتاب اور حکمت

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ

اور توریت اور انجیل کی تعلیم دیگا اور بنی اسرائیل کی طرف رسول (بنا کر بھیجیگا اور وہ

اِسْرَآءِيْلَ ۵ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ

یہ کہیگا) کہ میں تمہارے رب کی طرف سے نشانی لیکر آیا ہوں میں

اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

تمہارے لئے گندھی مٹی سے پرندے کی سی صورت پیدا کرونگا پھر اس میں پھونک مارونگا پھر وہ

طَيْرًا ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ

حکم خدا سے پرندہ بنجائیگا اور میں مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو تندرست کردونگا اور میں

الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا

حکم خدا سے مردوں کو زندہ کرونگا اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں کھاتے ہو اور جو کچھ ذخیرہ

تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

کرتے ہو اسکی تمکو خبر دونگا اگر تم مومن ہو تو یقیناً اس میں تمہارے لئے نشانی موجود

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ

ہے اور (میں اس لئے آیا ہوں) کہ اپنے سے پہلے کی توریت کی تصدیق کروں اور اس لئے کہ

التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ

بعض چیزیں جو کہ تم پر حرام کی گئی ہیں تمہارے لئے حلال قرار دوں اور تمہارے رب کے

وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝

پاس سے نشانی لیکر آیا ہوں پس خدا سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ

بیشک اللہ میرا پروردگار بھی ہے اور تمہارا پروردگار بھی پس اسی کی عبادت کرو سیدھا راستہ

مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ

یہی ہے پھر جب عیسٰی نے انکی طرف سے انکار محسوس کیا (تو) بولے

مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ

اللہ کے کام میں میرے مددگار کون ہیں حواری بولے اللہ کے مددگار

اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ○

ہم ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے اور گواہ رہیئے کہ ہم فرمانبردار ہیں

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

اے ہمارے پروردگار جو کچھ تو نے ہم پر نازل کیا ہم اسپر ایمان لائے اور ہمنے رسول کی پیروی کی پس ہمکو

الشّٰهِدِیْنَ ○ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَیْرُ

شہادت دینے والوں کے ساتھ ہمکو بھی لکھ لے اور وہ (یہودی) ایک چال چلے اور اللہ (بدلہ دینے کو) ایک چال چلا اور اللہ سب سے

الْمٰكِرِیْنَ ○ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَ

بہتر بدلہ دینے والا ہے جسوقت خدا نے فرمایا کہ اے عیسٰے میں تمہاری مدت پوری کرنیوالا ہوں اور تمکو اپنی طرف اٹھانیوالا

رَافِعُكَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ

ہوں اور تمکو کافروں (کے میل جول کی خرابی) سے پاک کرنیوالا ہوں اور جن لوگوں نے تمہاری پیروی کی

الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۚ

ہے انکو انکار کرنیوالوں پر قیامت تک فوقیت دینے والا ہوں

ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَیْنَكُمْ فِیْمَا كُنْتُمْ فِیْهِ

پھر تم سب کی بازگشت میری طرف ہوگی اور جن معاملات میں تم اختلاف کیا کرتے تھے اُن میں تمہارے

تَخْتَلِفُوْنَ ○ فَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ

مابین اسوقت حکم سنا دونگا اب جو کافر ہوگئے ہیں انکو تو دنیا و آخرت میں

عَذَابًا شَدِیْدًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ز وَمَا لَهُمْ

سخت عذاب دونگا اور انکا مددگار

مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ○ وَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کوئی ابھی نہوگا اور جو ایمان دار اور نیکوکار ہونگے تو

فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ○

(اللہ) انکو انکے اجر پورے پورے دیگا اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا

ذَٰلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ مِنَ الْآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ ○

(اے رسولؐ) ہم تم پر یہ آیتیں اور حکمت والا ذکر تلاوت کرتے ہیں

إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن

بیشک اللہ کے نزدیک عیسٰےؑ کی مثال آدمؑ کی سی مثال ہے اسکو مٹی سے

تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ○ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ

پیدا کیا تھا پھر اس سے فرمایا ہو اور وہ ہوگیا حق تمہارے رب کی طرف سے ہے

فَلَا تَكُن مِّنَ الْمُمْتَرِينَ ○ فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ

پس تم شک کرنیوالوں میں سے نہ ہونا پھر جو شخص تم سے عیسٰےؑ کے بارے میں

مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ

حجت کرے بعد اسکے کہ تمہارے پاس علم آچکا ہے تو کہدو کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں اور تم اپنے

أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا

بیٹوں کو بلاؤ اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو (بلاؤ) اور ہم اپنے نفسوں کو (بلائیں) اور

وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ○

تم اپنے نفسوں کو (بلاؤ) پھر ہم خدا کی طرف رجوع کریں اور خدا کی لعنت جھوٹوں پر قرار دیں

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ

بلاشک یہ سچا بیان ہے اور سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں ہے

وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ

اور بیشک وہی خدا زبردست (اور) صاحب حکمت ہے پھر اگر وہ روگرداں ہوجائیں تو

ع ۶

۱۴

عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ○ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا

اللہ تو فسادیوں کو خوب جانتا ہے (اے رسولؐ) کہدو کہ اے اہل کتاب ایک ایسی

منزل ۱

إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ
بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے مابین مساوی ہے کہ ہم سوائے خدا کے کسی کی پرستش نہ کریں
وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا
اور اسکا کسی کو شریک نہ بنائیں اور (حقیقی) خدا کو چھوڑ کر ہم میں کوئی کسی کو پروردگار
مِنْ دُونِ اللَّهِ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا
نہ بنائے پھر اگر وہ روگرداں ہوں تو یہ کہدو کہ اسکے گواہ رہنا کہ واقعی
مُسْلِمُونَ ○ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ
مسلمان ہم ہیں اے اہل کتاب ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو
وَمَا أُنْزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنْجِيلُ إِلَّا مِنْ بَعْدِهِ ۚ
حالانکہ توریت اور انجیل نازل ہی اُنکے بعد کی گئی ہیں کیا تمہیں
ربع
أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○ هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا
اتنی بھی عقل نہیں اے لوگو تم وہی تو ہو جو ابھی تو اُسکے بارے میں جھگڑتے تھے
لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ ۚ
جسکا تمہیں علم ہے پھر اُسکے بارے میں کیوں جھگڑنے لگے جسکا تمہیں علم نہیں ہے
وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ○ مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ
حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم (کچھ) نہیں جانتے ابراہیم نہ
يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا
یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ وہ سچے فرمانبردار تھے
وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ
اور مشرکوں میں سے نہ تھے بلاشک بمقابلہ کل آدمیوں کے ابراہیم سے
بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ
زیادہ خصوصیت اُن لوگوں کو ہے جو اُسکے پیرو ہیں اور اس نبی کو ہے اور اُن لوگوں کو جو اسپر

آمَنُوا ۚ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ ○ وَدَّتْ طَائِفَةٌ

ایمان لائے ہیں اور اللہ کل مومنوں کا کارساز ہے اہل کتاب کے ایک گروہ نے

مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ وَمَا يُضِلُّونَ إِلَّا

یہ خواہش کی کہ کاش وہ تمکو گمراہ کرلیں حالانکہ وہ اپنے آپ ہی کو

أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ

گمراہ کرتے ہیں اور سمجھتے نہیں اے اہل کتاب خدا کی آیتوں کا کیوں

بِآيَاتِ اللَّهِ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ ○ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ

انکار کرتے ہو جس حال میں کہ تم خود گواہی دے رہے ہو اے اہل کتاب

لِمَ تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنْتُمْ

حق کو باطل کے لباس میں کیوں ظاہر کرتے ہو اور جان بوجھکر حق کو کیوں چھپاتے

تَعْلَمُونَ ○ وَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ ع ٨ ۷ ۱۵

ہو اور اہل کتاب کے ایک گروہ نے یہ کہا کہ جو کچھ

آمِنُوا بِالَّذِي أُنْزِلَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَجْهَ النَّهَارِ

ایمان لانیوالوں پر نازل ہوا ہے دن کے اول حصہ میں تم بھی اسپر ایمان لاؤ

وَاكْفُرُوا آخِرَهُ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ○ وَلَا تُؤْمِنُوا

اور آخر حصہ میں اس سے انکار کرجاؤ شاید (اس طرح) وہ بھی پھر جائیں اور (انہوں نے کہا کہ) سوائے

إِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِينَكُمْ ۗ قُلْ إِنَّ الْهُدَىٰ هُدَى اللَّهِ

اسکے جو تمہارے دین کا پیرو ہو کسی (اس بات کے متعلق) ایمان نہ لاؤ کہ کسی کو وہ کچھ دیا جائے جو کچھ تمکو دیا گیا ہے

أَنْ يُؤْتَىٰ أَحَدٌ مِثْلَ مَا أُوتِيتُمْ أَوْ يُحَاجُّوكُمْ عِنْدَ

یا تمہارے رب کے پاس تم سے حجت کرسکیں (اے رسول) تم کہدو کہ حقیقی ہدایت خدا کی ہدایت ہے

رَبِّكُمْ ۗ قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۗ

(اور اے رسول) تم کہدو کہ اس میں شک نہیں کہ فضل خدا کے ہاتھ ہے جسے وہ چاہتا ہے دیتا ہے

؎ بیان کا ترجمہ بلحاظ محاورہ مقدم و موخر ہو گیا ہے جو حضرات ملاحظہ فرمائیں بغور ملاحظہ کریں ۱۲ مترجم

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ

اور اللہ صاحب وسعت وعلم ہے وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے مخصوص کرلیتا ہے اور

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ وَمِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ إِنْ

اللہ بڑے فضل والا ہے اور اہل کتاب میں سے بعض تو ایسے ہیں کہ اگر

تَأْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَنْ إِنْ تَأْمَنْهُ

تم اُنکے پاس ایک ڈھیر امانت رکھوادو تو وہ تمہیں ادا کر دینگے اور بعض ایسے ہیں کہ اگر ایک

بِدِينَارٍ لَا يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَائِمًا

دینار تم اُنکے سپرد کردو تو سوائے اسکے کہ جبتک تم اُنکے سر پر کھڑے رہو وہ تمکو پھیر کر نہ دینگے

ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيِّينَ سَبِيلٌ

وجہ اسکی یہ ہے کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے ذمہ ان جاہلوں کے بارے میں کچھ الزام ہی نہیں

وَيَقُولُونَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝

حالانکہ وہ جان بوجھکر خدا پر بہتان باندھتے ہیں

ربع

بَلٰى مَنْ أَوْفٰى بِعَهْدِهِ وَاتَّقٰى فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝

ہاں جو خدا کے عہد کو پورا کریگا اور پرہیزگاری برتیگا تو بلاشبہ اللہ (بھی) پرہیزگاروں کو دوست رکھتا

إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا

بیشک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو تھوڑی تھوڑی قیمت

قَلِيلًا أُولٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

پر بیچتے ہیں وہی تو ہیں جنکا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور نہ خدا اُنسے بات

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ

کریگا اور نہ قیامت کےدن اُنکو (بھر نظر) دیکھیگا اور نہ اُنکو پاک کریگا

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقًا يَلْوُونَ

اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہے اور اُن میں سے ایک گروہ یقیناً ایسا ہے کہ وہ

أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَٰبِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَٰبِ وَمَا هُوَ
(تلاوت) کتاب میں اپنی زبان کو اس طرح موڑتا ہے کہ تم اسکو کتاب کا جزو خیال کرلو حالانکہ وہ

مِنَ الْكِتَٰبِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَمَا هُوَ
کتاب نہ ہو اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس سے ہے حالانکہ وہ

مِنْ عِندِ اللَّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ
اللہ کے پاس سے نہیں ہے اور وہ جان بوجھکر اللہ پر بہتان

يَعْلَمُونَ ۝ مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤْتِيَهُ اللَّهُ الْكِتَٰبَ وَالْحُكْمَ
باندھتے ہیں کسی بشر کا یہ حوصلہ نہیں ہے کہ خدا تو اسکو کتاب اور حکمت

وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُوا عِبَادًا لِّي مِن
اور نبوت دے پھر وہ سب آدمیوں سے یہ کہے کہ تم خدا کو چھوڑ کر میرے

دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَٰبَ
بندے بن جاؤ البتہ وہ کہہ سکتا ہے کہ) جیسے تم کتاب کی تعلیم و تدریس کرتے ہو ایسے تم خود

وَبِمَا كُنتُمْ تَدْرُسُونَ ۝ وَلَا يَأْمُرَكُمْ أَن تَتَّخِذُوا الْمَلَٰئِكَةَ
اللہ والے بن جاؤ اور (اللہ) تمکو یہ حکم نہیں دیتا کہ تم فرشتوں کو

وَالنَّبِيِّينَ أَرْبَابًا ۗ أَيَأْمُرُكُم بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ۝ ع ٩ ١٦ ٨
اور پیغمبروں کو خدا بناؤ کیا وہ تمکو کفر کا حکم دیگا بعد اسکے کہ تم مسلمان ہو چکے ہو

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَٰقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَٰبٍ
اور جس وقت خدا نے پیغمبروں سے عہد لیا تھا کہ میں تمکو کتاب اور حکمت

وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ
دونگا پھر ایک رسول تمہارے پاس والی چیزوں کی تصدیق کرتا ہوا آئیگا تو تم ضرور (بالضرور)

لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ ۚ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ
اسپر ایمان لانا اور ضرور (بالضرور) اسکی مدد کرنا (پھر خدا نے) فرمایا کہ کیا تمنے اسکا اقرار کیا اور کیا

عَلٰی ذٰلِکُمْ اِصْرِیْ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا

اتَّقُوا اللّٰهَ ۚ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

ڈرتے رہو۔ اور اگر تم ناشکری کروگے تو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ○ وَلِلّٰهِ

وہ تو اللہ ہی کا ہے۔ اور اللہ بے پروا (اور) لائق حمد ہے۔ اور

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ○

آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ کا ہے۔ اور کارسازی کے لیے اللہ کافی ہے۔

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ۚ وَ

اے لوگو اگر وہ چاہے تو تم کو فنا کر دے اور بجائے تمہارے اور پیدا کر دے۔ اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ○ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اللہ اس پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ جو شخص دنیا کا بدلہ چاہتا ہے تو خدا کے پاس

۱۹ ع ۸ ۱۶ فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ○

دنیا کا بھی بدلہ موجود ہے اور آخرت کا بھی۔ اور اللہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلَّهِ
اے ایمان لانیوالو تم انصاف کرنے کے لیے بڑے مضبوط بنجاؤ اور خدا کے گواہ ہو جاؤ گو تم کو

وَلَوْ عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ ۚ إِن يَكُنْ غَنِيًّا
اپنی ذات یا ماں باپ اور رشتہ داروں کے خلاف گواہی دینی پڑے کوئی مالدار ہو

أَوْ فَقِيرًا فَاللَّهُ أَوْلَىٰ بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوَىٰ أَن تَعْدِلُوا ۚ
یا محتاج خدا دونوں کا حاکم (نگران) ہے پس تم انصاف سے درگزر کر کے خواہش نفسانی کی پیروی نہ کرو

وَإِن تَلْوُوا أَوْ تُعْرِضُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ○
اور اگر تم ادای شہادت میں زبان دباؤ گے یا منہ پھراؤ گے تو جو کچھ بھی تم کرو گے اللہ اُس سے آگاہ ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ
اے ایمان لانیوالو تم اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اُس کتاب پر

الَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي أَنزَلَ مِن
جو اُسنے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور اُس کتاب پر جو اُسنے پہلے نازل کی ہے

قَبْلُ ۚ وَمَن يَكْفُرْ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ
ایمان لاؤ۔ اور جس شخص نے خدا کا اور اُسکے فرشتوں کا اور اُس کی کتابوں کا اور اُسکے رسولوں کا

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ○ إِنَّ الَّذِينَ
اور قیامت کے دن کا انکار کر دیا وہ راہِ راست سے بہت ہی دور جا پڑا۔ جو لوگ

آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا
ایمان لائے اور کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر منکر ہوئے پھر اپنے انکار میں بڑھتے گئے

لَّمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا ○ بَشِّرِ
خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ اُنکو بخشے اور نہ یہ کہ اُنکو راہِ راست دکھلائے ان

الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ○ الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ
منافقوں کو جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا یار بناتے ہیں

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ
یہ خوشخبری سنا دو کہ اُن کے لیے عذاب دردناک مہیا ہے۔ کیا اُن کے پاس

عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۟ؕ وَقَدْ نَزَّلَ
عزت تلاش کرتے ہیں حالانکہ عزت سب خدا کی لیے ثابت ہے۔ اور وہ تم پر کتاب

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ
میں یہ حکم نازل کرچکا ہے کہ جس وقت تم یہ سنو کہ خدا کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے اور

يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ
اُنکی ہنسی اُڑائی جاتی ہے تو تم اُن لوگوں کے پاس مت بیٹھو جبتک کہ وہ کسی اور معاملہ میں گفتگو نہ شروع

غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ
کردیں ورنہ تم بھی اس صورت میں (کفر میں) اُنہی کی مانند ہوجاؤ گے۔ بیشک خدا کل منافقوں

وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۟ۙ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ
اور کافروں کو جہنم میں جمع کریگا۔ جو تمہارے انتظار میں لگے ہوئے ہیں

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖؗ
کہ اگر فتح خدا کی طرف سے تمہاری ہو جائے تو یہ کہدیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے

وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ
اور اگر کافروں کو نصیب ہو جائے تو اُن سے یہ کہدیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہ آگئے تھے

عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ
اور کیا ہمنے تم کو مومنوں سے نہیں بچایا۔ پس اللہ قیامت کے دن تمہارے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
مابین فیصلہ کردیگا۔ اور خدا ہرگز مومنوں پر کافروں کا غلبہ نہونے دیگا۔

ع ٢٠ ١٧ سَبِيْلًا ۟ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ
بیشک منافق اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور وہ اُنکو اُنکے دھوکے کا بدلہ دینے والا ہے

حجت میں غالب نہیں آئیں ١٣

وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَوٰةِ قَامُوا كُسَالَىٰ يُرَاءُونَ النَّاسَ

اور جس وقت وہ نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو الکسائی ہوئے کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں

وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ

اور خدا کا ذکر بہت ہی کم کرتے ہیں۔ کفر اور ایمان کے مابین مذبذب میں ہیں

لَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَلَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَن

نہ انہی کی طرف ہیں نہ اُنہی کی طرف۔ اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کرلیگا

تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِينَ

تم اسکیلئے ہرگز کوئی راہ نہ پاؤ گے۔ اے ایمان لانیوالو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں

أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَجْعَلُوا

کو یار نہ بناؤ۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ

لِلَّهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا مُّبِينًا ۝ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ

خدا کی کھلی حجت اپنے اوپر قائم کرلو یقیناً منافق جہنم کے سب سے نیچے

الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَن تَجِدَ لَهُمْ نَصِيرًا ۝

طبقے میں ہونگے۔ اور تم انکا کوئی مددگار نہ پاؤ گے۔

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَاعْتَصَمُوا بِاللَّهِ

سوائے اُن کے جو توبہ کرلیں اور نیکی اختیار کریں اور خدا کا سہارا لیے رہیں

وَأَخْلَصُوا دِينَهُمْ لِلَّهِ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَسَوْفَ

اور اللہ کے واسطے اپنا دین خالص کرلیں تو وہ مومنوں کے ساتھ ہونگے اور عنقریب

يُؤْتِ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ مَّا يَفْعَلُ اللَّهُ

خدا مومنوں کو بڑا اجر دیگا۔ اگر تم شکر کرو اور

بِعَذَابِكُمْ إِن شَكَرْتُمْ وَآمَنتُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ شَاكِرًا عَلِيمًا ۝

ایمان لاؤ تو خدا تم کو عذاب کیوں دیگا حالانکہ اللہ تو قدر دان صاحب علم ہے

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا

اللہ لفظون مین کھول کر بدی بیان کرنے کو پسند نہین کرتا سوا اس کے جو

مَنْ ظُلِمَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا

ستایا گیا ہو اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہی اگر تم کسی نیکی کا

خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْۗءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اظہار کروگے یا اسکو چھپاؤگے یا کسی برائی سے درگذر کروگے تو اللہ بھی بڑا درگزر

عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ

کرنیوالا (اور) قدرت رکھنے والا ہی بیشک جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کے منکر ہین اور

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

یہ ارادہ رکھتے ہین کہ اللہ مین اور اُسکے رسولون مین جدائی ڈالدین اور یہ کہتے ہین کہ ہم

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا

بعض پر ایمان لائے ہین اور بعض کے منکر ہین اور وہ یہ چاہتے ہین کہ (کفر و ایمان کے)

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ

بین بین ایک راستہ اختیار کرلین وہی تو اصلی کافر ہین

حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝

اور ہمنے کافرون کے لئے ذلت دینے والا عذاب مہیا کیا ہی

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ

اور جو اللہ اور اُسکے رسولون پر ایمان لائے اور اُنمین سے کسی مین کوئی

اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰۗىِٕكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ

تفریق نہ کی اُن لوگون کو اُن کے اجر ضرور عنایت فرمائے گا

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ يَسْــَٔــلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ ع ٢١ ١١ ١

اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہی اہل کتاب تم سے سوال کرتے ہین

أَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتَابًا مِنَ السَّمَاءِ فَقَدْ سَأَلُوا

کہ تم اُنپر آسمان سے کوئی کتاب نازل کردو تو موسیٰ سے تو

مُوسَىٰ أَكْبَرَ مِنْ ذَٰلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللَّهَ جَهْرَةً

اُنہوں نے اس سے بھی بڑا سوال کیا تھا یعنی یہ کہا تھا کہ خدا کو ہمیں کھلم کھلا دکھلادو

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا

پس اُنکے اسی ظلم کے سبب سے اُنپر بجلی گری تھی پھر بعد اسکے کہ اُن پر

الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ فَعَفَوْنَا عَنْ

کھلی نشانیاں آچکی تھیں بچھڑا پوجنے لگے پھر ہمنے اس سے بھی

ذَٰلِكَ ۚ وَآتَيْنَا مُوسَىٰ سُلْطَانًا مُبِينًا ۝ وَرَفَعْنَا

درگزر کی اور موسیٰ کو کھلا غلبہ عنایت کیا اور اُن سے

فَوْقَهُمُ الطُّورَ بِمِيثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا

عہد لینے کے لئے کوہ طور کو اُنکے اوپر بلند کیا اور اُنسے ہمنے یہ کہا کہ اس دروازہ میں سے

الْبَابَ سُجَّدًا وَقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوا فِي السَّبْتِ

سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور ان سے یہ کہا کہ احکام سبت میں زیادتی نہ کرو

وَأَخَذْنَا مِنْهُمْ مِيثَاقًا غَلِيظًا ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

اور ہم نے اُن سے سخت عہد لیا تھا پھر اُنکے اپنے اس عہد کے

مِيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِآيَاتِ اللَّهِ وَقَتْلِهِمُ الْأَنْبِيَاءَ

توڑ دینے کے سبب اور آیات خدا کا انکار کرنے کے باعث سے اور انبیاء کو ناحق قتل کرنے کی

بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَلْ طَبَعَ اللَّهُ

وجہ سے اور اُنکے اس قول کی جہت سے کہ ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں (یہ نہیں بلکہ) خدا نے

عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ۝

اُنکے دلوں پر اُنکے کفر کے سبب چھاپہ لگا دیا پس وہ ایمان نہ لائیں گے مگر بہت کم

وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا ۝

نیز اُنکے کفر کے باعث اور اُنکے اس قول کے باعث جس سے مریم پر اُنھوں نے بہت بڑا بہتان باندھا

وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ

اور اس قول کے سبب کہ ہمنے مسیح ابن مریم خدا کے رسول کو قتل کردیا

رَسُولَ اللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ

(اُنکے دلوں پر چھاپہ لگادیا) حالانکہ اُنھوں نے نہ اُنکو قتل کیا اور نہ صلیب دی بلکہ اُن (یہودیوں) کے

لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ ۚ

لئے ایک شخص اُنکی شبیہ بنادیا گیا تھا اور جن لوگوں نے مسیح کے بارہ مین اسوقت اختلاف کیا تھا وہ

مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ

آج تک اُنکے بارے مین شک ہی مین ہین سوائے گمان کی پیروی کے اس بارہ مین اُنکو کوئی علم نہین ہے حالانکہ مسیح کو

يَقِينًا ۝ بَل رَّفَعَهُ اللَّهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا

اُنھوں نے بالیقین قتل نہین کیا بلکہ اللہ نے اُنکو اپنے پاس اُٹھالیا اور اللہ زبردست حکمت والا

حَكِيمًا ۝ وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ

ہے اور اہل کتاب مین سے کوئی نہ بچیگا مگر یہ کہ اُسکو اپنے

قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ۝

مرنے سے پہلے مسیح پر ضرور ایمان لانا پڑیگا اور مسیح قیامت کے دن اُنکے برخلاف گواہی دینگے

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ

پس یہودیون کے ظلم کے باعث ہمنے اُنپر بہت سی پاک چیزین جو اُنکے لئے حلال تھین

أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ اللَّهِ كَثِيرًا ۝

حرام کردین نیز راہ خدا سے اکثر لوگون کو روکنے کے باعث

وَأَخْذِهِمُ الرِّبَا وَقَدْ نُهُوا عَنْهُ وَأَكْلِهِمْ

اور اُنکی سودخوری کے باعث جس سے اُنکو یقینا ممانعت کی گئی تھی اور لوگونکے مال ناحق کھاجانے کے

أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِينَ
سبب بہت سی پاک چیزیں حرام کردیں) اور جو اُن میں منکر ہیں اُنکے لئے ہمنے
مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ○ لٰكِنِ الرّٰسِخُونَ فِي الْعِلْمِ
دردناک عذاب تیار رکھا ہے لیکن اُن میں سے جو علم میں راسخ
مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ
ہیں اور جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے اُس پر اور جو کچھ تم سے پہلے
وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلٰوةَ وَ
نازل کیا گیا ہے اُس پر ایمان لانیوالے ہیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ
الْمُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ
دینے والے اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لانیوالے ہیں
ع ٢٢ / ١٠ / ٢ أُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ○ إِنَّآ أَوْحَيْنَا
اُنھیں کو عنقریب ہم بڑا اجر دینگے یقیناً ہمنے تیر اُسی طرح وحی
إِلَيْكَ كَمَآ أَوْحَيْنَآ إِلٰى نُوحٍ وَالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ
بھیجی جس طرح نوح پر اور اُن کے بعد کے انبیاء پر بھیجی تھی
وَأَوْحَيْنَآ إِلٰٓى إِبْرٰهِيمَ وَإِسْمٰعِيلَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ
اور ہمنے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ
وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسٰى وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهٰرُونَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ
اور اسباط (بنی اسرائیل) اور عیسیٰؑ اور ایوب اور یونسؑ اور ہارونؑ اور سلیمانؑ پر بھی بھیجی
وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُورًا ○ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ
اور داؤدؑ کو ہمنے زبور عنایت کی اور (ہمنے) ایسے رسول (بھی بھیجے) جنکا قصہ ہمنے تم سے بیان کیا
مِن قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ
اور ایسے رسول (بھی) جنکا قصہ ہم نے تم سے نہیں بیان کیا اور موسیٰؑ سے خدانے کلام کیا

المنزل

مُوسٰى تَكْلِيمًا ۝ رُسُلًا مُّبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ لِئَلَّا

جو حق کلام کرنے کا تھا (ایسے) رسول (جو) خوشخبری دینے والے بھی تھے اور ڈرانے والے (بھی) تاکہ

يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ

انکے آنیکے بعد اللہ پر آدمیوں کی کوئی حجت باقی نہ رہے اور اللہ

عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنْزَلَ إِلَيْكَ

زبردست حکمت والا ہے لیکن اللہ اسکے باب مین جو کچھ تیر نازل کیاگیا ہے گواہی دیتا ہے

أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ ۖ وَالْمَلٰئِكَةُ يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

کہ اسنے اپنے علم سے نازل کیا ہے اور فرشتے بھی اس بات کی گواہی دیتے ہین حالانکہ گواہی اللہ ہی

شَهِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ

کی کافی ہے بیشک جو لوگ کافر ہوگئے اور انھون نے راہ خدا سے روکا

قَدْ ضَلُّوا ضَلٰلًا بَعِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَظَلَمُوا

وہ گمراہی مین بہت بڑھ گئے جن لوگون نے یقینا کفر (بھی) کیا اور ظلم (بھی) کیا

لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا ۝

اللہ کا یہ کام نہین ہے کہ انکو بخشدے یا انکو کوئی اور راستہ سوائے

إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ وَكَانَ

جہنم کے راستے کے بتلائے جسمین وہ ہمیشہ ہمیشہ رہین گے اور اللہ

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرًا ۝ يٰأَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ

کے لئے یہ بات آسان ہے اے آدمیون یقینا رسول تمھارے

الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِنْ رَبِّكُمْ فَآمِنُوا خَيْرًا لَكُمْ ۚ وَإِنْ

رب کی طرف سے تمھارے پاس حق لیکر آیا ہے پس اسے مان لو تمھارے لئے بہتر ہے اور اگر

تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ

انکار کروگے تو آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے ضرور اللہ کا ہے اور اللہ

عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ لَا تَغْلُوا۟ فِى دِينِكُمْ وَلَا

صاحب علم و حکمت ہی۔ اے اہل کتاب اپنے دین کے بارے مین غلو نہ کرو اور سوائے

تَقُولُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلْحَقَّ ۚ إِنَّمَا ٱلْمَسِيحُ عِيسَى ٱبْنُ

حق کے خدا کے بارے مین کچھ نہ کہو مسیح عیسیٰ ابن مریم سوائے اسکے

مَرْيَمَ رَسُولُ ٱللَّهِ وَكَلِمَتُهُۥٓ أَلْقَىٰهَآ إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ

کچھ نہیں ہی کہ اللہ کا رسول ہی اور اُسکا کلمہ جسکو اُسنے مریم تک پہنچا دیا تھا اور اُسکی پیدا کی ہوئی روح ہی

فَـَٔامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ ۖ وَلَا تَقُولُوا۟ ثَلَٰثَةٌ ۚ ٱنتَهُوا۟ خَيْرًا

پس اللہ اور اُسکے رسولون پر ایمان لاؤ اور ثلثہ کے قائل نہو اس سے باز رہو یہی تمھارے لئے اچھا

لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا ٱللَّهُ إِلَٰهٌ وَٰحِدٌ ۖ سُبْحَٰنَهُۥٓ أَن يَكُونَ لَهُۥ وَلَدٌ ۘ

ہی اللہ تو وہی یکتا معبود ہی اُسکی ذات اس سے منزہ ہی کہ اُسکے کوئی بیٹا ہو

وقف لازم

لَّهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَكِيلًا ۝

ع ٢٣ ٩ ٣

آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہی اللہ ہی کا ہی اور اللہ ہی انتظام کے لئے کافی ہی

لَّن يَسْتَنكِفَ ٱلْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْدًا لِّلَّهِ وَلَا ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ

مسیح کو یہ بات ہرگز ناگوار نہوگی کہ وہ اللہ کا بندہ بنے اور نہ مقرب

ٱلْمُقَرَّبُونَ ۚ وَمَن يَسْتَنكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِۦ وَيَسْتَكْبِرْ

فرشتون کو اور جو اُسکی عبادت سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا

فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا ۝ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟

تو عنقریب وہ اُن سب کو اپنے پاس جمع کریگا پھر جو لوگ ایمان لائے ہین اور

ٱلصَّٰلِحَٰتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِۦ ۖ

نیکوکار ہین اُنکو تو اُنکے اجر پورے (پورے) دیگا اور اپنے فضل سے اور کچھ بڑھا دے گا

وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱسْتَنكَفُوا۟ وَٱسْتَكْبَرُوا۟ فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

اور جن لوگون نے نافرمانی کی اور تکبر کیا پس اُنکو دردناک عذاب دیگا

منزل

قول شہادت ہی کہ أَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ مِن دُونِ اللَّهِ کیا تو نے لوگون سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو خدا کے علاوہ دو اور خدا بنا لو

أَلِيمًا ۝ وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝

اور اللہ کے سوا وہ کسی کو اپنا یار و مددگار نہ پاوینگے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُم بُرْهَانٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا

اے آدمیو بیشک تمہارے رب کے پاس سے دلیل آچکی ہے اور اسنے تمہ

إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا ۝ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَاعْتَصَمُوا

دکھلانیوالا نور نازل کیا ہے پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اس نور سے تمسک

بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِي رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ

پیرے انکو عنقریب اپنی رحمت اور فضل میں داخل کریگا اور اپنی حضوری کا

إِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ

سیدھا راستہ بتادیگا لوگ تجسے فتوے دریافت کرتے ہیں تم کہدو کہ اللہ

يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ ۚ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ

تمکو کلالہ کے بارے میں فتوے دیتا ہے کہ اگر کوئی مرد ایسا مرجاوے کہ جسکے اولاد (یا ماں باپ) نہوں

وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَا

اور اسکی ایک بہن ہو تو اس بہن کو اسکے ترکہ کا نصف ملیگا اور اسی طرح وہ مرد اس بہن کا وارث ہوگا

إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ ۚ فَإِن كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا

اگر اسکے اولاد (یا ماں باپ) نہوں اور اگر بہنیں دو ہوں تو ان دونوں کو

الثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ ۚ وَإِن كَانُوا إِخْوَةً رِّجَالًا

اسکے ترکہ کا دو تہائی ملیگا اور اگر بھائی بہن مرد و عورت (ملے جلے) ہوں

وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ ۗ يُبَيِّنُ اللَّهُ

تو ہر مرد کو دو عورتوں کے برابر حصہ ملیگا اللہ تمہارے لیے

لَكُمْ أَن تَضِلُّوا ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ ع ٢٤ ٦

اس وجہ سے کھولکر بیان کرتا ہے کہ تم نہ بھٹکو اور اللہ ہر شے سے آگاہ ہے

سورة المائدة مدنية وهي مائة وعشرون آية

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ ۚ أُحِلَّتْ

اے ایمان لانے والو عہد پورے کرو چرندے

لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ

تمہارے لئے حلال کئے گئے ہیں سوائے انکے جنکی ممانعت تمکو پڑھکر سنائی جائیگی جبکہ تم

مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ ۗ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ مَا

بحالت احرام شکار کے حلال نہ جاننے والے ہو بیشک اللہ جو چاہتا ہے حکم

يُرِيدُ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ اللَّهِ

دیتا ہے اے ایمان لانیوالو خدا کی نشانیوں کی بے توقیری نکرو

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ

اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ نذر کردہ قربانی کی اور نہ پٹےدار قربانی کی

وَلَا آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا

اور نہ اُن لوگوں کی جو اپنے رب کے فضل اور اُسکی خوشنودی کی کھوج میں محترم

مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۚ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا

مکان کو جاتے ہوں اور جب تم محل ہو جاؤ تو شکار کھیلو

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ

اور کسی قوم کی عداوت اس بنا پر کہ اُنہوں نے تمکو مسجد حرام سے

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُوا ۘ وَتَعَاوَنُوا

روکا تھا تمہارے لئے اس امر کا باعث نہو کہ تم زیادتی کر گزرو اور نیکی

عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ
اور پرہیزگاری میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی میں
وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ
ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سخت عذاب
الْعِقَابِ ۝ حُرِّمَتْ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ
دینے والا ہے تم پر حرام کیا گیا مردار اور خون اور سؤر
الْخِنْزِیْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ
کا گوشت اور وہ جانور جس پر خدا کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو اور جو گردن مروڑ کر
وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّیَةُ وَالنَّطِیْحَةُ وَمَاۤ اَكَلَ
مارا گیا ہو اور جسے پاؤں باندھ کر پیٹ پیٹ کر مارا ہو اور جو بلندی سے گر کر مرا ہو اور سینگ لگنے سے مرا ہو اور
السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّیْتُمْ ۫ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ
جسکو درندے نے پھاڑ کھایا ہو سوائے اسکے جسکو تم نے ذبح کر لیا ہو اور جو تھان پر ذبح کیا گیا ہو
وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ
اور یہ کہ تیروں پر تقسیم کرلو یہ بدکاری ہے
اَلْیَوْمَ یَىٕسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِیْنِكُمْ فَلَا
آج کے دن کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے پس تم
تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ
اُنسے نہ ڈرو اور مجھسے ڈرو آج میں نے تمہارا دین تمہارے لئے کامل
دِیْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ
کردیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کردی اور دین اسلام کو
لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ
تمہارے لئے پسند کرلیا پس جو شخص بھوک کے سبب مضطر ہو

ربع

منزل ٢

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ يَسْأَلُونَكَ

گناہ کی طرف مائل ہوکر تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے لوگ تم سے دریافت کرتے ہیں

مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُم

کہ انکے لئے کیا حلال کیا گیا ہے تم کہدو کہ تمہارے لئے کل پاک چیزیں حلال کیگئی ہیں اور شکاری جو تم نے

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللَّهُ

شکاری جانور اس قاعدہ سے سدھایا ہو جیسا کہ اللہ نے تمکو بتادیا ہے

فَكُلُوا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

پس وہ جو کچھ تمہارے لئے پکڑ رکھیں انمیں سے (قسم حلال کو) کھالو اور اللہ کا نام اسپر لے لو

عَلَيْهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ○

اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شبہ اللہ جلد حساب لینے والا ہے

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا

آج کے دن حلال کیگئیں تمہارے لئے کل پاک چیزیں اور اُن لوگوں کی خوراک جنکو

الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنَاتُ

کتاب دی گئی ہے تمہارے لئے حلال ہے اور تمہاری خوراک اُنکے لئے حلال ہے اور مسلمان پاکدامن عورتیں

مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ

اور اُن لوگوں کی پاکدامن عورتیں جنکو تم سے پہلے کتاب دی گئی (جائز ہیں)

مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ

جبوقت کہ تم انکے مہر دیدو در آنحالیکہ انسے نکاح کرنا منظور ہو

غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ وَمَن يَكْفُرْ

نہ کہ زنا یا خفیہ تعلق اور جو ایمان کا منکر ہو

بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○ ع ٥ / ٥

تو اُسکے اعمال سب اکارت ہوجائیں گے اور وہ آخرت میں ٹوٹا اٹھانیوالا ہوگا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا

اے ایمان لانے والو جب تم نماز کے لئے آمادہ ہو تو اپنے منہ

وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ

دھو ڈالو اور اپنے ہاتھ کہنیوں سمیت اور اپنے سروں کے بعض حصہ کا

وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا

اور ٹخنوں تک پاؤں کا مسح کر لو اور اگر تم جنب ہو تو غسل کر ڈالو

وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ

اور اگر تم مریض ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی

مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً

بیت الخلاء سے آئے یا عورتوں سے مباشرت کی ہو پھر پانی نہ پاؤ

فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ

تو پاک مٹی سے تیمم کر لو اور اس سے اپنے منہ اور ہاتھوں کے بعض حصہ کا مسح

مِنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلَٰكِنْ

کرلو اللہ یہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے بلکہ وہ

يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ

یہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کرے تاکہ تم

تَشْكُرُونَ ۝ وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي

شکرگزار ہو جاؤ اور اللہ کی نعمت کا جو تم پر ہوئی ذکر کرتے رہو اور اس کے اس عہد کا جو

وَاثَقَكُمْ بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ

اس نے تم سے لیا جبکہ تم نے کہا تھا کہ ہم نے سنا اور تابعداری کی اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ

عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا

دلوں کی باتوں سے واقف ہے اے ایمان لانے والو خدا کے لئے

قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ
انصاف کے ساتھ گواہی دینے کے لئے آمادہ ہو جاؤ اور کسی قوم کی سخت عداوت تمکو
قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ۫
اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نکرو انصاف کرو کہ وہ پرہیزگاری سے قریب تر
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ
اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو خبردار ہے اللہ نے انسے جو
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ
ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں وعدہ فرمایا ہے کہ انکے لئے بخشش ہے اور بہت بڑا
عَظِیْمٌ ۝ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ
اجر اور جو لوگ منکر ہوگئے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا جہنمی
اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ۝ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ
وہی ہیں اے ایمان والو تم پر اللہ کی جو نعمت ہے اسکو یاد کرو
عَلَیْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ یَّبْسُطُوْۤا اِلَیْكُمْ اَیْدِیَهُمْ فَكَفَّ
کہ جب وقت ایک قوم نے تمپر دست درازی کا ارادہ کیا تو اسنے تم سے انکے ہاتھوں کو
اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ
روک دیا اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو لازم ہے کہ اللہ ہی
الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۚ ع ٢ ٦
پر بھروسہ کریں بیشک اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا
وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَیْ عَشَرَ نَقِیْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّیْ مَعَكُمْ ؕ
اور انہیں سے ہمنے بارہ سردار بھیجے اور (پھر) اللہ نے (یہ) فرمایا کہ بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں
لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَیْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ
اگر تم نماز پڑھوگے اور زکوٰۃ دوگے اور میرے

ربع

بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا

رسولوں پر ایمان لاؤگے اور اُنکی مدد کروگے اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہوگے

لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي

تو ضرور میں تمہاری برائیاں تمسے دور کردونگا اور تمہیں ایسی جنتوں میں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ

جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں داخل کردونگا پس اسکے بعد جو تم میں سے منکر ہوگا وہ ضرور

ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ

سیدھے راستے سے بھٹک جائیگا پس بوجہ اپنے عہد توڑدینے کے

لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ

ہمنے اُنپر لعنت کی اور اُنکے دلوں کو سخت کردیا وہ لفظوں کو اُنکے

عَنْ مَوَاضِعِهِ وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ وَلَا تَزَالُ

موقعوں سے بدلدیتے ہیں اور جن چیزونکی اُنکو نصیحت کیگئی تھی اُسکا ایک بڑا حصہ بھول گئے اور جو اُنمیں سے خیانت کرنیوالے

تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ فَاعْفُ

ہیں اور وہ بہت ہی تھوڑے ہیں (جو خائن نہیں ہیں) اُنکے حال پر تمکو برابر اطلاع ہوتی رہیگی پس تم اُنکو معاف

عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَمِنَ

کردو اور درگزر کرو بیشک اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے اور اُن

الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ فَنَسُوا

لوگوں میں سے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں ہمنے اُنکا عہد لیا پھر جو کچھ اُنکو یاد دلایا گیا تھا

حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

اُسکا ایک بڑا حصہ بھول گئے پھر ہمنے قیامت تک کے لئے اُنکے مابین عداوت

وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ

اور بغض ڈالا اور آگے چل کر اللہ اُنکو جتلائیگا

بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ
کہ وہ کیا کیا کرتے تھے اے اہل کتاب بیشک ہمارا رسول تمہارے

رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتٰبِ
پاس آیا کتاب کے اُس حصہ مین سے جسے تم چھپایا کرتے تھے بہت کچھ ظاہر کردیتا ہی

وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ ۵ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُورٌ وَّكِتٰبٌ
اور بہت سے درگزر کرتا ہی بیشک تمہارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب

مُّبِينٌ ۝ يَّهْدِي بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ
آگئی جسکے ذریعہ سے خدا اُن لوگون کو جو اُسکی خوشنودی کے خواستگار ہین سلامتی کی راہین

السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّورِ بِاِذْنِهِ وَ
دکھلادیتا ہی اور اُنکو تاریکی کفر سے اپنے حکم کے نور کی طرف نکال لاتا ہی اور اُنکو

يَهْدِيهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ
صراط مستقیم تک پہونچا دیتا ہی وہ لوگ یقیناً کافر ہوگئے جنہون نے

قَالُوٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۵ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ
یہ کہا کہ اللہ وہی مسیح ابن مریم ہی تم یہ کہدو کہ خدا کو

مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ
روک کون سکتا ہی اگر وہ یہ ارادہ کرے کہ مسیح ابن مریم کو اور اُنکی

وَاُمَّهُ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
والدہ کو اور زمین مین جو ہین سب کو ہلاک کردے حالانکہ آسمانون کا

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى
اور زمین کا اور جو کچھ انکے مابین ہی اُسکا اختیار خدا ہی کو ہی جو چاہتا ہی وہ پیدا کرتا ہی اور اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ
ہر شی پر پوری قدرت رکھنے والا ہی اور یہود و نصارے نے یہ کہا کہ ہم

اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ
اللہ کے بیٹے اور اسکے دوستدار ہین تم یہ کہدو کہ پھر وہ تمھارے گناہون کے سبب تمکو عذاب کیون دیتا ہی

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ
بلکہ تم تو اسکی مخلوق مین سے انسان ہو جسے وہ چاہتا ہی بخش دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
عذاب دیتا ہی کل آسمانون کا اور زمین کا اور جو کچھ انکے مابین ہو اسکا اختیار

بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ
خدا ہی کو ہی اور بازگشت اسیکی حضور مین ہوگی ای اہل کتاب بیشک

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ
ہمارا رسول (جو ہمارے احکام) کھولکر تمھارے لئے بیان کرتا ہی تمھارے پاس ایسے وقت آیا جبکہ رسولونکی آمد رکی ہوئی تھی

اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ؗ فَقَدْ
کہ کہین تم یہ نہ کہدو کہ ہمارے پاس تو کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا آیا ہی نہین پس تمھارے پاس

جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝
خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا یقیناً آچکا اور اللہ ہر شی پر پوری قدرت رکھنے والا ہی

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ
اور جسوقت موسیٰ نے اپنی قوم سے یہ کہا کہ ای میری قوم اللہ کی نعمت کو جو تمپر ہی

عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّ
یاد کرو کہ جب تم مین انبیاء مقرر فرمائے اور تمکو بادشاہ بنایا اور تمکو

اٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰقَوْمِ
وہ کچھ دیا جو تمام عالم مین سے کسی کو نہین دیا تھا ای میری قوم

ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ
تم اس زمین مقدس مین داخل ہو جاؤ جسکو اللہ نے تمھارے لئے لکھدیا ہی

وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ۝ قَالُوْا

اور پیچھے کی طرف نہ پلٹو ورنہ خسارہ اٹھانیوالون مین ہوجاؤ گے انھون نے کہا کہ

يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا

اے موسٰی اس مین تو ایک قوم بڑے زبردست لوگون کی ہے اور جب تک وہ

حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۝

اُس مین سے نہ نکل جائین ہم تو اُسمین جائین گے نہین پھر اگر وہ اسمین سے نکل جائینگے تو ہم اسمین چلے جائینگے

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا

اُن لوگون مین سے جو اللہ سے ڈرتے تھے دو شخصون نے جنکو خدا نے نعمت عطا فرمائی تھی یہ کہا کہ اُن کے

ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ

دروازون مین گھس پڑو کہ اگر تم اُسمین گھس پڑوگے تو تم ہی

غٰلِبُوْنَ ۥ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

غالب آجاؤگے اور اگر تم مومن ہو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرو

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا

اُنھون نے کہا کہ اے موسٰی جب تک وہ اُسمین موجود ہین ہم تو ہرگز ہرگز نہ جائین گے

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ۝

اب تم اور تمھارا پروردگار جاؤ اور دونون لڑو ہم تو یہین بیٹھے ہین

نصف

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ

(موسٰی نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار مین صرف اپنی ذات کا اختیار رکھتا ہون اور اپنے بھائی کا بس تو

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ

ہم مین اور ان نافرمان لوگون مین جدائی کردے (خدا نے) فرمایا کہ زمین اُن پر

عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۭ

چالیس برس کے لئے حرام کردی گئی (اب) وہ اسی زمین مین سرگردان پھرین گے

له قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ تفسیر عیاشی مین جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہان دو شخصون سے مراد حضرت یوشع بن نون اور کالب بن یوفنا ہین اور وہ دونو حضرت موسٰی علیہ السلام کے چچازاد بھائی تھے ؎

منزل ٢

فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۞ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

پس نافرمان لوگونکے حال پر کچھ افسوس نکرو اور اُنکو آدم کے دونون

نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ

بیٹونکی واقعی خبر پڑھکر سنادو جسوقت کہ اُن دونون نے قربانی پیش کی تو اُن دونون مین سے

اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ

ایک کی تو قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہوئی تو اُسنے یہ کہا کہ مین تجھے ضرور قتل کر ڈالونگا

قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۞ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ

اُسنے کہا کہ اللہ تو پرہیزگارون کی (نذر) قبول کرتا ہے اگر تو اپنے ہاتھ میری طرف اسی نیت سے

اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ

بڑھائیگا کہ مجھے قتل کردے تو مین اپنا ہاتھ تیری طرف اس نیت سے بڑھانیوالا نہین ہون کہ

اِنِّيْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ اَنْ

تجھے قتل کرون کیونکہ مین تو کل عالمونکے پروردگار خدا سے ڈرتا ہون مین تو یہ چاہتا ہون کہ

تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ

تو میرا اور اپنا (دونون کا) گناہ سمیٹ لیجائے اور جہنمی ہوجاے

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۞ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ

کہ ظالمون کا بدلہ یہی ہے پھر اُسکے نفس نے اُسے اُسکے

قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۞ فَبَعَثَ اللّٰهُ

بھائی کے قتل پر آمادہ کیا اور اُسنے اُسے قتل کردیا پھر وہ نقصان اُٹھانیوالون مین ہوگیا پھر اللہ نے ایک

غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ

کوا بھیجا کہ وہ زمین کریدتا تھا تاکہ اُسے دکھادے کہ وہ اپنے بھائی کی حالت بد

سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ

(لاش) کو کیونکر چھپائے تو وہ کہنے لگا ہائے خرابی میری کیا مین اس سے (بھی) عاجز ہون کہ

مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ أَخِي ۚ فَأَصْبَحَ

اس کوے کی مانند ہو جاؤں اور اپنے بھائی کی حالت بد (لاش) کو چھپادوں غرضکہ وہ

مِنَ النّٰدِمِينَ ۝ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى

نادم ہوا اسی سبب سے ہمنے بنی اسرائیل پر

بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ أَنَّهُ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ

لازم کردیا کہ جو شخص کسی نفس کو بغیر دوسرے نفس کے قصاص کے یا

فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا ۖ وَمَنْ

بغیر زمین میں فساد کے قتل کرڈالے پس ایسا ہو گویا اُسنے کل آدمیوں کو قتل کرڈالا اور جسنے

أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ

ایک نفس کو زندہ کردیا تو گویا اُسنے کل آدمیوں کو زندہ کیا اور یقینا

جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ

ہمارے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے پھر اُسکے بعد اُنمیں سے بہت سے

بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ ۝ إِنَّمَا جَزٰٓؤُا

زمین میں زیادتیاں کرنے لگے سوائے اسکے کیا جزا ہو

الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ

اُن لوگوں کی جو اللہ اور اُسکے رسول سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں

فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوٓا أَوْ يُصَلَّبُوٓا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ

کہ وہ قتل کردئے جائیں یا سولی دیدئے جائیں یا اُنکے ہاتھ اور پاؤں

وَأَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلٰفٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ

ایک دوسرے کے مخالف کاٹ دئے جائیں یا وہ اپنے ملک سے جلاوطن کردئے جائیں

ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْأٰخِرَةِ

یہ تو اُنکی دنیا کی رسوائی ہو اور آخرت میں اُنکے لئے

مع ٥ عند المتأخرین ١٢

عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن

بہت بڑا عذاب ہے سوائے اُنکے جو توبہ کریں قبل اسکے کہ

ع ٨ تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

تم اُنپر قابو پاؤ پس تم یہ جان لو کہ اللہ بہت بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ

اے ایمان لانے والو اللہ سے ڈرو اور اُسکے حضور میں مقررہ

الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

وسیلہ بہم پہنچالو اور اُسکی راہ میں مجاہدہ کرو تاکہ تم فلاح پالو

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ

بیشک جو کافر ہو چکے ہیں اگر زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اُنکا ہی ہو

جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ

اور اُتنا ہی اور اُسکے ساتھ ہو اور عذاب روز قیامت سے بچنے کے لئے وہ اس سب کا

الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

فدیہ دینا چاہیں تو یہ اُنکا قبول نہ کیا جائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہوگا

يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ

وہ ارادہ کرینگے کہ آگ سے نکل جائیں حالانکہ وہ اُس سے نکل نہ سکیں گے

مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ

اور اُنکا عذاب پائدار ہوگا چور مرد اور عورت

فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ

دونوں کے ہاتھ کاٹو یہ اُنکے کئے کی خدا کی طرف سے بطور عقوبت سزا ہے

وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ

اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے پھر جو شخص اپنی زیادتی کے بعد توبہ کرلے

وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
اور اصلاح کرے تو بیشک اللہ اسکی توبہ قبول کرلے گا یقیناً اللہ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
(اور) مہربان ہی کیا تم نہیں جانتے کہ آسمانوں کا اور زمین کا اختیار

وَالْاَرْضِ ۭ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ
خدا کو ہی جسے وہ چاہتا ہی عذاب دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی بخشدیتا ہی

وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّھَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ
اور اللہ ہر شی پر قدرت رکھنے والا ہی اے رسول یہ بات تمکو رنج میں نہ ڈالے

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا
کہ لوگ کفر کے اظہار میں مبادرت کرتے ہیں بعض تو اُن میں سے ایسے ہیں کہ وہ

بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ڔ وَمِنَ الَّذِيْنَ
منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں اور اُنکے دل ایمان نہیں لائے اور بعض یہودیوں میں

هَادُوْا ڔ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ
سے جھوٹ کے بڑے سننے والے ہیں سننے والے بھی دوسروں کے واسطے

لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ
جو تمہارے پاس تک نہیں آتے (جو) لفظوں کو اُنکے موقعوں سے بدلدیتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ
اور کہدیتے ہیں کہ اگر تمہیں یہ کہا جائے تو ماننا اور اگر یہ کہا جائے تو

فَاحْذَرُوْا ۭ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ
بچنا اور جسکی آزمائش خدا چاہے تو تم ہرگز خدا کے یہاں اُسکے بارے میں

مِنَ اللّٰهِ شَـيْـــًٔـا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ
قابو نہ پاؤ گے یہی وہ لوگ ہیں جنکے دلوں کو اللہ نے

مع عذاب المتقین

بنو نضیر اور بنو قریظہ کا قصہ ہم جسے ہم ضمیمہ میں انشاء اللہ درج کریں گے

يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي
پاک کرنا نہین چاہا دنیا مین اُنکے لئے رسوائی ہے اور آخرت مین

الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ
اُنکے لئے بہت بڑا عذاب ہے جھوٹ کے بڑے سننے والے

أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ فَإِنْ جَاءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ أَوْ
حرام کے بڑے کھانے والے اگر تمھارے پاس آئین تو اُنکے مابین فیصلہ کردو یا

أَعْرِضْ عَنْهُمْ وَإِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَضُرُّوكَ
اُنسے مُنہ پھیرلو اور اگر تم اُنسے روگردانی کروگے تو وہ ہرگز تمہارا کچھ

شَيْئًا وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ
نہ بگاڑینگے اور اگر فیصلہ کرو تو اُنکے مابین انصاف سے فیصلہ کرو

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ○ وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَ
بیشک اللہ منصفون کو دوست رکھتا ہے اور یہ تمکو حکم بناتے کیونکر حالانکہ

عِنْدَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ
اُنکے پاس توریت ہے جس مین حکم خدا موجود ہے پھر اُس سے یہ روگردان

بَعْدِ ذَٰلِكَ وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ○ إِنَّا أَنْزَلْنَا
ہوتے ہین اور حقیقت مین یہ مومن ہی نہین ہین بیشک ہمنے

التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ
توریت نازل کی جسمین ہدایت ہے اور نور ہے وہ نبی جو مطیع خدا تھے یہودیونکے فیصلے

الَّذِينَ أَسْلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ
اُسکے مطابق کرتے رہے اور اسی طرح اللہ والے لوگ اور علماء

بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ وَكَانُوا عَلَيْهِ
جنکو اللہ کی کتاب کی حفاظت سپرد کی گئی تھی اور وہ اُسکے

علیہ السلام سے منقول ہے کہ ربانیون سے انکے مراد ہین کہ انبیاء جو لوگون کو اپنے علم کے ذریعہ سے تربیت کرتے تھے اور احبار سے مراد ہین وہ علماء جو ربانیین کے علاوہ ہ

شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا

گواہ تھے پس تم لوگون سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو اور میری آیتون کو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

(تھوڑی) تھوڑی قیمت پر مت بیچو اور جو لوگ اُسکے مطابق حکم نکرین جو کچھ اللہ نے نازل کیا ہے

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ

وہی کافر ہین اور ہمنے اُنپر واجب کردیا تھا کہ

النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ

جان کے بدلے جان کا اور آنکھ کے بدلے آنکھ کا اور ناک کے بدلے ناک کا

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۭ

اور کان کے بدلے کان کا اور دانت کے بدلے دانت کا اور اسی طرح زخمونکا معاوضہ ہو

فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ

پھر جو معاف کردے تو وہ اُسکے گناہون کا کفارہ ہوجائیگا اور جو لوگ اُسکے مطابق حکم نکرین جو کچھ

اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓي

اللہ نے نازل کیا ہے پس وہی لوگ ظالم ہین اور اُنھین انبیاء کے

اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ

قدم بقدم ہمنے عیسیٰ ابن مریم کو چلایا جو اپنے سے پہلے کی توریت کی تصدیق

التَّوْرٰىةِ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا

کرتے تھے اور اُنکو ہمنے انجیل عنایت کی جسمین ہدایت (بھی) ہے اور نور (بھی) اور وہ

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً

اپنے سے پہلے کی توریت کی تصدیق کرنے والی ہے اور پرہیزگارون کے لئے ہدایت اور

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ

نصیحت ہے اور لازم ہے کہ اہل انجیل اُسی کے مطابق حکم کرین جو کچھ اللہ نے انجیل مین نازل کیا ہے

منزل ۲

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

اور جو اللہ کے نازل کئے ہوئے کے بموجب فیصلہ نہ کریں وہی نافرمان ہیں

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

اور (اے رسول) ہمنے تم پر برحق کتاب نازل کی جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنیوالی

يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

ہے اور اُنکی محافظ بھی ہے پس جو کچھ اللہ نے نازل

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ط

کیا ہے اُسکے بموجب اُنکے مابین فیصلہ کرو اور جو حق تمپر آچکا ہے اُس سے انحراف کرکے اُنکی خواہشوں کی پیروی نہ کرو

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

تم میں سے ہر ایک کے لئے ہمنے ایک شریعت اور ایک واضح طریقہ مقرر کردیا اور اگر اللہ چاہتا تو

لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ

تمکو ایک ہی اُمت بنا دیتا لیکن اُسنے جو کچھ تمکو دیا ہے اسلئے دیا ہے کہ تمھاری آزمائش کرے

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ط اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا

پس نیکی میں جلدی کرو تم سب کی بازگشت خدا ہی کی طرف ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ○ وَاَنِ احْكُمْ

پھر وہ تمکو جتلا دیگا جس امر میں تم ایک دوسرے سے اختلاف کیا کرتے تھے لازم ہے کہ تم اُنکے مابین

بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ

اُسی کے مطابق حکم کرو جیسا کہ اللہ نے نازل کیا ہے اور اُنکی خواہشوں کی پیروی نہ کرو اور اُنسے اس بات سے

اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ط فَاِنْ

ڈرتے رہو کہ جو کچھ اللہ نے تمپر نازل کیا ہے اُسکے کسی جزو سے وہ تمکو بہکا نہ دیں پھر اگر

تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ

وہ روگرداں ہوں تو سمجھ لو کہ اللہ یہی چاہتا ہے کہ اُنکو اُنکے کسی گناہ میں

واقع ہو گیا تھا

ذُنُوبِهِمْ ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ ۝ أَفَحُكْمَ

پھنسا دے — اور آدمیوں میں سے بہت سے ضرور نافرمان ہیں — کیا وہ زمانہ جاہلیت کا

الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ

فیصلہ ڈھونڈھتے ہیں — اور یقین کرنے والوں کے لئے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا

يُوقِنُونَ ۝ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ

کون ہے — اے ایمان لانے والو — یہود و نصاریٰ کو

وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَمَن

دوست نہ بناؤ — ان میں سے ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو تم میں سے

يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

انکو دوست بنائیگا تو وہ انھیں میں سے ہوجائیگا — بیشک اللہ ظالموں کی راہنمائی

الظَّالِمِينَ ۝ فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

نہیں فرماتا — پھر ان لوگوں کو جن کے دلوں میں روگ ہے

يُسَارِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰ أَن تُصِيبَنَا دَائِرَةٌ ۚ

تم دیکھو گے کہ انکی دوستی میں بہت جلدی کرتے ہیں (اور) کہتے ہیں کہ ہم ڈرتے ہیں کہ ہم کسی مصیبت کے پھیر میں آجائیں

فَعَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ فَيُصْبِحُوا

پس قریب ہے کہ خدا فتح یا کوئی اور امر اپنی طرف سے ظاہر کرے اور یہ منافق اس پر

عَلَىٰ مَا أَسَرُّوا فِي أَنفُسِهِمْ نَادِمِينَ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ

جو کچھ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہوں نادم ہوں — اور اس وقت ایمان لانیوالے

آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ

کہیں گے کہ کیا یہ وہی ہیں جو سخت سخت قسمیں کھاتے تھے کہ ہم ضرور تمہارے ساتھی ہیں

إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ ۝

انکے اعمال بیکار ہوگئے اور وہ نقصان اٹھانیوالوں میں ہوگئے

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ

اے ایمان لانے والو جو تم میں سے اپنے دین سے پھر جائیگا (تو خدا کا کچھ نقصان نہیں)

فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى

خدا عنقریب ایسے لوگوں کو لائیگا جنکو وہ دوست رکھتا ہو اور اسکو وہ دوست رکھتے ہیں مومنوں کے لئے

الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ

وہ رحمدل ہیں (اور) کافروں کے لئے سخت راہ خدا میں جہاد

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ

کرتے ہیں اور کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت سے نہیں ڈرتے یہ فضل خدا ہو

يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○ اِنَّمَا

جسکو چاہے عطا فرمائے اور خدائے تعالیٰ صاحب وسعت و علم ہو سوا اسکے نہیں ہو

وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ

کہ حاکم تمہارا اللہ ہو اور اسکا رسول اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ○

نماز پڑھتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ

اور جو اللہ کو اور اسکے رسول کو دوست رکھیگا (وہ گروہ خدا میں داخل ہو) اور گروہ خدا

ع ٦ ١٢

حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ○ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہمیشہ غالب رہیں گے اے ایمان لانے والو

لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ

جن لوگوں نے تمہارے دین کو ہنسی ٹھٹھا اور کھلونا بنایا ہو (ان)

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ

جو ان میں سے ہیں جنکو تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی انکو اور کفار کو اپنا دوست نہ بناؤ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى

اور اگر تم مومن ہو تو اللہ سے ڈرتے رہو اور جسوقت تم نماز کے لیئے بلاتے ہو

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

اُسکی بھی وہ ہنسی مذاق اُڑاتے ہین یہ اسوجہ سے ہے کہ وہ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ○ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ

بیوقوف لوگ ہین تم کہدو کہ ای اہل کتاب کیا تم اس سبب سے ہم سے نفرت کرتے ہو

اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

کہ اللہ پر ایمان لائے ہین اور اُسپر جو کچھ ہمپر نازل کیا گیا اور اُسپر جو کچھ ہمسے پہلے

قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ○ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ

نازل کیا گیا حالانکہ تم مین سے اکثر بدکار ہین تم کہدو کیا مین تمکو اُسسے واقف کردون

مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ

جنکی جزا خدا کی طرف سے اُنکو اُس سے بدتر ملی جنپر خدا نے لعنت کی اور

غَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ

غضب نازل کیا اور اُن مین سے بعض کو بندر بنادیا اور بعض کو سوٗر

وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ

اور وہ طاغوت کو پوجنے لگے اُنکا ٹھکانا بہت ہی برا ہے اور وہ راہ راست

عَنْ سَوَاۗءِ السَّبِيْلِ ○ وَاِذَا جَاۗءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ

سے بہت ہی بھٹکے ہوے ہین اور جسوقت وہ تمہارے پاس آتے ہین تو وہ کہتے ہین کہ ہم تو ایمان لائے

دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

حالانکہ وہ کفر کے ساتھ آتے ہین اور کفرہی کے ساتھ نکل جاتے ہین اور جو کچھ وہ چھپاتے ہین اللہ

كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ○ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ

اُس سے خوب واقف ہے اور تم اُن مین سے بہت سون کو اس حال پر پاؤ گے کہ

فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ

گناہ۔ زیادتی اور حرام خوری پر دوڑ پڑتے ہین بیشک بہت ہی برا ہی

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ

جو کچھ وہ کرتے ہین کیون نہین منع کرتے اللہ والے لوگ

وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ

اور علماء اُنکو جھوٹی بات کہنے سے اور حرام خوری سے

لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ

یقیناً بہت بری ہی جو کچھ وہ کرتے ہین اور یہودیون نے یہ کہا کہ اللہ کا ہاتھ

وقف لازم

مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا ۘ بَلْ

بندھا ہوا ہی اُنہین کے ہاتھ بندھے ہین اور اُنپر اُنکے اس قول کے سبب سے لعنت بھی ہو بلکہ

يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ وَلَيَزِيدَنَّ

اُسکے تو دونون ہاتھ کھلے ہوے ہین جسطرح چاہتا ہی عطا کرتا ہی اور جو کچھ تمھارے

كَثِيرًا مِنْهُمْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ طُغْيَانًا وَ

رب کے پاس سے تمھاری طرف نازل کیا گیا ہی یہ انہین سے بہت سونکی سرکشی اور کفر کو ضرور

كُفْرًا ۚ وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ

بڑھا دیگا اور ہمنے اُنکے مابین قیامت تک کے لئے بغض و عداوت

يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَارًا لِلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللَّهُ ۚ

ڈالدی جب لڑائی کی آگ بھڑکاینگے اللہ اُسکو بجھا دیگا

وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ

اور یہ زمین مین فساد پھیلانے کی کوشش کرتے ہین حالانکہ اللہ فساد کرنیوالونکو

الْمُفْسِدِينَ ۝ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُوا

دوست نہین رکھتا اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے

[illegible]

وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ

اور متقی ہو جاتے تو ہم انکی بدیوں سے درگذر فرماتے اور انکو نعمت والی

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ○ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ

جنتوں میں داخل کرتے اور اگر وہ توریت کو اور

وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا

انجیل کو اور جو کچھ انکے رب کی جانب سے انکے پاس نازل ہو چکا اسکو قائم رکھتے تو وہ

مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ط مِنْهُمْ اُمَّةٌ

آسمان کا بھی رزق کھاتے اور زمین کا بھی انمیں سے ایک گروہ تو

مُّقْتَصِدَةٌ ط وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ○ ع ۹ ۱۰ ۱۳

میانہ رو ہے اور انمیں سے بہت سے بہت ہی بدعمل ہیں

يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ط وَ

ای رسول جو کچھ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے (علی کے بارے میں) نازل کیا گیا ہے اسے پہنچا دو

اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ط وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ

اور اگر ایسا نہ کیا تو گویا تمنے اپنی رسالت ہی نہ پہنچائی اور اللہ آدمیوں کے شر سے

مِنَ النَّاسِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○

تمکو محفوظ رکھیگا بیشک اللہ منکر لوگوں کی رہبری نہیں فرماتا

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا

تم کہدو کہ اے اہل کتاب جبتک کہ تم توریت کو اور انجیل کو اور جو کچھ تمہارے رب

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ

کی طرف سے تمپر نازل کیا گیا اسکو قائم نہ رکھو تم کسی دین پر نہیں ہو (اور اے رسول)

رَّبِّكُمْ ط وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا وہ ان لوگوں میں سے بہت سوں کی

[illegible]

[illegible]

وحسبوا الخ کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر یوں منقول ہے کہ جس وقت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اُن لوگون مین موجود تھے تو اُن لوگون کو یہ گمان تھا کہ اُنکی کوئی آزمائش نہو گی جب آنحضرت کا انتقال ہو گیا تو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے۔ پھر جب جناب امیر المومنین علیہ السلام خلافت ظاہری پر فائز ہوئے تو خدا نے اُن لوگوں کی [illegible]

مِّن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ

سرکشی اور کفر کو بڑھا دے گا پس کافر لوگون کے حال پر کچھ

الْكٰفِرِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا

افسوس نہ کرو بیشک جو ایمان لائے ہین (وہ) اور جو یہودی ہو گئے (وہ)

وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اور لامذہب اور نصرانی جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان

الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

لائیگا اور نیک عمل کریگا نہ اُنپر کوئی خوف طاری ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ

اور نہ وہ رنج اُٹھائین گے یقیناً ہم نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ۭ كُلَّمَا

بنی اسرائیل سے عہد لیا اور اُن کی طرف بہت سے رسول بھیجے جب

جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا

اُنکے پاس کوئی رسول ایسا حکم لیکر آیا جسے اُنکا جی نہ چاہتا تھا تو اُنھون نے کسی گروہ کی

كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ۝ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا

تکذیب کی اور کسی گروہ کو قتل کیا اور گمان اُنھون نے یہ کیا کہ اس سے

تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ

کوئی مصیبت نہ آئیگی پس وہ اندھے اور بہرے ہو گئے پھر اللہ نے اُنکی توبہ

عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ

قبول کرلی پھر اُن میں سے بہت سے اندھے اور بہرے ہو گئے

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

اور جو کچھ وہ کرتے تھے اللہ اُسے دیکھتا تھا بیشک وہ لوگ کافر ہو گئے جنھون نے

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ

یہ کہا کہ اللہ وہی مسیح ابن مریم ہے حالانکہ مسیح

الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ

نے یہ کہا کہ اے بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو جو میرا بھی پروردگار ہے اور

رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

تمہارا بھی پروردگار ہے بیشک جو اللہ کیساتھ کسی کو شریک کریگا اسپر اللہ نے جنت کو حرام

الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

کردیا ہے اور اسکا ٹھکانا جہنم ہے اور ظالموں کا کوئی

اَنْصَارٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ

مددگار نہوگا یقیناً وہ لوگ کافر ہوگئے جنہوں نے یہ کہدیا کہ اللہ تین میں کا

ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ

وقف لازم

تیسرا ہے حالانکہ سوائے معبود یکتا کے کوئی معبود نہیں ہے اور جو کچھ

لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ

وہ کہتے ہیں اگر اس سے باز نہ رہیں گے تو جو ان میں سے کفر پر (قائم)

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اَفَلَا

رہیں گے انکو دردناک عذاب ضرور پہنچیگا کیا وہ

يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ

خدا کے حضور میں رجوع نہیں کرتے اور اس سے مغفرت نہیں مانگتے حالانکہ اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

بڑا بخشنے (اور) رحم کرنیوالا ہے مسیح ابن مریم (اور) کچھ نہیں (ہیں)

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ

مگر ایک رسول جس سے پہلے بہت سے رسول گزر گئے

وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۖ كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ ۗ

اور اُنکی والدہ صدیقہ ہیں دونوں کھانا کھایا کرتے تھے

انظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْآيَاتِ ثُمَّ انظُرْ أَنَّىٰ

غور کرو کہ ہم انکے لئے نشانیاں کیسی کھولکر بیان کرتے ہیں پھر غور کرو کہ کدھر

يُؤْفَكُونَ ۝ قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ

بھٹکے چلے جاتے ہیں ۔ کہدو کیا تم خدا کو چھوڑ کر اُن چیزوں کی عبادت کرتے ہو

مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ۚ وَاللَّهُ هُوَ

جو تمہارے ضرر و نفع پر قادر نہیں ہیں حالانکہ اللہ

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا

سننے والا (اور) جاننے والا ہے کہدو اے اہل کتاب تم

فِي دِينِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ

حق کو چھوڑ کر اپنے دین میں تجاوز نہ کرو اور اُن لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کرو

قَدْ ضَلُّوا مِن قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا

جو پہلے گمراہ ہو چکے اور بہت سوں کو گمراہ کیا اور راہ

ع ۱۱ عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ۝ لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا

راست سے دور جا پڑے بنی اسرائیل میں سے جو کافر ہوگئے

مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى

اُن پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبانی

ابْنِ مَرْيَمَ ۚ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا

لعنت کی گئی یہ اس لئے کہ اُنھوں نے نافرمانی کی اور وہ زیادتی

يَعْتَدُونَ ۝ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَن

کیا کرتے تھے جو بُرائی وہ کرتے تھے اُس سے

مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ تَرَىٰ

وہ باز نہ آتے تھے ضرور جو کچھ وہ کرتے تھے وہ بہت ہی بُرا تھا اُن میں سے

كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ

بہت سے لوگوں کو تم کافروں کا یار بنتے دیکھو گے جو باتیں

مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ

اُنکے نفسوں نے اُنکے سامنے پیش کی ہیں وہ ضرور بُری ہیں کہ خدا اُن سے ناراض ہوا

وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ۝ وَلَوْ كَانُوا

اور عذاب میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے اور اگر وہ

يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ

اللہ پر اور نبی پر اور جو کچھ اُن پر نازل کیا گیا ہے اُسپر ایمان لائے ہوتے

مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ

تو اُنکو یار نہ بناتے ولیکن اُنہیں سے بہت سے

فَاسِقُونَ ۝ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً

بدکار ہیں مومنوں کا سب سے زیادہ دشمن

لِّلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ

تم یہود اور مشرکوں کو پاؤ گے

وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ

اور اُن میں سے مومنوں کا زیادہ دوست اُن لوگوں کو پاؤ گے جو

قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ

یہ کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ اُنہیں سے بعض علماء ہیں

وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝

اور بعض درویش ہیں اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے

الجزء السابع

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ

اور جسوقت وہ اُسے سنتے ہیں جو کچھ رسول کی طرف نازل کیا گیا ہے تم دیکھتے ہو کہ

أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ

اُنکی آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے ہیں اسلئے کہ اُنہوں نے حق کو پہچان لیا ہے

يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَمَا

اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمکو بھی گواہی دینے والوں میں لکھ لے اور ہمیں کیا

لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ

ہوگیا ہے کہ ہم اللہ پر اور اُس حق پر جو ہمارے پاس آچکا ہے ایمان نہ لائیں حالانکہ ہم یہ خواہش رکھتے ہیں

أَن يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ

کہ ہمارا پروردگار ہمکو نیک لوگوں میں داخل کرلے پس اللہ نے اُنکے اس قول کے

بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ

صلے میں ایسی جنتیں دیدیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ

اور نیکوں کا عوض یہی ہے اور جو لوگ

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝ ع ۹

کافر ہوگئے اور جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا جہنمی وہی ہیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا

اے ایمان لانے والو جو کچھ اللہ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے اُنمیں سے پاک چیزوں کو

أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ

حرام مت کرلو اور زیادتی نہ کرو بیشک اللہ زیادتی کرنیوالوں کو

الْمُعْتَدِينَ ۝ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا

دوست نہیں رکھتا اور جو کچھ اللہ نے تمکو دیا ہے اُسمیں سے حلال (اور)

طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ○
پاک چیزین کھاؤ اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جسپر تم ایمان رکھتے ہو

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ
خدا تیعالٰے تمھاری مہمل قسمون پر کوئی مواخذہ نکریگا لیکن اُن قسمون پر مواخذہ کریگا

بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ
جو تمنے (قصدًا) کھائی ہون پس ایسی قسم کا کفارہ دس مسکین کا کھانا کھلانا

مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ
ہے متوسط قسم کے کھانے مین سے جو تم اپنے متعلقین کو کھلاتے ہو یا

كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ
دس آدمیونکو کپڑے پہنادینا ہے یا ایک غلام آزاد کردینا اور جسے یہ میسر نہو تو تین دن کے متواتر روزے

ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ
رکھدینا یہ تمھاری قسمون کا کفارہ اُسوقت ہی جبکہ تم کوئی قسم کرچکے ہو

وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ
اور اپنی قسمون کی حفاظت کرو اسطرح اللہ اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہی

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ
تاکہ تم شکر گزار ہو اے ایمان لانیوالو شراب

وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ
اور جوا اور بجے ہوے بت اور پاسے سواے اسکے کیا ہین کہ شیطان کے

الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ اِنَّمَا يُرِيْدُ
کام مین سے ناپاک کام ہین پس اُنسے اجتناب کرو تاکہ تم فلاح پاؤ شیطان تو

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ
چاہتا یہی ہے کہ تمھارے مابین شراب اور جوئے کے سبب عداوت

فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَعَنِ

اور بغض ڈالدے اور تمکو یاد خدا سے اور نماز سے

الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ ○ وَأَطِيعُوا اللَّهَ

روکے تو اب (بھی) باز آ جاؤ گے اور اللہ کی

وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاحْذَرُوا ۚ فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا

اور (اللہ کے) رسول کی اطاعت کرو اور ڈرتے رہو پھر اگر تم روگردان ہوگے تو سمجھ لو کہ

أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ○ لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ

ہمارے رسول کے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دینا ہے جو لوگ ایمان لائے

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا

اور جو نیک عمل کرتے رہے انہوں نے جو کچھ کھایا پیا ہو اُسکے بارے مین اُنپر

مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوا

کوئی گناہ نہیں ہے جس حال مین کہ وہ ڈرتے رہے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے پھر ڈرتے

ثُمَّ اتَّقَوْا وَأَحْسَنُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ○ ع ۱۳ / ۷

رہے اور ایمان لائے پھر وہ ڈرتے رہے اور نیکی کرتے رہے اور اللہ نیکی کرنیوالون کو دوست رکھتا ہے

يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللَّهُ بِشَيْءٍ مِنَ

اے ایمان لانیوالو ضرور ہے کہ اللہ تعالے ایک ذراسی بات یعنی اُس شکار کے بارے مین

الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللَّهُ مَنْ

تمہاری آزمائش کریگا جس تک تمہارے ہاتھ اور نیزے پہنچین تاکہ اللہ یہ جان لے کہ

يَخَافُهُ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ

اُس سے بے دیکھے بھالے کون ڈرتا ہے پس جو اسکے بعد زیادتی کریگا اُسی کے لئے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ يٰأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْتُلُوا

دردناک عذاب ہے اے ایمان لانے والو جب تم احرام کی حالت

الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ ۚ وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ

مین ہو تو شکار کو قتل نہ کرو اور جو تم مین سے جان بوجھکر شکار کو قتل کریگا تو اُسکا بدلہ

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ

چوپایون مین سے ویسا ہی ہے جیسا کہ اُسنے قتل کیا جسکے بارے مین تم مین کے دو منصف حکم لگا دیتے

هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ أَوْ

اور یہ قربانی کعبہ پہنچائی جائیگی یا کفارہ ہوگا مسکینون کا کھانا کھلانا یا

عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ أَمْرِهٖ ۗ عَفَا اللّٰهُ

اُسی تعداد مین برابر روزے رکھنا تاکہ اپنے کئے کا مزہ چکھے جو پہلے ہوچکا اُس سے اللہ

عَمَّا سَلَفَ ۗ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

نے درگزر کی اور جو پھر ایسا کریگا پس اُس سے اللہ بدلہ لے گا اور اللہ زبردست

ذُو انْتِقَامٍ ۝ أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ

(اور) بدلہ لینے والا ہے دریائی شکار کرنا اور اُس شکار کا کھانا تمھارے اور تمہارے قافلے

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ

کے فائدہ کے لئے حلال کیا گیا ہے اور جبتک تم احرام کی حالت مین ہو خشکی کا شکار

الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ إِلَيْهِ

تم پر حرام کیا گیا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو جسکی حضور مین تم اکٹھے

تُحْشَرُوْنَ ۝ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

کئے جاؤ گے اللہ نے حرمت والے مکان کعبہ کو لوگون کے قیام کا

قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ۗ

باعث کیا ہے اور اسی طرح حرمت والے مہینہ کو اور قربانی کو اور پٹے دار قربانیون کو

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

یہ اس لئے کہ تم جان لو کہ آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے

پیدا ہوئیں جیسے مادہ بکری جاتی اور اگر ایک نر اور ایک مادہ ہوتے تو انہیں سے مادہ کی نسبت کہا جاتا کہ یہ اپنے بھائی کے ساتھ پیدا ہوئی ہے وصیلہ ہے پس سو ذبح نہ کئے جاتے اور دونوں کا گوشت

[illegible]

وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ اِعْلَمُوا

اُسکو اللہ جانتا ہے اور اللہ ہر شے سے آگاہ ہے یہ (بھی) سمجھ لو

أَنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○

کہ اللہ بڑا سخت عذاب دینے والا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے

مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ

رسول کے ذمہ سوائے پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ چھپاتے ہو

وَمَا تَكْتُمُونَ ○ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ

اُسے اللہ جانتا ہے کہدو کہ بُرا اور اچھا برابر نہیں ہوسکتا گو تمہیں بُرے کی

وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰأُولِي

کثرت تعجب میں ڈالے پس اے عقل والو اللہ سے ڈرتے رہو

ع ١٣
الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ يٰأَيُّهَا الَّذِينَ

تاکہ تم فلاح پاؤ اے ایمان لانے والو

آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ

اُن چیزوں کی نسبت سوال نہ کرو جو اگر تمہارے لئے کھولکر بیان کی جائیں تو تمکو

وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ

بُری لگیں اور اگر قرآن نازل ہوتے وقت تم اُنکی نسبت سوال کروگے تو وہ تمہارے لئے ظاہر کردی جائینگی

عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا وَاللّٰهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ○ قَدْ سَأَلَهَا

اللہ نے اُنسے درگزر فرمائی ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بُردبار ہے تم سے پہلے لوگوں نے بھی

قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا كٰفِرِينَ ○ مَا

ان باتوں کو دریافت کیا تھا پھر اُسکے منکر ہوگئے اللہ

جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيرَةٍ وَّلَا سَائِبَةٍ وَّلَا وَصِيلَةٍ

نے کنپھٹی اونٹنی۔ اونٹوں کا سانڈ۔ بکری کا جڑواں بچہ اور بہت بوڑھا اونٹ (یہ چیزیں)

[illegible]

آیت نازل کی کہ خدا نے اُنکو حرام قرار نہیں دیا اور ایک روایت میں ہے کہ جب کوئی اونٹنی پانچ بچے تک دے چکتی تھی تو اگر پانچواں نر ہوتا تو اسکو ذبح کرکے مرد و عورت کھا لیتے اور اگر مادہ

وَلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

نہیں مقرر کی نہیں بلکہ جو لوگ کافر ہوگئے وہ اللہ پر جھوٹا بہتان

الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

باندھتے ہیں حالانکہ انمیں سے بہت سے عقل نہیں رکھتے اور جس وقت انسے یہ کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا

کہ رسول کے پاس آؤ اور اللہ نے جو کچھ نازل کیا ہے اسے دیکھو (تو) وہ کہدیتے ہیں کہ ہمنے

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ

جس (طریقے) پر اپنے باپ دادا کو پایا وہی ہمارے لئے کافی ہے بھلا اگر انکے باپ دادا بے علم

لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

وگمراہ تھے (تو بھی) (وہ کافی جانیں گے؟) اے ایمان لانے

اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا

والو تمکو اپنی جانوں کی حفاظت لازم ہے کہ جب تم ہدایت یافتہ ہو تو جو لوگ گمراہ ہیں وہ تمکو

اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

ضرر نہ پہنچا سکیں اللہ ہی کی طرف تم سب کی رجوع ہوگی پھر جو کچھ تم کیا کرتے تھے اس

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ

وہ تمکو خبردار کردے گا اے ایمان لانے والو جب تم میں سے

بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ

کسی کی موت آجائے تو تمہارے آپس کی شہادت وصیت کے وقت

اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ

دو کی ہو جو تم میں سے عادل ہوں یا اگر تم سفر میں ہو اور تمپر موت کی مصیبت

ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا

آن پڑے تو وہ دو غیروں ہی میں سے ہوں انہیں نماز کے

مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ

بعد تک روک رکھو اگر تمہیں شک ہو تا کہ وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہم اپنی شہادت کسی عوض

بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ

پر فروخت نہیں کرینگے گو (ہمارا) کوئی قرابت دار ہی کیوں نہو اور ہم سچی گواہی کو نہیں چھپائینگے کہ اس صورت

اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا

میں گنہگاروں میں سے ہو جائیں گے پھر اگر اس بات کا علم ہو جائے کہ وہ دونوں جھوٹی گواہی

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ

کے سبب سزا کے مستحق ہو گئے تو دو اور گواہ اُنکے قائم مقام اُن لوگوں میں سے ہوں جنکا حق مارا جاتا تھا جنکا

الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

حق (شہادت بوجہ قرابت و معرفت) زیادہ تھا اور وہ خدا کی قسم کھا کر کہیں کہ ہماری گواہی اُن دونوں کی گواہی سے زیادہ

وَمَا اعْتَدَيْنَآ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى

سچی (اور معتبر) ہے۔ اور ہمنے کسی قسم کی زیادتی نہیں کی ایسا کیا ہو تو ہم بیشک ضرور ظالموں میں سے ہیں یہی طریقہ اس بات

اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ

کے لئے زیادہ موزوں ہے کہ وہ لوگ سچی سچی گواہی دیدیں یا اس سے ڈریں کہ انکی قسم دوسروں کی

اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ

قسم کے بعد رد کی جائے گی اور اللہ سے ڈرو اور اسکے احکام سنتے رہو اور اللہ

ع ١٤ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ

نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا جس دن اللہ رسولوں کو جمع کرکے

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ

دریافت فرمائیگا کہ تمکو کیا جواب دیا گیا تھا تو وہ عرض کرینگے کہ ہمکو علم نہیں ہے سب پوشیدہ باتوں کا

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ

جاننے والا تو ہی ہے (اسوقت کو یاد کرو) جسوقت خدا تعالےٰ فرمائیگا کہ اے عیسیٰ ابن مریم (ذرا) میری

نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدْتُكَ بِرُوحِ

اُن نعمتوں کو تو یاد کرو جو تمپر اور تمھاری والدہ پر تھیں کہ میں نے روح القدس کے ذریعہ سے تمھاری

الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَإِذْ

تائید کی تم بچپن میں اور بڑھاپے میں لوگوں سے (یکساں) باتیں کرتے تھے اور یہ کہ

عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ ۖ

میں نے تمکو کتاب اور شریعت اور توریت اور انجیل کی تعلیم دی

وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنْفُخُ

اور یہ کہ جسوقت تم میرے حکم سے گندھی ہوئی مٹی میں سے پرندے کی سی صورت بناتے تھے پھر اسمیں پھونک

فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي ۖ وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ

مارتے تھے تو وہ میرے حکم سے پرندہ بنجاتا تھا اور تم مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا

بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ

کر دیتے تھے اور یہ کہ تم مُردوں کو میرے حکم سے زندہ کرتے تھے اور یہ کہ میں نے بنی اسرائیل کو

بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنْكَ إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ

تمھاری ایذا دہی سے باز رکھا جسوقت تم اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تو اُنمیں سے جو

الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝

کافر ہو گئے تھے اُنھوں نے یہ کہدیا تھا کہ یہ کچھ نہیں ہے مگر کھلا جادو

وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي

اور یہ کہ میں نے حواریوں کو وحی کی کہ تم مجھپر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ

قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ۝ إِذْ قَالَ

اُنھوں نے عرض کی کہ ہم ایمان لائے اور تو اسکا گواہ رہ کہ ہم مطیع ہیں (اُسوقت کو یاد کرو) کہ جب

الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ

حواریوں نے کہا کہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تیرے خدا سے یہ ہوسکتا ہے

کے سامنے رکھا گیا اور اول سے آخر تک سب نے کھایا۔ (دوسری طویل حدیث بروایت جناب عمار یاسر مائدہ کے بارے میں

اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ

کہ ہم پر آسمان سے ایک خوان پُر از طعام نازل کر دے (عیسیٰ نے) فرمایا کہ اگر تم مومن ہو تو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ

اللہ سے ڈرو انہوں نے عرض کی کہ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اس میں کچھ کھائیں اور

تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ

ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہم یہ جان لیں کہ آپ نے ہم سے سچ فرمایا اور اسکے گواہ

عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

(بھی) بن جائیں عیسیٰ ابن مریم نے عرض کی کہ

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ

اے اللہ اے پروردگار ہمپر ایک خوان پُر از طعام آسمان سے نازل فرما کہ وہ

لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا

ہمارے اول و آخر کے لئے عید قرار پائے اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو اور ہمکو رزق عطا فرما

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا

اور تو سب سے بہتر رزق عطا فرمانے والا ہے خدا نے فرمایا کہ میں تم پر اسے ضرور نازل کرنیوالا ہوں

عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا

پھر جو شخص بعد اسکے تم میں سے کفران نعمت کریگا تو اسکو عذاب بھی ایسا دونگا کہ

لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ

ع ۱۵ ۷ ربع

عالم میں سے کسی کو ویسا عذاب نہ دونگا اور (اُس وقت کو یاد کرو) جس وقت خدا فرمائیگا

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَ

کہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تم نے لوگوں سے یہ کہدیا تھا کہ اللہ کے سوا

اُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ

مجھے اور میری ماں کو اور دو خدا بنا لو وہ عرض کرینگے تیری ذات (شرکت سے) بری ہے مجھے کیا ہوگیا تھا

۱ مائدہ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے یہ فرمایا کہ تم تیس دن روزے

لِيٓ أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي بِحَقٍّ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ

کہ میں ایسی بات کہتا جسکا مجھے کوئی حق نہیں تھا اگر میں نے ایسا کہا ہوتا تو تو ضرور اس سے

عَلِمْتَهُ تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَآ أَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِكَ

واقف ہوتا (اسلئے) کہ تو میرے دل کی بات کو جانتا ہے اور میں تیری پوشیدہ بات سے ناواقف ہوں

إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا مَآ

بیشک تو سب سے زیادہ غیب کی بات کو جاننے والا ہے میں نے اُنسے کچھ بھی نہیں کہا سوائے اُسکے

أَمَرْتَنِي بِهِ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ

جسکا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ میرے پروردگار اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور جسوقت تک میں اُنمیں رہا

شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ

میں اُنکا گواہ رہا پھر جب تو نے میری مدت (قیام) پوری کردی تو تو خود

الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ وَأَنْتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ إِنْ

اُنکا نگران تھا اور تو ہر شے پر (پوری) اطلاع رکھنے والا ہے اگر

تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ

تو انکو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخشدے تو بیشک

أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ قَالَ اللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ

تو زبردست حکمت والا ہے خدا تعالےٰ فرمائیگا یہ دن (تو وہ ہے) کہ سچوں کو اُنکا

الصّٰدِقِينَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

سچ نفع پہنچائیگا اُنکے لئے باغات ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی

الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ

ہیں ہمیشہ ہمیشہ وہ اُنمیں رہینگے اللہ اُنسے راضی ہوگا اور وہ اُس سے راضی ہونگے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ لِلَّهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

یہی سب سے بڑی کامیابی ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُنمیں ہے اُسکا

وَمَا فِيهِنَّ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ ع ۵ ۱۶

اختیار خدا ہی کو ہے اور وہ ہر شے پر (پوری) قدرت رکھنے والا ہے

سُورَةُ الْأَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَخَمْسٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

(شروع کرتا ہوں) رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ

سب تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جسنے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیروں کو

الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ۖ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ۝

اور چاندنی کو مقرر فرمایا پھر (بھی) اپنے پروردگار کا انکار کرنیوالے اور چیزونکو اُسکی برابر ٹھہراتے ہیں

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ

وہ وہی تو ہے جسنے تمکو مٹی سے پیدا کیا پھر اُسنے ایک مدت مقرر کی اور

مُسَمًّى عِنْدَهُ ۖ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ ۝ وَهُوَ اللَّهُ فِي

مقرر کی ہوئی مدت اُسی کے علم میں ہے پھر (بھی) تم شک کرتے ہو اور وہی اللہ آسمانوں میں

السَّمَاوَاتِ وَفِي الْأَرْضِ ۖ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَ

(بھی) ہے اور زمین میں (بھی) تمھارے پوشیدہ کو (بھی) جانتا ہے اور ظاہر کو (بھی) اور

يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ ۝ وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ

جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے آگاہ ہے اور خدا کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی (بھی) اُنپر نہیں

رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوا

آتی مگر اُس سے روگردانی (ضرور) کرتے ہیں اور حق جسوقت اُنکے پاس

بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ مَا كَانُوا

آیا اُسے ضرور اُنہوں نے جھٹلایا بس جس چیز کی یہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے ذرا آگے چل کر

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ

انکو اسکی خبریں ملینگی کیا اُنھوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہمنے اُنسے پہلے زمانہ والوں میں سے

قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا

کتنے گروہوں کو ہلاک کیا اُنکو ہمنے زمین میں ایسا تمکن عطا کیا تھا کہ تمکو ویسا دیا بھی نہیں ہے اور

السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ

آسمان سے اُنپر موسلادھار مینھ برسایا کرتے تھے اور بہتے اُنکے ندیاں جاری

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْ

کیا کرتے تھے پھر اُنکے گناہوں کے سبب اُنکو ہلاک کر دیا اور اُنکے بعد دوسرے

بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ○ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ

زمانہ والے پیدا کر دئے اور (اے رسول) اگر ہم کاغذ میں لکھی ہوئی کتاب

قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

(بھی) نازل کر دیتے جسکو وہ اپنے ہاتھوں سے چھو لیتے تب بھی جو کافر ہو گئے ہیں وہ یہی کہتے کہ

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ

یہ کچھ نہیں ہے مگر کھلا جادو اور اُنھوں نے کہا کہ اس (نبی) پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں نازل

مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ○

کیا گیا اور اگر ہم کوئی فرشتہ نازل کرتے تو ضرور معاملہ ہی طے کر دیا جاتا پھر اُنکو کوئی مہلت دی جاتی

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ

اور اگر ہم رسول کو فرشتہ بناتے تو اُسکو مرد ہی بناتے اور ہم اُسکو بھی ضرور ویسا ہی لباس پہناتے

مَّا يَلْبِسُوْنَ ○ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

جیسا کہ یہ لوگ پہنتے ہیں اور یقیناً تم سے پہلے رسولوں کی بھی ہنسی اُڑائی گئی

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

پھر جس عذاب کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُن پیمبروں کی ہنسی اُڑانیوالوں کو

ع ١٠

يَسْتَهْزِءُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ

آگھیرا   تم کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو اور پھر (غور سے) دیکھو کہ

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

جھٹلانیوالون کا انجام کیا ہوا   کہدو کہ جو کچھ آسمانون میں اور زمین میں ہو

وَالْأَرْضِ قُلْ لِلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ

کسکا ہے   کہدو کہ وہ اللہ ہی کا ہے جسنے اپنی ذات پر رحمت و جب کرلی ہے وہ قیامت کے

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ

دن جس میں کوئی شک نہیں ہے تم سب کو ضرور اکٹھا جمع کریگا جن لوگون نے اپنی ذات کو نقصان پہنچایا ہے

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ

وہ ایمان نہ لائینگے   اور رات اور دن میں جو چیزیں آرام لیتی ہیں اُسی کی ہیں

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا

اور وہ بڑا سننے والا اور جاننے والا ہے   کہدو کہ کیا میں خدا کے سوا جو آسمانون کا اور

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ

زمین کا پیدا کرنے والا ہے کسی اور کو حامی بنالون حالانکہ وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور اسکو کچھ

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَا

نہیں کھلایا جاتا   تم کہدو کہ مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے میں اسلام لانیوالا ہون اور تم

تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ

ہرگز مشرکین میں سے نہونا   کہدو کہ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کرون تو میں

رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ

بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہون   جس سے اسدن (عذاب) ٹلجائے اسپر رحمت خدا

فَقَدْ رَحِمَهُ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝ وَإِنْ

یقینی ہوئی   اور یہی کھلی کامیابی ہے   اور اگر

يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ

اللہ تمکو کوئی تکلیف پہنچائے تو اُسکے سوا کوئی اُسکا دفع کرنیوالا نہیں ہے اور اگر

يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ

وہ تمکو کوئی خیر و خوبی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے اور وہ اپنے بندون

فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ

پر غالب اور وہ صاحب حکمت و خبر ہے تم کہدو کہ گواہی دینے کے لئے

اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِيَ

سب سے بڑی چیز کون ہے تم کہدو کہ میرے اور تمہارے مابین اللہ گواہ ہے اور یہ قرآن بذریعہ

اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ

وحی کے میرے پاس اسلئے بھیجا گیا ہے کہ اسکے ذریعہ سے مین تمکو بھی ڈراؤن اور اُسکے بھی

لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ

جس تک یہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہین ؟

قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ○

تم کہدو کہ مین تو یہ گواہی دیتا نہیں تم کہدو کہ وہ معبود اکیلا ہے اور جن چیزونکو تم اسکا شریک ٹھیراتے ہو مین اُس سے بری ہون

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ

جن لوگون کو ہمنے کتاب دی وہ اُسکو ایسا ہی پہچانتے ہین جیسا

اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ ع

اپنے بیٹون کو جن لوگون نے اپنی ذات کو نقصان پہنچایا ہے وہ ایمان نہ لائینگے

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جنہون نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا یا اُسکی نشانیونکو

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ

جھٹلایا بیشک ظالم فلاح نہ پائینگے اور اُس دن ہم اُن سب کو

جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ

جمع کرینگے پھر ہم شریک کرنیوالون سے کہین گے کہ تمھارے وہ شرکاء جنکو تم

الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَنْ

خداکا شریک گمان کیا کرتے تھے کہان ہین پھر انکا کوئی حیلہ نہوگا سواے اسکے کہ یہ کہین کہ

قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ۝ انْظُرْ كَيْفَ

ہمکو اپنے پروردگار اللہ کی قسم ہم مشرک نہ تھے غور تو کرو کہ یہ اپنے ہی برخلاف

كَذَبُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝

کیسا جھوٹ بولنے لگے اور جو افتراپردازیان کیا کرتے تھے وہ انسے کیسی گئی گزری ہوگئین

وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ وَجَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ

اور انمین سے بعض ایسے بھی ہین جو تمھاری طرف کان لگائے رہتے ہین حالانکہ ہمنے انکے دلون پر

أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا وَإِنْ

پردے ڈالدئے ہین کہ وہ اسے نہ سمجھین اور انکے کانون مین گرانی (قرار دیدی) ہے اور اگر وہ

يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا حَتَّى إِذَا جَاءُوكَ

ہر ایک معجزہ دیکھ لین گے تب بھی اسپر ایمان نہ لائین گے یہانتک کہ جب وہ تمھارے پاس آئینگے

يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَذَا إِلَّا

تمسے جھگڑنے لگین گے اور جو کافر ہوچکے ہین وہ یہی کہین گے کہ یہ کچھ نہین ہین مگر

أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ

پہلون کی کہانیان وہ اس سے لوگون کو (بھی) روکتے ہین اور خود بھی دور

عَنْهُ وَإِنْ يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝

رہتے ہین حالانکہ وہ اپنی ہی جانون کو ہلاک کرتے ہین اور سمجھتے نہین

وَلَوْ تَرَى إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ

اور اگر تم اسوقت کو دیکھو گے جب وہ جہنم پر کھڑے کئے جائینگے تو یہ کہینگے کہ کاش ہم (پھر دنیا مین) لوٹا

وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور ہم اپنے رب کی نشانیاں نہ جھٹلاتے اور ہم ایمان لانے والوں میں سے ہو جاتے

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا

بلکہ اب جو کچھ وہ پہلے چھپایا کرتے تھے وہ اُنپر ظاہر ہو گیا ہے اور اگر وہ واپس بھی کئے جاتے

لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا

تو جس چیز سے اُنکو باز رکھا گیا تھا وہ اُسی کو پھر کرتے اور وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہے

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ○ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ

دنیا ہی کی زندگانی ہے اور ہم مبعوث نہ کئے جائیں گے اے کاش کہ اُنکو تم اُسوقت

وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى

دیکھتے جبکہ وہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کئے جائینگے (اور) وہ دریافت کریگا کہ کیا یہ حق نہیں ہے تو وہ کہینگے ہاں

وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ ع ۱۰ ۳

ہمارے پروردگار کی قسم حق ہے پھر فرمائیگا کہ بدلے اسکے کہ تم اسکا انکار کیا کرتے تھے اب عذاب چکھو

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ

یقیناً وہ ٹوٹے میں ہیں جو خدا کی حضور میں جانے کو جھٹلاتے ہیں یہانتک کہ جب قیامت

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا

اُنکو یکایک آلیگی اُسوقت کہینگے افسوس ہمنے کیسی کمی کی

وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ

اور وہ اُسوقت اپنے وبال اپنی ہی پیٹھوں پر اُٹھائے ہونگے خبردار ہو جاؤ کتنا بُرا ہے وہ جسکو وہ

مَا يَزِرُوْنَ ○ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ

لادے ہوئے ہونگے اور یہ دنیا کی زندگانی سوائے کھیل کود کے کچھ (بھی) نہیں

وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

اور جو لوگ پرہیزگار ہیں آخرت کا گھر اُنکے لئے بہت ہی اچھا ہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے

ابن نوفل ابن عبد مناف داخل اسلام ہوجائے اسی لئے اُسکو دعوت دی اور بہت کوشش کی کہ وہ اسلام لائے مگر اُسپر شقاوت غالب ہوگئی اُسنے کوئی بات نہ مانی اور آنحضرت پر یہ امر

قد نعلم انه ليحزنك الذي يقولون فانهم
ہم جانتے ہین کہ جو کچھ وہ کہتے ہین اُس سے تمکو رنج پہنچتا ہے مگر وہ حقیقت مین تمکو

لا يكذبونك ولكن الظلمين بايت الله يجحدون ○
نہین جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی نشانیون کا انکار کرتے ہین

ولقد كذبت رسل من قبلك فصبروا على ما
اور تم سے پہلے بہت سے رسولون کی تکذیب کی گئی ہے پھر انہون نے اپنے جھٹلائے جانے پر

كذبوا واوذوا حتى اتهم نصرنا ولا مبدل
اور تکلیف دئے جانے پر صبر کیا جبتک کہ اُنکے پاس ہماری مدد نہ آئی اور اللہ کے کلمون کو

نصف

لكلمت الله ولقد جاءك من نبائ المرسلين ○
کوئی بدلنے والا نہین ہی اور تمھارے پاس (ابھی) بہت سے پیغمبرون کی خبر آ چکی ہے

وان كان كبر عليك اعراضهم فان استطعت ان
اور اگر انکا روگردان ہونا تمکو ایسا ہی ناگوار ہے تو اگر تم سے ہو سکتا ہے تو زمین مین

تبتغي نفقا في الارض او سلما في السماء فتاتيهم
کوئی سوراخ تلاش کرو یا آسمان پر کوئی سیڑھی (لگا کر چڑھ جاؤ) کہ اُنکو کوئی نشانی

باية ولو شاء الله لجمعهم على الهدى فلا تكونن
لا دو اور اللہ چاہتا تو اُنکو ہدایت پر (جبرًا) آمادہ کرتا پس تم جاہلون مین

من الجهلين ○ انما يستجيب الذين يسمعون
ہرگز نہونا سوائے اسکے نہین ہے کہ وہی لوگ قبول کر لیتے ہین جو (توجہ سے) سنتے ہین

وقف غفران

والموتى يبعثهم الله ثم اليه يرجعون ○ وقالوا
اور مُردون کو خدائے تعالے مبعوث کریگا پھر وہ اُسکے حضور مین لوٹائے جائینگے اور اُنھون نے کہا

لولا نزل عليه اية من ربه قل ان الله قادر
کہ اُسکے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیون نہ نازل کی گئی تم کہدو کہ اللہ تو اس امر پر بیشک قادر

عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○

کہ کوئی نشانی نازل کرے ولیکن اُن میں سے اکثر سمجھتے نہیں

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ

اور کوئی زمین پر رینگنے والا اور کوئی پرندہ جو اپنے دونوں بازوؤں سے اُڑتا ہے

اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ

ایسا نہیں ہے مگر یہ کہ وہ بھی تم ہی جیسے گروہ ہیں ہمنے کتاب میں کسی طرح کی کمی نہیں کی ہے پھر وہ

اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ

سب اپنے پروردگار کی حضور میں جمع کئے جائینگے اور جو لوگ ہماری نشانیوں کو جھٹلاتے ہیں وہ بہرے

وَّبُكْمٌ فِى الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ

اور گونگے اندھیریوں میں ہیں اللہ جس کو چاہیگا اُس سے توفیق ہدایت چھین لیگا اور جسے چاہیگا

يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ

سیدھے راستہ پر ڈالدے گا تم کہدو کہ آیا تمنے اپنے آپ کو اتنا سمجھ لیا ہے کہ

اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ

اگر عذاب خدا تمکو آلے یا قیامت تمپر آجائے تو اگر تم سچے ہو تو اللہ کے سوا کسی

تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ

اور کو پکار لوگے؟ بلکہ اُسی کو تم پکاروگے

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

پھر اگر وہ چاہیگا تو جس بات کے لئے تم اُسے پکاروگے اُسے دور کردیگا اور جنکو تم شریک کیا کرتے تھے

تُشْرِكُوْنَ ○ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ ع ١١

اُن سب کو بھول جاؤگے اور ہمنے تجھ سے پہلی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے

فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ○

پھر ہمنے اُنکو سخت نقصان اور مصیبت میں گرفتار کیا تاکہ وہ عاجزی و زاری کریں

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ

پس جسوقت ہمارا عذاب اُنپر پہنچا تھا کیوں نہ اُنہوں نے گریہ کیا لیکن اُنکے دل سخت ہو گئے تھے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا

اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے شیطان نے اُنہیں کو زینت دیدی تھی پھر جب اُس نصیحت کو بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى اِذَا

جو اُنکو کی گئی تھی تو ہم نے بھی اُنپر ہر چیز کے دروازے کھول دئیے یہانتک کہ جب

فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝

وہ اُن چیزوں سے خوش ہوے جو اُنکو دی گئی تھیں تو ہمنے اُنکو یکایک گرفتار کیا کہ وہ مایوس ہو کر رہ گئے

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

پس ظالم لوگوں کی نسل قطع کردی گئی اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام عالم

الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَ

کا پالنے والا ہے کہدو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر خدا تمہاری سماعت اور

اَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

بصارت لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر کردے تو اللہ کے سوا کونسا معبود ہے جو تمکو یہ چیزیں

بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ

دیدیگا غور تو کرو کہ ہم کس طرح نشانیاں الٹ پلٹ کر (دکھلا) تے ہیں پھر (بھی) وہ روگردانی کئے جاتے ہیں

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

تم کہدو کیا تم اپنے آپ کو اتنا سمجھتے ہو کہ اگر خدا کا عذاب تمپر اچانک یا کھلم کھلا آجائے تو کیا سوائے ظالم لوگوں کے

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

کوئی اور بھی ہلاک کیا جائیگا اور ہم رسولوں کو نہیں بھیجتے

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا

مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے (مقرر کرکے) پھر جو ایمان لائینگے اور نیکوکار ہونگے اُنپر

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا

کسی قسم کا خوف (طاری) ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے اور جنہون نے ہماری آیتون کو

بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ○ قُلْ

جھٹلایا تو بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے عذاب اُنکو پہنچ جائیگا تم کہدو کہ

لَّا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ

مین تمسے یہ تو نہین کہتا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہین اور نہ یہ کہ مین غیب دان ہون

وَلَا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ ۚ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ

اور نہ یہ کہتا ہون کہ مین فرشتہ ہون مین تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہون جو میری طرف وحی کیجاتی ہے

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۚ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ ○ ع ۵

تم کہدو کہ کیا اندھا اور آنکھون والا برابر ہے کیا تم اتنا بھی نہین سوچتے

وَأَنذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَن يُحْشَرُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ

اور جو لوگ خوف کرتے ہین اُنکو اس بات سے ڈراؤ کہ وہ اپنے رب کی حضور مین جمع کیے جائینگے

لَيْسَ لَهُم مِّن دُونِهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

کہ وہان اُنکے لیے اُسکے سوا نہ کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارشی تاکہ وہ ڈرین

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

اور جو صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہین اور اُسکی رضا کے طالب ہین

يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۖ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ

اُنکو نہ نکالو نہ تمہارے ذمہ کچھ اُنکا محاسبہ ہے

وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِم مِّن شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ

اور نہ اُنکے ذمہ کچھ تمہارا محاسبہ کہ تم اُنکو نکالتے پھرو اور

مِنَ الظَّالِمِينَ ○ وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لِّيَقُولُوا

ظالمون مین سے ہو جاؤ اور اسی طرح ہمنے بعض کا امتحان بعض کے ذریعہ سے کیا ہے تاکہ وہ یہ کہین کہ

اور وہ خدا وہ ہے جسنے سورج کو روشنی اور چاند کو نور مقرر فرمایا (بقیہ صفحہ مین ملاحظہ کیجیے) ١٢

أَهٰؤُلَاءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْ بَيْنِنَا ۗ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَعْلَمَ

کیا یہ وہی لوگ ہم مین سے ہین جنپر اللہ نے احسان کیا ہے کیا اللہ شکر گزارون (تمھاری نسبت)

بِالشّٰكِرِينَ ○ وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيٰتِنَا فَقُلْ

زیادہ باخبر نہین ہے اور (اے رسول) جسوقت تمھارے پاس وہ آئین جو ہماری آیتون پر ایمان رکھتے ہین تو تم

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ

انسے کہدو کہ تمپر سلامتی ہو تمھارے رب نے اپنی ذات پر رحمت واجب فرمائی ہے کہ تم مین سے جو شخص از روے

مِنْكُمْ سُوءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ

جہالت کوئی بدی کریگا پھر اسکے بعد وہ توبہ کرلے گا اور خرابی کی اصلاح کریگا تو خدا تعالے بڑا بخشنے والا

رَّحِيمٌ ○ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيٰتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ

(اور) رحم کرنیوالا ہے اور اسی طرح ہم آیات کی تفصیل کرتے ہین تاکہ قصور وارون کا راستہ صاف معلوم

ع ٦ ٥ ١٢

الْمُجْرِمِينَ ○ قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ

ہو جائے کہدو کہ مجھے تو اسکی ممانعت کی گئی ہے کہ مین انکی عبادت کرون جنکو

دُونِ اللّٰهِ ۗ قُلْ لَّا أَتَّبِعُ أَهْوَاءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَّمَا أَنَا

تم خدا کے سوا پکارتے ہو کہدو کہ مین تمھاری خواہشون کی پیروی نکرونگا اس صورت مین مین بھی راہ سے بھٹک

مِنَ الْمُهْتَدِينَ ○ قُلْ إِنِّي عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّي وَكَذَّبْتُمْ بِهِ

جاؤن اور ہدایت یافتہ نرہون کہدو کہ مین اپنے رب کیطرف سے کھلی دلیل پر ہون اور تم اسکو جھٹلاتے ہو

مَا عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ ۖ يَقُصُّ الْحَقَّ

جسکی تم جلدی کرتے ہو وہ میرے پاس نہین ہے اختیار فقط خدا ہی کو ہے وہ حق کو بیان کرتا ہے

وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِينَ ○ قُلْ لَّوْ أَنَّ عِنْدِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ

اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے کہدو کہ اگر وہ میرے پاس ہوتا جسکی تم جلدی کرتے ہو تو

بِهِ لَقُضِيَ الْأَمْرُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِالظّٰلِمِينَ ○ وَ

میرے تمھارے مابین معاملہ طے ہو چکا ہوتا اور اللہ ظالمون کے حال سے خوب واقف ہے اور

عِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ

غیب کے خزانے اُسی کے پاس ہیں اُسکے سوا اُن خزانوں کو کوئی نہیں جانتا اور وہ خشکی اور تری کی

وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ

سب چیزوں کو جانتا ہے اور ایک پتا بھی ایسا نہیں گرتا جسے وہ نہ جانتا ہو اور کوئی دانہ زمین کی اندھیریوں میں

الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ○ وَهُوَ

اور کوئی تر اور خشک ایسا نہیں ہے جسکا ذکر کھلی کتاب میں نہو اور وہ خدا

الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ

وہی ہے جو رات کو تمھاری روح قبض کر لیتا ہے اور دن میں جو کارروائی تم کر چکے ہو اُسکو بھی وہ جانتا ہے پھر

فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم

پھر تمکو اُسی میں اُٹھا بٹھاتا ہے کہ مقرر کیا ہوا وقت پورا ہو پھر تمھاری بازگشت اُسی کی حضور میں ہوگی

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ ع ٥ ١٣

پھر جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سے تمکو آگاہ کر دیگا۔ اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور پر حفاظت کرنیوالے بھیجتا ہے

عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ

یہان تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے اُسکا

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ○ ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ

خاتمہ کر دیتے ہیں اور وہ کسی طرح کوتاہی نہیں کرتے پھر وہ اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیر جاتے ہیں

الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ○ قُلْ مَن

خبردار ہو اختیار اُسی کا ہے اور وہ سب سے تیز حساب لینیوالا ہے تم کہدو کہ

يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً

خشکی اور تری کی اندھیریوں سے تمکو نجات کون دیتا ہے جس سے تم اِدھر رو کے اور چپکے چپکے دعا مانگتے ہو

لَئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ○ قُلِ اللَّهُ

کہ اگر اُسنے اس سے ہمکو بچا لیا تو ہم ضرور شکر گزار بن جائینگے کہدو کہ اللہ

يُنَجِّيكُم مِّنْهَا وَمِن كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِكُونَ ○ قُلْ هُوَ

تمکو اُن (اندھیریوں) سے اور ہر رنج سے نجات دیتا ہے پھر تم (اُسکا) شریک کہتے ہو کہدو کہ وہ

الْقَادِرُ عَلَىٰ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن

اسپر قادر ہے کہ تمپر عذاب اوپر کی طرف سے بھیجے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا تمہارے

تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ

ایک گروہ کو دوسرے سے بھڑا دے اور تم میں سے ایک کی سختی کا مزہ دوسرے کو چکھائے

بَعْضٍ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُونَ ○

غور کرو کہ ہم آیات کو کس طرح اُلٹ پلٹ کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھ لیں

وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ قُل لَّسْتُ عَلَيْكُم

اور تمہاری قوم نے اُسکو جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے تم کہدو کہ میں تمہارا نگران نہیں

بِوَكِيلٍ ○ لِّكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ○ وَإِذَا

ہوں ہر چیز کا ایک وقت معین ہے اور آگے چل کر تم بھی معلوم کرلو گے اور جس وقت تم

رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّىٰ

اُن لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں (بنظر استہزا اور تکذیب) غور وخوض کرتے ہیں تو تم اُنسے

يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ

اعراض کر جاؤ جبتک کہ وہ دوسری بات میں غور نہ کرنے لگیں اور اگر شیطان تمکو بھلا دے

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ وَمَا

تو یاد آجانیکے بعد ظالم لوگوں کے پاس نہ بیٹھو اور جو لوگ

عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ

متقی ہیں اُنکے ذمہ ظالموں کے حساب کا کوئی جزو نہ ہوگا لیکن اتنا کہ یاد دلاتے

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَ

رہیں تاکہ وہ باز رہیں اور اُن لوگوں کو جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنا رکھا ہے اور

لَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ

دنیا کی زندگانی نے انکو دھوکا دیا ہے چھوڑدو اور اسی قرآن کے ذریعہ سے نصیحت کرو

بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

کہ نفس اپنے افعال سے باز رہے کیونکہ خدا کے سوا اسکا کوئی سفارشی اور حمایتی نہوگا

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

اور اگر وہ کوئی فدیہ دینا چاہیگا تو اس سے قبول نہ کیا جائیگا وہ وہی تو ہین جو اپنے

اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ

کرتوت کے سبب سے ہلاک کئے گئے انہی کے لئے گرم پانی کا پینا ہے اور جن باتونکا انکار

اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ع ۸ ۱۰ ۱۴

کیا کرتے تھے انہی کے سبب دردناک عذاب ہے تم کہدو کیا ہم خدا کو چھوڑ کر انکی عبادت کرین کہ جو

مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ

ہمکو نہ نفع پہنچائین نہ نقصان اور بعد اسکے کہ خدا ہمکو ہدایت کر چکا ہو مثل اس شخص کے پچھلے

هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ

پاؤن پھر جائین جسکو بھوتون نے زمین مین راستہ بھلا کر حیران کر دیا ہو کہ اس کے

حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا قُلْ

یار دوست سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہی رہین کہ ادھر آؤ (ادھر آؤ) تم کہدو کہ

اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ

اللہ کی ہدایت اصل ہدایت تو وہی ہے اور ہمکو حکم دیا گیا ہے کہ ہم پروردگار عالم

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ وَهُوَ الَّذِيْٓ

کو مان لین اور حکم دیا گیا ہے کہ تم نماز پڑھو اور اس سے ڈرو اور وہ وہی ہے

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

جسکی حضور مین تم محشور کئے جاؤگے اور وہ خدا وہی ہے جسنے آسمانون اور زمین کو برحق پیدا کیا

الحزب

بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُولُ كُن فَيَكُونُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ

اور اُس دن کو (بھی جسدن) فرمائیگا ہوجا اور ہوجائیگا اُسکا قول حق ہے اور جسدن صور پھونکا جائیگا

يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ

اختیار اُسی کا ہوگا غیب کا اور حضوری کا وہ عالم ہے اور وہ صاحب حکمت وخبر

الْخَبِيرُ ۝ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا

ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت ابراہیم نے اپنے باپ (یعنی چچا) آزر سے کہا کیا تم بتونکو

آلِهَةً ۖ إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ وَ

خدا بناتے ہو میں تم کو اور تمھاری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں اور

كَذَٰلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

اس طرح ہم ابراہیم کو آسمان اور زمین کی سلطنت دکھانے لگے

وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأَىٰ

تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہوجائیں پھر جب رات اُن پر چھاگئی تو اُنہوں نے ایک

كَوْكَبًا ۖ قَالَ هَٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ

ستارہ دیکھا (تو اپنی قوم سے) کہا کہ یہ میرا پروردگار ہے پھر جب وہ غروب ہوگیا فرمایا کہ میں غروب ہوجانے والوں

الْآفِلِينَ ۝ فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هَٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا

کو تو پسند نہیں کرتا پھر جب چاند کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ

أَفَلَ قَالَ لَئِن لَّمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

غروب ہوا فرمایا کہ اگر میرے پروردگار نے مجھے ہدایت نہ کی ہوتی تو میں بھی ضرور گمراہوں میں

الضَّالِّينَ ۝ فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هَٰذَا رَبِّي

ہوجاتا پھر جب سورج کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا پروردگار ہے یہ

هَٰذَا أَكْبَرُ ۖ فَلَمَّا أَفَلَتْ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا

سب سے بڑا ہے پھر جب وہ غروب ہوگیا تو فرمایا کہ اے میری قوم میں تو ان سب چیزوں سے بیزار ہوں جنکو تم

تُشْرِكُونَ ○ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

شریک (خدا) کرتے ہو دور ہون۔ مین تو یکسو ہو کر اور اطاعت گزاری کے لئے سب طرف سے اسکی طرف اپنا رخ کرتا ہون

وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ وَحَاجَّهُ

جسنے آسمانون کو اور زمین کو پیدا کیا اور مین مشرکین مین سے نہین ہون اور اُنکی قوم نے

قَوْمُهُ قَالَ أَتُحَاجُّونِّي فِي اللَّهِ وَقَدْ هَدَانِ وَلَا أَخَافُ

اُنسے جھگڑا کیا فرمایا کیا تم اللہ کے بارے مین مجھسے جھگڑتے ہو حالانکہ اُسنے مجھکو رستہ بتایا ہے اور جن چیزون کو

مَا تُشْرِكُونَ بِهِ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبِّي شَيْئًا وَسِعَ رَبِّي

جہنم والوں کی طرف پھریگی تو عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو

مع القوم الظلمين ۝ ونادى اصحب الاعراف ع ۵ ۱۲

ظالم لوگوں کے ساتھ نہ رکھیو اور مالکان اعراف (سرداران کفار میں سے) بعض لوگوں کو

رجالا يعرفونهم بسيمهم قالوا ما اغنى عنكم

پکارینگے جنکو وہ اُنکی پیشانیوں سے پہچانتے ہونگے اور یہ کہینگے کہ نہ تمہارے جتھے نے کچھ کام دیا

جمعكم وما كنتم تستكبرون ۝ اهؤلاء الذين

اور نہ اُن چیزوں نے جنپر تم گھمنڈ کیا کرتے تھے (کیا) یہ (گنہگار شیعوں کی طرف اشارہ کرکے اُن کفار سے دریافت

اقسمتم لا ينالهم الله برحمة ادخلوا الجنة

کرینگے کہ) آیا یہی ہیں جنکی نسبت تم قسم کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ انپر اللہ رحمت نہ کریگا (پھر اُن شیعوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمائینگے)

لا خوف عليكم ولا انتم تحزنون ۝ ونادى

تم جنت میں جاؤ تمپر کوئی خوف نہیں ہے اور نہ تم رنجیدہ ہوگے اور جہنم والے

اصحب النار اصحب الجنة ان افيضوا علينا

جنت والوں سے پکار کر کہینگے کہ تھوڑا سا پانی اور کچھ وہ چیزیں جو اللہ نے

من الماء او مما رزقكم الله ۚ قالوا ان الله حرمهما

تمکو عنایت کی ہیں ہمپر (بھی) اُنڈیلدو (وہ) جواب دینگے کہ اللہ نے یہ دونو چیزیں اُن

على الكفرين ۝ الذين اتخذوا دينهم لهوا

کافروں پر حرام کردی ہیں جنہوں نے اُسکے دین کو کھیل کود بنایا تھا

ولعبا وغرتهم الحيوة الدنيا ۚ فاليوم ننسهم

اور زندگانی دنیا نے اُنکو دھوکا دیا تھا (ارشاد باری ہوگا) بس آج کے دن

كما نسوا لقاء يومهم هذا وما كانوا بايتنا

ہم (بھی) اُنکو ایسا ہی بھلادینگے جیسا کہ وہ اس دن کے آنیکو بھولے ہوئے تھے اور جیسا کہ وہ ہماری نشانیوں

يَجْحَدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

انکار کیا کرتے تھے اور بیشک ہمنے اُنکو ایک ایسی کتاب دی ہے جسکی تفصیل ہمنے جانچ کر کی ہو

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

درآنحالیکہ وہ ایمان لانیوالے لوگون کے لئے ہدایت و رحمت ہے کیا وہ صرف اُسکے انجام کے

اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ

منتظر ہین؟ جسدن اُسکا انجام ظاہر ہوجائیگا تو جو اُسکو پہلے سے بھولے ہوئے تھے

مِنْ قَبْلُ قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا

وہ یہ کہینگے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لیکر آئے تھے پھر اب ہمارے بھی کوئی

مِنْ شُفَعَاۗءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ

شفاعت کرنیوالے ہین جو ہماری شفاعت کرین یا ہم واپس بھیجدیے جائین کہ جیسے عمل (بد) ہم کیا کرتے

كُنَّا نَعْمَلُ ۭ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

تھے اُنکے برخلاف (نیک) عمل کرین بیشک اُنھون نے اپنے آپ کو بڑا نقصان پہنچایا اور جو افترا پردازیان وہ

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ ع ۶ ۱۳

کیا کرتے تھے وہ سب اُنکے ہاتھ سے نکل گئین۔ بیشک تمہارا پروردگار وہ اللہ ہے جسنے آسمانون کو اور

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَي الْعَرْشِ

زمین کو چھ دن مین پیدا کیا پھر عرش پر (اُسکا حکم) غالب آیا (۱)

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَ

رات کو دن سے ڈھانپ دیتا ہے جو تیزی سے اُسکے پیچھے چلا آتا ہے اور (اُسی نے) سورج اور

الْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ

چاند اور ستارون کو اس شان سے پیدا کیا کہ اُسکے حکم کے تابع ہین آگاہ رہو کہ بنانا اور حکم دینا

وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ

اُسی کا کام ہے اللہ کل عالمون کا پرورش کرنیوالا صاحب برکت ہے تم اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر اور

۱۔ لہ الخلق والامر خلق سے مراد عالم اجسام اور امر سے مراد عالم ارواح ہے ۱۲

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا

چھپکے چھپکے دعا مانگا کرو بیشک وہ تجاوز کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا اور

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ

زمین مین بعد اُسکی اصلاح کے فساد مت کرو اور خدا سے امید وبیم

خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ

کے ساتھ دعا مانگو بیشک رحمت خدا نیکی کرنیوالون سے قریب

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا

ہے اور وہ وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے کے لئے

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا

ہوا کو بھیجدیتا ہے یہانتک کہ جب وہ بھرے ہوے بادلون کو لے آتی ہے تو ہم

سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا

اُنکو مُردہ زمینون کی طرف لیجاتے ہین پھر اُن مین سے پانی اُتارتے ہین پھر اُسکے ذریعہ سے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ

ہر قسم کے پھل پیدا کردیتے ہین اسی طرح ہم مُردون کو (بھی) زندہ کرینگے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ

یاد رکھو اور عمدہ زمین کی نباتات تو حکم خدا سے خوب اُگتی ہے

رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ۭ كَذٰلِكَ

اور جو زمین ناکارہ ہوتی ہے اسمین سے کچھ نہین اُگتا مگر اکا دُکا ہم اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ لَقَدْ اَرْسَلْنَا ع ٥ ١٤

شکر کرنیوالون کے لئے آیات کا اُلٹ پھیر کیا کرتے ہین بیشک ہمنے نوح کو اُنکی

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

قوم کی طرف بھیجا پس اُنہون نے یہ فرمایا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو کہ اُسکے سوا تمہارا

مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

اور کوئی معبود نہیں ہے میں ضرور تمھارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

اُنکی قوم کے شرفا نے یہ کہدیا کہ ہم تو آپ ہی کو کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ

حضرت نوحؑ نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ میں گمراہی (ذرہ) بھر بھی نہیں ہے بلکہ میں تو پروردگا

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ

کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر ہوں تمکو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمھاری ہی خیرخواہی

لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَوَعَجِبْتُمْ

کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ کیا تمھیں اس سے تعجب ہوا

اَنْ جَاۗءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ مِّنْكُمْ

کہ تمھارے رب کی طرف سے نصیحت تمھیں میں سے ایک مرد پر نازل ہوئی

لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

تاکہ وہ تمکو ڈرائے اور تم متقی ہو جاؤ اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ

پس اُنہوں نے اُنکو جھٹلایا اور ہمنے خود اُنکو اور کشتی میں جو اُنکے ساتھ تھے اُنکو نجات دیدی اور

اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے اُنکو ہمنے غرق کردیا بیشک وہ لوگ کورباطن

ع ٦ ١٥

عَمِيْنَ ۝ وَاِلٰي عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ

تھے اور عاد کی طرف ہمنے اُنہیں کے ہم قوم ہودؑ کو بھیجا اُنہوں نے کہا کہ اے میری

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝

اللہ کی عبادت کروکہ اُسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم (عذاب خدا سے) نہیں ڈرتے

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ

اُنکی قوم میں سے جو کافر تھے اُن میں سے بڑوں نے کہا ہم تو تمکو یقینی نادانی

سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ

میں دیکھتے ہیں اور بیشک ہم تمکو جھوٹوں میں سے گمان کرتے ہیں (انہوں نے) فرمایا کہ اے میری

لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

قوم مجھ میں ذرہ بھر نادانی نہیں ہے بلکہ میں تو پروردگار عالم کی طرف سے رسول ہوں

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ۝

اپنے پروردگار کے پیغام تمکو پہنچاتا ہوں اور تمہارا معتبر خیر خواہ ہوں

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ

کیا تمکو اس سے تعجب ہوا کہ تمہارے رب کی طرف سے نصیحت تمہیں میں سے ایک شخص پر

مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ

نازل ہوئی کہ وہ تمکو ڈرائے اور تم یاد کرو جبکہ خدا نے بعد قوم نوح کے تمکو زمین

مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ

کا خلیفہ بنایا ہے اور اپنی مخلوق میں تمکو قوت اور قامت میں زیادہ کیا ہے

فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا

پس خدا کی نعمتوں کو یاد کرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ (انہوں نے) کہا کیا تم اس لئے

لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ

ہمارے پاس آئے ہو کہ ہم ایک خدا کی (تو) عبادت کریں اور جنکی ہمارے باپ دادا عبادت کیا کرتے تھے انکو چھوڑ دیں

فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ

(جاؤ) اگر تم سچے ہو تو جس عذاب کا ہم سے وعدہ کرتے ہو اُسے لے آؤ (حضرت ہودؑ نے) فرمایا

قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ

کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے عذاب اور غضب (تو) آچکا ہے

نعمت خدا کیا مراد ہے آپ نے عرض کی نہیں۔ فرمایا سب سے بڑی نعمت جو خدا نے اپنی مخلوق کو عنایت کی وہ ہماری ولایت ہے ۱۲ [illegible]

أَتُجَادِلُونَنِي فِي أَسْمَاءٍ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ
کیا تم مجھسے ایسی چیزون کے بارے مین جھگڑتے ہو جنکو تمنے اور تمھارے باپ داوانے خود سے نام دکر لیا
مَا نَزَّلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ
اور اللہ نے اُنکے متعلق کوئی دلیل نازل نہین کی لہذا تم (عذاب کے) منتظر رہو مین بھی تمھارے
مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِينَ مَعَهُ بِرَحْمَةٍ
ساتھ انتظار کرنیوالون مین سے ہون پس ہمنے (ھود) انکو اور جو اُنکے ساتھ تھے اُنکو اپنی رحمت سے نجات دی
مِنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ وَمَا
اور جو ہماری آیتون کو جھٹلایا کرتے تھے اور مومن نہ تھے
كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا
اُنکی ہمنے نسل قطع کردی اور قوم ثمود کی طرف ہمنے اُنکے بھائی صالح کو بھیجا تھا
قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ
اُنھون نے یہ کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہین ہے
قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ هَٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ
تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے پاس کھلا معجزہ آیا ہے یہ اللہ کی اونٹنی تمھارے
لَكُمْ آيَةً ۖ فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ ۖ وَلَا
لئے ایک نشانی ہے اسے چھوڑدو کہ اللہ کی زمین مین چرتی پھرے اور اسے بُری
تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝
طرح نہ چھونا (یعنی تکلیف نہ پہنچانا) ورنہ تمکو دردناک عذاب آلیگا
وَاذْكُرُوا إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَ
اور اسکو یاد رکھو کہ قوم عاد کے بعد (خدانے) تمکو مالک بنایا ہے اور تمکو
بَوَّأَكُمْ فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِنْ سُهُولِهَا قُصُورًا
اس زمین مین آباد کیا ہے کہ نرم زمینون مین تم محل بناتے ہو

ع ٩ ٨ ١٢

اضافت دی گئی کہ بلا واسطہ (نر و مادہ کے) پیدا کی گئی تھی اور اسلیئے خدا کی ایک نشانی تھی ١٢

وَتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ وَلَا

اور پہاڑوں کو کاٹ کاٹ کے تم مکان بناتے ہو تو اب اللہ کی نعمتوں کو یاد کرتے رہو اور

تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ قَالَ الْمَلَاُ

زمین میں فساد مت کرو انکی قوم میں سے جو

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

بڑے بڑے تھے انکے سرداروں نے ان کمزور لوگوں سے جو

لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ

ایمان لائے تھے کہا کیا تم یہ جانتے ہو کہ صالح خدا کی طرف سے بھیجا ہوا

مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝

رسول ہے (انہوں نے) کہا کہ جو کچھ یہ لیکر آئے ہیں ہم تو اسپر بالیقین ایمان رکھتے ہیں

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ

متکبرین نے کہا کہ تم جسپر ایمان رکھتے ہو ہم اسکے بالیقین

كٰفِرُوْنَ ۝ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ

منکر ہیں پھر انہوں نے اونٹنی کو پے کردیا اور اپنے پروردگار کے حکم سے

وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

سرکشی کی اور یہ کہدیا کہ اے صالح اگر تم رسولوں میں سے ہو تو جس (عذاب) کا تم ہم سے وعدہ

الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

کرتے ہو اسے لے آؤ آخر زلزلہ نے انکو آلیا اور وہ اپنے گھروں میں

دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ

(بیٹھے کے بیٹھے) رہ گئے اور حضرت صالح انسے روگرداں ہوئے اور یہ فرمایا کہ اے میری

لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ

قوم میں نے تو اپنے پروردگار کا پیغام تمکو پہنچادیا تھا اور تمکو نصیحت کردی تھی ولیکن

لَا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ○ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ

تم نصیحت کرنیوالونکو دوست نہین رکھتے اور ہمنے لوطؑ کو بھیجا تو اُنہون نے اپنی قوم سے کہا کہ

اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ

کیا تم ایسی بدی کرتے ہو کہ ویسی بدی تمام عالم مین کسی نے

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ○ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

نہ کی بیشک تم عورتون کو چھوڑ کر مردون کے ساتھ

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○

شہوت رانی کرتے ہو تم ضرور حد سے گزرجانے والے لوگون مین سے ہو

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ

اور اُنکی قوم کا کوئی جواب نہ تھا سوائے اسکے کہ یہ کہنے لگے کہ انکو اپنے گاؤن

مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ○ فَاَنْجَيْنٰهُ

سے نکالدو اس لئے کہ یہ وہ لوگ ہین جو پاک بنتے ہین پس ہمنے لوطؑ کو

وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ○ وَ

اور اُنکے بال بچون کو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے کہ وہ پیچھے رہجانیوالون مین تھی اور

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اُنپر ہمنے پتھرون کا مینہ برسایا پس غور کرو کہ مجرمون کا انجام

ع ١٠ / ١٢ / ١٧ الْمُجْرِمِيْنَ ○ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ

کیا ہوا اور مدین مین ہمنے اُنکے بھائی شعیبؑ کو بھیجا اُنہون نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ

کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمھارا کوئی معبود نہین ہے تمھارے

جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ

رب کے پاس سے تمھارے پاس کھلی دلیل آچکی ہے تو اب پیمانہ اور ترازو

نام اُنکے جدِ امجد کے نام پر تھا اور یہی نام اُنہون نے اپنے شہر کا رکھا تفسیر قمی مین ہے کہ خدا تعالےٰ نے حضرت شعیبؑ کو مدین مین نبی بنا کر بھیجا اور یہ شام کے راستے پر ایک

وَالْمِيزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ
پورے رکھو اور لوگون کو انکی چیزین کم نہ دو
وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا
اور بعد اصلاح ہوجانے کے زمین مین فساد مت پھیلاؤ
ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ○
یہ بات تمھارے لئے بہت ہی اچھی ہے اگر تم مومن ہو
وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَ
اور ہر راستہ مین اس غرض سے نہ بیٹھو کہ لوگون کو ڈراؤ اور
تَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَ
جو اللہ پر ایمان لائین انکو راہ خدا سے باز رکھو اور اسکی
تَبْغُونَهَا عِوَجًا وَاذْكُرُوا إِذْ كُنْتُمْ
کجی کے خواستگار ہو اور اسکو یاد رکھو کہ تم تھوڑے سے
قَلِيلًا فَكَثَّرَكُمْ وَانْظُرُوا كَيْفَ
تھے خدا نے تمکو بڑھا دیا ہے اور غور کرو کہ فساد کرنیوالون
كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ○ وَإِنْ كَانَ
کا انجام کیا ہوتا رہا ہے اور اگر تم مین
طَائِفَةٌ مِنْكُمْ آمَنُوا بِالَّذِي أُرْسِلْتُ
سے ایک گروہ اس حکم پر جسکے ساتھ مین بھیجا گیا ہون
بِهِ وَطَائِفَةٌ لَمْ يُؤْمِنُوا فَاصْبِرُوا حَتَّىٰ
ایمان لایا اور ایک گروہ ایمان نہ لایا تو صبر کرو جبتک کہ خدا
يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَنَا وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ○
ہمارے مابین فیصلہ نہ فرمادے اور وہ سب سے اچھا فیصلہ فرمانیوالا ہے

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ
اُنکی قوم میں سے جو بڑا بننا چاہتے تھے اُنکے سرداروں نے
قَوْمِهِ لَنُخْرِجَنَّكَ يَا شُعَيْبُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَكَ
کہا کہ اے شعیب ہم تمکو اور تمہارے ساتھ جو ایمان لائے ہیں اُنکو
مِنْ قَرْيَتِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۚ قَالَ أَوَلَوْ كُنَّا
اپنے گاؤں سے ضرور نکال دینگے یا تم بھی ہمارے مذہب میں پلٹ آؤ (حضرت شعیبؑ نے) جواب دیا (آیا ہم
كَارِهِينَ ۝ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا إِنْ عُدْنَا
پلٹ آئیں) گو ہم نفرت کرتے ہوں اگر ہم تمہاری ملت میں لوٹ آئیں بعد اسکے کہ اللہ
فِي مِلَّتِكُمْ بَعْدَ إِذْ نَجَّانَا اللَّهُ مِنْهَا ۚ وَمَا يَكُونُ
ہمکو اُس سے نجات دے چکا ہے تو ضرور ہم خدا پر جھوٹا بہتان باندھنے والے ہوئے اور ہمکو
لَنَا أَنْ نَعُودَ فِيهَا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّنَا ۚ وَسِعَ
ہو گیا گیا ہی کہ ہم اس دین میں لوٹ آئیں سوا اسکے کہ ہمارے پروردگار کی خواہش یوں ہی ہو۔ ہمارے
رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۚ عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا افْتَحْ
پروردگار کا علم ہر چیز پر حاوی ہے اللہ ہی پر ہمنے بھروسہ کیا ہے اے ہمارے پروردگار تو ہمارے
بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ۝
مابین اور ہماری قوم کے مابین حق کے ساتھ فیصلہ فرمادے اور تو (ہی) سب سے بہتر فیصلہ فرمانیوالا ہے
وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ
اور اُنکی قوم میں سے جو کافر ہو گئے تھے اُنکے سرداروں نے یہ کہا کہ اگر تمنے شعیب کی پیروی کی
شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَخَاسِرُونَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ
تو اُس صورت میں تم بھی یقیناً نقصان اُٹھانیوالوں میں ہو جاؤ گے۔ پھر اُنکو زلزلے نے آلیا اور
فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ الَّذِينَ كَذَّبُوا
وہ اپنے گھروں میں بیٹھے کے بیٹھے رہ گئے جنہوں نے شعیب کی تکذیب

شعيبا كأن لم يغنوا فيها ۚ الذين كذبوا شعيبا

کی تھی وہ ایسے برباد ہو گئے گویا کبھی آبادی نہ ہوئے تھے جنہون نے شعیب کو جھٹلایا تھا

كانوا هم الخسرين ○ فتولى عنهم وقال يقوم

نقصان اُٹھانیوالے وہی ہوئے پس شعیب اُنسے روگردان ہوئے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم

لقد ابلغتكم رسلت ربي ونصحت لكم فكيف

مین نے تمکو اپنے پروردگار کے پیغام یقیناً پہنچا دئے اور تمہین نصیحت بھی کی تو اب منکر لوگون

اسى على قوم كفرين ○ وما ارسلنا في قرية من

کے لئے رنج کیا کرون اور ہمنے کسی بستی مین کوئی نبی نہین بھیجا

ع ١٢ ٩

نبي الا اخذنا اهلها بالباساء والضراء لعلهم

مگر یہ کہ (جب اُسکا انکار کیا تو) وہان کے باشندون کو افلاس و مرض مین (بھی) گرفتار کیا تاکہ اُنکے

يضرعون ○ ثم بدلنا مكان السيئة الحسنة

دل نرم ہون اور وہ روئین پیٹین (اگر وہ روئے دھوئے تو) پھر ہمنے اُنکی بلا کو عافیت سے بدل (بھی) دیا

حتى عفوا وقالوا قد مس اباءنا الضراء والسراء

یہانتک کہ وہ خوب بڑھے اور کہنے لگے کہ ہمارے باپ داداؤن پر مصیبتین اور راحتین (سب ہی کچھ) گزر چکی

فاخذنهم بغتة وهم لا يشعرون ○ ولو ان

ہین پھر ہمنے اُنکو یکایک ایسے حال مین کہ وہ بیخبر تھے دھر پکڑا اور اگر بستیون والے

اهل القرى امنوا واتقوا لفتحنا عليهم بركت

ایمان لے آتے اور ڈرتے رہتے تو ہم اُنپر آسمان و زمین

من السماء والارض ولكن كذبوا فاخذنهم بما

کی برکتین کھول دیتے ولیکن اُنہون نے جھٹلایا پھر ہمنے بھی جیسی (جیسی)

كانوا يكسبون ○ افامن اهل القرى ان يأتيهم

بدیان وہ کیا کرتے تھے اُسی کے بموجب اُنسے مواخذہ کیا۔ کیا گاؤن والے اسی سے بیخوف ہو گئے ہین کہ ہمارا عذاب

مطلب یہ ہے کہ نحوستون کی کثرت سے اگر وبا پھیلا دیا تھا کہ اُنہون نے شکر خدا چھوڑ دیا تھا اور خدا بھول گئے تھے اور یہ کہنے لگے تھے کہ یہ زمانہ کی عادت ہے کہ لوگون پر کبھی افلاس طاری ہوتا ہے کبھی بیماری ایسا ہی ہمارے باپ دادا پر بھی کبھی اتفاق پڑا تھا مگر اُنہون نے باوجود اپنے افلاس

بأسنا بياتا وهم نائمون ○ أوأمن أهل القرى

انکو راتون رات آلے اور وہ سوتے کے سوتے رہین یا گاؤن والے اس سے مطمئن ہو گئے ہین

أن يأتيهم بأسنا ضحى وهم يلعبون ○ أفأمنوا

کہ ہمارا عذاب اُنکو دن دہاڑے آلے اور وہ کھیل کود ہی مین ہون کیا وہ خدا کے بدلہ لینے سے

مكر الله فلا يأمن مكر الله إلا القوم الخسرون ○ ع ۱۲ ۲

مطمئن ہو گئے ہین حالانکہ خدا کے عذاب سے سوائے نقصان اٹھانیوالون کے کوئی مطمئن نہین ہوا کرتا

أولم يهد للذين يرثون الأرض من بعد أهلها

کیا اُسنے اُن لوگون کو جو پہلے مالکون کے بعد زمین کے وارث ہوے ہین اس امر کی ہدایت نہین کی ہے

أن لو نشاء أصبنهم بذنوبهم ونطبع على قلوبهم

کہ اگر ہم چاہین تو اُنکے گناہونکے بدلہ مین اُنپر مصیبت نازل کر دینا اور اُنکے دلونپر ایسی مُہر لگا دین کہ

فهم لا يسمعون ○ تلك القرى نقص عليك

وہ نہ (کچھ) سنین (نہ سمجھین) وہ بستیان جنکی بعض خبرین ہم تمسے بیان کیا کرتے ہین

من أنبائها ولقد جاءتهم رسلهم بالبينت

یہی ہین اور اُنکے پیغمبر اُنکے پاس دلیلین لیکر یقینا آئے تھے

فما كانوا ليؤمنوا بما كذبوا من قبل كذلك يطبع

پس جنکو وہ پہلے سے جھٹلا چکے تھے اُنپر کسی طرح ایمان نہ لائے اسی طرح اللہ انکار کرنیوالون

الله على قلوب الكفرين ○ وما وجدنا لأكثرهم

کے دلون پر چھاپا لگا دیا کرتا ہے اور ہمنے اُنمین سے بہت سون مین (اپنی) بات

من عهد وإن وجدنا أكثرهم لفسقين ○ ثم

کا پاس نہ پایا اور ہمنے اُن مین سے بہت سون کو نافرمان پایا پھر

بعثنا من بعدهم موسى بأيتنا إلى فرعون وملايه

ہمنے اُنکے بعد موسٰے کو اپنی نشانیان دیکر فرعون اور اُسکے اراکین دولت کے پاس بھیجا

...ان کو کچھ پتیار چھا خوف تھا اس ... کہا کہ اے موسٰے اسکو لے لیجئے۔ اس وقت موسٰے نے وہ فرمایا جو آگے کی آیت مین ہے ۱۲ ...

فَظَلَمُوا بِهَا ۚ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ۝

پس اُنھوں نے اُن نشانیوں کا انکار کر دیا اب غور کرلو کہ فساد کرنیوالوں کا انجام کیسا ہوا

وَقَالَ مُوسَىٰ يَا فِرْعَوْنُ إِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝

اور موسےٰ نے یہ فرمایا کہ اے فرعون مین تمام عالموں کے پروردگار کی طرف سے رسول ہون

حَقِيقٌ عَلَىٰ أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ قَدْ جِئْتُكُم

میرے لئے شایان ہے کہ اللہ کا نام لیکر حق کے سوا کوئی بات نہ کہون مین تمھارے رب کے

بِبَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَرْسِلْ مَعِيَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ قَالَ

پاس سے دلیل لیکر آیا ہون پس بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیجدے (فرعون نے) کہا

إِن كُنتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِن كُنتَ مِنَ

اگر تم کوئی نشانی لیکر آئے ہو (اور) اگر تم سچے بھی ہو تو لاؤ اُسے

الصَّادِقِينَ ۝ فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ۝

پیش کرو پس موسےٰ نے اپنا عصا ڈالدیا وہ یکایک ظاہر بظاہر اژدہا بن گیا

وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ۝ قَالَ الْمَلَأُ

اور اپنا ہاتھ جو نکالا تو وہ یکایک تمام دیکھنے والون کے لئے بہت روشن ہو گیا قوم فرعون کے

مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ۝ يُرِيدُ أَن

سرفانے کہا کہ ضرور یہ پڑھا ہوا جادوگر ہے یہ تمکو تمھارے ملک

يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُمْ ۖ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ۝ قَالُوا أَرْجِهْ

سے نکالدینا چاہتا ہے اب تم کیا مشورہ دیتے ہو اُنھوں نے کہا کہ انکو اور

وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ۝ يَأْتُوكَ بِكُلِّ

انکے بھائی کو (تو آپ) مہلت دیں اور شہرون مین گرداور بھیجدین کہ وہ ہر پڑھے ہوجادوگر کو

سَاحِرٍ عَلِيمٍ ۝ وَجَاءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوا إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا

حضور مین لے آئین اور وہ جادوگر فرعون کے پاس آئے اور دریافت کرنے لگے کہ اگر ہم

ترجمہ [illegible]

تفسیر عباسی مین وارد ہوا ہے کہ [illegible] جسکی ولادت مین کوئی خباثت ہو ۱۲

إِن كُنَّا نَحْنُ الْغَلِبِينَ ○ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ

غالب آگئے (تو) ہمکو کچھ صلہ بھی ملیگا؟ اُسنے کہا ہان (ملیگا) اور تم مقربین دربار سے بھی ضرور ہی

الْمُقَرَّبِينَ ○ قَالُوا يَمُوسَى إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن

ہوجاوگے (جادوگر) بولے کہ اے موسٰے تو اب تم ڈالتے ہو یا ہم ہی

نَّكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ ○ قَالَ أَلْقُوا ۚ فَلَمَّا أَلْقَوْا

ڈالنے والے بنین (موسٰے نے) فرمایا کہ (تم ہی) ڈالو پس جب اُنہون نے ڈالا

سَحَرُوا أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءُو

تو لوگون کی نظر بندی کردی اور اُنکو ڈرایا اور بہت بڑا جادو

بِسِحْرٍ عَظِيمٍ ○ وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ

لاموجود کیا اور ہمنے موسٰے کی طرف وحی کی کہ تم بھی اپنا عصا ڈالدو

فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ ○ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ

پس دیکھتے کیا ہین کہ جو کچھ ڈھکوسلا اُنہون نے بنا رکھا تھا وہ عصا اُسکو نگلے چلا جاتا ہے۔ پس اسطرح حق تو حق

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا

ثابت ہوگیا اور جو عمل وہ کر رہے تھے (وہ سب) باطل ہوگیا۔ پس جادوگر وہین کے وہین مغلوب اور ذلیل

صَغِرِينَ ○ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَجِدِينَ ○ قَالُوا آمَنَّا

ہوکر رہگئے اور سب کے سب سجدے مین گر پڑے اور کہنے لگے کہ ہم عالمون

بِرَبِّ الْعَلَمِينَ ○ رَبِّ مُوسَى وَهَرُونَ ○ قَالَ

کے پروردگار پر جو موسٰے اور ہارون کا پروردگار ہے ایمان لائے فرعون نے

فِرْعَوْنُ آمَنتُم بِهِ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّ هَذَا

کہا کہ تم اُسپر قبل اسکے کہ مین تمہین اجازت دون ایمان لے آئے ضرور یہ تمہاری کوئی

لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوهُ فِي الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُوا مِنْهَا أَهْلَهَا

چال ہے جو تم اس شہر مین چلے ہو کہ اس شہر کے باشندونکو یہان سے نکالدو

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ
تو اب تم مزہ بھی چکھ لوگے میں تمہارے مقابل کے ہاتھ پاؤں ضرور کاٹونگا

مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّآ
پھر تم سب کو ضرور سولی دیدونگا انہوں نے کہا کہ ہم تو

اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا
لوٹکر ضرور اپنے پروردگار کی حضور میں چلے جائینگے اور تو ہمسے صرف اتنی ہی سی بات پر تو بگڑتا ہی کہ ہم اپنے ربکی

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا
نشانیوں پر جسوقت بھی وہ ہمارے پاس آئیں ایمان لے آئے اے ہمارے پروردگار ہمکو بہت صابر

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ ع ١٤ ١٨ ٤
عنایت فرما اور ہمارا خاتمہ اسلام پر کردے اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا کیا تو

اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ
موسے کو اور اسکی قوم کو اسلئے چھوڑدیگا کہ وہ ملک میں فساد پھیلاتے رہیں حالانکہ

يَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ۭ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ
وہ تجھکو اور تیرے معبودونکو چھوڑ چکے ہیں (فرعون نے) کہا کہ ہم عنقریب انکے بیٹونکو قتل کرینگے اور انکی بیٹیونکو

نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ۝ قَالَ مُوْسٰى
زندہ چھوڑ دینگے اور ہم ان پر یقیناً غالب رہینگے موسے نے اپنی قوم سے

لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ
فرمایا کہ تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو بیشک یہ زمین اللہ ہی کی ہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝
وہ اپنے بندوں میں سے جسکو چاہتا ہی اسکا وارث کردیتا ہے حالانکہ انجام پرہیزگاروں ہی کا بہتر ہے

قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا
(بنی اسرائیل) بولے کہ (اے موسے) ہمنے تو تمہارے آنے سے پہلے بھی ایذا پائی اور تمہارے آنے کے

جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ

بعد بھی فرمایا قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمنوں کو ہلاک کردے اور

١٥ ع ٣ ٥ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۟

تمکو زمین میں اُنکا قائم مقام کردے اور پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو

وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ

اور بیشک ہمنے فرعون والوں کو متواتر قحطوں کی اور پھلوں کی کمی کی یعنی

الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۟ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ

سزا دی تاکہ وہ عبرت پکڑیں پھر جب اُنکے یہاں فراغت ہوئی تو اُنہوں نے یہ کہدیا

قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى

کہ یہ (فراخی) تو ہماری ہی وجہ سے ہوئی ہے اور اگر اُنکو کوئی تکلیف پہنچتی تو اُسکو موسیٰ سے اور اُنکے

وَمَنْ مَّعَهٗ ۭ اَلَآ اِنَّمَا طٰۗىِٕرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ

ساتھیوں کی نحوست بیان کرتے آگاہ رہو کہ اسباب نحوست خدا ہی کے اختیار میں ہیں لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۟ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ

اکثر لوگ جانتے ہی نہیں اور اُنہوں نے یہ بھی کہدیا تھا کہ جب کبھی کوئی ایسی نشانی

اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۟ فَاَرْسَلْنَا

لاؤ کہ اُس سے ہمپر جادو کردو تو ہم تو تیپر کبھی ایمان لانیوالے نہیں پس ہمنے اُنپر

عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ

طوفان (بھی) بھیجا ٹڈیاں بھی چچڑیاں بھی مینڈک بھی

وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۣ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

خون بھی یہ کھلی نشانیاں تھیں پھر بھی وہ اکڑے اِسلئے کہ وہ لوگ

مُّجْرِمِيْنَ ۟ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى

گنہگار ہی تھے اور جب اُنپر عذاب آتا تو کہنے لگتے کہ اے موسیٰ

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا

ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے بموجب اُس عہد کے جو اُسنے تمسے کیا ہے دعا کرو - اگر تمنے یہ عذاب ہمسے دور

الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝

کر دیا تو ضرور ہم تمپر ایمان بھی لے آئینگے اور بنی اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ ضرور ہی بھیجدینگے

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ هُمْ بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ

پھر جب ہم اُنسے عذاب کو ایک مدت تک کے لئے ہٹا لیتے تو وہ اُس مدت کے پورا ہونے سے پہلے

يَنْكُثُونَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ

پھر بدعہدی کرتے آخر ہمنے اُنسے بدلہ لیا اور اس بات کے عوض مین کہ وہ ہماری آیتون

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَأَوْرَثْنَا

کو جھٹلایا کرتے تھے اُنکو سمندر مین ڈبو دیا حالانکہ وہ اس عوض لینے (کے خیال) سے غافل تھے اور ہمنے

الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَ

اُس قوم کو جو ضعیف کر دی گئی تھی اُس زمین کے اس سرے سے اُس سرے تک کا مالک

مَغَارِبَهَا الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

بنا دیا جسمین اُنکو برکت بھی دی اور بنی اسرائیل کے حق مین بوجہ اُنکے صبر کے

الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ بِمَا صَبَرُوا ۖ وَدَمَّرْنَا

تمہارے رب کا اچھا (اور سچا) وعدہ پورا ہو گیا اور فرعون اور اُسکی

ربع مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ ۝

قوم جو کچھ بنایا اور بلند کیا کرتی تھی وہ سب کچھ ہمنے برباد کر دیا

وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتَوْا عَلَىٰ قَوْمٍ

اور ہم بنی اسرائیل کو سمندر پار لے گئے اور وہ ایک ایسی قوم کے پاس پہنچے

يَعْكُفُونَ عَلَىٰ أَصْنَامٍ لَهُمْ ۚ قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَلْ

جو اپنے بتون کی عبادت پر اڑے ہوے تھے (تو اُسوقت) بولے کہ اے موسے ہمارے لئے بھی

لَنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۚ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ○

ایک ایسا ہی معبود بنا دیجئے جیسے کہ انکے کئی معبود ہیں (موسیٰ نے) فرمایا یقیناً تم جاہل لوگ ہو

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا

یہ لوگ جس دین میں ہیں وہ ضرور تباہ ہونیوالا ہے اور انکے کل اعمال اکارت

يَعْمَلُوْنَ ○ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ

ہونیوالے ہیں (یہ بھی) فرمایا کہ کیا میں تمہارے لئے خدا کے سوا کوئی اور معبود تلاش کردوں حالانکہ وہ ایسا ہے کہ

فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ

اسنے تمکو تمام عالموں پر فضیلت دی ہے اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تمکو فرعون والوں (کے ہاتھ)

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ

سے نجات دی تھی جو تمکو برے سے برے عذاب دیا کرتے تھے (یعنی) تمہارے بیٹوں کو

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۗ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ

قتل کیا کرتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیا کرتے تھے اور اسمیں تمہارے پروردگار کی طرف سے (تمہاری)

ع ۱۶ ۱۲ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ○ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ

بڑی سخت آزمائش تھی اور ہمنے موسیٰ سے تیس شبوں کا وعدہ

لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ

کیا تھا اور ایک عشرہ اور ملا کر اسکو پورا کیا پس انکے پروردگار کی مقررہ مدت چالیس شب میں

لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ

پوری ہوئی اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ تم میری قوم میں میرے خلیفہ

قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○

بنو اور اصلاح کرتے رہو اور مفسدوں کی راہ کی پیروی نہ کرنا

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ

اور جب موسیٰ ہمارے مقررہ وقت پر آئے اور انکے پروردگار نے اُنسے باتیں کیں (موسیٰ نے) عرض کی کہ

ربع

رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرَانِي وَلَٰكِنِ انْظُرْ
ای میرے پروردگار تو مجھے دکھلادے کہ مین تجھے دیکھ لون فرمایا کہ تو مجھے ہرگز نہ دیکھیگا ولیکن پہاڑ کی طرف

إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي فَلَمَّا
نظر کر اگر وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو آئندہ تو مجھے دیکھ لیگا پس جسوقت

تَجَلَّىٰ رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوسَىٰ صَعِقًا
اُسکے پروردگار (یعنی اُسکا پیدا کیا ہوا نور) پہاڑ (والون) کی طرف جلوہ افروز ہوا تو اُسکے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے اور موسےٰ

فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ
غش کھاکر گر پڑے - پھر جب ہوش مین آئے - کہنے لگے - تیری ذات منزہ ہے مین تیری حضور مین توبہ کرتا ہون

الْمُؤْمِنِينَ ۝ قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى
اور مین (اس بات پر کہ تو دیکھا نہین جا سکتا) سب سے پہلا ایمان لانیوالا ہون - فرمایا ای موسےٰ بیشک مین نے تمکو اپنی

النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُنْ
رسالت اور اپنے کلام کے لئے کل آدمیون سے منتخب کر لیا ہے پس جو کچھ مین نے تمکو دیا ہے اُسے لو اور

مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ
شکر گزار رہو اور ہمنے لوحون مین اُنکے لئے نصیحت کی ہر بات اور ہر چیز کی تفصیل

شَيْءٍ مَوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ
لکھدی تھی (اور اُنکو یہ حکم دیا تھا) کہ اسکو مضبوط ہو کر لو اور اپنی

وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا سَأُرِيكُمْ دَارَ
قوم کو حکم سنادو کہ انہین سے اچھی اچھی باتون کو اختیار کرلین عنقریب مین تمکو نافرمانون کا مکان

الْفَاسِقِينَ ۝ سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ
دکھلادونگا عنقریب مین اپنی نشانیون سے اُن لوگون کو ہٹا دونگا جو

فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَإِنْ يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا
زمین پر ناحق تکبر کیا کرتے ہین اور اگر وہ ہر ایک نشانی کو دیکھ بھی لینگے تو بھی اُسپر ایمان

بِهَا ۚ وَإِن يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ

نہ لاوینگے اور اگر وہ نیکی کا راستہ دیکھ لینگے تو اُسے اپنا راستہ نہ بنائینگے

وَإِن يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ ذَٰلِكَ

اور اگر گمراہی کا رستہ دیکھ پائینگے تو اُسے اپنا راستہ بنا لینگے یہ اسوجہ سے کہ

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ○ وَالَّذِينَ

اُنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا اور اُنسے غافل رہے اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ

ہماری نشانیوں کو اور آخرت سے کام پڑجانیکو جھٹلایا اُنکے اعمال باطل ہوگئے

ع ١٧ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ وَاتَّخَذَ

کیا اُنکو سوائے اُس عمل کے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے کوئی اور بدلہ دیا جائیگا اور موسےٰ کی قوم نے

قَوْمُ مُوسَىٰ مِن بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا

اُنکے بعد اپنے زیوروں سے ایک بچھڑا بنا لیا (وہ) ایک کھوکھلی مورت تھی

لَّهُ خُوَارٌ ۚ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيهِمْ

جس میں گائے کی سی آواز تھی کیا وہ اتنا نہیں سمجھتے تھے کہ وہ بچھڑا انسے بات کرتا تھا اور نہ

وقف لازم سَبِيلًا ۘ اتَّخَذُوهُ وَكَانُوا ظَالِمِينَ ○ وَلَمَّا

اُنکو کوئی راستہ بتاتا تھا۔ (اسپر بھی) اُنہوں نے یہ ظلم کیا کہ اُسے پوجا اور جب وہ

سُقِطَ فِي أَيْدِيهِمْ وَرَأَوْا أَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوا

حد سے زیادہ نادم ہوئے اور یہ سمجھ گئے کہ ہم گمراہ ہوچکے

قَالُوا لَئِن لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ

تو اُنہوں نے عرض کی کہ اگر ہمارا پروردگار ہم پر رحم نہ فرمائیگا اور ہمارے گناہ معاف نہ کردیگا تو ہم ضرور

الْخَاسِرِينَ ○ وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ

نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہوجائینگے۔ اور جب موسےٰ اپنی قوم کی طرف سخت غصہ میں اور رنجیدہ

منزل ٢

اسفا قال بئسما خلفتمونی من بعدی اعجلتم
لوٹ کر آئے (اور) فرمایا کہ تمنے میرے بعد کیا ہی برا برتاؤ کیا ہے کیا تمنے اپنے پروردگار کی

امر ربکم والقی الالواح واخذ براس اخیہ
نسبت جلدی کی اور (غصہ سے) لوحین ڈالدین اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر اپنی طرف

یجرہ الیہ قال ابن ام ان القوم استضعفونی
کھینچا (انہوں نے) عرض کی کہ اے میرے ماں جائے بالتحقیق قوم نے مجھے ضعیف سمجھا

وکادوا یقتلوننی فلا تشمت بی الاعداء ولا
اور قریب تھا کہ مجھکو قتل کردے پس آپ مجھپر دشمنوں کو نہ ہنسوائیں اور

تجعلنی مع القوم الظلمین ۝ قال رب اغفر لی
ظالم لوگوں کے ساتھ میرا شمار نہ کریں (موسیٰ نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار

ولاخی وادخلنا فی رحمتک وانت ارحم الرحمین ۝ ع ١٨
تو مجھے اور میرے بھائی کو بخشدے اور ہم دونو کو اپنی رحمت میں داخل کرلے اور تو سب سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

ان الذین اتخذوا العجل سینالهم غضب
بالتحقیق جن لوگوں نے بچھڑا پوجا عنقریب انکے رب کی طرف سے انپر غضب

من ربهم وذلة فی الحیوة الدنیا وکذلک
آئیگا اور زندگانی دنیا میں انکو ذلت ملیگی اور ہم افترا پردازوں کو

نجزی المفترین ۝ والذین عملوا السیات ثم
ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اور جن لوگوں نے بدیاں کیں پھر

تابوا من بعدها وامنوا ان ربک من بعدها
اسکے بعد توبہ کرلی اور ایمان لے آئے بیشک تمہارا پروردگار بعد توبہ کرلینے کے

لغفور رحیم ۝ ولما سکت عن موسی
بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا

الغضب اخذ الالواح ۚ وفي نسختها هدًى و
تو انہوں نے لوحیں اٹھالیں اور اسکے نسخوں میں ان لوگوں کے لئے ہدایت

رحمة للذين هم لربهم يرهبون ۝ واختار
ورحمت تھی جو اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اور موسٰے نے

موسى قومه سبعين رجلا لميقاتنا ۚ فلما
اپنی قوم میں سے ستر آدمی ہمارے مقررہ وقت کے لئے چھانٹ لئے پھر جب انکو

اخذتهم الرجفة قال رب لو شئت اهلكتهم
زلزلے نے آلیا تو (موسٰے نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار اگر تو چاہتا تو انکو

من قبل واياي ۖ اتهلكنا بما فعل السفهاء منا ۚ
اور مجھے پہلے ہی ہلاک کردیتا کیا تو ہمیں اس کرتوت کے عوض ہلاک کرتا ہے جو ہم میں بیوقوف لوگوں نے کی

ان هي الا فتنتك تضل بها من تشاء وتهدي
یہ تو تیری ہی جانب سے آزمائش ہے اسکے ذریعے سے جسے تو چاہے توفیق ہدایت سلب کرلے اور جسے

من تشاء ۖ انت ولينا فاغفر لنا وارحمنا و
تو چاہے ہدایت فرمادے تو ہی ہمارا مالک ہے پس تو ہمیں بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور

انت خير الغافرين ۝ واكتب لنا في هذه الدنيا
تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے اور اس دنیا میں ہمارے لئے خوبی لکھدے

حسنة وفي الاخرة انا هدنا اليك ۚ قال عذابي
اور آخرت میں (جنت) یقیناً ہم نے تیرے (ہی) حضور میں توبہ کی ہے (خدا تعالٰے نے)

اصيب به من اشاء ۖ ورحمتي وسعت كل شيء ۚ
فرمایا کہ میں اپنا عذاب تو جسے چاہتا ہوں پہنچاتا ہوں اور رحمت میری ہر چیز کو حاوی ہے

فساكتبها للذين يتقون ويؤتون الزكوة
پس عنقریب میں ان لوگوں کے لئے جو ڈرتے رہتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں

وَالَّذِينَ هُم بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ ۝ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ

اور اُنکے لئے جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں رحمت لکھدونگا وہ لوگ جو رسول کی پیروی

الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا

کرتے ہیں (یعنی) اُس نبی اُمّی کی جسکا ذکر وہ اپنے پاس

عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ يَأْمُرُهُم

توریت اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں جو اُنکو نیکی کا حکم

بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ

دیتا ہے اور بدی سے باز رکھتا ہے اور پاک چیزوں کو اُنکے لئے

الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ

حلال قرار دیتا ہے اور ناپاک چیزوں کو اُنپر حرام ٹھہراتا ہے اور اُنکے وبال کو

إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا

اور اُن طوقوں کو جو اُنکے گلے میں پڑے تھے اُنسے دور کرتا ہے پس جو لوگ اُسپر ایمان

بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي

لائے اور (جنہوں نے) اُسکو قوت پہنچائی اور اُسکی مدد کی اور اُس نور کی پیروی کی جو اُسکے

أُنزِلَ مَعَهُ ۙ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ قُلْ يَا أَيُّهَا ع ١٩ ٦ ٩

ساتھ ساتھ نازل ہوا ہے وہی تو (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں تم کہدو کہ اے آدمیو

النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ

میں تم سب کی طرف خدا کا پیغام لانیوالا ہوں وہی خدا جسکا

مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي

اختیار آسمان پر بھی ہے اور زمین میں بھی سوائے اُسکے کوئی اور معبود نہیں ہے وہی جلاتا

وَيُمِيتُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي

ہے اور وہی مارتا ہے پس تم اللہ پر اور اُسکے رسول نبی اُمّی پر ایمان لاؤ جو خود

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

خدا اور اُسکے کلمات پر ایمان رکھتا ہے۔ اور اُسی کی پیروی کرو تاکہ تم (کبھی) ہدایت یافتہ ہو جاؤ

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

اور قوم موسےٰ میں سے ایک گروہ اُنکا بھی تھا جو راہ حق بتلاتے تھے اور حق کے بموجب

يَعْدِلُوْنَ ○ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا

فیصلے کیا کرتے تھے اور ہمنے اُنکو (یعنی قوم موسےٰ کو) بارہ گھرانون مین گروہ گروہ کرکے تقسیم

اُمَمًا ۭ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ

کردیا تھا اور موسےٰ کی طرف جب اُسکی قوم نے اُس سے پانی مانگا ہمنے یہ وحی بھیجی

اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ

کہ تم پتھر پر اپنا عصا مارو پس اُس سے

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ

بارہ چشمے بہ نکلے کہ ہر گروہ اپنے اپنے چشمہ کو خوب پہچانتا تھا

وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ

اور ہمنے اُنپر بادل سے سایہ کیا تھا اور اُنپر منّ و سلوےٰ نازل کیا تھا (اور اُنسے

وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا

یہ کہدیا تھا کہ جو پاک چیزین ہمنے تمکو دی ہین اُنمین سے کھاؤ پیو اور اُنہون نے

ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○ وَاِذْ

ہمارا کچھ نقصان نہین کیا ولیکن اپنی ہی جانون پر ظلم کیا کرتے تھے اور (اُسوقت کو

قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ

یاد کرو) جبکہ اُنسے یہ کہا گیا کہ اس گاؤن مین آباد ہو اور اُسمین سے جہان جہان سے تمہارا جی

شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

چاہے کھاؤ (پیو) اور لفظ حطّہ اپنی زبان پر جاری کرو اور اس دروازے مین سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو

بلشندے تھے اور اسی ہزار تھے جنمین صرف دس ہزار بچے اور کچھ اوپر ستر ہزار بندر بنا دیے گئے ۱۲

نَغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ

تو ہم تمہاری خطائین بخشدینگے عنقریب ہم نیکی کرنیوالون کو بڑھا دینگے تو اُن لوگون نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ

جو اُنمین سے ظالم تھے اُس بات کو بدلکر جو اُنسے کہی گئی تھی دوسری کہدی

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا

پھر بھیجی بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے اُن پر آسمان سے عذاب

يَظْلِمُوْنَ ۝ وَسْــَٔـلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ

بھیجا اور اُنسے اُس گاؤن کا حال دریافت کرو جو سمندر کے

ع ۵ / ۲۰

حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ

کنارے تھا کہ (اس گاؤن والے) احکام سبت مین زیادتی کیا کرتے تھے (یعنی)

وقف لازم

حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ

اُنکے سبت کے دن مچھلیان (پانی پر) کنارے آجایا کرتی تھین اور جسدن اُنکا سبت نہوتا تھا

لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا

اس طرح نہ آیا کرتی تھین (اور اسطرح) بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے ہم اُنکی آزمائش

معٓ

يَفْسُقُوْنَ ۝ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ

کیا کرتے تھے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنمین سے ایک گروہ نے یہ کہا تھا کہ تم اُن لوگونکو

عند المتاخرین ۱۲

قَوْمَا ۨ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ

نصیحت ہی کیون کرتے ہو جنکو اللہ ہلاک کرنیوالا ہے یا اُنکو سخت عذاب دینے والا ہے

نصف

قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ فَلَمَّا

تو (جواب مین اُنہون نے) کہا تھا کہ (ہم تو) تمہارے رب کی حضور مین الزام اُتارنے کی غرض سے (نصیحت کرتے تھے) اور

نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ

اسلئے کہ شاید یہ لوگ باز آجاوین پھر جسوقت اُنہون نے اسکو بھلا دیا جسکی اُنکو نصیحت کی گئی تھی تو ہمنے اُنکو نجات دی

السُّوٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۭ بِمَا

جو بدی سے باز رکھا کرتے تھے اور انکو جو نافرمانی کیا کرتے تھے بوجہ انکی نافرمانیوں کی بُرے عذاب

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ

مین گرفتار کرلیا پھر جب اُنہون نے اُس سے سرکشی کی جس سے انکو منع کیا گیا تھا تو

قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ○ وَاِذْ تَاَذَّنَ

ہمنے اُنسے کہدیا کہ (اب تم) ذلیل بندر بنجاؤ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارے

رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ

پروردگار نے آگاہ کردیا تھا کہ اُن پر قیامت تک کے لئے کسی ایسے کو ضرور مقرر کرتا رہونگا

يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ

جو اُنکو سخت عذاب دیا کریگا بیشک تمہارا پروردگار بہت جلد عذاب

الْعِقَابِ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِى

دینے والا ہے اور بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور ہمنے انکے گروہ کے گروہ

الْاَرْضِ اُمَمًا مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ

زمین مین متفرق کردئے کچھ تو اُنمین سے نیک ہین اور کچھ اُسکے

ذٰلِكَ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ

خلاف اور ہمنے نیکیون اور بدیون سے انکی آزمائش کی تاکہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ○ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا

باز رہین پس اُنکے بعد اُنکے قائم مقام ایسے نالائق ہوے جو کتاب کے تو

الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى ز وَ

وارث بنے (اور) اس حقیر دنیا کی پونجی کو لیتے جاتے ہین اور

يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ

یہ کہتے جاتے ہین کہ عنقریب ہمارے گناہ بخشدئے جاوینگے حالانکہ ویسی ہی پونجی اگر اُنکو (پھر) ملے

عمل کرنے پر پھر مُصر رہنا اور بجائے توبہ کرنے کے پھر اُسپر اصرار ۱۲

مِّثْلُهٗ يَأْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ

تو (پھر) لے لیں کیا اُنسے کتاب میں یہ عہد نہیں لیا گیا تھا

اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ

کہ خدا کے ذمے کوئی بات سوائے سچ کے نہ بولیں اور جو کچھ اُسمیں ہے اُسکو

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

پڑھ (بھی) چکے ہیں اور آخرت کا گھر اُنہی لوگوں کے لئے اچھا ہے جو ڈرتے رہتے ہیں کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ

اور وہ لوگ جو کتاب کی پیروی کرتے ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں

اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ

بیشک ہم بھی نیکی کرنیوالوں کے اجر کو ضایع نہ کرینگے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے پہاڑ کو اُکھاڑ کر

فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا

اُنکے اوپر اسطرح چھا دیا گویا کہ وہ ایک سائبان تھا اور اُنہوں نے یقین کرلیا کہ وہ اُنپر گرنیوالا ہے

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

(اُسوقت ہمنے حکم دیا کہ) جو کچھ ہم تمکو دیتے ہیں اُسے مضبوطی سے لو اور جو کچھ اسمیں ہے اُسکو یاد رکھو تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ع ٢١ ٩ ١١

بچتے رہو اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارے پروردگار نے اولاد آدم سے اُنکی پشت در پشت

ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ

اولاد کو لیا اور اُنکو اُنکی اپنی اپنی ذات پر گواہ قرار دیا (اور اُنسے یہ سوال کیا)

اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ اَنْ تَقُوْلُوْا مع

کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں سب نے عرض کی بیشک ہم گواہ ہیں (کہ تو ہمارا رب ہے) تمہارا یہ اقرار ہمنے اسلئے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلُوْٓا

(جتلا دیا کہ) قیامت کے دن کہیں تم یہ نہ کہدو کہ ہم تو اس سے بیخبر تھے یا یہ کہدو کہ

إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّن
پہلے ہی سے تو ہمارے باپ دادا شرک کیا کرتے تھے اور ہم تو اُنکے بعد اُنکی اولاد میں سے
بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ
تھے تو کیا تو باطل کی بنیاد ڈالنے والوں کے فعل کے سبب ہمیں بھی ہلاک کئے دیتا ہے اور اسی طرح
نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَاتْلُ
ہم ان آیات کو کھولکر بیان کرتے ہیں اور اسلئے (بھی) کہ وہ (اپنے افعال سے) باز آئیں اور اُنکو اُس شخص
عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ
کی خبر سنا دو جسکو ہم نے اپنی آیتیں دی تھیں پھر وہ اُنسے الگ ہو گیا پھر شیطان اُسکے
الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِينَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ
پیچھے لگا پس وہ گمراہوں میں سے ہو گیا اور اگر ہم چاہتے تو اُنہی آیتوں کے
بِهَا وَلَٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ ۚ
سبب اُسکو بلند مرتبہ دیتے لیکن وہ خود سے زمین کی طرف جھک پڑا اور اپنی خواہش نفسانی کا پیرو ہو گیا
فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ
پس اُسکی مثل کتے کی سی مثل ہو گئی کہ اگر تم اُسپر حملہ کرو تو بھی زبان نکالے اور اُسے
تَتْرُكْهُ يَلْهَث ۚ ذَٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا
چھوڑے رکھو تب بھی زبان نکالے یہ اُن لوگوں کی سی مثل ہوئی جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے
بِآيَاتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝
ہیں پس تم یہ قصے بیان کرتے رہو تاکہ وہ (کچھ تو) فکر کریں
سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ
اُن لوگوں کی مثل بہت ہی بُری ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اپنی جانوں پر
كَانُوا يَظْلِمُونَ ۝ مَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي ۖ
ظلم کرتے رہے جسے خدا ہدایت دے پس وہی ہدایت یافتہ ہے

علیہ السلام سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ اس سے مراد ایسے بندے ہیں جو گناہ کرتے ہیں تو انہیں اور نعمت دیتا ہے تاکہ اس نعمت میں مشغول

وَمَنْ يُضْلِلْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ وَلَقَدْ

اور جس سے وہ توفیق ہدایت سلب کرلے پس نقصان اٹھانیوالے وہی تو ہیں اور ہمنے جنوں اور

ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ لَهُمْ

آدمیوں میں سے بہت سوں کو جہنم ہی کے لئے بنایا ہے انکے دل

قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ

موجود ہیں جنسے سمجھتے نہیں اور انکی آنکھیں ہیں جن سے دیکھتے نہیں

بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ

اور انکے کان ہیں جن سے سنتے نہیں وہ چوپاؤں

كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ۝

کے مانند ہیں بلکہ انسے بھی بدتر وہی لوگ تو غافل ہیں

وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا ۖ وَذَرُوا الَّذِينَ

اور کل اچھے اچھے نام اللہ ہی کے ہیں پس تم اسکو انہی سے پکارو اور ان لوگوں کو چھوڑ دو

يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

جو اسکے ناموں میں الحاد (کجروی) کیا کرتے ہیں وہ جیسے عمل کیا کرتے ہیں عنقریب ویسی ہی جزا پائینگے

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ۝ ع ١٠ ٢٢ ١٢

اور ان لوگوں میں سے جنکو ہمنے پیدا کیا ہے ایک گروہ ایسا بھی ہے جو حق کی ہدایت کرتا اور اسی کے موجب انصاف کیا

وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ

کرتا ہے اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم بتدریج انکو اس حیثیت سے گرفتار کرینگے کہ وہ (کچھ)

لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝

نہ سمجھینگے اور میں انکو مہلت دونگا بیشک میری چال زبردست ہے

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا ۗ مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ ۚ إِنْ هُوَ

کیا انہوں نے یہ نہ سوچا کہ انکے صاحب کو جنون نہیں ہے وہ تو

إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ

کھلا ڈرانیوالا ہے کیا اُنھون نے آسمانون کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِن شَيْءٍ وَ

سلطنت مین اور جو چیزین خدا نے پیدا کی ہین اُنہین غور نہین کیا اور اس بات مین

أَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ فَبِأَيِّ

کہ شاید اُنکی اجل قریب ہی آگئی ہو پس اس (قرآن)

حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ○ مَن يُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا

کے بعد وہ اور کونسی بات پر ایمان لائینگے جسے خدا توفیق ہدایت سلب کرلے پس اُسکا

هَادِيَ لَهُ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ○

کوئی راہبر نہین اور وہ اُنکو اُنہی کی سرکشی مین چھوڑ دیتا ہے کہ (خود) سرگردان رہین

يَسْئَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسٰهَا قُلْ

لوگ تمسے قیامت کی بابت سوال کرتے ہین کہ اُسکا معین وقت کونسا ہے تم کہدو کہ

إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا

اُسکا علم تو میرے پروردگار ہی کے پاس ہے وہ خود ہی اُسکے ہوجانیکے وقت پر اُسکو ظاہر

هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ لَا تَأْتِيكُمْ

کریگا وہ آسمانون مین اور زمین مین سخت گھڑی ہوگی تمکو یکایک آلیگی

إِلَّا بَغْتَةً يَسْئَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ إِنَّمَا

تم سے تو وہ اس طرح پوچھتے ہین گویا تم ہی اُسکے رازدار ہو تم یہ کہدو کہ

عِلْمُهَا عِندَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ○

اُسکا علم تو خدا ہی کے پاس ہے ولیکن اکثر لوگ سمجھتے نہین ہین

قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ

تم یہ کہدو کہ مین اپنی ذات کے لئے نہ کسی نفع کا اختیار رکھتا ہون نہ کسی نقصان کا سوا اُسکے جو اللہ کو منظور ہو

منزل ۲

مع وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ

اور اگر مین غیب جانتا ہوتا تو بہت سی خیر و خوبی اکٹھی کرلیتا

وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ

اور خرابی تو مجھکو چھو بھی نہ جاتی الامین تو اُن لوگون کے لئے جو ایمان رکھتے ہین فقط ایک خوشخبری

ع ٢٣ ٧ ١٣ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

دینے والا اور ڈرانیوالا ہون وہ وہی تو ہے جسنے تم سب کو ایک ذات سے پیدا کیا اور اُسی (کی

وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا

بچی ہوئی مٹی) سے اُسکا جوڑا بنادیا کہ اُس سے مانوس ہو پس جسوقت مرد اُس سے

حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ

ہم صحبت ہوا تو عورت کو ہلکا سا حمل رہا کہ اُسکی سمیت چلتی پھرتی رہی پھر جب اُس حمل کا وزن بڑھا

دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ

تو دونو نے اللہ اپنے پروردگار سے دعا کی کہ اگر تو ہمکو صحیح و سالم (بچہ) عنایت کریگا تو ہم ضرور

الشّٰكِرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ

تیرے شکرگزار ہونگے پھر جسوقت اُسنے اُنکو صحیح و سالم (بچہ) دیا تو جو کچھ دیا تھا اُسمین اُنہون نے

فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

اُسی خدا کا شریک ٹھہرایا حالانکہ خدا اُن چیزون سے برتر ہے جنکو اُسکا شریک ٹھہراتے ہین

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝

کیا اُنکو شریک ٹھہراتے ہین جو کوئی چیز پیدا نہین کرتے اور وہ خود ہی پیدا کئے جاتے ہین

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝

اور نہ وہ ان (شریک ٹھہرانیوالون) کی کوئی مدد کرسکتے ہین اور نہ اپنی ذات ہی کی مدد کرتے ہین

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ سَوَآءٌ

اور اگر تم اُنکو راہ راست کی طرف بلاؤ تو وہ تمہاری پیروی نہ کرینگے تمہارے لئے (دونو

ربع

عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُونَ ○ إِنَّ
برابر ہین خواہ تم اُنکو بلاؤ یا خاموش ہو رہو بالتحقیق

الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ
تم خدا کے سوا جنکو پکارتے ہو وہ تم ہی جیسے بندے ہین

فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ○
پس اُنکو پکارو (اور) اگر تم سچے ہو تو چاہیے کہ وہ تمہارا جواب دین

أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ
کیا اُنکے پاؤن ہین جنسے وہ چلتے ہین یا اُنکے ہاتھ ہین جنسے وہ پکڑتے ہین

بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ
یا اُنکی آنکھین ہین جنسے وہ دیکھتے ہین یا اُنکے کان ہین

يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ
جنسے وہ سنتے ہین کہدو کہ تم اپنے شریکون کو بُلالو پھر

كِيدُونِ فَلَا تُنْظِرُونِ ○ إِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِي
مجھسے چالین چلو اور مجھے مہلت نہ دو بیشک میرا حمایتی (وہی) اللہ ہے جسنے یہ

نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِينَ ○ وَالَّذِينَ
کتاب نازل کی ہے اور وہ نیک بندونسے دوستی رکھتا ہے اور اُسکے سوا

تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ
تم جن جن کو پکارتے ہو وہ نہ تمہاری ہی مدد کرینگے

وَلَا أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ ○ وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدٰى
اور نہ اپنی ہی جانون کو بچا سکینگے اور اگر تم اُنکو راہ راست کی طرف بُلاؤگے تو

لَا يَسْمَعُوا وَتَرٰهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ
وہ کچھ نہ سنینگے اور تم سمجھتے ہو کہ وہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہین حالانکہ وہ

لَا يُبْصِرُوْنَ ○ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ

کچھ نہیں دیکھتے معافی دینا اختیار کرو اور نیکی کا حکم دو اور جاہلوں سے

عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ○ وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

درگزر کرو۔ اور جسوقت شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ تمکو اُبھارے تو اللہ کی پناہ

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ إِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ إِنَّ الَّذِيْنَ

مانگ لیا کرو بیشک وہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے بیشک جو ڈرتے رہتے ہیں

اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا

جسوقت شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ اُنکو محسوس ہوتا ہے تو وہ (احکام خدا کو) یاد کر لیا کرتے ہیں

فَإِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ○ وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ

اور یکایک اُنکی آنکھ کھل جایا کرتی ہے اور اُنکے بھائی (شیطان) اُنکو گمراہی میں ڈالے رکھتے ہیں

فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ○ وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِاٰيَةٍ

پھر وہ کوئی کوتاہی نہیں کرتے اور جب تم اُنکے پاس کوئی آیت نہ لاؤ تو وہ یہ

قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۭ قُلْ إِنَّمَآ أَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى إِلَيَّ

کہتے ہیں کہ آپ کوئی آیت کیوں نہ چنکر لائے تم کہدو کہ میں تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہوں جو حکم

مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

میرے رب کی طرف سے میری طرف وحی کیجاتی ہے یہ اُن لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں تمہارے رب کی طرف سے دلیلیں ہیں اور

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ

ہدایت اور رحمت ہے اور جسوقت قرآن پڑھا جائے تو اُسے توجہ سے سُنو

وَأَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ

اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور اپنے دل میں اپنے پروردگار

نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ

کو گریہ و زاری کے ساتھ اور ڈرتے ڈرتے صبح و شام یاد کرتے رہنا پکار کر کہنے کی کوئی ضرورت

﴿ ولا یذکرون اللّٰہ الا قلیلا (لوگوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ کو بہت ہی کم یاد کرتے ہیں) ۱۲

بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ○ اِنَّ

بیشک ہونا مین سے غافلون اور نہین

الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ

جو لوگ تمھارے پروردگار سے قربت رکھتے ہین وہ اُسکی عبادت کرنے سے اکڑتے نہین اور

يُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ○

اُسکی پاکی بیان کرتے رہتے ہین اور اُسی کو سجدہ کیا کرتے ہین

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً

اٰيَاتُهَا ٧٥ — رُكُوْعَاتُهَا ١٠ — كَلِمَاتُهَا ١٢٣٥ — حُرُوْفُهَا ٥٥٢٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمن و رحیم خدا کے نام سے شروع کرتا ہون

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ۭ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ

(اے رسول) لوگ تم سے مال غنیمت کا حکم دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ مال غنیمت اللہ و

الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ

رسول کا ہے پس تم اللہ سے ڈرتے رہو اور آپس کے جھگڑون کی اصلاح کرتے رہو

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○

اور اگر تم مومن ہو تو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کرتے رہو

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

(کامل) مومن تو صرف وہی ہین کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو اُنکے دل (اُسکی ہیبت و جلال

قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

سے) دہل جاتے ہین اور جب اُسکی آیتین اُنپر پڑھی جاتی ہین اُنکے ایمان کو بڑھا دیتی ہین

وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ

اور وہ صرف اپنے پروردگار ہی پر بھروسہ کرتے ہین جو (باقاعدہ) نماز پڑھا کرتے ہین

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جو کچھ ہمنے اُنکو دیا ہے اُسمین سے ہماری راہ مین خرچ کیا کرتے ہین وہی لوگ

الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ

حقیقی مومن ہین اُنہی کے لئے اُنکے پروردگار کے پاس درجے ہین اور

مَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ

بخشش ہے اور آبرو کی روزی ہے جیساکہ تمہارے پروردگار نے تمکو تمہارے

مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

گھر سے ایک امر حق کے لئے نکالا تھا حالانکہ مومنون کا ایک گروہ اسکو ناپسند

لَكٰرِهُوْنَ ۝ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ

کرنیوالا تھا یہ لوگ تمسے حق کے بارے مین جھگڑتے ہین بعد اسکے کہ حق کھل چکا ہے

كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ وَاِذْ

گویا وہ آنکھون دیکھتے موت کی طرف ہانکے جاتے ہین اور (اُسوقت کو

يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ

یاد کرو) جبکہ خدانے تم سے وعدہ کیا تھا کہ دو گروہون مین سے ایک تمہارے ہاتھ لگیگا اور تم

تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَ

یہ چاہتے تھے کہ کم شان و شوکت والا تمہارے ہاتھ لگے اور

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ

اللہ یہ چاہتا تھا کہ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کردے اور کافرون کی نسل

الْكٰفِرِيْنَ ۝ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ

منقطع کردے تاکہ حق کو حق ثابت کردے اور باطل کو باطل گو مجرمون کو

الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ

برا لگے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم اپنے پروردگار سے فریاد کرتے تھے اور اُسنے تمکو جواب

أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَٰٓئِكَةِ مُرْدِفِينَ ۝ وَمَا

دیا تھا کہ میں تمہاری ہزار فرشتوں سے مدد کرونگا جو تمہاری پشتی پر ہونگے اور اس مدد کو خدا

جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ ۚ

نے مقرر اسی غرض سے کیا تھا کہ تمہارے لئے ایک بشارت ہو نیز اسلئے کہ تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں

وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ ١ ع ١٠ ١٥

حالانکہ حقیقی مدد سوائے اللہ کے پاس کے اور کہیں سے ہوتی ہی نہیں بیشک اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم

(اسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمکو امن دینے کے لئے اُسنے نیند کو تم پر مسلط کیا اور آسمان سے تم پر

مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ

پانی اُتارا کہ اُس سے تم اپنے کو پاک کرو اور تاکہ شیطان کی نجاست کو تم سے

رِجْزَ الشَّيْطَٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ

دور کرے اور تمہارے دلوں کو مضبوط کرے اور تمہارے قدم اُس سے

الْأَقْدَامَ ۝ إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَٰٓئِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ

جمادے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارا پروردگار فرشتوں کو وحی فرما رہا تھا کہ میں

فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ

تمہارے ساتھ ہوں پس تم اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں ثابت قدم رکھو عنقریب میں اُن لوگوں کے

كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا

دلوں میں جو کافر ہوگئے ہیں رعب ڈالونگا پس تم اُنکی گردنوں پر اور اُنکی پور پور پر

مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَ

ضرب میں لگاؤ یہ اس لئے کہ وہ اللہ اور اُسکے رسول کے مدمقابل

رَسُولَهُ ۚ وَمَن يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ

بنے اور جو اللہ اور اُسکے رسول کا مدمقابل بنے گا پس اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ○ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ

سخت عذاب دینے والا ہے   یہ تمہاری سزا ہے پس اسی کو تم چکھو اور یقیناً کافروں کے لئے

عَذَابَ النَّارِ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ

جہنم کا بھی عذاب ہے   اے ایمان لانیوالو   جسوقت کافروں سے جنگ میں

كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ○ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ

آمنا سامنا کرو   تو انکو پیٹھ نہ دکھاؤ   اور اسدن جو پیٹھ

يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ

دکھائیگا   سوائے اسکے کہ لڑائی کے لئے کترا کے جاتا ہو یا دوسرے گروہ کے پاس جگہ لینا مقصود

فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ

ہو وہ یقیناً غضب خدا میں گرفتار ہوگا اور اسکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی بری

الْمَصِيْرُ ○ فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ص وَمَا

جگہ ہے   پس تم نے انکو قتل نہیں کیا تھا بلکہ اللہ نے انکو قتل کیا تھا اور (اے رسول

رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ

جسوقت تم نے انکی طرف مٹی پھینکی تھی تو وہ تم نے نہیں پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی تھی اور یہ اسلئے تھی کہ اللہ

مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ ذٰلِكُمْ

انکے ذریعہ سے مومنین کی اچھی طرح آزمائش کرے بیشک اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے   یہ تو یہ

وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ○ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا

اور اللہ کافروں کی چال کو سست کرنیوالا ہے   اگر تم فتح کے طالب ہو تو تم میں سے

فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَ

حق والے) کو فتح میسر آگئی   اور اگر تم باز رہو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے   اور

اِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَّلَوْ

اگر تم پھر ایسا کروگے تو ہم بھی پھر ایسا ہی کرینگے اور تمہارا گروہ کو کیسا ہی بڑا ہو تمہارے کچھ کام نہ آئیگا

ع ٩ ١٦

كثرت وان الله مع المؤمنين ۝ يايها الذين

جس حال میں کہ اللہ مومنوں کا ساتھ دینے والا ہے اے ایمان

امنوا اطيعوا الله ورسوله ولا تولوا عنه وانتم

لانیوالو اللہ کی اور اسکے رسول کی اطاعت کرو اور جس حال میں کہ تم سنتے ہو اس سے

تسمعون ۝ ولا تكونوا كالذين قالوا سمعنا

روگردان نہو اور ان لوگوں کے مانند مت بنو جنہوں نے کہا کہ ہمنے سنا

وهم لا يسمعون ۝ ان شر الدواب عند الله

حالانکہ وہ سنتے کچھ نہیں بیشک اللہ کے نزدیک سب سے بدتر جانور وہ ہیں جو

الصم البكم الذين لا يعقلون ۝ ولو علم الله

بہرے گونگے ہیں (اور) جو کچھ نہیں سمجھتے اور اگر اللہ کو انمیں کسی قسم

فيهم خيرا لاسمعهم ولو اسمعهم لتولوا وهم

کی خیر وخوبی ہونیکا علم ہوتا تو انکو سنواتا اور اگر وہ انکو سنوائے تو وہ اس سے ضرور روگرداں

معرضون ۝ يايها الذين امنوا استجيبوا لله و

ہو کر اسکے بھاگیں اے ایمان لانیوالو جسوقت رسول تمکو ایسے کام کی طرف

للرسول اذا دعاكم لما يحييكم واعلموا ان الله

بلائیں جس میں تمہاری زندگی ہے تو اللہ کا اور اسکے رسول کا حکم مان لو اور یہ

يحول بين المرء وقلبه وانه اليه تحشرون ۝ واتقوا

جان لو کہ ضرور اللہ آدمی کے اور اسکے دل کے مابین حائل ہو اور یہ کہ تم سب اسکی حضور میں جمع کیے جاؤگے اور اس فتنہ

فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة

سے ڈرتے رہو جو خصوصیت کے ساتھ کچھ انہی لوگوں پر نہ پڑیگا جو تم میں سے ظالم ہیں

واعلموا ان الله شديد العقاب ۝ واذكروا اذ

اور یہ جان لو کہ اللہ بہت سخت عذاب دینے والا ہے اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم اس

أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ فِي الْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن

(تم) سرزمین مین گنتی مین کم اور بے بس تھے اور اس بات سے ڈرتے تھے کہ

يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَآوَاكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم

کہین لوگ تمکو اُچک کر نہ لیجائین اور خدا نے تمکو ٹھکانا بھی دیا اور اپنی نصرت کے ذریعے تمہاری تائید

مِّنَ الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

بھی کی اور پاک چیزون سے تمکو رزق بھی عطا کیا تاکہ تم شکرگزار ہو اے ایمان لانیوالو

آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ

نہ تو اللہ اور رسولؐ کی خیانت کرو اور نہ جان بوجھکر اپنی اماںتون مین

وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ

خیانت کرو اور یہ جان لو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش

ع ٣ ٥ ١٧ فِتْنَةٌ وَأَنَّ اللَّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

ہین اور بیشک بڑا اجر خدا (ہی) کے پاس ہے اے ایمان

آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ

لانیوالو اگر تم اللہ سے ڈرتے رہوگے تو وہ تمہارے واسطے ایک حق و باطل کی جانچ مقرر

سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝

فرمائیگا اور تمہاری بدیان تم سے دور کردیگا اور تمکو بخشدیگا اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ

اور (اے رسولؐ اسوقت کو یاد کرو) جبکہ کفار تم سے چال چل رہے تھے کہ تمکو قید کردین یا قتل کردین

أَوْ يُخْرِجُوكَ ۚ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ ۖ وَاللَّهُ خَيْرُ

یا نکالدین وہ تو اپنی چال چل رہے تھے اور خدا اپنے بدلا لینے پر آمادہ تھا اور اللہ سب سے بہتر

الْمَاكِرِينَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا قَالُوا قَدْ سَمِعْنَا

بدلہ لینے والا ہے اور جسوقت ہماری آیتین انپر پڑھی جاتی ہین تو کہدیتے ہین کہ ہم سُن چکے

لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اسکے مانند کہہ لیں یہ تو صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں

الْاَوَّلِيْنَ ○ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ

ہیں اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یا اللہ اگر یہ امر حق ہے

الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ

اور تیری طرف سے ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا

اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ

یا ہم کو کوئی دردناک عذاب دے اور اللہ کا یہ کام نہیں ہے کہ جس حال میں تم

وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ○

اُن میں موجود ہو وہ اُنکو عذاب دے اور نہ اللہ اُنکو اس حال میں عذاب دیگا کہ وہ استغفار کرتے رہیں

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ

اور اللہ اُنکو عذاب کیوں نہ دے جس حال میں کہ وہ مسجد الحرام سے

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ

روکتے ہیں حالانکہ وہ خود اُسکے مستحق نہیں ہیں اُس کے مستحق تو صرف

اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَمَا كَانَ

شرک سے بچنے والے ہیں ولیکن اُن مشرکوں میں سے اکثر اس بات کو نہیں جانتے اور بیت اللہ کے پاس

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ۭ فَذُوْقُوا

اُنکی نماز سوائے سیٹیاں بجانے اور تالیاں بجانے کے اور کچھ بھی نہ تھی بس جیسے (جیسا)

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کفر تم کیا کرتے تھے ویسے ہی اب عذاب (بھی) چکھو بیشک جو لوگ کافر ہوگئے

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ

وہ اپنے مال اس غرض سے صرف کرتے ہیں کہ راہ خدا سے روکیں

میری ہی عبادت کرینگے اور کسی کو میرا شریک نہ ٹھہرائینگے

فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ
سو عنقریب وہ اور خرچ کرینگے پھر وہی اُنکے لئے باعث حسرت ہو جائیگا پھر وہ مغلوب ہو جائینگے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ۝ لِيَمِيزَ اللَّهُ
اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ جہنم کی طرف ہانکے جائینگے تاکہ خدا تعالیٰ ناپاک کو

الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ
پاک سے الگ کردے اور ناپاک کو اوپر تلے

عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ
رکھدے پھر اُن سب کا ڈھیر لگادے پھر اُس سارے ڈھیر کو جہنم میں جھونکدے

ع ۹ / ۱۸

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا إِن
وہی تو نقصان اُٹھانیوالے ہونگے کافروں سے کہدو کہ اگر وہ باز آئیں تو جو کچھ

يَنتَهُوا يُغْفَرْ لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ وَإِن يَعُودُوا
پہلے ہو چکا ہے وہ اُنکو معاف کردیا جائیگا اور اگر پھر ویسا ہی کرینگے تو

فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَقَاتِلُوهُمْ
پہلوں کا قاعدہ تو مقرر ہو ہی چکا ہے اور اُنسے یہانتک لڑو کہ

حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ
کفر باقی نہ رہے اور دین سب کا سب خالص اللہ کا

لِلَّهِ ۚ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ
ہو جائے پھر اگر وہ کفر سے باز آجائیں تو اللہ اُنکے اعمال کا

بَصِيرٌ ۝ وَإِن تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ
نگران ہے اور اگر وہ نہ باز آئیں تو یہ جان لو کہ اللہ

مَوْلَاكُمْ ۚ نِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ۝
تمہارا حامی ہے (اور) وہ سب سے بہتر حامی اور سب سے بہتر مددگار ہے

الجزء العاشر

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ

اور یہ جان لو کہ جب کسی طرح کی غنیمت تمہارے ہاتھ آئے تو اُسکا پانچواں حصہ

خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

اللہ کا اور رسول کا اور (رسول کے) قرابت داروں کا اور یتیموں کا

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

اور مسکینوں کا اور مسافروں کا (حق) ہے بشرطیکہ تم اللہ پر ایمان لائے ہو

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى

اور اُس (مدد) پر جو ہم نے اپنے بندے پر فیصلہ کے دن نازل کی تھی جس دن دو گروہوں کی مڈبھیڑ

الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِذْ اَنْتُمْ

ہو گئی تھی اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ

بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

تم نزدیک کی گھاٹی میں تھے اور وہ انتہائی سرے پر اور قافلہ

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ

تم سے نیچے کی طرف تھا اور اگر تم ایک دوسرے سے وعدہ کیئے

لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا

تو وقت معین سے تم ضرور اختلاف کرتے لیکن (اسکو یکایک ایک دوسرے کے مقابل کر دیا) تاکہ جو امر ہونا

كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّ

تھا اسکو اللہ پورا کر دے اور تاکہ جو ہلاک ہونیوالا ہے وہ حجت (و دلیل) سے ہلاک ہو اور جو

يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ

زندہ رہنے والا ہے وہ بھی حجت (و دلیل) سے زندہ رہے اور ضرور اللہ سننے والا (اور) جاننے

عَلِيْمٌ ۝ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ

والا ہے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اللہ تعالٰی نے اُن لوگوں کو تمہارے خواب میں کم کرکے دکھایا

تو وہ اسکے وارثوں کا ہے اور جو شخص کوئی قرضہ چھوڑ جائے اُسکی ادائگی میرے ذمہ ہے اور اگر کوئی جائداد چھوڑے اور اُسکا کوئی وارث نہ ہو تو وہ جائداد بھی

وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ

اور اگر وہ تمہین زیادہ کرکے دکھاتا تو تم ضرور ہمت ہار دیتے اور اس معاملہ مین ضرور تم آپس مین جھگڑتے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ وَ

لیکن اللہ نے بچا لیا بیشک وہ دلون کی حالت سے خوب واقف ہے اور (اُس وقت

إِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا

کو یاد کرو) جبکہ تمہاری ایک دوسرے سے مڈ بھیڑ ہوئی تھی تو انہین تمہاری نظرون مین کم دکھایا تھا

وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ

اور تمکو اُنکی نظرون مین تھوڑا کرکے دکھایا تھا تاکہ اللہ کو جو کچھ کرنا تھا اُسکو پورا کردے

وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا ع ۵ ۱

اور کل امور کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے اے ایمان لانیوالو جب کسی گروہ

لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ

سے تمہاری مڈ بھیڑ ہوجائے تو ثابت قدم رہاکرو اور اللہ کو بہت یاد کیا کرو تاکہ تم

تُفْلِحُونَ ۝ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا

فلاح پاؤ اور اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کرو اور آپس مین نہ جھگڑو

فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ ۖ وَاصْبِرُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ

ورنہ تم ہمت ہاروگے اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائیگی اور تم صبر کرو بیشک اللہ

مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا

صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے اور تم اُن لوگون کی مانند نہو جو اپنے گھرون سے

مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ

اِتراتے ہوے اور لوگون کو دکھاتے ہوے نکلے اور (لوگون کو) راہ خدا

عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝

سے روکتے ہوے اور جو عمل بھی یہ کرتے ہین اللہ کے احاطہ مین ہین

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ

اور جب شیطان نے اُنکے اعمال اُنکی نظرون مین زینت دیدیا اور یہ کہدیا کہ آج ان آدمیون

لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا تَرَاءَتِ

مین سے تم پر کوئی غالب آئیگا جس حال مین کہ مین تمہارا پشت پناہ ہون پھر جب آن

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ

دو نو گروہون نے ایک دوسرے کو دیکھا تو شیطان اپنے پچھلے پاؤن پلٹ گیا اور اُسنے کہنے لگا کہ مین تو

اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ

تم سے الگ ہون مین وہ کچھ دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے مین اللہ سے ڈرتا ہون اور اللہ سخت

الْعِقَابِ ۝ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

عذاب دینے والا ہے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ منافق اور وہ لوگ جنکے دلون مین روگ تھا یہ کہنے لگے

مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

کہ ان لوگون کو انکے دین نے دھوکا دیا ہے اور جو اللہ پر بھروسہ

عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ

رکھیگا تو اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اور کاش تم اُسوقت دیکھتے

يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ

جبکہ فرشتے اُن کافرون کی روح قبض کرتے ہین اور اُنکے چہرون اور

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

پیٹھون پر مارتے جاتے ہین اور (یہ کہتے جاتے ہین کہ) عذاب دوزخ کا مزہ

الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ

چکھو یہ اُس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھ بیشتر کر چکے ہین

وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ كَدَاْبِ

اور اللہ اپنے بندون کے حق مین ہرگز ظالم نہین ہے جیسے

آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ
فرعون والون کی اور اُنسے پہلے والون کی حالت ہوئی کہ اُنہون نے خدا کی نشانیون

فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ
کا انکار کیا اور اللہ نے اُنکے گناہون کے بدلے مین اُنکو گرفتار کیا بیشک اللہ زبردست (اور) سخت

الْعِقَابِ ○ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً
عذاب دینے والا ہے یہ اسلئے کہ اللہ کسی نعمت کا جو کسی قوم کو عنایت کی ہو بدلنے والا

أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَ
نہین ہے جبتک کہ وہ اپنے نفسون کی حالت خود نہ بدل ڈالین اور

أَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ ۙ
بیشک اللہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے جیسے کہ فرعون والون کی

وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم
اور اُنسے پہلے والون کی حالت ہوئی (کہ) اُنہون نے اپنے پروردگار کی نشانیون کو جھٹلایا اور ہمنے اُنکو

بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوا
اُنکے گناہون کے بدلے مین ہلاک کردیا اور فرعون والون کو ڈبو دیا اور وہ سب کے سب

ظَالِمِينَ ○ إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللَّهِ الَّذِينَ
ظالم تھے بیشک اللہ کے نزدیک سب سے بدتر حیوانات وہ لوگ ہین جو کافر ہوگئے

كَفَرُوا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○ الَّذِينَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ
اور ایمان نہین لاتے جن سے تمنے معاہدہ کیا پھر

ثُمَّ يَنقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ○
وہ اپنے عہد کو ہر ہر مرتبہ توڑ ڈالتے ہین اور ذرا نہین ڈرتے

فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ
پس اگر تم اُنپر لڑائی مین قابو پاجاؤ تو اُنکے ذریعہ سے اُنکو جو اُنکی پشتی پر ہین

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ○ وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

تتر بتر کردینا کہ یہ بھی یاد رکھیں اور اگر تمکو کسی قوم سے عہد توڑ ڈالنے کا خوف ہو تو مساوی طور

فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ○

سے تم بھی انسے دستبردار ہو جانا بیشک اللہ خیانت کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ○

اور جو لوگ کافر ہوگئے ہیں وہ یہ گمان نہ کریں کہ وہ بازی لے گئے یقیناً وہ (ہمکو) عاجز نہ کرسکینگے

وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ

اور جو قوت تم بہم پہنچا سکتے ہو اور جتنے گھوڑے تم سرحد پر بندھے رکھ سکتے ہو انکو ان (کفار)

رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ

کے مقابلہ کے لئے تیار رکھو کہ ایسا کرنے سے تم اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو اور انکے سوا اور لوگوں کو

وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ

ڈرائے رہوگے تم انکو نہیں جانتے اللہ انکو جانتا ہے

وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ

اور جو کچھ تم اللہ کی راہ میں خرچ کروگے اسکا عوض تمکو پورا پورا دیا جائیگا اور تمہارا

وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ○ وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ

کسی طرح نقصان نہ کیا جائیگا اور اگر وہ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اسکی طرف مائل

لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ

ہو جاؤ اور اللہ پر بھروسہ کرو بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا

الْعَلِيمُ ○ وَإِنْ يُرِيدُوا أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ

ہے اور اگر وہ تمہیں دھوکا دینا چاہینگے تو اللہ تمہارے

حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ○

لئے کافی ہے وہ وہی ہے جس نے اپنی امداد سے اور مومنین کے ذریعہ سے تمہاری تائید کی

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ

اور اُنکے دلوں میں الفت پیدا کردی تھی اگر زمین میں جو کچھ ہے تم سب بھی خرچ کردیتے

جَمِيعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ

تو اُنکے دلوں میں الفت نہ پیدا کرسکتے لیکن اللہ نے اُنکے دلوں میں الفت

بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ

پیدا کردی بیشک وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اے نبی تمہارے لئے اللہ

حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ○ ع ۶

اور مؤمنین میں سے جو تمہارا اتباع کرتے ہیں وہی کافی ہیں

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِن

اے نبی مؤمنوں کو لڑائی پر آمادہ کرو اگر تم میں سے

يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ

بیس صبر کرنیوالے (بھی) ہونگے تو وہ دو سو پر غالب رہینگے

وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا مِّنَ الَّذِينَ

اور اگر تم میں سے سو ہونگے تو وہ کافروں میں سے ہزار پر غالب رہینگے اس لئے کہ

كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ○ الْآنَ خَفَّفَ اللَّهُ

کافر ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے ہی نہیں اب اللہ نے تمہارے بارے میں (اپنی حکم

عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ

میں) تخفیف فرمادی اور یہ جان لیا کہ تم میں کمزوری ہے پس اگر تم میں سے صبر کرنیوالے سو ہونگے

صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا

تو وہ دو سو پر غالب آئینگے اور اگر تم میں سے ہزار ہونگے تو وہ حکم خدا سے

أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ○ مَا كَانَ

دو ہزار پر غالب رہینگے اور اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے نبی کے پاس جبتک کہ

لِلنَّبِيِّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ

وہ ملک میں غالب نہ آجائے قیدیوں کا ہونا مناسب نہیں ہے

تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ

تم سامان دنیا کے خواستگار ہو اور خدا تعالٰے آخرت چاہتا ہے

وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ سَبَقَ

اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اگر تحریر خدا پہلے سے نہ ہو گئی ہوتی تو جو کچھ تمنے لیا ہے

لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ فَكُلُوا مِمَّا

اُسکے بارے میں تمپر بڑا سخت عذاب واقع ہوتا اب جو کچھ تمنے بطور

غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ

غنیمت لیا ہے اُسمیں سے حلال وطیب سمجھکر کھا(پی)لو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَحِيمٌ ○ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِمَنْ فِي أَيْدِيكُمْ مِنَ ع ٥ ٩

رحم کرنیوالا ہے اے نبی قیدیوں میں سے جو تمہارے ہاتھ میں ہیں اُنسے کہدو کہ اگر اللہ تمہارے دلوں میں نیکی

الْأَسْرَى إِنْ يَعْلَمِ اللَّهُ فِي قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ

پائیگا تو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اُس سے بہتر تمکو دیدیگا اور

خَيْرًا مِمَّا أُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ

تمہارے گناہ بخشدیگا اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا

رَحِيمٌ ○ وَإِنْ يُرِيدُوا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللَّهَ

ہے اور اگر وہ تم سے خیانت کا ارادہ کرینگے تو وہ اللہ سے تو پہلے ہی

مِنْ قَبْلُ فَأَمْكَنَ مِنْهُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ○ إِنَّ

خیانت کر چکے ہیں اور اسی سے اُسنے اُنپر قابو دیدیا ہے اور اللہ صاحب علم وحکمت ہے بیشک

الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ

جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے ہجرت کی اور راہ خدا میں اپنے مال اور جان سے

منزل ٢

عرض کی کہ آپکو یہ خبر کسنے دی۔ آنحضرتؐ نے فرمایا جبرئیل امین نے سبحان اللہ۔ حضرت عباسؓ نے عرض کی کہ یہ خبر مجھکو تھی یا آپکی چچی کو تیسرا کوئی

وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا

جہاد کیا اور جنہوں نے جگہ دی اور نصرت کی

أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَالَّذِينَ آمَنُوا

وہ ایک دوسرے کے سرپرست ہیں اور جو ایمان تو لائے

وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُم مِّن وَلَايَتِهِم مِّن شَيْءٍ

اور انہوں نے ہجرت نہیں کی تو جب تک کہ وہ ہجرت نہ کریں تمکو انکی سرپرستی

حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا ۚ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ

سے کوئی تعلق نہیں اور اگر وہ تم سے دین میں مدد مانگیں تو

فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم

تمکو مدد دینا لازم ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں نہیں جنکے اور تمہارے مابین

مِّيثَاقٌ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○ وَالَّذِينَ

معاہدہ ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسکا دیکھنے والا ہے اور جو لوگ

كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن

کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے مددگار ہیں اگر تم (جو حکم دیا گیا ہے) وہ نہ کروگے تو

فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ○ وَالَّذِينَ آمَنُوا

ملک میں فتنہ اور بڑا فساد ہو جائیگا اور جو لوگ ایمان لائے

وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا

اور انہوں نے راہ خدا میں ہجرت کی اور جہاد کئے اور جنہوں نے جگہ دی

وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَّهُم

اور نصرت کی برحق مومن وہی ہیں بخشش اور

مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ○ وَالَّذِينَ آمَنُوا مِن بَعْدُ

عزت کی روزی انہی کے لئے ہے اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے

ع

نے بھی اور اُس سال کے بعد خدا تعالیٰ نے مشرکین کو منع فرما دیا۔ کافی۔ معانی الاخبار۔ و تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے متعدد حدیثیں منقول ہیں

وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَأُولَٰئِكَ مِنْكُمْ

اور انہوں نے ہجرت کی اور تمہارے ساتھ ہو کر جہاد کیے وہ بھی تمہیں میں محسوب ہیں

وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ

اور رشتہ دار حکم خدا کے بموجب ایک دوسرے کی وراثت کے زیادہ مستحق ہیں

إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝

بیشک اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے

ع ۲ ربع

سُورَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَتِسْعٌ وَعِشْرُونَ آيَةً

آیاتها ۱۲۹ رکوعاتها ۱۶ کلماتها ۲۵۰۴ حروفها ۱۱۳۶۰

بَرَاءَةٌ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ

اللہ اور اسکا رسول اُس عہد سے بری ہیں جو تم نے مشرکین

مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ

سے کیا تھا پس (اے مشرکو) چار مہینے ملک میں چلو پھرو

أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ وَأَنَّ اللَّهَ

اور یہ سمجھ لو کہ تم اللہ کے عاجز کرنیوالے نہیں ہو اور اللہ

مُخْزِي الْكَافِرِينَ ۝ وَأَذَانٌ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

کافروں کا رسوا کرنیوالا ہے اور اللہ اور اسکے رسول کی طرف سے حج اکبر

إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِنَ

کے دن کل آدمیوں کے لیے اعلان (کیا جاتا) ہے کہ اللہ اور اسکا رسول مشرکوں

الْمُشْرِكِينَ ۙ وَرَسُولُهُ ۚ فَإِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ

سے دستبردار ہیں پھر اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لیے

لَكُمْ ۖ وَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ

بہتر ہے اور اگر روگردان رہو گے تو یہ سمجھ لو کہ تم اللہ کے عاجز کرنیوالے

مُعْجِزِي اللَّهِ ۙ وَبَشِّرِ الَّذِينَ كَفَرُوا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝

نہیں ہو اور (اے رسول) تم کافروں کو دردناک عذاب کی خوشخبری پہنچا دو

إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ

مگر مشرکین میں سے وہ لوگ جنسے تمنے عہد کیا تھا پھر انہوں نے تمہارے ساتھ

شَيْئًا وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ أَحَدًا فَأَتِمُّوا إِلَيْهِمْ

کوئی کمی نہیں کی اور نہ تمہارے برخلاف کسی کو مدد دی تو انکے عہد کو انکی

عَهْدَهُمْ إِلَىٰ مُدَّتِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝

مدت تک پورا کرو بیشک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے

فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ

پھر جب حرمت والے مہینے پورے ہوجائیں تو مشرکین کو جہاں جہاں تم پاؤ

حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ

قتل کر ڈالنا اور انکو گرفتار کرلینا اور انکا محاصرہ کرنا

وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا

اور ہر ہر راستہ پر انکے لئے گھات میں بیٹھ جانا پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز

الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ

پڑھنے لگیں اور زکوٰۃ دینے لگیں تو انکا راستہ کھولدینا بیشک اللہ

غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَإِنْ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور اگر مشرکوں میں سے کوئی شخص تم سے پناہ مانگے

اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ

تو اسکو پناہ دینا تاکہ وہ خدا کا کلام سنے پھر اسے اسکے ٹھکانے

مَأْمَنَهُ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْلَمُونَ ۝ ع

پر پہنچا دینا یہ اسلئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو کچھ جانتے بوجھتے نہیں ہیں

[illegible]

چلنے پھرنے کی اجازت دیگئی تھی تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ وہ مدت دسوین ذی الحجہ سے

[illegible]

كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَ

اللہ اور اسکے رسول کے ذمہ مشرکین کا کوئی عہد رہ کیونکر سکتا ہے سوائے

عِنْدَ رَسُولِهٖ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

انکے جن سے تم نے مسجد الحرام کے پاس عہد کر لیا تھا پس جب تک

الْحَرَامِ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ

وہ تمہارے ساتھ اسپر قائم رہین تم بھی انکے ساتھ اسپر قائم رہو

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝ كَيْفَ وَإِنْ يَّظْهَرُوا

بیشک اللہ پرہیزگارون کو دوست رکھتا ہے یہ عہد رہتا کیونکر حالانکہ اگر (اب بھی) وہ

عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ إِلًّا وَّلَا ذِمَّةً يُرْضُونَكُمْ

تمپر غلبہ پا جائین تو نہ تمہارے بارے مین قرابت کا لحاظ کرین نہ عہد وپیمان کا وہ زبانی باتون

بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبٰى قُلُوبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ

سے تمکو راضی کرنا چاہتے ہین حالانکہ انکے دل خوش نہین ہین اور ان مین سے اکثر

فٰسِقُونَ ۝ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيلًا

نافرمان ہین انہون نے خدا کی آیتون کے بدلے تھوڑی سی قیمت لیلی

فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِهٖ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا

اور (لوگون کو) اسکے راستے سے روکا بیشک جو عمل وہ کر رہے ہین (یہ) بہت ہی

يَعْمَلُونَ ۝ لَا يَرْقُبُونَ فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَّلَا ذِمَّةً

برا ہے وہ کسی مومن کے بارے مین نہ قرابت کا لحاظ کرتے ہین نہ عہد وپیمان کا

وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ ۝ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا

اور وہ حد سے زیادتی کرنیوالے ہین پھر اگر وہ توبہ کرلین اور نماز

الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ

پڑھنے لگین اور زکوٰۃ دینے لگین تو دین مین وہ تمہارے بھائی ہین

وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا

اور اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں ہم آیات کو کھول کر بیان کر دیتے ہیں اور اگر وہ عہد کے بعد اپنی قسمیں

اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ

کو توڑ ڈالیں اور تمہارے دین کے بارے میں طعن کریں

فَقَاتِلُوْٓا اَىِٕمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ

تو تم بھی سرداران کفر کو یہاں تک مارو کہ وہ باز آجائیں بیشک وہ ایسے ہی ہیں جنکی قسم کوئی چیز

يَنْتَهُوْنَ ۝ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

نہیں کیا تم اُن لوگوں سے نہیں لڑتے جنہوں نے اپنی قسمیں توڑ ڈالیں

وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ

اور رسول کے نکالنے کا ارادہ کیا اور تمہارے ساتھ ابتدا اُنہوں نے کی

مَرَّةٍ ۭ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ

کیا تم اُنسے ڈرتے ہو حالانکہ اگر تم مومن ہو تو خدا اِسکا زیادہ مستحق ہے کہ تم

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

اُس سے ڈرو اُنسے (خوب) لڑو اللہ تمہارے ہاتھوں اُنکو عذاب

بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ

دیگا اور اُنکو رسوا کریگا اور اُنکے برخلاف تمکو مدد دیگا اور

يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُذْهِبْ

مومن لوگوں کے دل ٹھنڈے کریگا اور اُنکے دلوں کا غصہ

غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

دور کر دیگا اور اللہ جسکی چاہیگا توبہ قبول فرمائیگا

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا

اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے آیا تمنے یہ گمان کرلیا ہے کہ تم چھوڑ دیے جاؤگے

[illegible]

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ
حالانکہ اللہ نے ابھی اُن لوگوں کو جنہوں نے تم میں سے جہاد کئے ہیں جانا نہیں ہے

وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا
اور سوائے اللہ کے اور اُسکے رسولؐ کے اور ایمان دینے والوں کے اور کسی کو رازدار نہیں

ع ۲ ۸

الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝
بنایا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ
مشرکوں کا یہ حق نہیں ہے کہ جس حال میں وہ اپنی ذات کے لئے کفر کے مقر ہوں وہ خدا

عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
کی مسجدوں کو آباد رکھیں اُنکے سب اعمال اکارت ہوچکے

وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ
اور وہ جہنم میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اللہ کی مسجدوں کو تو وہ آباد کرے

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ
جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھے اور نماز پڑھے اور

اٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ
زکوٰۃ دے اور سوائے اللہ کے کسی سے نہ ڈرے پس اُنہی لوگوں کی نسبت امید ہے

اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ
کہ وہ ہدایت یافتہ ہوجائیں کیا تمنے حاجیوں کا پانی پلانا

الْحَاۗجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ
اور مسجد الحرام کا آباد رکھنا اُس شخص کے برابر کر دیا جو اللہ پر

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ
اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اور جسنے راہ خدا میں جہاد کیا

[illegible]

جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کے فیصلہ پر راضی ہوے اُسوقت خدا تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی۔ تفسیر مجمع البیان میں بھی

لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اللہ کے نزدیک تو یہ سب برابر نہیں ہیں اور اللہ ظالم لوگوں کی راہبری

الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

نہیں فرماتا جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے راہِ خدا میں ہجرت کی اور اپنے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً

مالوں سے اور جانوں سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک درجہ میں

عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ

سب سے بڑھکر ہیں اور وہی کامیاب ہونیوالے ہیں انکا پروردگار انکو

رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا

اپنی رحمت کی رضامندی کی اور ایسی جنتوں کی خوشخبری دیتا ہے جنہیں انکے لئے

نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۗ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ

دائمی آسائش ہوگی اور وہ انہیں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے بیشک اللہ کے پاس

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا

بڑا اجر موجود ہے اے ایمان لانیوالو تم اپنے باپ داداؤں کو اور اپنے بھائی بندوں کو

اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ

اگر وہ ایمان کے مقابلہ میں کفر کو دوست رکھتے ہوں (اپنا)

عَلَى الْاِيْمَانِ ۗ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ

دوست نہ بناؤ اور جو تم میں سے انکو دوست بنائیگا تو وہی تو

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ

ظالم ہیں (اے رسول) تم کہدو کہ اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بیٹے

وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ

اور تمہارے بھائی (بند) اور تمہاری بیبیاں اور تمہارا کنبہ قبیلہ اور وہ مال جو تم نے

اقترفتموها وتجارة تخشون كسادها
جمع کرلئے ہیں اور وہ تجارت جسکی کساد بازاری سے تم ڈرتے ہو
ومسكن ترضونها احب اليكم من الله ورسوله
اور وہ مکانات جو تمکو پسند آگئے ہیں (یہ سب چیزیں) اللہ سے اور اسکے رسول سے
وجهاد في سبيله فتربصوا حتى ياتي الله بامره
اور راہ خدا میں جہاد کرنے سے تمکو زیادہ پیاری ہیں تو (جس حالت میں ہو) رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم
ع ۸ والله لا يهدي القوم الفسقين ۝ لقد نصركم
کو ظاہر کردے اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا بیشک اللہ نے تمہاری
الله في مواطن كثيرة ويوم حنين اذ اعجبتكم
بہت سے موقعوں پر مدد کی اور (خاصکر) حنین کے دن جبکہ تمہاری کثرت نے
كثرتكم فلم تغن عنكم شيئا وضاقت عليكم
تمکو نازاں کردیا تھا پھر وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور زمین باوجود وسعت کے تم پر
الارض بما رحبت ثم وليتم مدبرين ۝ ثم
تنگ ہو گئی پھر تم پیٹھ دکھا کر بھاگے پھر
انزل الله سكينته على رسوله وعلى المؤمنين
اللہ نے اپنی تسکین اپنے رسول اور مومنین پر نازل کی
وانزل جنودا لم تروها وعذب الذين كفروا
اور ایسے لشکر اتارے جنکو تم نے (کبھی) نہ دیکھا تھا اور کافروں کو عذاب دیا
وذلك جزاء الكفرين ۝ ثم يتوب الله من بعد
اور کافروں کی سزا (بھی) یہی ہے پھر اسکے بعد اللہ جسکی چاہے توبہ
ذلك على من يشاء والله غفور رحيم ۝
قبول فرمائے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ

اے ایمان لانیوالو سوائے اسکے نہیں ہے کہ مشرک نجس ہین

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا

تو وہ اس سال کے بعد مسجد الحرام مین نہ آنے پائین

وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ

اور اگر تمکو بھوکے مرنیکا اندیشہ ہو تو آگے چل کر اللہ چاہیگا تو اپنے

فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ قَاتِلُوا

فضل سے تمکو غنی کردیگا بیشک اللہ صاحب علم و حکمت ہے اُن لوگوں سے

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

جنکو کتاب دیگئی ہے جو کبھی خدا پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور

وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

جن جن چیزون کو اللہ اور اُسکے رسول نے حرام کردیا ہے اُنکو حرام نہین جانتے اور دین حق کو دین نہین

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا

بنتے اُنسے لڑتے رہو تا آنکہ وہ ذلیل وخوار ہوکر اپنے ہاتھون

الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

جزیہ دینے لگین اور یہودیون نے یہ کہدیا کہ

عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ذٰلِكَ

عزیر اللہ کے بیٹے ہین اور نصرانیون نے یہ کہا کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہین یہ

قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اُنکے اپنے منہ کی گھڑنت ہے (اور) جو لوگ اُنسے پہلے کافر ہوگئے تھے اُنکی سی

مِنْ قَبْلُ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا

باتین یہ بھی بناتے ہین خدا انپر لعنت کرے یہ کدھر بہکے چلے جاتے ہین انہون نے خدا کو چھوڑ کر

أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ وَالْمَسِيحَ

اپنے عالمون اور درویشون کو اور مسیح ابن مریم کو خدا

ابْنَ مَرْيَمَ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا إِلَٰهًا وَاحِدًا

بنا لیا ہے حالانکہ انکو کوئی اور حکم نہین دیا گیا تھا سوا اسکے کہ خدائے واحد کی عبادت کرتے رہین

نصف

لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ سُبْحَانَهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ يُرِيدُونَ

جسکے سوا کوئی معبود نہین ہے اور جن جن چیزونکو یہ شریک ٹھہراتے ہین ان سب سے اسکی ذات منزہ ہے وہ تو یہ

أَن يُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللَّهُ إِلَّا أَن

چاہتے ہین کہ نور خدا کو اپنے منہ سے (پھونک مار مار کر) بجھا دین اور اللہ کو اور کچھ منظور نہین ہے سوا اسکے

يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ۝ هُوَ الَّذِي

کہ اپنے نور کو پورا کردے گو کافرون کو برا لگے وہ (خدا) ہی تو ہے جسنے

أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ

اپنے رسولؐ کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا کہ اسکو تمام

نصف

عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۝

ادیان پر غالب کردے گو مشرکون کو برا لگے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْأَحْبَارِ

اے ایمان لانیوالو ضرور بہت سے علماء اور درویش لوگون

وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ

کے مال ناحق کھا کھا جاتے ہین اور (انکو)

وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۗ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ

راہِ خدا سے روکتے ہین اور جو لوگ سونا اور چاندی

الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

جمع کرتے رہتے ہین اور اسکو راہِ خدا مین خرچ نہین کرتے

تو اسکی غرض یہ ہے کہ جن اموال مین خدا کا منشاء ہے ان اموال مین اسے صرف کردو۔ اس غرض سے نہین دیا ہے کہ اسے جوڑ جوڑ کے رکھو (باقی حدیثین ضمیمہ مین ملاحظہ ہون)

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا

سو تم انکو دردناک عذاب کی خوشخبری سُنا دو (اُس دن کے متعلق) جس دن وہ سونا چاندی آتش

فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ

مین تپایا جائیگا پھر اُسکے ذریعہ سے اُنکی پیشانیان اور اُنکے پہلو اور اُنکی پشتین داغی جائینگی (اور

وَظُهُورُهُمْ هَٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُوا

اُنسے یہ کہا جائیگا) کہ یہی ہے جو تم اپنی ذات کے لئے جمع کیا کرتے تھے پس جیسا تم جمع کیا کرتے تھے

مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ ۝ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللَّهِ

(ویسا ہی اب) اسکا مزہ چکھو بیشک خدا کے نزدیک مہینون کی گنتی جس دن

اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

سے خدا نے آسمان و زمین کو پیدا کیا ہے خدا کی کتاب مین

وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ

بارہ (ہی) مہینے ہین جنمین سے چار محترم ہین سیدھا سادہ قاعدہ یہی ہے

فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ

پس تم ان مہینون کے بارے مین اپنے آپ پر ظلم نہ کرو اور مشرکون سے اکٹھے ہو کر لڑو

كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ

جیسے کہ وہ تم سے اکٹھے ہو کر لڑتے ہین اور یہ سمجھ لو کہ اللہ پرہیزگارون کا

الْمُتَّقِينَ ۝ إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ ۖ يُضَلُّ

ساتھی ہے سوائے اسکے نہین کہ نند کا مہینہ کفر کا اور بڑھانا ہے جو لوگ کافر

بِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُحِلُّونَهُ عَامًا وَيُحَرِّمُونَهُ

ہوگئے ہین اسکے ذریعہ سے اور گمراہ کئے جاتے ہین کہ کسی سال تو وہ اسکو حلال سمجھ لیتے ہین اور کسی

عَامًا لِّيُوَاطِئُوا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ فَيُحِلُّوا مَا

سال اسی کو حرام قرار دیدیتے ہین تاکہ خدا کے محترم کئے ہوے مہینونکی تعداد سے مطابقت کرکے اللہ نے جو کچھ حرام قرار دیا ہے

حَرَّمَ اللّٰهُ ۚ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ۚ وَاللّٰهُ

اسکو حلال کرلیں انکے اعمال کی بدی انکو اچھی کرکے دکھائی گئی ہے حالانکہ اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

منکر لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا اے ایمان لانیوالو تم کو

مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ

ہوکیا گیا ہے جبوقت تم سے یہ کہا جاتا ہے کہ راہ خدا میں (جہاد کی نیت سے) نکلو تو تم زمین پر

اِلَى الْاَرْضِ ۭ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ

بوجھل ہوجاتے ہو کیا تم آخرت کے مقابل زندگانی دنیا پر راضی ہوگئے ہو

فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝

حالانکہ زندگانی دنیا کا سرمایہ آخرت کے مقابل کچھ بھی نہیں ہے مگر ہیچ

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ڏ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا

اگر تم (جہاد کی نیت سے) نہ نکلوگے تو خدا تعالے انکو دردناک عذاب دیگا اور تمہارے بدلے تمہارے علاوہ

غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـــًٔا ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اور لوگ لے آئیگا اور تم اسکا کچھ نہ بگاڑ سکوگے اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اگر تم رسول خدا کی مدد نہ کروگے تو (کچھ پروا نہیں) اللہ نے تو اسکی مدد اسوقت کی تھی جبکہ انکو ان لوگوں نے جو کافر ہوگئے تھے ایسی

ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ

حالت میں نکالا تھا کہ دو میں کا دوسرا تھا (اور وہ دوسرا بھی یار شاطر نہ تھا بلکہ بار خاطر) جبوقت کہ دونو غار میں تھے اسوقت ہمارا رسول

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ

اپنے اس ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ (جو قدم قدم پر تیرے ہاتھ سے نکل گیا) ایسا افسوس نہ کر بیشک اللہ ہم دونو (یعنی میرے اور علی) کے ساتھ ہے پس

وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ

اللہ نے اپنے رسول پر اپنی تسکین نازل فرمائی اور ایسے لشکروں کی انکو مدد پہنچائی جنکو تم نہیں دیکھا اور کافروں کی بات کو اسنے

كَفَرُوا السُّفْلَىٰ ۗ وَكَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ

پست کر دیا اور اللہ ہی کا بول بالا رہا اور اللہ زبردست (اور)

حَكِيمٌ ۝ انْفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ

حکمت والا ہے کم ہتھیار لگا کے اور زیادہ ہتھیار لگا کے نکل کھڑے ہو اور خدا کی راہ مین

وَأَنْفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ

اپنے مالون اور جانون سے جہاد کرو اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو تو تمہارے لئے

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَسَفَرًا

یہی سب سے بہتر ہے اگر فوری فائدہ اور متوسط درجے کا سفر ہوتا تو (اے رسول)

قَاصِدًا لَاتَّبَعُوكَ وَلَٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ

یہ (چپ چاپ) تمہارے ساتھ ساتھ ہو لیتے لیکن مشقت کا سفر ان پر گران گزرتا ہے

وَسَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ

اور عنقریب یہ تم سے خدا کی قسم کھا کر کہینگے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم آپکے ساتھ ہی

يُهْلِكُونَ أَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ۝ ع ٥ ١٢

چلے چلتے۔ یہ اپنے ہی آپ کو ہلاک کرتے ہین اور اللہ تو خوب جانتا ہے کہ یہ جھوٹے ہین

عَفَا اللَّهُ عَنْكَ لِمَ أَذِنْتَ لَهُمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكَ

خدا آپکا بھلا کرے آپنے انکو (رہجانیکی) اجازت دے کیون دی (اور اتنا توقف کیون نہ کیا کہ

الَّذِينَ صَدَقُوا وَتَعْلَمَ الْكَاذِبِينَ ۝ لَا يَسْتَأْذِنُكَ

آپ پر خود بخود کھل جاتا کہ سچے کونسے ہین اور جھوٹون کو بھی آپ جان لیتے جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر

الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ

ایمان رکھتے ہین وہ آپ سے اس بات کی اجازت نہین مانگتے کہ

يُجَاهِدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

اپنے مالون اور جانون سے جہاد کرین اور اللہ پرہیزگارون سے

بِالْمُتَّقِينَ ○ إِنَّمَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

خوب واقف ہے سواے اسکے نہیں کہ تم سے اجازت مانگتے وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور

بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوبُهُمْ فَهُمْ فِي

قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور اُنکے دل شک کرتے رہتے ہیں پھر وہ اپنے شک ہی میں

رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُونَ ○ وَلَوْ أَرَادُوا الْخُرُوجَ لَأَعَدُّوا

پڑے ہیں اور اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے تو اسکی کوئی تیاری

لَهُ عُدَّةً وَلَٰكِنْ كَرِهَ اللَّهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ

کرتے لیکن اللہ کو اُنکا اُٹھنا ہی ناپسند ہوا پس اُنکو سست بنا دیا

وَقِيلَ اقْعُدُوا مَعَ الْقَاعِدِينَ ○ لَوْ خَرَجُوا فِيكُمْ

اور اُنسے کہدیا کہ تم (گھر میں) بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو اگر یہ تمہارے ساتھ ہوکر نکلتے

مَا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا وَلَأَوْضَعُوا خِلَالَكُمْ

تو سواے خرابی کے اور کچھ نہ بڑھاتے اور تم میں فتنہ پھیلاتے پھرتے

يَبْغُونَكُمُ الْفِتْنَةَ وَفِيكُمْ سَمَّاعُونَ لَهُمْ

اور تم میں (اب بھی) اُنکے جاسوس موجود ہیں

وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ○ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ

اور اللہ ظالموں کے حال سے خوب واقف ہے اُنہوں نے تو پہلے ہی فتنہ ڈالنا

مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ حَتَّىٰ جَاءَ

چاہا تھا اور تمہارے معاملات کو اُلٹ پلٹ کر دیا تھا یہانتک کہ اخر حق ظاہر

الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللَّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ ○ وَمِنْهُمْ

ہو گیا اور امر خدا غالب آ گیا حالانکہ وہ ناپسند کرنیوالے تھے اور اُن میں سے

مَنْ يَقُولُ ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي ۚ أَلَا فِي الْفِتْنَةِ

(ایک آدھ) ایسا بھی ہے جو یہ کہتا ہے کہ مجھے اجازت دیجئے اور مجھے آزمائش میں نہ ڈالئے خبردار رہو آزمائش

سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○

میں تو یہ پڑ ہی گئے اور جہنم سب کافروں کو یقیناً گھیر لینے والی ہے

اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ

اگر تمکو کوئی خیر وخوبی پہنچتی ہے تو وہ انکو بری لگتی ہے اور اگر تمپر کوئی مصیبت

مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَ

آپڑتی ہے تو یہ کہنے لگتے ہیں کہ ہمنے تو اپنا انتظام پہلے ہی کر لیا تھا اور

يَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ○ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا

خوش خوش (وہاں سے) چل دیتے ہیں تم یہ کہدو کہ سوائے اُسکے جو اللہ نے ہمارے

مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ

لئے لکھدی ہے اور کوئی مصیبت ہمکو ہرگز نہ پہنچیگی وہ ہمارا حاکم ہے اور مومنوں

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ

کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے تم کہدو کہ ہمارے بارے میں تم اور کس چیز کا انتظار

بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ

کر رہے ہو سوائے اسکے کہ دو خوبیوں میں سے ایک حاصل ہو (یعنی شہادت ملے یا فتح ہوجائے) اور

اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ڮ

ہم تمہارے بارے میں یہ انتظار کر رہے ہیں کہ تمکو اللہ اپنی طرف سے کوئی عذاب دے یا ہمارے ہاتھوں (سزا دلوائے)

فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ○ قُلْ اَنْفِقُوْا

سو تم انتظار کئے جاؤ ہم بھی تمہارے ساتھ ساتھ انتظار کر رہے ہیں تم کہدو کہ تم بخوشی خرچ کرو

طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ

یا ناراض ہو کر (تمہاری یہ خدمت) قبول کبھی نہ کی جائیگی بیشک تم نافرمان

قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ○ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ

لوگ ہو اور اس بات سے کہ اُنکا خرچ کرنا قبول کیا جائے اُنکو

[illegible]

نفقتهم الا انهم كفروا بالله وبرسوله ولا

کیا ہے سوائے اسکے کہ اُنہون نے اللہ اور اُسکے رسول کا یقیناً انکار کیا اور نماز

ياتون الصلوة الا وهم كسالى ولا ينفقون

کو نہین آتے ہین مگر اس طرح سے کہ وہ الکسائے ہوئے ہوتے ہین اور خرچ کچھ نہین کرتے

الا وهم كرهون ○ فلا تعجبك اموالهم ولا

مگر اس طرح سے کہ وہ بیدل ہوتے ہین پس تمکو نہ اُنکے مال تعجب مین ڈالین اور نہ

اولادهم انما يريد الله ليعذبهم بها فى

اُنکی اولاد اللہ تو چاہتا یہی ہے کہ ان چیزون کے ذریعہ سے اُنکو زندگانی دنیا مین

الحيوة الدنيا وتزهق انفسهم وهم كفرون ○

عذاب دے اور اُنکی جانین اس حال مین نکل جائین کہ وہ کافر ہی ہون

ويحلفون بالله انهم لمنكم وما هم منكم

اور وہ خدا کی قسم کھا کھا کر کہینگے کہ ہم تم ہی مین سے ہین حالانکہ وہ تم مین سے نہین ہین

ولكنهم قوم يفرقون ○ لو يجدون ملجا او

بلکہ وہ ایسے لوگ ہین جو ڈرپوک ہین اگر وہ کوئی جاے پناہ یا غار یا

مغرت او مدخلا لولوا اليه وهم يجمحون ○

گھسنے کی جگہ پالین تو بھاگ دوڑ کر اُسکی طرف چلے جائین

ومنهم من يلمزك فى الصدقت فان اعطوا

اور اُنہین سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو (تقسیم) صدقات کے بارے مین تمپر الزام

منها رضوا وان لم يعطوا منها اذا هم

لگاتا ہے پس اگر اُن مین سے اُنکو دیدیا جائے تو راضی راضی ہین اور اگر ان مین سے اُنکو نہ

يسخطون ○ ولو انهم رضوا ما اتهم الله

دیا جائے تو اُسی وقت برامان جاتے ہین اور کاش وہ اُسپر راضی ہوجاتے جو اللہ اور اُسکے رسول

[illegible]

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ دو تہائی آدمیون سے زیادہ اس آیت کے اہل ہین ۱۲

ایسا نہ کہو جب وہ اپنے یاروں میں پلٹ کر آیا تو کہنے لگا کہ محمد تو کانوں کے بڑے کچے ہیں جب اللہ نے اُنکو خبر دی کہ میں اُنکی چغلیاں کھاتا اور اُنکی خبریں پہنچا دیتا ہوں

وَرَسُولُهُ وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِينَا اللّٰهُ

نے اُنکو دیا تھا اور یہ کہتے کہ ہمارے لئے تو اللہ ہی کافی ہے عنقریب خدا تعالےٰ اور

مِنْ فَضْلِهِ وَرَسُولُهُ إِنَّا إِلَى اللّٰهِ رَاغِبُونَ ۝ إِنَّمَا

اُسکا رسول ہمکو اپنے فضل سے (بہت کچھ) دیگا بیشک ہم اللہ ہی کی طرف مائل ہیں سوائے اسکے

الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ

نہیں ہے کہ صدقات تو محتاجوں کا حق ہے اور مسکینوں کا اور صدقات وصول کرنیوالوں کا

عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ

اور اُنکا جنکی تالیف قلوب منظور ہے نیز گردنیں چھڑانے میں اور قرضداروں کے لئے

وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِنَ اللّٰهِ

اور راہِ خدا میں (مجاہدین کی تیاری میں) اور مسافر کی امداد میں صرف کیا جائے یہ اسکی طرف سے مقرر

وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَمِنْهُمُ الَّذِينَ يُؤْذُونَ

ہوچکا ہے اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے اور اُنہیں سے ایسے بھی ہیں جو نبی کو ایذا پہنچاتے ہیں

النَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٌ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ

اور کہتے ہیں کہ اُسکے تو نرے (کان ہی) کان ہیں تم کہدو کہ وہ تمہارے لئے نیکی

لَكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ

کا کان ہے۔ اللہ کا بھی یقین رکھتا ہے اور مومنین کی بھی مان لیتا ہے۔ اور جو تم میں سے ایمان

لِلَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ

لائے ہیں اُنکے لئے رحمت ہے اور جو اللہ کے رسول کو ایذا

رَسُولَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ يَحْلِفُونَ

دیتے ہیں اُنکے لئے دردناک عذاب تیار ہے وہ تمہارے سامنے قسمیں

بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ وَاللّٰهُ وَرَسُولُهُ

کھاتے ہیں کہ تمکو راضی کرلیں حالانکہ اللہ اور اُسکا رسول

لئے ہی رسول کی تصدیق بھی ظاہری ہے ۱۲ ؎ يَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ لَكُمْ تفسیر بحر میں ہے کہ یہ آیت اُن منافقوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو مومنوں

أَحَقُّ أَن يُرْضُوهُ إِن كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا
اسکے زیادہ مستحق ہیں کہ اگر یہ مومن ہیں تو اُنکو راضی کریں کیا اُنھوں نے اتنا نہ سمجھا

أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ
کہ جو اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اُسی کے لئے تو دوزخ کی

جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۝ يَحْذَرُ
آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیگا یہی تو سب سے بڑی رسوائی ہے منافق اس سے

الْمُنَافِقُونَ أَن تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُم بِمَا
ڈرتے رہتے ہیں کہ (مبادا) اُنکے برخلاف کوئی ایسی سورت نازل کیجائے جو لوگوں کو اُس سے

فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلِ اسْتَهْزِئُوا إِنَّ اللَّهَ مُخْرِجٌ
(جو کچھ) اُنکے دلوں میں ہے آگاہ کردے۔ تم کہدو کہ تم ہنسی اڑالتے ہو جس چیز سے تم ڈرتے ہو اللہ ضرور

مَّا تَحْذَرُونَ ۝ وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا
اُسکو ظاہر کرکے رہیگا اور اگر تم اُنسے دریافت کروگے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ ہم تو

كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ
صرف بات چیت اور ہنسی مذاق کررہے تھے تم یہ کہدو کہ کیا تم اللہ کا اور اُسکی آیتوں کا اور اُسکے رسول

كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ۝ لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُم
کا مذاق کررہے تھے حیلے حوالے نہ کرو تم ایمان لانیکے بعد یقیناً کافر ہوگئے ہو

بَعْدَ إِيمَانِكُمْ ۚ إِن نَّعْفُ عَن طَائِفَةٍ مِّنكُمْ
اگر ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف بھی کردینگے

نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۝
تو ایک گروہ کو سزا بھی ضرور دینگے اسلئے کہ وہ مجرم ہیں

الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُم مِّن بَعْضٍ
منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے ہمجنس ہیں

خلاصہ یہ اُنکی مذمت بیان فرمائی ہے کہ یہ بھی پہلوں کے قدم بقدم چل رہے ہیں ۱۲

يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وَ

برائی کا حکم دیتے رہتے ہیں اور نیکی سے (برابر) باز رکھتے ہیں اور

يَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللَّهَ فَنَسِيَهُمْ ۗ إِنَّ

اپنے ہاتھ بند رکھتے ہیں وہ اللہ کو بھول گئے ہیں تو اللہ نے بھی اُنکو (گویا) بھلادیا ہے بیشک

الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ○ وَعَدَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ

منافق لوگ ہی تو نافرمان ہیں اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں

وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا

اور کافروں سے آتش جہنم کا وعدہ کرلیا ہے وہ ہمیشہ (ہمیشہ) اُسی میں رہینگے

هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ○

وہی اُنکو کافی ہوگی اور اللہ نے اُنپر لعنت کی ہے اور اُنکے لئے پائدار عذاب ہے

كَالَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنكُمْ قُوَّةً

مثل اُن لوگوں کے جو تم سے پہلے تھے کہ وہ قوت میں تم سے بڑھے ہوئے

وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا فَاسْتَمْتَعُوا بِخَلَاقِهِمْ

اور مال و اولاد میں تم سے زیادہ تھے پس اُنہوں نے اپنے حصہ سے نفع اُٹھایا

فَاسْتَمْتَعْتُم بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُم

اور تم نے اپنے حصہ سے ویسا ہی نفع اُٹھایا جیسا کہ تم سے پہلے والوں نے اپنے حصہ سے نفع اُٹھایا

بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِي خَاضُوا ۚ أُولَٰئِكَ

تھا اور تم نے ویسی ہی باتیں بنائیں جیسی باتیں اُنہوں نے بنائی تھیں اُنہی کے

حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ

اعمال دنیا و آخرت میں بیکار رہے اور وہی نقصان

هُمُ الْخَاسِرُونَ ○ أَلَمْ يَأْتِهِمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

اُٹھانیوالے ہونگے کیا اِنکے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں آئی جو اِنسے پہلے تھے

منزل ۲

خوبی سے محروم رہجائینگے ۱۲ ۔ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ اس آیت میں پروردگار عالم نے

قَوْمِ نُوحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۵ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ
نوحؑ کی قوم کی اور عاد کی اور ثمود کی اور ابراہیمؑ کی قوم کی اور مدین والوں

مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۚ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا
کی اور اُلٹی ہوئی بستیوں کے رہنے والوں کی اُنکے رسُول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر

كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○
آئے تھے پس اللہ کی یہ شان نہیں ہے کہ اُنپر ظلم کرتا لیکن وہ اپنی جانوں پر آپ ظلم توڑا کرتے تھے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ
اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے حامی ہوا کرتے ہیں

يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ
وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور بدی سے (برابر) منع کرتے ہیں اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَ
نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اُسکے رسُول کی اطاعت

رَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
کرتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ عنقریب اللہ اُنپر رحمت کریگا بیشک اللہ زبردست (اور)

حَكِيْمٌ ○ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ
حکمت والا ہے اللہ نے مومن مرد اور مومن عورتوں سے ایسی جنتوں کا وعدہ کیا ہے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ
جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی اور اُنمیں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اور دائمی

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ
بہشتوں میں اچھے اچھے مکانوں کا بھی وعدہ کیا ہے اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑھکر ہے

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ ۹ ۶ ۱۵
یہی تو بڑی کامیابی ہے اے نبیؐ کفار اور

انکے حصے کے بدلے میں بیگہ بنی تو وہ اُنکو لیکر ایک وادی میں اُترگیا۔ اب جمعہ اور جماعت سے بھی محروم ہوگیا اور آنحضرت نے صدقہ وصول کرنیوالے کو اُسکے پاس بھیجا

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

منافقین سے جہاد کرو اور اُنپر سختی کرو اور اُنکا ٹھکانا جہنم ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ

اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے وہ خدا کی قسم کھاکھا کر کہتے ہیں کہ اُنہوں نے ایسا نہیں کہا

قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَ

حالانکہ اُنہوں نے کفر کا کلمہ ضرور کہا اور وہ اپنے اسلام کے بعد کافر ہوگئے اور

هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْا اِلَّاۤ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ

ایسی بات کا قصد کیا جسے کر نہ سکے اور وہ اسی سے تو بگڑے کہ اللہ نے اور اُسکے رسول

وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ

نے اپنے فضل سے اُنکو غنی کردیا پس اگر وہ توبہ کرلینگے تو اُسکے لئے بہتر ہوگا

وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِى الدُّنْيَا

اور اگر وہ روگرداں ہونگے تو اللہ اُنکو دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب سے

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا

معذب کریگا اور زمین میں نہ اُنکا کوئی حامی ہوگا اور نہ مددگار

نَصِيْرٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ

اور اُنمیں ایسے بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ اپنے فضل سے

لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمْ

ہمکو کچھ دیگا تو ہم ضرور تصدق بھی کیا کرینگے اور نیک بندوں میں سے بھی ہوجاینگے پھر جب اُسنے اپنے فضل سے اُنکو دیا

مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ فَاَعْقَبَهُمْ

تو اُسکے بارے میں اُنہوں نے بخل کیا اور روگرداں ہوکر اپنے عہد سے پھر گئے پس خدا تعالیٰ نے اُنکے دلوں

نِفَاقًا فِىْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ

میں اُس دن تک کے لئے نفاق پیدا کردیا جسدن کہ وہ خود اُسی ملاقات کرینگے (ایک تو اس لئے کہ

مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ

جو وعدہ اُنہوں نے خدا سے کیا تھا اُسکے خلاف کیا اور (دوسرے) اسلئے کہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔ اُنہوں نے اتنا نہ سمجھا کہ

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللَّهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝

اللہ اُنکے راز کو بھی جانتا ہے اور اُنکی سرگوشیوں کو بھی اور یہ کہ اللہ بڑا غیب کا جاننے والا ہے

الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي

جو لوگ مومنین میں خوش دلی سے خیرات کرنیوالوں کو عیب لگاتے ہیں

الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ

اور جنکو اپنی محنت کے سوا کچھ میسر نہیں آتا اُنکو بھی عیب لگاتے ہیں

فَيَسْخَرُونَ مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللَّهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

پھر (اس طرح) سب سے ہنستے ہیں اللہ اُن سب کی ہنسی اُڑائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب

أَلِيمٌ ۝ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ

(بھی) ہے تم اُنکے لئے دعائے مغفرت مانگو یا تم اُنکے لئے دعائے مغفرت نہ مانگو اگر تم

تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ

اُنکے لئے ستر مرتبہ بھی دعائے مغفرت مانگوگے تو بھی اللہ اُنکو ہرگز ہرگز نہ بخشیگا

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي

یہ اسلئے کہ اُنہوں نے خدا کا اور اُسکے رسول کا انکار کیا اور اللہ نافرمان لوگوں کی

ع ۱۰ ۸ ۱۶

الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ۝ فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ

راہبری نہیں فرماتا پیچھے رہجانیوالے رسولِ خدا کے خلاف اپنے بیٹھ رہنے سے

خِلَافَ رَسُولِ اللَّهِ وَكَرِهُوا أَنْ يُجَاهِدُوا بِأَمْوَالِهِمْ

خوش ہوئے اور اس سے اُنہوں نے نفرت کی کہ راہِ خدا میں اپنے مالوں اور جانوں سے

وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَالُوا لَا تَنْفِرُوا فِي الْحَرِّ

جہاد کرتے اور لوگوں سے کہا کہ گرمی میں نہ نکلو

قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ○

تم یہ کہدو کہ آتش دوزخ کی گرمی تو بہت بڑھی ہوئی ہے کاش یہ سمجھتے ہوتے

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا

پس اُنہیں چاہئے کہ ہنسیں تو تھوڑا اور روئیں بہت سا کہ جو کچھ وہ کیا کرتے تھے

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ

اُسکا بدلہ ہو پھر اگر اللہ تمکو اُنہیں سے کسی گروہ کے پاس واپس

مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ

لائے اور وہ تم سے نکلنے کی اجازت مانگیں تو تم کہدینا کہ تم ہرگز ہرگز میرے ہمراہ ہوکر

اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ

نہ نکلوگے اور میرے ساتھ ہوکر کبھی کسی دشمن سے نہ لڑوگے تم پہلی ہی دفعہ بیٹھ رہنے سے

بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ○

راضی ہوئے اب پیچھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ

اور اے رسولؐ (جب) انمیں سے کوئی مرجائے تو تم کبھی اُسکے جنازہ کی نماز نہ پڑھنا اور نہ اُسکی

عَلٰى قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا

قبر پر کھڑے ہونا بیشک اُنہوں نے اللہ کے اور اُسکے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ نافرمانی کی

وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ○ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَ

حالت میں مرگئے ہیں اور اُنکے مال اور اُنکی اولاد تمکو تعجب میں

اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا

نہ ڈالیں سوائے اسکے نہیں کہ اللہ یہ چاہتا ہے کہ ان چیزوں کے ذریعے اُنکو

فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ○

عذاب دے اور اُنکی جانیں اس حالت میں نکلیں کہ وہ کافر ہوں

وَإِذَآ أُنزِلَتْ سُورَةٌ أَنْ ءَامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَجَٰهِدُوا۟

اور جب کوئی سورت (اس حکم کے ساتھ) نازل کی جاتی ہے کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اسکے رسول کے

مَعَ رَسُولِهِ ٱسْتَـْٔذَنَكَ أُو۟لُوا۟ ٱلطَّوْلِ مِنْهُمْ وَ

ساتھ ہوکر جہاد کرو تو انمین سے جو صاحبان مقدرت ہین وہ تمسے اجازت مانگتے ہین اور

قَالُوا۟ ذَرْنَا نَكُن مَّعَ ٱلْقَٰعِدِينَ ۝ رَضُوا۟ بِأَن

کہتے ہین کہ ہمکو چھوڑ دیجئے کہ ہم بیٹھ رہنے والون کے ساتھ رہین وہ اسپر راضی ہوگئے ہین کہ

يَكُونُوا۟ مَعَ ٱلْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ

عورتون کے ساتھ رہین اور انکے دلون پر چھاپا لگا دیا گیا ہے پس وہ

لَا يَفْقَهُونَ ۝ لَٰكِنِ ٱلرَّسُولُ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟

(کچھ) سمجھتے نہین لیکن رسول نے اور ان لوگون نے جو انکے ساتھ ایمان لائے

مَعَهُۥ جَٰهَدُوا۟ بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ ۚ وَأُو۟لَٰٓئِكَ

ہین اپنے مالون اور جانون سے جہاد کیا اور انہی کے لئے

لَهُمُ ٱلْخَيْرَٰتُ ۖ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْمُفْلِحُونَ ۝

سب خوبیان ہین اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہین

أَعَدَّ ٱللَّهُ لَهُمْ جَنَّٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ

اللہ نے انکے لئے جنتین تیار کی ہین جنکے نیچے ندیان بہتی ہین

ع ٩ / ١٧

خَٰلِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ ۝

انمین وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے یہی تو بڑی کامیابی ہے

وَجَآءَ ٱلْمُعَذِّرُونَ مِنَ ٱلْأَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ

اور بدوؤن مین سے عذر کرنیوالے آئے کہ انکو بھی (بیٹھ رہنے کی) اجازت دیجائے

لَهُمْ وَقَعَدَ ٱلَّذِينَ كَذَبُوا۟ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ ۚ

اور جن لوگون نے اللہ اور اسکے رسول سے جھوٹ بولا اور بیٹھ رہے

سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○
انہین سے جن لوگون نے کفر کیاہے انکو عنقریب دردناک عذاب پہنچیگا
لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَىٰ وَلَا عَلَى
نہ کمزورون کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ بیمارون کے ذمہ اور نہ انکے ذمہ
الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ مَا يُنْفِقُونَ حَرَجٌ إِذَا
جنکو خرچ کے لئے کچھ میسر ہی نہین آتا جس حال مین کہ وہ
نَصَحُوا لِلَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ مَا عَلَى الْمُحْسِنِينَ مِنْ
اللہ اور اللہ کے رسول کے خیرخواہ ہون نیکی کرنیوالون پر کوئی الزام ہی نہین
سَبِيلٍ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○ وَلَا عَلَى
ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور نہ انکے ذمہ
الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ
کوئی الزام ہے کہ جب وہ تمہارے پاس اس غرض سے آئے کہ تم انکو سوار
لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ص تَوَلَّوْا وَأَعْيُنُهُمْ
کردو اور تمنے یہ کہدیا کہ میرے پاس تو کوئی سواری نہین ہے کہ مین تمکو اسپر سوار کردون تو وہ اس
تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنْفِقُونَ ○
حالت مین لوٹ گئے کہ انکی آنکھون کو اس رنج کے سبب آنسو جاری تھے کہ انہین کچھ خرچ کرنیکو کچھ میسر ہی نتھا
إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ
الزام تو صرف انہی لوگون پر ہے جو باوجود مالدار ہونیکے تم سے
وَهُمْ أَغْنِيَاءُ ۚ رَضُوا بِأَنْ يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ
اجازت مانگتے ہین وہ اسپر راضی ہوگئے ہین کہ عورتون کے ساتھ رہین
وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○
اور اللہ نے انکے دلون پر چھاپا لگادیا ہے اب وہ کچھ نہین جانتے

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُلْ

جب تم اُنکے پاس پلٹ کر آؤگے تو وہ تمہارے پاس عذر بنا کر لائینگے تم اُنسے کہدو کہ

لَا تَعْتَذِرُوا لَنْ نُؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ

(جھوٹے) عذر نہ بناؤ ہم تمہاری بات ہرگز نہ مانینگے۔ خدا تعالےٰ نے ہمکو تمہارے احوال سے (پہلے ہی) مطلع کر رکھا ہے

وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ

اور عنقریب اللہ اور اللہ کا رسول تمہارے طرزِ عمل کو دیکھ لینگے پھر تم غائب وحاضر کے جاننے والے کی پاس

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

لوٹائے جاؤگے پس جو جو عمل تم کیا کرتے تھے اُس سے وہ تمکو آگاہ کردیگا

سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انْقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا

عنقریب وہ تمہارے سامنے جبکہ اُنکے پاس تم پلٹ کر آؤگے (آکر) خدا کی قسم کھائینگے کہ تم اُنسے درگزر کرو

عَنْهُمْ ۖ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ إِنَّهُمْ رِجْسٌ ۖ وَمَأْوَاهُمْ

پس تم بھی اُن سے درگزر کرنا وہ یقیناً نجس ہیں اور اُنکا ٹھکانا بسبب اُن اعمال کے جو وہ

جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ يَحْلِفُونَ

کیا کرتے ہیں جہنم ہے وہ تمہارے سامنے

لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۖ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ

اس لئے حلف اُٹھاتے ہیں کہ تم اُنسے راضی ہوجاؤ پھر اگر تم اُنسے راضی بھی ہوجاؤ تو اللہ تو نافرمان

عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ۝ الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَ

لوگوں سے (یقیناً) راضی نہ ہوگا بدو لوگ کفر اور نفاق میں بہت ہی بڑھے ہوئے ہیں

نِفَاقًا وَأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُوا حُدُودَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ

اور اسی لائق ہیں کہ جو احکام اللہ نے اپنے رسول پر نازل کئے ہیں اُن سے

عَلَىٰ رَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَمِنَ الْأَعْرَابِ

آگاہ نہ ہوں اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے اور بدوؤں میں سے کوئی کوئی

مَن يَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ مَغْرَمًا وَيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَائِرَ

ایسا بھی ہے کہ جو کچھ وہ (راہ خدا میں) خرچ کرتا ہے اُسے تاوان ٹھہراتا ہے اور تمہیر زمانہ کی گردشوں کے

عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ وَمِنَ

پڑنیکا منتظر رہتا ہے بُری گردش اُنہی پر پڑیگی اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور گنوار

الْأَعْرَابِ مَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَيَتَّخِذُ

عربوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اور جو کچھ بھی

مَا يُنفِقُ قُرُبَاتٍ عِندَ اللَّهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُولِ أَلَا إِنَّهَا

(راہ خدا میں) خرچ کرتا ہو اُسے خدا تعالے کی قربت کا اور رسُول کی دعا کا وسیلہ سمجھتا ہے آگاہ ہو کہ وہ

قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ إِنَّ اللَّهَ

خرچ کرنا ضرور اُنکے لئے قربت کا باعث ہوگا عنقریب خدا تعالے اُنکو اپنی رحمت میں داخل کریگا بیشک اللہ بڑا

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ ع ۱۲ ۱۰ ۱

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور مہاجرین و انصار میں سے سب سے پہلے (ایمان کی طرف) سبقت

وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ

کرنیوالے اور وہ لوگ جنہوں نے نیکی میں اُنکی پیروی کی خدا تعالے اُنسے راضی ہو گیا

وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ

اور وہ خدا تعالے سے راضی ہوگئے اور اُنکے لئے ایسے باغ تیار کئے ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَمِمَّنْ

وہ اُن میں ہمیشہ رہینگے یہی سب سے بڑی کامیابی ہے اور تمہارے آس پاس

حَوْلَكُم مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مع

کے بدووں میں سے بعض منافق ہیں اور بعض اہل مدینہ میں سے (بھی) نفاق پر اڑے

مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُم عند المتقدمین ۱۲

ہیں (اے رسُول) تم اُنکو نہیں جانتے ہم اُنکو خوب جانتے ہیں عنقریب ہم اُنکو دوہرا

مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝ وَاٰخَرُوْنَ

عذاب دینگے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائینگے اور دوسرے کچھ ایسے بھی ہیں

اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا

جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار بھی کرلیا (اور) انہوں نے عمل نیک کو عمل بد کے ساتھ مخلوط کردیا

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ

امید ہے کہ اللہ انکی توبہ قبول کرلے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے انکے مال

مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ

میں سے صدقہ لیلو کہ انکو بھی پاک کردو اور اس صدقہ لینے کی وجہ سے انکے مال کو بھی بڑھادو

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اور انکے لئے دعاے رحمت کرو کہ تمہاری دعا رحمت کرنا انکی تسکین کا باعث ہوگا اور اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے

اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ

کیا انہوں نے اس بات کو نہیں جانا کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور (انسے) صدقات

وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

لے لیتا ہے اور یہ کہ بیشک اللہ ہی سب سے بڑا توبہ قبول کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ

اور انسے یہ کہدو کہ تم عمل کیے جاؤ عنقریب اللہ اور اسکا رسول اور ایمان دینے والے تمہارے اعمال کو دیکھ لینگے

وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

اور عنقریب تم غائب و حاضر کے جاننے والے کی حضور میں واپس کیے جاؤگے اور جو کچھ تم کیا کرتے تھے اس سے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ

وہ تم کو آگاہ کردیگا اور کچھ ایسے بھی ہیں جو خدا کے فیصلہ کے امیدوار ہیں

اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

کہ دیکھیں وہ انکو عذاب دیتا ہے یا انکی توبہ قبول کرلیتا ہے اور خدا سب کا جاننے والا صاحب حکمت ہے

ربع

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَكُفْرًا وَتَفْرِيقًا بَيْنَ

اور وہ لوگ جنہوں نے ایک مسجد ضرر پہنچانے کے لئے اور مومنین کا بیں پھوٹ ڈالنے کے لئے اور جو شخص پہلے سے خدا اور

الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا لِمَنْ حَارَبَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ مِنْ

خدا کے رسول سے لڑا کرتا تھا اسکو گھات کا موقع دینے کے لئے بنائی ہے اور وہ ضرور حلف اٹھائینگے

قَبْلُ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنَىٰ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ

یہ کہینگے کہ ہمارا ارادہ تو اس سے سوائے نیکی کے اور کچھ بھی نہ تھا حالانکہ اللہ اس بات کی گواہی دیتا ہے

لَكَاذِبُونَ ۝ لَا تَقُمْ فِيهِ أَبَدًا لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ

کہ وہ یقینی جھوٹے ہیں اس مسجد میں تم کبھی نماز نہ پڑھنا البتہ وہ مسجد جسکی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوے پر رکھی گئی

مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُومَ فِيهِ فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ

اس کی زیادہ مستحق ہے کہ تم اس میں نماز پڑھتے رہو اسمیں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو

أَنْ يَتَطَهَّرُوا وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ۝ أَفَمَنْ أَسَّسَ

دوست رکھتے ہیں اور اللہ (بھی) پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے آیا وہ شخص جو اپنی (دین کی)

بُنْيَانَهُ عَلَىٰ تَقْوَىٰ مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَنْ أَسَّسَ

بنیاد خدا کے خوف اور اسکی خوشنودی پر رکھے بہتر ہے یا وہ شخص جو اپنی بنیاد پھٹے ہوئے کراڑے

بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

کے کنارے پر رکھے جو گرا چاہتا ہو پھر وہ مع اسکے آتش جہنم میں جا گرے

وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ

اور اللہ ظالم لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا انکی بنیاد جنہوں نے (یہ مسجد)

الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ وَاللَّهُ

بنائی تھی ہمیشہ انکے دلوں میں شک کا باعث رہیگی جبتک کہ انکے دلوں کے ٹکڑے نہ اڑجائیں اور اللہ

عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ ع إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ

صاحب علم و حکمت ہے بیشک اللہ نے مومنوں سے انکی جانیں اور انکے مال اس بات کے معاوضہ میں

وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

خرید لئے ہیں کہ انکے لئے جنت ہے وہ راہ خدا میں لڑتے ہیں پس وہ قتل

فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۟ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ

کرینگے بھی اور قتل کئے بھی جائینگے اسی پر سچا وعدہ توریت میں اور انجیل میں اور

وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ۭ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ

قرآن میں موجود ہے اور اللہ سے زیادہ اپنا عہد پورا کرنیوالا کون ہوگا

فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ

پس یہ سودا جو تم نے اللہ سے کیا ہے اس سے خوش ہو جاؤ اور یہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ

سب سے بڑی کامیابی ہے وہ توبہ کرنیوالے عبادت کرنیوالے تعریف کرنیوالے

السَّاۗىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ

روزہ رکھنے والے رکوع کرنیوالے سجدہ کرنیوالے نیکی کا حکم

بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ

دینے والے اور بدی سے باز رکھنے والے اور احکام خدا کی حفاظت کرنیوالے

لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ

ہیں اور انہی ایمان والوں کو خوشخبری سنا دو نبی کا اور ان لوگوں کا جو ایمان لائے ہیں

اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا

یہ کام نہیں ہے کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت مانگیں بعد اسکے کہ ان پر یہ بات کھل چکی ہے

اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ

کہ وہ جہنمی ہیں گو وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہوں

الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ

اور ابراہیم کا اپنے چچا کے لئے دعا مانگنا تو ایک وعدہ کے سبب

مَوْعِدَةٍ وَّعَدَهَا إِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلَّهِ
تھا جو اُنہوں نے اُس سے کر لیا تھا پھر جب اُن پر یہ بات کھل گئی کہ وہ خدا کا دشمن ہے تو اُنہوں نے

تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ○ وَمَا كَانَ اللَّهُ
اُس سے تبرّا کیا بیشک ابراہیم بڑے نرم دل (اور) بُرد بار تھے اور خدا کا یہ کام نہیں ہے

لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدَاهُمْ حَتَّىٰ يُبَيِّنَ لَهُم مَّا
کہ کسی قوم کو ہدایت کرنے کے بعد اُن سے توفیقِ ہدایت سلب کر لے جب تک کہ اُنپر کھول نہ دے کہ اُنکو

يَتَّقُونَ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ إِنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ
کس کس چیز سے بچنا چاہیئے بیشک اللہ ہر چیز سے آگاہ ہے بیشک آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُم مِّن
بادشاہی خدا ہی کی ہے وہی جِلاتا اور مارتا ہے اور تمہارا اللہ کے سوا نہ کوئی

دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ○ لَقَد تَّابَ اللَّهُ عَلَى
حامی ہے اور نہ مددگار بیشک اللہ نے نبی اور اُن مہاجرین

النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ
اور انصار کی توبہ قبول کرلی جنھوں نے تنگی کے حال میں (بھی) نبی کا ساتھ دیا

الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِّنْهُمْ
تھا بعد اسکے کہ اُن میں سے ایک فریق کا دل حق سے ہٹ چلا تھا

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○ وَ
پھر اسنے اُنکی توبہ قبول کی بیشک وہ اُنپر بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور

عَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّىٰ إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ
اُن تینوں کی بھی توبہ قبول کی جو پیچھے چھوڑ دئے گئے تھے یہانتک کہ زمین اُنپر باوجود اپنی ساری

الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَ
وسعت کے تنگ ہو گئی تھی اور اُنکو اپنی جان بھی دوبھر معلوم ہونے لگی تھی اور

ظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ

اُنکو یہ یقین ہو گیا تھا کہ خدا (کے غضب) سے بھاگ کر کہیں اور پناہ نہیں ہے سوائے اسکے کہ اُسی کی پناہ مانگی

لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

جائے پھر خدا نے اُنکی توبہ قبول کر لی تاکہ وہ پہلی حالت کی طرف عود کریں بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے

ع ۸ ۱۴ ۳

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ مَا كَانَ

ایمان لانیوالو اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ساتھ ہو رہو مدینہ کے رہنے والوں کا

لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ

اور اُنکے آس پاس جو بدّو رہتے ہیں اُنکا یہ کام نہیں ہے کہ وہ

يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ

رسول اللہ کا ساتھ چھوڑ کر بیٹھ رہیں اور نہ یہ کہ رسول کی جان سے زیادہ اپنی جان کی

نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ

پروا کریں یہ اس لئے کہ اُنکو راہِ خدا میں پیاس کی تکلیف پہنچتی ہے تو کوئی رنج

وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَــُٔوْنَ مَوْطِئًا

پہنچتا ہے تو۔ اور بھوک کی تکلیف ہوتی ہے تو اور کوئی ایسا راستہ چلتے ہیں جس سے

يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ

کفار کو غصہ دلائیں تو اور دشمنوں سے کوئی چیز چھین لیتے ہیں تو بہر صورت اُنکے لئے عمل صالح

لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ۱۱

لکھ لیا جاتا ہے بیشک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

اور وہ چھوٹا خرچ کرتے ہیں تو اور بڑا خرچ کرتے ہیں تو اور کوئی مسافت

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا

طے کرتے ہیں تو۔ وہ بھی اُنکی لکھ لی جاتی ہے تاکہ جو جو عمل وہ کیا کرتے تھے اس سے بہتر بدلہ اللہ تعالے

منزل ۲

يَعْمَلُونَ ۝ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً ط

انکو دیدے اور مومنوں کے لئے یہ کچھ ضرور نہیں ہے کہ وہ سب کے سب گھر سے نکل پڑیں

فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا

پس انکے لئے ہر بڑے گروہ میں سے ایک چھوٹا سا جتھا اس غرض سے کیوں نہیں نکلتا کہ دین کا علم

فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ

حاصل کرے اور جب اپنی قوم میں پلٹ کر آئے تو انکو ڈرائے تاکہ وہ

لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا ع ۴

لوگ بھی بچیں اے ایمان لانیوالو کفار میں سے جو تمہارے

الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ربع

آس پاس ہیں انسے لڑتے رہو اور ضرور ہے کہ وہ تم میں سختی محسوس کریں اور یہ جان لو کہ

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ

اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے اور جب وقت کوئی سورت نازل

سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا

کی جاتی ہے تو کوئی کوئی ان میں سے ایسا بھی ہے جو یہ کہہ دیتا ہے کہ تم میں سے ایسا کون ہے جس کا

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ

اس نے ایمان بڑھا دیا ہو پس جو لوگ ایمان لائے ہیں انکا تو اس سورت نے ایمان بڑھا ہی دیا اور

يَسْتَبْشِرُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

وہ خوش بھی ہو رہے ہیں اور رہے وہ لوگ جنکے دلوں میں روگ ہے انکے شک پر اسی

فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ

سورت نے کچھ اور شک بڑھا دیا ہے اور وہ کفر کی حالت میں

كَافِرُونَ ۝ أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ

مر جائینگے کیا وہ یہ نہیں دیکھتے ہیں کہ ہر سال ایک مرتبہ یا دو مرتبہ انکی جانچ

عامٍ مرّةً او مرّتين ثمّ لا يتوبون

کی جاتی ہے پھر نہ وہ توبہ ہی کرتے ہیں

ولا هم يذّكّرون ○ واذا ما

اور نہ نصیحت ہی حاصل کرتے ہیں اور جو وقت کوئی

اُنزلت سورةٌ نظر بعضهم الى بعضٍ ط

سورت نازل کیجاتی ہے تو وہ (بطور اشارہ) ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں

هل يرٰىكم من احدٍ ثمّ انصرفوا ط

(اور اپنی جگہ یہ کہتے ہیں) کہ کیا تمکو کوئی دیکھ رہا ہے پھر وہاں سے پلٹ آتے ہیں

صرف الله قلوبهم بانّهم قومٌ

خدا نے بھی اُنکے دل پھیر دئے ہیں اس لئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو

لا يفقهون ○ لقد جاءكم رسولٌ من

سمجھ نہیں رکھتے بیشک تمہارے پاس ایک ایسا رسول تمہارے ہی

انفسكم عزيزٌ عليه ما عنتّم

ابنائے جنس سے آیا ہے کہ جو تمکو ناگوار ہے وہ اُسکو بھی شاق

حريصٌ عليكم بالمؤمنين

ہے اُسکی سب سے بڑی خواہش تمہاری نسبت یہ ہے کہ تم ایمان لاؤ (وہ) مومنین

رءوفٌ رّحيمٌ ○ فان تولّوا فقل

پر بہت نرم دل اور مہربان ہے پھر اگر وہ لوگ روگرداں ہوں تو تم کہدو کہ

حسبي الله لا اله الّا هو ط عليه

میرے لئے تو اللہ ہی کافی ہے۔ اُسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اُسی پر

توكّلت وهو ربّ العرش العظيم ○ ع ۱۶ ۵

بھروسا کرلیا ہے اور وہی بڑے عرش کا مالک ہے

اس آیت کریمہ میں نازل فرمایا ہے لقد جاءنا رسول من انفسنا عزیز علیہ ما عنتنا حریص علینا بالمؤمنین رؤف رحیم

سورۃ یونس مکیۃ وھی مائۃ وتسع آیات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْحَکِیْمِ ○

الٓر یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں

اَکَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَیْنَا اِلٰی

کیا لوگوں کو یہ بات عجیب معلوم ہوئی کہ ہم نے انہی میں سے ایک شخص

رَجُلٍ مِّنْھُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ

کی طرف یہ وحی بھیجی کہ تم لوگوں کو ڈراؤ اور جو اُن میں سے ایمان

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَھُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ

لائے ہیں اُنکو یہ خوشخبری سُنا دو کہ اُنکے رب کے پاس اُنکا سچا مرتبہ

رَبِّھِمْ قَالَ الْکٰفِرُوْنَ اِنَّ ھٰذَا لَسٰحِرٌ

اور پایہ ہے کافروں نے یہ کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو

مُّبِیْنٌ ○ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ

ہے بیشک تمہارا پروردگار وہی خدا ہے جسنے آسمانوں کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ

اور زمیں کو چھ دن میں بنایا پھر (اُسکا حکم)

اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ

عرش پر غالب آیا (اور وہی) معاملات کا بندوبست کرتا ہے

مَا مِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْ بَعْدِ اِذْنِہٖ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ

بغیر اُسکے حکم کے کوئی سفارشی ہو ہی نہیں سکتا یہی اللہ تو تمہارا

آیاتہا ١٠٩ — رکوعاتہا ١١

[illegible]

رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۚ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اِلَيْهِ

پروردگار ہے اسی کی عبادت کرو کیا اب بھی غور نہیں کرتے تم سب کی

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۚ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۚ اِنَّهٗ

بازگشت اسی کی طرف ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے بیشک وہی

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ

مخلوق کو بناتا ہے پھر وہی انکو لوٹا کر لائیگا تاکہ جو لوگ ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۚ وَالَّذِيْنَ

اور انصاف کے ساتھ نیک عمل کرتے رہے انکو جزاے خیر دے اور انکے لئے جو

كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ

کافر ہو گئے تھے بعوض اسکے جسکا وہ انکار کرتے تھے کھولتے ہوئے پانی

اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ

کی پلائی ہوا اور دردناک عذاب وہ خدا وہی تو ہے جسنے

جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّ

سورج کو روشن قرار دیا ہے اور چاند کو نور اور

قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ

چاند کی منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب سمجھ لیا کرو

وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ

اللہ نے ان سب چیزوں کو برحق پیدا کیا ہے سمجھنے والے

يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ

لوگوں کے لئے وہ اپنی آیتیں کھولکر بیان کرتا ہے بالتحقیق

فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ

رات اور دن کی ادل بدل میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں میں اور زمین میں

[illegible]

له اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ یہ آیت غور سے دیکھنے اور پڑھنے کے لائق ہے۔ اسکے نزول سے یہ بتلانا منظور ہے کہ ابتدائے خلقت انسان اور پھر

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝ اِنَّ

پیدا کیا ہے اس میں پرہیزگار لوگوں کے لئے بہت سی نشانیاں موجود ہیں یقیناً وہ

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

لوگ جنکو ہماری حضور میں آنیکی امید نہیں ہے زندگانی دنیا پر راضی اور اسی پر

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝

مطمئن ہو گئے ہیں اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں سے غافل ہیں

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

بوجہ انکے افعال کے انہی کا ٹھکانا جہنم ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انکے ایمان کے سبب انکا

بِاِيْمَانِهِمْ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ

پروردگار انکو نعمت والی جنتوں میں پہنچا دیگا جنکے نیچے ندیاں بہتی

النَّعِيْمِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ

ہیں انکی دعا اُن جنتوں میں یہ ہوگی کہ اے اللہ تو پاک ہے اور انکی

فِيْهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

صاحب سلامت اسمیں سلام ہوگی اور انکی ختم دعا یہ ہوگی کہ ہر قسم کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ ع ١

کے لئے زیبا ہے اور اگر خدا تعالےٰ آدمیوں کے لئے برائی میں بھی اتنی ہی جلدی کرے

بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ

جتنی کہ انکے لئے نیکی میں کرتا ہے تو انکی مدت بہت ہی جلدی پوری کردی جائے ہم تو ان لوگوں کو جو

لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَاِذَا

ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے انکی سرکشی میں چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ آپ ہی سرگرداں رہیں اور انسان کو

منزل ٣

کے وقت عرب کرتے ہیں، جیسے کہتے ہیں دفعنی اللہ من بینکم (خدا تمہارے گھر سے اٹھالے) فامطر علینا حجارۃ [illegible]

مَسَّ الْإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ
جب کوئی مصیبت آپڑتی ہے تو ہمکو لیٹے لیٹے بیٹھے بیٹھے کھڑے کھڑے پکارنے لگتا ہے
قَائِمًا فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا
پھر جب ہم اسکی مصیبت دور کردیتے ہیں تو اپنی پہلی ہی رفتار چلنے لگتا
إِلَىٰ ضُرٍّ مَّسَّهُ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا
ہے گویا اسنے مصیبت دور کرنیکیلئے جو اسپر پڑی تھی ہمسے دعا ہی کی تھی اسی طرح زیادتی کرنیوالوں کیلئے جو عمل وہ
يَعْمَلُونَ ○ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِن قَبْلِكُمْ
کیا کرتے ہیں زینت دیگئی ہیں اور بیشک ہمنے تم سے پہلے بہت سے ابنائے زمانہ ہلاک کردئے
لَمَّا ظَلَمُوا وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا
جبکہ اُن لوگوں نے نافرمانیاں کیں حالانکہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے مگر وہ اس
كَانُوا لِيُؤْمِنُوا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ○
قابل ہی نہ رہے تھے کہ ایمان لاتے گنہگار لوگوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں
ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِن بَعْدِهِمْ لِنَنظُرَ
پھر اُنکے بعد ہمنے تمکو اس زمین میں خلیفہ قرار دیا تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے
كَيْفَ تَعْمَلُونَ ○ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ
عمل کرتے ہو اور جبوقت اُن لوگوں کے سامنے ہماری کھلی دلیلیں پڑھی جاتی ہیں
قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا
تو جنکو ہماری ملاقات کی امید نہیں ہے وہ کہدیتے ہیں کہ ایک قرآن ایسا ہی اور لے آؤ یا
أَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِن تِلْقَاءِ
اسکو بدل ڈالو تم کہدو کہ مجھے کیا پڑی ہے کہ میں اسے خود اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اُسکی
نَفْسِي إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ إِنِّي أَخَافُ
پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں

إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قُل

تو میں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تم یہ کہدو کہ

لَّوْ شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُم بِهِ

اگر اللہ چاہتا تو میں نہ یہ تمکو پڑھکر سناتا اور نہ خدا تمکو اسکی اطلاع دیتا

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

آخر اس سے پہلے میں نے ایک عمر تم ہی میں گزاری کیا تم اتنی بھی سمجھ نہیں رکھتے

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا پر جھوٹا بہتان باندھے یا اُسکی آیتوں کو جھٹلائے

بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ۝ وَيَعْبُدُونَ مِن

بیشک قصوروار فلاح نہیں پاتے وہ اللہ کو چھوڑکر انکو پوجتے

دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ

ہیں جو انکو نہ کوئی ضرر پہنچائیں اور نہ کوئی نفع بخشیں اور کہتے ہیں کہ یہ

هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا

خدا کے پاس ہمارے سفارشی ہیں تم یہ کہدو کہ تم خدا کو اس چیز سے آگاہ کرتے ہو

لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ وَ

جسے وہ نہ آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں اور جن چیزوں کو یہ اسکا شریک

تَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً

ٹھہراتے ہیں اُسکی ذات اُن سے منزہ اور برتر ہے اور پہلے تو سب آدمی ایک گروہ تھے پھر (خواہش نفسانی

وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن

سے) مختلف ہوگئے اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ہوچکی ہوتی

رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَيَقُولُونَ

تو جس بات میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں اُسمیں اُنکے مابین کبھی کا فیصلہ ہوچکا ہوتا اور وہ یہ کہتے ہیں

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ

کہ اسکے رب نے اسپر کوئی نشانی کیوں نہ نازل فرمائی تم یہ کہدو کہ غیب کا مالک تو خدا ہی ہے

ع ۲ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝ وَاِذَآ

پس تم بھی منتظر رہو (اور) میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں اور جب ہم نے

اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ

لوگوں کو بعد اسکے کہ انپر تکلیف گزر چکی تھی (اپنی) رحمت کا مزہ چکھایا تو وہ ہماری آیتوں

مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا

میں چالیں چلنے لگے تم یہ کہدو کہ چالوں کا بدلہ دینے میں خدا تعالےٰ سب سے تیز ہے بیشک

يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ

ہمارے فرشتے جو چالیں تم چلتے ہو وہ سب لکھتے جاتے ہیں وہ وہی تو ہے جو تمکو خشکی اور تری میں لے چلتا ہے

وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ

یہانتک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور اچھی اچھی ہواؤں کے ساتھ وہ لوگوں کو لیکر

طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَاۗءَهُمُ

چلتی ہیں اور لوگ بھی اس سے خوش ہوتے ہیں تو یکایک کشتی کو ایک آندھی آ لیتی ہے اور ہر طرف سے انکو

الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ

موجیں آگھیرتی ہیں اس وقت وہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ اب ہم ہلاک ہوئے تو خدا اسی کی

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ

دل سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ اگر اس سے تو نے ہمکو بچا لیا تو ہم

هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ

ضرور شکر گزاروں میں سے ہو جاوینگے پھر جب وہ انکو بچا لیتا ہے تو زمین

يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا

میں ناحق (ناحق) فساد کرنے لگتے ہیں اے آدمیو سوائے اسکے نہیں

منزل

سلہ مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ سے کہتے ہیں کہ اہل مکہ سات برس تک قحط میں مبتلا رہے یہانتک کہ مردے تک کھا گئے پس جب

بغيكم على انفسكم متاع الحيوة الدنيا ثم الينا

کہ تمہاری بغاوت کا ضرر اس زندگانی دنیا کے سرمایہ میں تمہاری ہی ذات کی لوٹ ہے پھر تمہاری بازگشت

مرجعكم فننبئكم بما كنتم تعملون ○ انما

ہماری طرف ہوگی پھر جو جو عمل تم کیا کرتے تھے ہم تمکو سب جتلا دینگے سوائے اسکے نہیں ہے

مثل الحيوة الدنيا كماء انزلنه من السماء

کہ زندگانی دنیا کی مثال اُس پانی کی سی ہے جسکو ہم نے آسمان سے اُتارا

فاختلط به نبات الارض مما يأكل الناس والانعام

پھر اُسکے ساتھ زمین کی وہ نباتات جسکو آدمی اور جانور کھاتے پیتے ہیں مخلوط ہوگئی

حتى اذا اخذت الارض زخرفها وازينت وظن

یہانتک کہ جب زمین کی اُس سے زینت ہوئی اور وہ بن سنور گئی اور اہل زمین نے یہ خیال بھی

اهلها انهم قادرون عليها اتاها امرنا ليلا او نهارا

کرلیا کہ اب ہم اُسپر قابو پانیوالے ہیں تو یکایک ہمارا عذاب رات کو یا دن میں آپہنچا

فجعلنها حصيدا كان لم تغن بالامس كذلك

اور اُسکا ایسا ڈھیر کردیا گویا کل وہ کوئی چیز ہی نہ تھی اس طرح سے

نفصل الايت لقوم يتفكرون ○ والله يدعوا الى

ہم اُن لوگوں کیلئے جو غور و فکر کریں مفصل طور پر آیتیں بیان کرتے ہیں اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف

دار السلم ويهدي من يشاء الى صراط مستقيم

بلاتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنی (توفیق سے) راہ راست تک پہنچا دیتا ہے

للذين احسنوا الحسنى وزيادة ولا يرهق

اُن لوگوں کے واسطے جنہوں نے نیکی کی بہتری بھی ہے اور اُسپر زیادتی بھی اُنکے چہروں پر

وجوههم قتر ولا ذلة اولئك اصحب الجنة

نہ سیاہی چھائیگی اور نہ ذلت وہی جنتی ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ

انمیں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اور وہ لوگ جنہوں نے بدی کی ہر بدی کا بدلہ اسی کے

سَيِّئَةٍۢ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

برابر ہے اور انپر ذلت بھی چھا جائیگی اللہ کی طرف سے کوئی انکا

مِنْ عَاصِمٍ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ

بچانیوالا نہ ہوگا (ایسا معلوم ہوگا) گویا انکے چہروں پر اندھیری رات کا ایک ٹکڑا

الَّيْلِ مُظْلِمًا اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا

چھا گیا ہے جہنمی وہی ہیں اس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ

رہنے والے ہونگے اور جس دن ہم ان سب کو جمع کرینگے پھر ہم ان لوگوں سے جو شرک

لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا

کیا کرتے تھے یہ کہینگے کہ تم اور تمہارے شرکاء اپنی اپنی جگہ ٹھہرو پھر ہم انکے باہمی

بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ۝

تعلق قطع کر دینگے اور انکے شرکاء یہ کہدینگے کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کیا کرتے تھے

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ

پس ہمارے اور تمہارے مابین گواہی دینے کو اللہ کافی ہے کہ ہم تمہاری عبادت سے

عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ

بالکل بے خبر ہیں اسوقت ہر نفس اس بات کو جانچ لیگا کہ وہ پہلے

اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کیا کیا کر چکا ہے اور وہ سب اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیرے جائینگے اور جو کچھ بہتان وہ

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

باندھا کرتے تھے وہ سب کچھ انسے گم ہو جائیگا تم یہ کہدو کہ آسمان سے اور زمیں سے تمکو رزق

وَالْاَرْضَ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ

کون دیتا ہے یا سماعت اور بصارت کا اختیار کون رکھتا ہے اور وہ کون ہے جو زندہ کو

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ

مردہ سے پیدا کر دیتا ہے اور مردہ کو زندہ سے پیدا کر دیتا ہے اور وہ کون ہے جو تمام

الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

امور کا انتظام کرتا ہے قریب ہے کہ وہ کہینگے کہ اللہ ہی پس تم یہ کہدو کہ کیا تم (اس سے) نہیں ڈرتے پس یہی اللہ تمہارا

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

برحق پروردگار ہے تو حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور ہے کیا؟ پھر کہاں پلٹے جاتے ہو؟

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ

اسی طرح تمہارے پروردگار کی بات اُن لوگوں کے برخلاف جنہوں نے نافرمانی کی تھی ثابت ہو گئی کہ وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا

ایمان نہ لائینگے تم یہ کہدو کہ تمہارے شرکا میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو ایسی مخلوق

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

از سرِ نو پیدا کرے پھر اسکو دُہرا بھی دے تم کہدو کہ اللہ ہی مخلوق کو از سرِ نو پیدا کرتا ہے پھر اسکو دوہراتا ہے

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَاۗىِٕكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ

پس تم جاتے کدھر ہو؟ تم کہدو کہ تمہارے شرکا میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی ہدایت

اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى

کرے تم یہ کہدو کہ اللہ حق تک پہنچاتا ہے آیا وہ شخص جو حق تک پہنچا دے اسکا زیادہ

الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ

مستحق ہے کہ اُسکی پیروی کیجائے یا وہ جسکو خود راستہ نہیں ملتا جبتک کوئی اور اسکو رستہ نہ بتلا دے

فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ

پس تمکو کیا ہو گیا ہے؟ کیسے فیصلہ کرتے ہو؟ اور اُن میں سے اکثر صرف گمان کے پیرو ہیں

إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا

یقیناً گمان حق سے مستغنی نہیں کرسکتا اور جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں اللہ اسکو

يَفْعَلُونَ ○ وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُفْتَرَىٰ مِنْ

جانتا ہے اور یہ قرآن ایسا نہیں ہے کہ خدا کے سوا کسی اور کی طرف سے

دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ

بنا لیا جائے بلکہ یہ اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق ہے اور اس میں کچھ شک نہیں

الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ أَمْ يَقُولُونَ

تمام عالم کے پروردگار کی طرف سے لکھے ہوئے (احکام) کی تفصیل ہے آیا وہ یہ کہتے ہیں

افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ

کہ پیغمبر نے اسکو بنا لیا ہے یہ کہدو کہ (اگر سچ مچ اسکو بنا لیا ہے) تو تم بھی اسکے مانند ایک سورہ بنا لاؤ

اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ○ بَلْ

اور اگر تم سچے ہو تو اللہ کے سوا جس جس کو بلا سکتے ہو بلا لو بلکہ

كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ

انہوں نے تو اسکو جھٹلا دیا جسکے علم کا وہ احاطہ نہ کرسکے اور جسکا مطلب ان تک پہنچا ہی نہیں

كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے پھر غور کرلو کہ ظالموں کا انجام

عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ○ وَمِنْهُمْ مَنْ يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ

کیسا ہوا؟ اور ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو اسپر ایمان رکھتا ہے

لَا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ○ وَإِنْ ع ٩

اور کوئی ایسا ہے جو اسپر ایمان نہیں رکھتا اور تمہارا پروردگار فساد کرنے والوں سے خوب واقف ہے اور اگر وہ تمہیں

كَذَّبُوكَ فَقُلْ لِي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ أَنْتُمْ بَرِيئُونَ

جھٹلائیں تو تم یہ کہدو کہ میرا کیا میرے لئے اور تمہارا کیا تمہارے لئے جو کچھ میں کرتا ہوں اس سے

مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ○ وَمِنْهُمْ مَّنْ

تم بری ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اس سے میں بری ہوں ۔ اور انہیں سے بعض ایسے ہیں

يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا

جو تمہاری باتیں خوب غور سے سنتے ہیں کیا تم بہروں کو سنا سکتے ہو جس حال میں کہ وہ عقل ہی

لَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ

نہ رکھتے ہوں ۔ اور ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو تمہاری طرف گھور گھور کر دیکھتا ہے

تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ

پھر کیا تم اندھوں کو راستہ بتا سکتے ہو جس حال میں کہ وہ کچھ سوجھ بوجھ نہیں رکھتے ۔ بالتحقیق اللہ آدمیوں

لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ

پر ذرا بھی ظلم نہیں کرتا بلکہ آدمی (خود) اپنی جانوں پر ظلم توڑتے

يَظْلِمُوْنَ ○ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا

ہیں ۔ اور جس دن ہم انکو جمع کرینگے تو ایسا معلوم ہوگا گویا دن کی ایک

سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ

گھنٹہ بھر سے زیادہ نہیں ٹھہرے آپس میں ایک دوسرے کو پہچان لینگے جو لوگ ہماری حضور میں

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ○

آنیکو جھٹلاتے تھے اور ہدایت یافتہ نہ تھے وہ ضرور نقصان اٹھائینگے

وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

اور جس چیز کا انسے وعدہ کرتے ہیں اگر ہم اسکا کوئی حصہ تمکو دکھلا دیں یا تمہاری عمر پوری

فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ○ وَلِكُلِّ

کردیں تو بھی تو انکی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی پھر جو کچھ وہ کرتے ہیں خدا (خود) اسکا گواہ ہے ۔ اور ہر

اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ

امت کے لئے ایک رسول ہے پس جب جب انکا رسول آتا جائیگا انکے مابین انصاف کی ساتھ فیصلہ

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ
ہٹایا جائیگا اور انکو نقصان نہ پہنچایا جائیگا اور وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا
وعدہ کب ہوگا؟ تم یہ کہدو کہ سوائے اُتنے کے جتنا اللہ کو منظور ہے میں تو اپنی

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ
ذات کے لئے نہ ضرر کا مالک ہوں نہ نفع کا ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے جب اُنکا مقررہ وقت آجاتا ہے

فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ قُلْ
تو نہ وہ ایک ساعت تاخیر کر سکتے ہیں اور نہ پیش قدمی تم یہ کہدو کہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ
آیا تمنے یہ سوچا کہ اگر اُسکا عذاب تم پر یکایک رات کو یا دن میں آپہنچے تو یہ گنہگار اُسکے متعلق

مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ
جلدی کاہے کی کرتے ہیں کیا تم جب وہ عذاب واقع ہو جائیگا تب اُسپر ایمان لاؤ گے اب تم

وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
قائل ہوئے! حالانکہ تم ہی تو اسکی جلدی کیا کرتے تھے پھر اُسوقت ظالموں سے کہا جائیگا کہ

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِن

اور جن لوگوں نے شرک کیا تھا اُنہوں نے یہ کہدیا کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اُسکے سوا کسی اور

دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ

چیز کی عبادت ہی نہ کرتے نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ اُسکے حکم بغیر ہم کسی چیز کو حرام

مِن شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ

قرار دیتے ایسا ہی اُنہوں نے بھی کیا تھا جو اُنسے پہلے تھے تو کیا رسولوں

عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ

کے ذمہ کھلا پیغام پہنچا دینے کے سوا کچھ اور بھی ہے اور بیشک ہمنے ہر امت میں ایک رسول

أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ

(اس پیغام کے ساتھ) بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے بچو

فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ

پس ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسکو اللہ نے ہدایت فرمائی اور انمیں کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسپر اپنی

الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ

گمراہی محقق ہوگئی پس تم زمین میں چلو پھرو اور غور سے دیکھو کہ جھٹلانیوالوں

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ إِن تَحْرِصْ عَلَىٰ

کا انجام کیسا ہوا؟ (اے رسولؐ) اگر تم اُنکو راہ راست پر لانے میں

هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَن يُضِلُّ ۖ وَمَا لَهُم

حریص ہو تو اللہ جس سے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اُسکی راہبری نہیں فرماتا اور کوئی

مِّن نَّاصِرِينَ ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ لَا

اُنکا مددگار نہوگا اُنہوں نے اللہ کی سخت سے سخت قسم کھا کر کہا کہ جو مر جائیگا اُسکو اللہ

يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

ہرگز مبعوث نہ کریگا ضرور (مبعوث کریگا) اُسکے بارے میں پختہ وعدہ ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ

لیکن اکثر لوگ علم نہیں رکھتے (مبعوث کرنیکی غرض یہ ہوگی) تاکہ جس بارے میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ

اختلاف کیا کرتے تھے وہ اُنکے لئے کھولکر بیان کردے اور جو کافر ہوگئے تھے وہ یہ جان لیں کہ خود

كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ○ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ

وہ یقیناً جھوٹے تھے ہم جب کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا اُس سے اتنا کہنا کافی

نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ

ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے اور وہ لوگ جنہوں نے بعد اسکے کہ اُنپر ظلم

ع ۵

مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ط

کیا گیا خدا کی خوشنودی کے لئے ہجرت کی ہم ضرور بالضرور اُنکو دنیا میں بہت اچھی جگہ دینگے

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ م لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ الَّذِيْنَ

وقف لازم

اور آخرت کا اجر تو بہت ہی بڑا ہوگا کاش وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے پروردگار

صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ وَمَآ اَرْسَلْنَا

پر بھروسہ رکھتے ہیں اسکو جانتے ہوتے اور (اے رسول) تم سے پہلے بھی آدمیوں

مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ

ہی کو کتابوں اور معجزوں کے ساتھ بھیجا تھا جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس (اُنسے کہدو کہ)

الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ط

اگر تم نہیں جانتے تو اہل الذکر (یعنی آل رسول خدا) سے پوچھ لو اور تمہاری طرف یہ قرآن نازل کیا

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ

تاکہ جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُسے تم لوگوں کے لئے کھولکر بیان کردو

نصف

وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا

کہ وہ غور و فکر کریں جو بری چال چلتے ہیں

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

کیا وہ اس سے مطمئن ہوگئے ہیں کہ خدا انکو زمین میں دھسا دے یا عذاب ان پر

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ

اس طرح آئے کہ وہ کچھ نہ سمجھیں یا انکی آمد ورفت میں

فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى

انکو گرفتار کرلے کہ وہ خدا کو عاجز نہیں کر سکتے یا انکو ڈر کی حالت میں دھر پکڑے

تَخَوُّفٍ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا

بیشک تمہارا پروردگار بڑا نرمی کے ساتھ معاملہ کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے کیا انہوں نے ایسی چیزیں

اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ

کی طرف نہیں خیال کیا جنکو اللہ نے پیدا کیا ہے کہ انکے سائے دائیں سے اور بائیں سے

وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ

خدا کے واسطے سجدے میں (پڑے) ہیں اور وہ (اسی کے) مطیع ومنقاد ہیں اور جو حرکت کرنیوالے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ

آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ فرشتے بھی (جنکا

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ

کوئی معین مقام نہیں ہے) اور یہ سب تکبر نہیں کرتے اپنے پروردگار سے جو انسے برتر ہے ڈرتے ہیں

فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا

اور جو حکم انکو دیا جاتا ہے وہی بجا لاتے ہیں اور اللہ نے یہ فرمایا کہ دو خدا نہ بناؤ

اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ

سوائے اسکے نہیں ہے کہ وہ معبود یکتا ہے بس مجھ ہی سے

فَارْهَبُوْنِ ۝ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ

ڈرو اور آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے اور واجب

ع ۱۰ ۱۲

الدِّينُ وَاصِبًا ۚ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَتَّقُونَ ○ وَمَا بِكُم

طور پر اطاعت اُسی کے لئے ہے تو کیا اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرو گے ؟ اور جو نعمت (بھی) تمکو

مِّن نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ

ملی ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر جب کوئی مصیبت تم پر پڑتی ہے تو اُسی سے فریاد

تَجْأَرُونَ ○ ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنكُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنكُم

کرتے ہو پھر جب وہ مصیبت کو تم سے دور کردیتا ہے تو اُسی دم تم ہی میں سے ایک

بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ○ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوا

گروہ اپنے رب کا شریک قرار دینے لگتا ہے تاکہ جو کچھ ہمنے اُنکو عطا کیا ہے اُسکے متعلق وہ کفرانِ نعمت

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ○ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ

کریں سو اب تم نفع اُٹھالو آگے چلکر تمہیں معلوم ہی ہو جائیگا اور جو رزق ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک حصّہ اُن (معبودوں)

نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ ۗ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ

خداؤں کے لئے بھی مقرر کرتے ہیں جنکو کچھ نہیں جانتے خدا کی قسم جو جھوٹی باتیں تم بنا رہے ہو اُسکے متعلق تم سے

تَفْتَرُونَ ○ وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهُ ۙ وَلَهُم

ضرور باز پرس کیجائیگی اور اللہ کے لئے بیٹیاں قرار دیتے ہیں (اے) سبحان اللہ اور اپنے لئے

مَّا يَشْتَهُونَ ○ وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِالْأُنثَىٰ ظَلَّ

جو جی چاہتا ہے وہ (یعنی بیٹے) اور اُن میں سے جب کسی کو بیٹی کی (ولادت کی) خوشخبری سُنائی جاتی ہے تو سارے

وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ○ يَتَوَارَىٰ مِنَ الْقَوْمِ

دن اُسکا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے جس بات کی خوشخبری اُسے دیگئی تھی اُسے ناگوار سمجھنے کے باعث

مِن سُوءِ مَا بُشِّرَ بِهِ ۚ أَيُمْسِكُهُ عَلَىٰ هُونٍ أَمْ

لوگوں سے پوشیدہ رہتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ باوجود ذلت کے اُسے باقی رہنے دے یا چپ چاپ

يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ ۗ أَلَا سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ○

مٹی میں دفن کردے غور تو کرو یہ کیسے بُرے فیصلے کرتے ہیں

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ
جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُنکے لئے بُری حالت ہے اور اللہ کے لئے شان
الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَلَوْ يُؤَاخِذُ
ع ١٠ / ١٣
اعلیٰ ہے اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اور اگر خدا تعالیٰ
اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ
آدمیوں کے ظلم کے سبب اُنسے مواخذہ کرتا تو زمین پر کسی چلنے والے کو باقی نہ رکھتا لیکن
يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ
وہ تو ایک وقت مقرر تک کے لئے اُنکو ڈھیل میں ڈالے ہوئے ہے پھر جب اُنکا وقت آجائیگا تو
لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ وَ
ایک گھڑی بھر اُس سے نہ پیچھے رہینگے اور نہ آگے بڑھینگے اور
يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ
اللہ کے لئے وہی چیز قرار دیتے ہیں جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں اور اُنکی زبانیں جھوٹ بیان
اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ
کرتی ہیں کہ اچھی (اچھی چیزیں) خود اُنہی کے لئے ہیں ضرور جہنم اُنکے لئے ہے اور بیشک وہ اُسمیں ڈالنے
مُّفْرَطُوْنَ ۝ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ
کو آگے بڑھائے جائینگے خدا کی قسم ہمنے تم سے پہلے اُمتوں کی طرف یقیناً رسول بھیجے
قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ
تھے پس شیطان نے اُنکے اعمال کو اُنکی نظروں میں زینت دیدیا تھا سو اُس دن وہی اُنکا
الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ
حامی ہوگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہوگا (اور اے رسول) ہمنے کتاب تمپر صرف اس غرض
الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى
سے نازل کی ہے کہ جس جس بارے میں یہ لوگ اختلاف کرچکے ہیں تم اُسے ان لوگوں کے لئے کھولکر بیان کردو

وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ○ وَاللَّهُ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ

اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُنکے لئے ہدایت اور رحمت ہو اور اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً

اور اُسی کے ذریعہ سے زمین کو اُسکی موت کے بعد زندہ کردیا بیشک اسمیں اُن لوگوں کے لئے

لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ○ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ ع ٥

جو سنتے ہیں نشانی موجود ہے اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں عبرت موجود ہے

نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا

ہم اُنکے پیٹ میں جو گوبر اور خون وغیرہ ہے اُس سے الگ کرکے تازہ تازہ دودھ تمکو پلاتے ہیں

خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ○ وَمِن ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ

جو پینے والونکو بہت ہی گوارا ہوتا ہے اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم نشہ کی

وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا ۗ

چیزیں بھی بنا لیا کرتے ہو اور اچھی روزی (بھی) بیشک سمجھنے والوں کے لئے

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ○ وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ

اسی میں نشانی (موجود) ہے اور تمہارے پروردگار نے

إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ

شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالدی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنالے اور درختوں میں اور

وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ○ ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي

اُن اُونچے اُونچے چھتوں میں جو لوگ بنالیتے ہیں پھر ہر پھل میں سے تو کھا اور اپنے پروردگار کے

سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ

رستوں میں عجز و انکسار کے ساتھ چلی جا اسی مکھی کے پیٹ سے ایک شربت رنگ برنگ کا

مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

نکلتا ہے جس میں آدمیوں کے لئے شفا ہے بیشک غور و فکر کرنیوالوں کے لئے

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ

اسی میں ایک نشانی (موجود) ہے اور اللہ نے تمکو پیدا کیا ہے پھر وہی تمہارا خاتمہ کرتا ہے

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ

اور تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو نکمی عمر کو پہنچ جاتا ہے کہ جاننے کے بعد پھر ہر علم سے

بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ○ وَاللّٰهُ فَضَّلَ ع ٥ ١٥

لا علم ہو جائے بیشک اللہ جاننے والا (اور) قدرت والا ہے اور خدا نے روزی (میں) تم

بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے پس وہ جنکو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا رزق اپنے

بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ

ہاتھوں کو دینے والے نہیں ہیں مرزوق ہونے میں تو وہ سب برابر ہیں پھر کیا وہ اللہ کی نعمتوں

سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

کا انکار کرتے ہیں اور اللہ نے تمہاری ہی جنس میں سے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

تمہارے لئے ازواج مقرر کی ہیں اور تمہاری ازواج سے تمہارے لئے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ

بیٹے اور پوتے بنا دئے اور (اچھی) اچھی چیزیں تمہیں عطا فرمائیں کیا پھر (بھی) وہ باطل پر

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ○ وَيَعْبُدُوْنَ

ایمان لائینگے اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کئے جائینگے اور اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ

انکی عبادت کرتے رہینگے جو آسمان کی اور زمین کی کسی چیز کا اختیار

وَالْاَرْضِ شَيْـــًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ○ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ

نہیں رکھتے کہ انکو بطور رزق کے دیدیں اور نہ کچھ اور ہی کر سکتے ہیں پس اللہ کے لئے مثالیں نہ گھڑو

ربع

رسول خدا اور قرآن مجید اور دین اسلام مراد ہیں۔ ١٢-

[illegible]

الْأَمْثَالَ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ
بیشک اللہ (سب کچھ) جانتا ہے اور تم (کچھ) نہیں جانتے اللہ نے ایک ایسے غلام
مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوكًا لَّا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَمَن
کی مثال دی ہے جو دوسرے کی ملک ہو اور کسی چیز کا اختیار نہ رکھتا ہو اور اُسکی جسکو
رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرًّا
ہمنے اپنے پاس سے اچھی روزی دے رکھی ہو اور وہ اُسمیں سے پوشیدہ اور ظاہر خوب
وَجَهْرًا ۖ هَلْ يَسْتَوُونَ ۚ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ
خرچ کرتا ہو آیا یہ برابر ہیں (ہرگز نہیں!) ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لئے ثابت ہے لیکن انمیں اکثر
لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا
(کچھ) نہیں جانتے اور اللہ نے دو شخصوں کی مثل بیان کی ہے کہ ایک تو اُن میں سے
أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ أَيْنَمَا
پیدائشی گونگا ہو جو کسی چیز پر قادر نہو اور وہ اپنے سرپرست پر بار (بھی) ہو کہ جدھر وہ
يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۖ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَن
اُسکو بھیجے تو وہ کوئی کام (بھی) ٹھیک کر کے نہ لائے کیا وہ اور وہ شخص برابر ہو سکتا ہے جو
يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَلِلَّهِ ع ۱۰ / ۱۶
انصاف پر قائم رہنے کا حکم دیتا ہو اور خود (بھی) راہِ راست پر ہو؟ اور
غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا
آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں خدا ہی سے متعلق ہیں اور (قیام) قیامت تک کا معاملہ ایک پلک
كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
جھپکنے کا یا اس سے بھی کم کا ہوگا بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے
قَدِيرٌ ۝ وَاللَّهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ
اور اللہ نے تمکو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس طرح نکالا کہ تم

[illegible]

خود مالک کے اپنے تصرف میں ہو تب طلاق کیسکے ہاتھ ہے؟ فرمایا خود اُسی مالک کے ہاتھ ہے ۱۲ منہ مَن يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ تفسیر قمی میں ہے کہ وہ جو عدل کا حکم
دیتے ہیں جناب امیر المؤمنینؑ اور ائمہ معصومین ہیں ۱۲

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

کچھ بھی نہ جانتے تھے اور اُسی نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنا دئے

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى

تاکہ تم شکر ادا کیا کرو کیا ان لوگوں نے اُن پرندوں

الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاۗءِ ۭ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ۭ

کی طرف جو آسمان سے خلاء میں تابع فرمان اُڑتے رہتے ہیں خیال نہیں کیا اُس مقام پر سوائے خدا کے اُنکو

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ

کوئی اور روکے ہوئے ہے بیشک ایمان والے لوگوں کے لئے اسی میں نشانیاں موجود ہیں اور اللہ نے تمہارے لئے

لَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ

تمہارے گھروں میں آرام کی جگہ بنائی اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھال سے مکان (یعنی خیمے) مقرر کردئے

بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ

جنکو تم اپنے کوچ کے دن اور مقام کے دن (اُٹھانے بٹھانے میں) ہلکا پھلکا پاتے ہو

وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّ

اور بھیڑوں کی اُون سے اور اونٹوں کی اُون سے اور بکریوں کے بالوں سے تمہارے لئے اوڑھنے

مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا

بچھانے کے سامان اور نفع اُٹھانے کا اسباب ایک وقتِ معین تک کے لئے (مقرر کر دیا) اور جو چیزیں اللہ نے

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

پیدا کی ہیں اُن میں سے بعض کے سائے تمہارے لئے بنادئے اور پہاڑوں میں تمہارے بسنے کے لئے محفوظ مقام مقرر کئے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ۭ

اور تمہارے لئے ایسے کپڑے پیدا کئے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس بنائے جو تمکو آپس کی حملوں سے

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ۝

محفوظ رکھتے ہیں اس طرح وہ اپنی نعمت تم پر پوری کرتا ہے تاکہ تم حقیقی اطاعت کرو

فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ○ يَعْرِفُونَ

اس پر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو تمہارے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دینا ہے　وہ اللہ کی

نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُونَ ○

نعمت کو پہچانتے ہیں پھر بھی اُسکا انکار کرتے ہیں حال یہ ہے کہ اُن میں سے اکثر کافر ہیں

ع ۱۷

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

اور جس دن ہم ہر اُمت کے ایک گواہ کو بلا لینگے پھر وہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں اُنکو کوئی اجازت

لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ○ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ

نہ دیجائیگی　اور نہ اُنکا کوئی عذر سُنا جائیگا　اور جس وقت وہ لوگ جنہوں نے

ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ○

ظلم کیا ہے عذاب کو دیکھینگے پھر نہ اُنکا عذاب کم کیا جائیگا　اور نہ اُنکو مہلت دیجائیگی

وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا

اور جس وقت وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا ہے اپنے شریکوں کو دیکھینگے یہ کہینگے کہ اے ہمارے پروردگار

هٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُوا مِن دُونِكَ ۚ

یہ ہمارے شریک ہیں جنکو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے　پس　وہ شرکا بات کو

فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكٰذِبُونَ ○ وَأَلْقَوْا

انہی پر اُلٹ دینگے　کہ تم جھوٹے ہو　اور وہ اُس دن

إِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا

خدا کی حضور میں صلح پیش کرینگے اور جو کچھ جھوٹ وہ بولا کرتے تھے وہ سب اُن سے

يَفْتَرُونَ ○ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللّٰهِ

جاتا رہیگا　وہ لوگ جو کافر ہو گئے اور راہ خدا سے وہ روکا کرتے تھے

زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا

تو بوجہ اسکے کہ وہ فساد کیا کرتے تھے ہم اُنکے عذاب پر عذاب زیادہ

يُفْسِدُونَ ۝ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا

کر دیتے ۔ اور جسدن ہم ہر اُمّت میں سے ایک ایک گواہ اُنہی کے برخلاف مبعوث

عَلَيْهِمْ مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ

کرینگے اور (اے رسول) اُن سب پر تمکو گواہ بناکر بلا بھیجینگے

هَٰؤُلَاءِ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اور ہمنے تم پر یہ کتاب نازل کی ہے کہ اسمیں ہر چیز کا بلیغ بیان (ہے)

ع ۱۲ ۶ ۱۸

وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۝ إِنَّ اللَّهَ

اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کے لئے ہدایت ورحمت وخوشخبری بالتحقیق اللہ

يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ

عدل کا اور احسان کا اور ذوی القربیٰ کو (اُنکے حقوق) دینے کا

وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ

حکم دیتا ہے اور بیحیائی اور بدی اور بغاوت سے منع فرماتا ہے تمکو نصیحت کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدتُّمْ

تاکہ تم نصیحت حاصل کرو اور اللہ کے عہد کو جب تم عہد کر چکے پورا کرو اور قسموں کو

وَلَا تَنقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ

اُنکے پختہ کر دینے کے بعد نہ توڑو جس حال میں کہ تم اللہ کو

عَلَيْكُمْ كَفِيلًا إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝ وَلَا

ضامن دے چکے ہو بیشک جو کچھ تم کروگے اللہ اُس سے خوب واقف ہے اور تم

تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِن بَعْدِ قُوَّةٍ أَنكَاثًا

اُس عورت کے مانند نہو جانا جو اپنے کاتے ہوئے کو مضبوط ہو جانیکے بعد ٹکڑے ٹکڑے (کرکے)

تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَن تَكُونَ

کر دیا کرتی تھی کہ تم بھی اپنی قسموں کو باہمی مکر وحیلہ کا سبب بنالو (اس خیال سے) کہ ایک

[illegible]

[illegible]

أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللَّهُ بِهِ ۚ
گروہ دوسرے سے بڑھا چڑھا ہے سوائے اسکے نہیں ہے کہ اللہ اسکے ذریعہ سے تمہاری

وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝
آزمائش کرتا ہے اور جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سب کو ضرور تمہارے لئے قیامت کے دن صاف صاف کھول دیگا

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِنْ يُضِلُّ
اور اگر اللہ چاہتا تو تمکو ایک ہی گروہ بنا دیتا لیکن وہ جس سے چاہتا ہے توفیق ہدایت سلب کرلیتا

مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا
ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت زیادہ دیتا ہے اور تم جو کچھ کرتے رہتے ہو اُسکی بابت

كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا
ضرور ضرور بازپرس کیجائیگی اور تم اپنی قسموں کو باہمی مکر وحیلہ کا سبب نہ بناؤ کہ جمنے کے بعد

بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوءَ
پھر پاؤں اُکھڑ جائیں اور اسکے بدلے میں کہ تم راہ خدا سے روکتے رہتے تھے برائی

بِمَا صَدَدْتُمْ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلَكُمْ عَذَابٌ
کا مزا چکھو اور تمہارے لئے سخت

عَظِيمٌ ۝ وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ إِنَّمَا
عذاب ہو اور خدا کے عہد کو تھوڑی سی قیمت پر نہ بیچو بیشک جو کچھ

عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ مَا
اللہ کے پاس ہے وہ بہت اچھا ہے بشرطیکہ تم سمجھو جو کچھ

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۖ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ
تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائیگا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہیگا۔ اور جن لوگوں نے

الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا
صبر کیا اُنکا اجر ہم ضرور اُس سے کہیں بہتر عطا کرینگے جیسے کہ وہ عمل

ربع

وصدتم عن سبیل اللہ آخر آیت تک جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ سب آیتیں علی مرتضیٰ کی ولایت اور آپکی بیعت کے بارے میں اُس وقت نازل ہوئی تھیں جبکہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے حکم دیا تھا کہ علیؑ کو امیر المؤمنین کہکے سلام کیا کرو۔ ۱۲

يَعْمَلُوْنَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى

کیا کرتے تھے مردوں میں سے ہو یا عورتوں میں سے جو شخص (بھی) کوئی نیک عمل کریگا بحالیکہ

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

وہ ایمان رکھنے والا ہو تو ضرور ہم اُسکی زندگی اچھی گزار دینگے اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُنکا

اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَاِذَا قَرَاْتَ

اُس سے کہیں بہتر صلہ اُنکو ضرور دینگے پھر جب تم قرآن

الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ اِنَّهٗ

پڑھنا چاہو تو شیطان ملعون کے شر سے خدا کی پناہ مانگ لیا کرو بیشک اُسکا

لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ

کوئی قابو اُن لوگوں پر نہیں ہے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ

يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ

رکھتے ہیں اُسکا قابو تو اُنہی لوگوں پر (چلتا) ہے جو اُسکو دوست بناتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ۝ وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً

اور اُنپر جو اُسکو شریک کرتے ہیں اور جب ہم نے کسی آیت کی جگہ کوئی آیت بدلی

ع ۱۳ ۱۱ ۱۹

مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ

حالانکہ اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے خود وہ اُس (کی مصلحت) سے زیادہ واقف ہے تو انہوں نے کہدیا

مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ نَزَّلَهٗ

کہ تو تو مفتری ہے حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے بہت سے کچھ نہیں جانتے تم یہ کہدو کہ اِسکو روح القدس

رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ

نے تمہارے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے تاکہ جو ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ

ہیں اُنکو ثابت قدم رکھے اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کیلئے ہدایت و بشارت ہو اور ہم خوب

نَعۡلَمُ اَنَّهُمۡ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ

جانتے ہیں کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اِسکو تو ایک آدمی تعلیم دیتا ہے اُسکی زبان

الَّذِىۡ يُلۡحِدُوۡنَ اِلَيۡهِ اَعۡجَمِىٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ

جسکی طرف یہ (تعلیم کی) نسبت دیتے ہیں عجمی ہے اور یہ تو کھلی عربی

عَرَبِىٌّ مُّبِيۡنٌ ۝ اِنَّ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ

زبان ہے بالتحقیق وہ لوگ جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اللہ اُنکو

لَا يَهۡدِيۡهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝ اِنَّمَا يَفۡتَرِى

ہدایت نہ فرمائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہے سوائے اسکے نہیں کہ

الۡـكَذِبَ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰۤـئِكَ

جھوٹ تو وہی لوگ باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی

هُمُ الۡـكٰذِبُوۡنَ ۝ مَنۡ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ اِيۡمَانِهٖۤ

جھوٹے ہیں جو بعد ایمان لانے کے خدا کا انکار کر جائے سوائے اُس صورت

اِلَّا مَنۡ اُكۡرِهَ وَقَلۡبُهٗ مُطۡمَـئِنٌّ ۢ بِالۡاِيۡمَانِ وَلٰـكِنۡ

کے کہ اُسپر جبر کیا گیا ہو درآنحالیکہ اُسکا دل ایمان سے مطمئن ہو لیکن جو دل

مَّنۡ شَرَحَ بِالۡـكُفۡرِ صَدۡرًا فَعَلَيۡهِمۡ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ

کھولکر کفر کرے بس ایسے ہی لوگوں پر اللہ کا غضب ہے

وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۝ ذٰ لِكَ بِاَنَّهُمُ اسۡتَحَبُّوا

اور اُنہی کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے یہ اس سبب سے کہ اُنہوں نے زندگانی دنیا کو

الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا عَلَى الۡاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى

آخرت کے مقابلہ میں پسند کرلیا ہے اور بیشک اللہ منکر لوگوں کو ہدایت

الۡقَوۡمَ الۡـكٰفِرِيۡنَ ۝ اُولٰۤـئِكَ الَّذِيۡنَ طَبَعَ اللّٰهُ

نہیں فرماتا وہ وہی ہیں جنکے دلوں پر اور کانوں پر

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

اور آنکھوں پر اللہ نے چھاپا لگا دیا ہے اور خود وہی

هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ

غافل ہیں ضرور ہے کہ آخرت میں وہی ٹوٹا اٹھانیوالے

الْخٰسِرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ

ہونگے پھر ضرور ہے کہ تمہارا پروردگار اُن لوگوں کے واسطے

بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

جنہوں نے آزمائے جانے کے بعد (اپنے گھر) چھوڑے پھر جہاد کئے اور صبر کیا بیشک تمہارا پروردگار

ع ۱۴ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ

ان سب باتوں کے بعد (اُن لوگوں کی لئے) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے جسدن ہر نفس اپنے آپ سے

نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا

جھگڑتا ہوا آئیگا اور ہر نفس کو جو (جو) کچھ وہ کیا کرتا تھا پورا (پورا)

عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

بدلہ دیا جائیگا اور اُن پر ظلم نہ کیا جائیگا اور خدا تعالےٰ نے ایک گاؤں کی مثل

قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا

بیان کی ہے جو بیخوف و مطمئن تھا اور سامان رزق اُس میں ہر طرف سے

مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ

بکثرت چلا آتا تھا پھر وہاں کے باشندوں نے خدا کی نعمتوں کا انکار کیا تو خدا نے اُنکی کرتوت

لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

کی پاداش میں اُنکو بھوک اور خوف کا نمایاں مزا چکھا دیا

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ

اور اُنکے پاس ایک رسول اُنہی میں سے آیا اُنہوں نے اُسکو جھٹلایا پس جس حال میں کہ وہ نافرمان

الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُونَ ○ فَكُلُوا مِمَّا

تھے عذاب نے انکو آلیا — پس اللہ نے جو کچھ تمہیں

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ

دیا ہے اُس میں سے حلال (اور) طیب چیزیں کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے بننا

كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ○ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ

چاہتے ہو تو اُسکی نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہو — سوائے اسکے نہیں ہے کہ اُسنے تمپر مردار اور خون

وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ

اور سؤر کا گوشت اور وہ (ذبیحہ) جو اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیکر ذبح کیا گیا ہو حرام کیا ہے

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پھر جسکو اضطرار ہو نہ وہ نافرمان ہو اور نہ حد سے گزرنیوالا تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ○ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ

رحم کرنیوالا ہے — اور تمہاری زبانوں سے جو جھوٹ نکلتا ہے اُسکے قائل نہو جاؤ

الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اسطرح خدا پر جھوٹ باندھنے لگو

الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

بیشک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھینگے وہ فلاح

لَا يُفْلِحُوْنَ ○ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ص وَّلَهُمْ عَذَابٌ

نہ پائینگے (یہ) چند روزہ فائدہ ہے اور (آخر) اُنکے لئے دردناک عذاب

اَلِيْمٌ ○ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا

ہے اور اُنپر جو یہودی تھے ہمنے وہ چیزیں حرام کی تھیں جنکا قصہ ہم تمکو

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ

پہلے سُنا چکے اور ہمنے اُنپر ظلم نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ

ظلم کیا کرتے تھے پھر ضرور تمہارا پروردگار اُن لوگوں کے واسطے جنہوں نے ازراہ نادانی بدی

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ

کی پھر اُسکے بعد توبہ کرلی اور (خرابی کی) اصلاح کی (تو) بیشک تمہارا

رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ ۱۵ ع ۹ ۲۱

پروردگار ان باتوں کے بعد (اُنکے لئے) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے بیشک ابراہیمؑ ایک

كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۭ وَلَمْ يَكُ مِنَ

خلوص دل سے خدا کی فرمانبرداری کرنیوالے تھے اور وہ مشرکوں میں سے

الْمُشْرِكِيْنَ ○ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ۭ اِجْتَبٰىهُ وَ

نہ تھے خدا کی نعمتوں کا شکر ادا کرنیوالے تھے اُسنے اُنکو برگزیدہ

هَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ وَاٰتَيْنٰهُ فِي

کرلیا تھا اور اُنکو راہ راست تبلادی تھی اور ہمنے اُنکو دنیا میں (بھی)

الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ

خیر و خوبی عطا کی تھی اور یقیناً آخرت میں (بھی) وہ صالحین میں سے

الصّٰلِحِيْنَ ○ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ

ہونگے پھر ہمنے تمہاری طرف وحی کی کہ تم یکسو ہوکر ملت ابراہیمؑ

اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○

کی پیروی کرو حالانکہ وہ مشرکوں میں سے نہ تھے

اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا

سوائے اسکے نہیں ہے کہ سبت تو اُن لوگوں پر واجب کیا گیا تھا جنہوں نے اسمیں اختلاف کیا

فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُن تمام باتوں کا فیصلہ کردیگا

فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝

جن (جن) میں یہ لوگ آپس میں اختلاف کیا کرتے تھے

ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ

تم اپنے پروردگار کے راستہ کی طرف حکمت کے ساتھ اور اچھی

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي

نصیحتوں کے ساتھ (اُنکو) بلاؤ اور اُنسے اُس طریقہ سے بحث کرو جو

هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن

بہت ہی اچھا ہو بیشک تمہارا پروردگار اُنسے بھی خوب واقف ہے جو

ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝

راہ راست سے بھٹکے ہوے ہیں اور اُنسے بھی خوب واقف ہے جو ہدایت یافتہ ہیں

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم

اور اگر بدلہ لو تو اُتنا ہی بدلہ لو جتنی کہ تمپر سختی کی گئی تھی

بِهِ وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِينَ ۝

اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنیوالوں کے لئے بہت ہی اچھا ہے

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا

اور (اے رسول) صبر کرو اور تمسے صبر نہوگا مگر اللہ ہی کی مدد سے اور اُن

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ

(شہداء احد) کے متعلق رنج نہ کرو اور (کافر) جو چال چلتے ہیں اُس سے

مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ

دلتنگ نہو بیشک اللہ اُنکے ساتھ ہے جو (کفر و گناہ سے)

اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ۝ ع ١٦ ٢٢

بچتے رہیں اور اُنکے ساتھ ہے جو نیکیاں کرنیوالے ہوں

آیاتها ۱۱۱ — رکوعاتها ۱۲ — کلماتها ۱۵۸۲ — حروفها ۶۷۱۰

الجزء الخامس عشر ۱۵

سورة بنی اسرآءیل مکیة وهی مائة واحد عشر اٰیة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ

منزہ ہے وہ جو راتوں رات اپنے بندہ کو

لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ

مسجد الحرام سے مسجد اقصا تک لے گیا

الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ

جسکے حوالی کو خود ہمنے برکت دی ہے تاکہ ہم اُسکو اپنی نشانیوں میں سے بعض

اٰیٰتِنَا اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝ وَ

دکھاویں بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے اور

اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی

موسٰے کو ہمنے کتاب دی تھی اور اُسکو بنی اسرائیل کے لئے

لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ

ہدایت مقرر کیا تھا کہ میرے سوا کسی اور کو

دُوْنِیْ وَکِیْلًا ۝ ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا

کارساز نہ بناؤ (یہ) اُنکی اولاد (ہیں) جنکو ہمنے نوح کے ساتھ

مَعَ نُوْحٍ اِنَّهٗ کَانَ عَبْدًا شَکُوْرًا ۝

(کشتی میں) سوار کیا تھا بیشک وہ بڑا شکر گزار بندہ تھا

وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْکِتٰبِ

اور ہمنے اُسی کتاب میں بنی اسرائیل کو یہ خبر دیدی تھی

نہیں پس اُس ہر نعمت و عافیت پر تیری حمد و تیرا شکر بہت بہت ہے) تین مرتبہ اس طرح صبح کو فرماتے تھے اور تین مرتبہ شام کو (سوائے اسکے کہ شام کے وقت بجائے اصبحت

لتفسدن في الارض مرتين ولتعلن علوا

کہ تم ضرور بالضرور زمین میں دو مرتبہ فساد کروگے اور ضرور تم بڑی سرکشی کروگے

كبيرا ○ فاذا جاء وعد اولىهما بعثنا عليكم

پھر جبکہ اُن دونوں میں سے پہلے وعدہ کا موقع آیا ہمنے تمہارے برخلاف

عبادا لنا اولي باس شديد فجاسوا خلل

اپنے بڑی قوت والے بندے بھیجدئے پس وہ شہروں میں گھس پڑے

الديار وكان وعدا مفعولا ○ ثم رددنا

اور وعدہ پورا ہوکے رہا پھر ہمنے تمکو اُن پر

لكم الكرة عليهم وامددنكم باموال و

دوبارہ غلبہ دیا اور مال سے اور بیٹوں سے تمہاری

بنين وجعلنكم اكثر نفيرا ○ ان احسنتم

مدد کی اور ازروئے تعداد تمکو بہت بڑھادیا اگر تمنے نیکی کی تو

احسنتم لانفسكم وان اساتم فلها فاذا

اپنی ذات کے لئے نیکی کی اور اگر تمنے بدی کی تو وہ بھی اپنے ہی لئے پھر جب

جاء وعد الاخرة ليسوءا وجوهكم وليدخلوا

دوسرے وعدہ کا موقع آیا (تو ہمنے اُنکو بھیجدیا) کہ تمہارے منہ بگاڑدیں اور تاکہ مسجد میں

المسجد كما دخلوه اول مرة وليتبروا ما

اسی طرح گھس جائیں جس طرح پہلی دفعہ اُس میں گھس گئے تھے اور تاکہ جب تک اُنکو غلبہ رہے ایسا ہلاک

علوا تتبيرا ○ عسى ربكم ان يرحمكم وان

کردیں جیسا کہ ہلاک کرنیکا حق ہے قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم فرمائے اور اگر تمنے

عدتم عدنا وجعلنا جهنم للكفرين حصيرا ○

پھر وہی کیا تو ہم بھی وہی کرینگے اور کافروں کے لئے ہمنے جہنم کو قیدخانہ مقرر کیا ہے

وقف لازم

إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ

بیشک یہ قرآن وہ راستہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور اُن مومنوں کو جو

الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ

نیکیاں کرتے رہتے ہیں (یہ) خوشخبری سناتا ہے کہ اُنکے لئے

أَجْرًا كَبِيرًا ۝ وَأَنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ

بہت بڑا اجر ہے اور یہ کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُنکے لئے

ع ۱ ۱۰ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ

ہمنے دردناک عذاب تیار کیا ہے اور انسان بری چیز کے لئے بھی ویسی ہی دعا

بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ ۖ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُولًا ۝

مانگتا ہے جیسی کہ اچھی چیز کے لئے اور انسان ہے جلد باز

وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ ۖ فَمَحَوْنَا آيَةَ

اور ہمنے رات کو اور دن کو دو نشانیاں مقرر کیا پھر ہمنے رات کی نشانی کو تاریک

اللَّيْلِ وَجَعَلْنَا آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِتَبْتَغُوا فَضْلًا

کردیا اور ہمنے دن کی نشانی کو روشن بنادیا تاکہ تم اپنے رب کے فضل کی

مِنْ رَبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ

خواستگاری کرو اور تاکہ تم اُنکے ذریعہ سے برسوں کی گنتی اور حساب سمجھ لیا کرو

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا ۝ وَكُلَّ إِنْسَانٍ

اور ہر چیز کو ہمنے ایسا کھول کر بیان کردیا ہے جیسا کہ کھول کر بیان کرنیکا حق ہے اور ہر انسان کا عمل ہمنے اُسکے

أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ ۖ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

گلے کا ہار کردیا ہے اور قیامت کے دن اُسکے لئے ہم ایک نوشتہ نکالینگے

كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنْشُورًا ۝ اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ

جسے وہ پھیلا ہوا پائیگا (ہم اسکو حکم دینگے کہ) اپنا نوشتہ پڑھ لے آج کے دن اپنی ذات کا

الیوم علیک حسیبا ۝ من اهتدی فانما یهتدی

حساب لینے کو تو خود ہی کافی ہے جسنے ہدایت پائی تو اُسنے اپنی ذات کے لئے ہدایت

لنفسه ۚ ومن ضل فانما یضل علیها ۚ ولا تزر

پائی اور جو گمراہ ہوگیا پس اُسکی گمراہی کا وبال اُسی پر ہے اور کوئی بوجھ اُٹھانیوالا

وازرة وزر اخری ۗ وما کنا معذبین حتی

کسی دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائیگا اور ہم جب تک رسول نہ بھیجدیں عذاب

نبعث رسولا ۝ واذا اردنا ان نهلک قریة

دینے والے نہیں ہیں اور جب ہم کسی بستی کے ہلاک کردینے کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم

امرنا مترفیها ففسقوا فیها فحق علیها القول

اُس میں مالدار لوگوں کو زیادہ کردیتے ہیں پس وہ اُس بستی میں (ہمارے احکام کے بارے میں) نافرمانی کرتے

فدمرنها تدمیرا ۝ وکم اهلکنا من القرون

ہیں پھر وہ بستی عذاب کی مستحق ہوجاتی ہے پھر ہم اسکو برباد اور تباہ کردیتے ہیں۔ اور نوحؑ کے بعد ہم کتنے ہی گروہوں کو

من بعد نوح ۗ وکفی بربک بذنوب عباده

ہلاک کرچکے اور تمہارا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں کی دیکھ بھال

خبیرا بصیرا ۝ من کان یرید العاجلة عجلنا

کو کافی ہے جو دنیا کا خواستگار ہوتا ہے تو ہم اُس میں سے جسکے لئے

له فیها ما نشاء لمن نرید ثم جعلنا له

چاہتے ہیں جتنا چاہتے ہیں جلد اُسے دیدیتے ہیں پھر ہمنے اُسکے لئے جہنم مقرر

جهنم ۚ یصلها مذموما مدحورا ۝ ومن

کیا ہے وہ اُس میں بُرے حال سے اور رحمت خدا سے محروم ہوکر جلا جائیگا اور جو

اراد الاخرة وسعی لها سعیها وهو مؤمن

آخرت کا خواستگار ہوا اور اُسکے حصول کے لئے ایسی ہی کوشش کی جیسا کہ کوشش کرنیکا حق ہے درآنحالیکہ وہ

آخرت کو پسند کرنے والے کیلئے لازم ہے کہ زندگانی دنیا کی زینت چھوڑ دے ۱۲

فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ كُلًّا نُّمِدُّ

وہ مومن بھی ہو تو یہی لوگ ہیں جنکی سعی مشکور ہوگی ہم ہر ایک کی (انکی بھی

هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ

اور اُنکی بھی تمہارے پروردگار کی بخششوں سے امداد کرتے رہتے ہیں اور تمہارے

عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا

پروردگار کی بخشش (کسی پر) بند نہیں ہے غور کرو ہمنے کس طرح ایک پر دوسرے کو

بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّ

فضیلت دی ہے اور آخرت کا فرق از روے درجات بھی بہت بڑا ہوگا اور

اَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ۝ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

از روے فضیلت بھی! اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود نہ ٹھہراؤ ورنہ اس حال میں بیٹھ رہوگے

ع ۲

فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ۝ وَقَضٰى رَبُّكَ

کہ (تمہیں) سب برا کہینگے اور سب (تمہیں) چھوڑ دینگے اور تمہارے پروردگار نے یہ حکم قطعی

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ

دیدیا ہے کہ تم اُسکے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرتے رہو

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا

اگر اُن دونوں میں سے ایک یا دونو تمہاری موجودگی میں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اُنکے سامنے اُف بھی

فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا

نہ کرو اور نہ اُنکو جھڑکو اور اُنسے ادب و اخلاق

قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ

کی باتیں کرو اور رحم و مروت سے عاجزی کا بازو اُنکے سامنے خم کرو

مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

اور یہ کہا کرو کہ اے میرے پروردگار تو ان دونو پر ایسا ہی رحم فرما جیسا کہ

اس لفظ کا کہنا عاق ہو جانیکا ادنیٰ درجہ ہے۔ کافی میں ہے کہ عاق جن جن باتوں سے ہو جاتا ہے اُن میں سے یہ بھی ہے کہ کوئی اپنے والدین کی جانب تیز نظر سے دیکھے

صَغِيْرًا ۞ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۚ اِنْ تَكُوْنُوْا

انہوں نے مجھے چھوٹا سا پالا تھا تمہارا پروردگار جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اُس سے خوب واقف ہے اگر تم نیک رہوگے

صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ۞ وَاٰتِ

تو وہ بھی توبہ کرنیوالوں کے لئے بڑا ہی بخشنے والا ہے اور (اے رسول) تم

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا

قرابت والے کو اُسکا حق دیدو اور مسکین و مسافر کو اُسکا اور

تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۞ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ

بیجا نہ اڑاؤ بالتحقیق بیجا اڑانیوالے شیاطین کے

الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ۞ وَاِمَّا

بھائی ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا سب سے زیادہ منکر ہے اور اگر تم

تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاۗءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا

اپنے پروردگار کی رحمت حاصل کرنیکے لئے جسکی تمکو امید ہے اُنسے مُنہ بھی پھیر لو

فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ۞ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ

تو بھی بات اُنسے نرمی سے کیا کرو اور نہ تو پورے کنجوس ہی

مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

بنجاؤ اور نہ بڑے فضول خرچ کہ پھر خالی ہاتھ

فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ۞ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ

پشیمان بیٹھے رہو بیشک تمہارا پروردگار جسکے لئے چاہتاہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

روزی وسیع کر دیتا ہے اور جسکے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے یقیناً وہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا اور

ع ٣ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۞ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ

٨ (انکی) دیکھ بھال کرنیوالا ہے اور فقر و فاقہ کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو

سے دریافت کیا گیا کہ حضرت! اِملاق کیا چیز ہے؟ فرمایا افلاس۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی ۱۲

إملاق نحن نرزقهم وإياكم إن قتلهم كان

ہم ہی اُنکو بھی روزی دیتے ہیں اور تمکو بھی بیشک اُنکا قتل کرنا

خطأ كبيرا ۝ ولا تقربوا الزنى إنه كان

کبیرہ گناہ ہے اور زنا کے پاس نہ پھٹکو یقیناً وہ بیحیائی

فاحشة وساء سبيلا ۝ ولا تقتلوا النفس التي

کی بات اور بُری راہ ہے اور کسی نفس کو جسکا قتل خدانے حرام کیا ہے

حرم الله إلا بالحق ومن قتل مظلوما فقد

سوائے حق کے اور کسی طرح قتل نہ کرو اور جو شخص مظلوم قتل کیاجائیگا تو ہم ضرور اُسکے

جعلنا لوليه سلطانا فلا يسرف في القتل إنه كان

وارث کو غلبہ دینگے پس وہ قتل میں زیادتی نہ کرے بیشک وہ

منصورا ۝ ولا تقربوا مال اليتيم إلا بالتي هي

مدد کیا گیا ہے اور یتیم کے مال کے پاس نہ جانا سوائے اُس صورت کے جو

أحسن حتى يبلغ أشده وأوفوا بالعهد إن

اُسکی بہتری کی ہو جبتک کہ وہ بالغ نہو جائے اور عہد کو پورا کرنا بالتحقیق

العهد كان مسئولا ۝ وأوفوا الكيل إذا كلتم

عہد کے متعلق سوال کیاجائیگا اور جب ناپو تو پیمانہ پورا دو

وزنوا بالقسطاس المستقيم ذلك خير

اور سچی ترازو سے تولو یہی بہتر ہے

وأحسن تأويلا ۝ ولا تقف ما ليس لك به

اور اسی کا انجام اچھا ہے اور اُس بات کے درپے نہ ہوا کرو جسکا تمکو علم نہیں ہر

علم إن السمع والبصر والفؤاد كل أولئك

بالتحقیق کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہرایک کے متعلق

فرماتے ہے۔ پھر یہی آیت تلاوت فرمائی۔ اور جناب رسول خدا نے فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ اُس بندہ پر رحم فرمائے جو کوئی بات کرے تو نیک بات کرے تاکہ فائدہ اُٹھائے

كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۝ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ

جواب طلب کیا جائیگا — اور زمین پر اتراتے ہوئے نہ چلو — یقیناً

لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ۝ كُلُّ

نہ تو تم زمین ہی کو پھاڑ ڈالو گے اور نہ بڑھکر پہاڑوں کی بلندی تک پہنچ سکو گے — ان میں

ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ۝ ذٰلِكَ مِمَّآ

سے ہر بات کی برائی تمہارے رب کو ناپسند ہے — یہ اُن میں سے ہیں جو

اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ

حکمت کی باتیں تمہارے پروردگار نے تمہاری طرف وحی فرمائی ہیں — اور تم اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود

اِلٰـهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝

نہ بنا لینا ورنہ ملامت زدہ اور رحمت سے دور ہوکر جہنم میں ڈالدیے جاؤ گے

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ

کیا تمکو تمہارے خدا نے بیٹے دینے کے لئے چن لیا ہے اور خود فرشتوں میں سے اُسنے (اپنے لئے) بیٹیاں

اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ۝ۧ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا ع ١٠

لیلی ہیں؟ بیشک تم بڑا بول بولتے ہو — اور یقیناً ہمنے اس قرآن میں

فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا

بار بار دلیلیں بیان کی ہیں تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں — حالانکہ اس بیان نے اُنکی نفرت ہی

نُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِـهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا

بڑھائی — تم یہ کہدو کہ اگر اُنکے کہنے کے مطابق اُنکے ساتھ اور بھی خدا ہوتے تو اس صورت میں صاحبِ عرش

اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا

تک پہنچنے کا راستہ وہ بھی تو ڈھونڈھ لیتے — جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں اُس سے اُسکی ذات کہیں

يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ

زیادہ منزہ اور برتر ہے — ساتوں آسمان اور پوری زمین اور جو

وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِیْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ

ان میں ہیں (وہ سب) اُسکی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں اور ایک چیز بھی ایسی نہیں ہو کہ اُسکی حمد کی تسبیح پڑھتی ہو

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا

لیکن تم اُنکی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو بیشک وہ بڑا بُردبار (اور) بڑا

غَفُوْرًا ۝ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ وَ

بخشنے والا ہے۔ اور جسوقت تم قرآن مجید پڑھتے ہو ہم تمہارے مابین اور اُن لوگوں

بَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝

کے مابین جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک خفیہ پردہ قائم کردیتے ہیں

وَّجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْۤ اٰذَانِهِمْ

اور ہم اُنکے دلوں پر غلاف چڑھادیتے ہیں کہ وہ اُسکو نہ سمجھیں اور ہم اُنکے کانوں میں گرانی پیدا

وَقْرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤی

ڈالدیتے ہیں اور جس وقت تم قرآن مجید میں اپنے پروردگار یکتا کو یاد کرتے ہو تو وہ نفرت کھاکر

اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖۤ

پچھلے پاؤں پلٹ جاتے ہیں ہم خوب واقف ہیں کہ جب یہ کان لگاکر سنتے ہیں تو کس غرض

اِذْ یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰۤی اِذْ یَقُوْلُ

سے سنتے ہیں اور جب یہ ظالم ایک دوسرے سے چپکے چپکے یہ کہتے ہیں کہ

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ

تم تو ایسے شخص کی پیروی کررہے ہو جسپر جادو کردیا گیا ہے خیال تو کرو

كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ

انہوں نے تمہارے لئے کیسی مثلیں بیان کی ہیں پس یہ خود ہی گمراہ ہوگئے اب کوئی راہ نہیں

سَبِیْلًا ۝ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا ربع

پا سکتے اور انہوں نے یہ کہدیا کہ جب ہم ہڈیاں اور مٹی ہوجائینگے تو کیا پھر بھی ہم

لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ۝ قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا ۝

از سر نو پیدا کر کے اٹھائے جائینگے تم (جواب میں) یہ کہدو کہ تم پتھر ہو جاؤ یا لوہا

أَوْ خَلْقًا مِمَّا يَكْبُرُ فِي صُدُورِكُمْ فَسَيَقُولُونَ مَنْ

یا کوئی اور مخلوق جو تمہارے خیالات میں بڑی معلوم ہوتی ہو اسپر وہ یہ کہینگے کہ پھر ہمکو واپس

يُعِيدُنَا قُلِ الَّذِي فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُونَ

کون لائیگا؟ تم یہ کہدینا کہ وہی جسنے تمکو اول مرتبہ پیدا کیا تھا اسپر وہ تمہاری طرف (دیکھ دیکھکر)

إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَى هُوَ قُلْ عَسَى أَنْ

اپنے اپنے سر ہلائینگے اور کہینگے کہ یہ ہوگا کب؟ تم کہدو شاید قریب ہی

يَكُونَ قَرِيبًا ۝ يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ

ہو جائے جس دن وہ تمکو بلائیگا تم اسکی تعریف کرتے ہوئے دوڑے چلے آؤگے

وَتَظُنُّونَ إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ۝ وَقُلْ لِعِبَادِي ع ۱۲

اور یہ خیال کرتے ہوگے کہ تم بہت ہی کم ٹھہرے اور (اے رسول) میرے بندوں سے یہ کہدو

يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ

کہ وہ ایسی بات کہا کریں جو بہت ہی اچھی ہو یقیناً شیطان اُن میں فساد ڈالتا ہے

إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوًّا مُبِينًا ۝ رَبُّكُمْ

بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے تمہارا پروردگار

أَعْلَمُ بِكُمْ إِنْ يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ

تم سے خوب واقف ہے اگر وہ چاہیگا تمپر رحم فرمائیگا یا اگر چاہیگا تو عذاب دیگا

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ۝ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ

اور (اے رسول) ہمنے تمکو اُنکا وکیل بنا کر نہیں بھیجا ہے اور تمہارا پروردگار اُنسے جو آسمانوں

بِمَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ

میں اور زمین میں ہیں خوب واقف ہے اور یقیناً ہمنے بعض انبیاء کو

النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعۡضٍ وَّاٰتَيۡنَا دَاوٗدَ زَبُوۡرًا ○ قُلِ ادۡعُوا

بعض پر فضیلت دی اور ہمنے داؤدؑ کو زبور عنایت کی تم کہدو کہ اسکے سوا

الَّذِيۡنَ زَعَمۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ فَلَا يَمۡلِكُوۡنَ كَشۡفَ الضُّرِّ

(ان) جنکا تمکو گھمنڈ ہے تم انکو پکارلو کہ وہ تم سے نہ کوئی مصیبت رفع کرسکینگے اور

عَنۡكُمۡ وَلَا تَحۡوِيۡلًا ○ اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ يَبۡتَغُوۡنَ

نہ (اُسے) بدل سکینگے یہی لوگ وہ ہیں جنہیں یہ تو پکارتے ہیں اور وہ خود اپنے

اِلٰى رَبِّهِمُ الۡوَسِيۡلَةَ اَيُّهُمۡ اَقۡرَبُ وَيَرۡجُوۡنَ رَحۡمَتَهٗ

رب کی حضور میں وسیلہ ڈھونڈھتے ہیں کہ کون زیادہ قرب رکھنے والا ہے اور اُسکی رحمت کی امیدوار ہیں

وَيَخَافُوۡنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحۡذُوۡرًا ○

اور اُسکے عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں بیشک تمہارے پروردگار کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے

وَاِنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ اِلَّا نَحۡنُ مُهۡلِكُوۡهَا[۱] قَبۡلَ يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ

اور ایک بستی بھی ایسی نہیں ہے جسکو ہم روزِ قیامت سے پہلے پہلے) ہلاک نہ کردیں

اَوۡ مُعَذِّبُوۡهَا عَذَابًا شَدِيۡدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى

یا اُسکو سخت عذاب نہ دیں یہ بات لوح محفوظ میں

الۡكِتٰبِ مَسۡطُوۡرًا ○ وَمَا مَنَعَنَاۤ اَنۡ نُّرۡسِلَ بِالۡاٰيٰتِ

لکھی جاچکی ہے اور ہمکو نشانیوں کے بھیجنے سے کسی اور چیز نے نہیں روکا

اِلَّاۤ اَنۡ كَذَّبَ بِهَا الۡاَوَّلُوۡنَ ؕ وَاٰتَيۡنَا ثَمُوۡدَ النَّاقَةَ

سوائے اسکے کہ پہلوں نے اُنکو جھٹلایا (اور جھٹلانیکا عذاب پایا) تھا۔ اور ہمنے قوم ثمود کو صریح (نشانی) اونٹنی

مُبۡصِرَةً فَظَلَمُوۡا بِهَا ؕ وَمَا نُرۡسِلُ بِالۡاٰيٰتِ اِلَّا

عنایت کی تھی پھر انہوں نے اُسپر ظلم کیا تھا اور ہم تو (ایسی) نشانیاں صرف ڈرانے ہی کو بھیجا کرتے

تَخۡوِيۡفًا ○ وَاِذۡ قُلۡنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا

ہیں اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تم سے کہا تھا کہ بیشک تمہارے پروردگار نے اُن لوگوں کو گھیر لیا ہے اور وہ

[۱] من لا یحضرہ الفقیہ میں ہیکہ جناب امام جعفر صادقؑ سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا تھا تو فرمایا کہ یہاں ہلاکت کے معنی ہیں موت کے ذریعہ سے فنا کردینا ۱۲

جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ

خواب جو ہمنے تمکو دکھایا ہے اُسکو ہمنے نہیں مقرر کیا ہے مگر کل آدمیوں کے لئے ایک آزمائش اور

الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا

قرآن مجید میں ایک لعنتی درخت (یعنی تسل) اور ہم اُنکو ڈراتے ہیں مگر سوائے اسکے کہ اُنکی سرکشی بڑھے

طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ع ۸ / ۶

اور کوئی نتیجہ نہیں نکلتا اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں سے یہ کہا کہ تم آدمؑ کو سجدہ کرو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا

پس سوائے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا تھا اُسنے یہ کہا کہ کیا میں اُسکو سجدہ کروں جسکو تونے مٹی سے پیدا کیا

قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۡ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ

اُسنے (یہ بھی) کہا کہ بھلا دیکھ تو یہی وہ ہی جسکو تونے مجھپر فضیلت دی ہے اگر تونے مجھے روز قیامت تک

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قَالَ

مہلت دی تو میں سوائے قدرے قلیل کے اسکی کل اولاد کی بیخ کنی کردونگا فرمایا جا

اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاۗؤُكُمْ

(دور ہو) ان میں سے جو کوئی تیری پیروی کریگا پس جہنم تم سب کا پورم پور

جَزَاۗءً مَّوْفُوْرًا ۝ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ

بدلہ ہوگا اور ان میں سے جسکو تو بہکا سکتا ہے اپنی آواز سے

بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَ

بہکالے اور انکے مقابلہ کے لئے سواروں اور پیادوں کو پکارلے اور

شَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا

مال اور اولاد میں انکا شریک ہوجا اور انسے وعدے کر حالانکہ

يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ

شیطان اُنسے کوئی وعدہ نہ کریگا مگر دھوکا یقیناً (جو) میرے بندے (ہیں) اُنپر تو تیرا

لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۝ رَبُّكُمُ الَّذِيْ

کوئی قابو ہی نہو گا اور تیرا پروردگار اُنکا کارساز ہونے کو کافی ہے تمہارا پروردگار وہی

يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ

ہے جو تمہارے لئے سمندر میں جہازوں کو چلاتا ہے تاکہ تم اُسکے فضل کے خواستگار ہو بیشک وہ

كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ

تمہارے لئے بڑا رحم کرنیوالا ہے اور جب تم پر سمندر میں کوئی آفت پڑتی ہے تو اُسکے

ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ

سوا اور جن جن کو تم پکارا کرتے ہو وہ سب گم ہو جاتے ہیں پھر جب وہ نجات دیکر تمکو خشکی تک پہنچا دیتا ہے

اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ۝ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ

تو تم روگرداں ہو جاتے ہو اور انسان ہے بڑا ناشکرا آیا تم اس سے مطمئن ہو گئے ہو کہ

يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا

وہ خشکی کے ایک حصہ کو مع تمہارے دھنسا دے یا تم پر کنکریاں برسانیوالی آندھی بھیجدے

ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۝ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ

پھر تم کسی کو اپنا کارساز نہ پاؤ یا تم اس سے مطمئن ہو گئے ہو کہ ایک دفعہ اور

فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ

تمکو سمندر میں لوٹا لیجائے پھر وہ تیز کشتی شکن ہوا بھیجدے

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ۝

اور جو کفرانِ نعمت تم کر چکے ہو اُسکے عوض تمکو ڈبو دے پھر تم اسکی بابت میں ہمارا [illegible] کسی کو نہ پاؤگے

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَ

اور یقیناً ہمنے اولادِ آدمؑ کو عزت دی اور خشکی و تری میں اُنکو سواریاں دیں اور

رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ

اچھی اچھی چیزوں سے اُنکو روزی دی اور بہت سی مخلوق پر اُنکو ایسی فضیلت دی جیسا کہ

اور امالی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے جو کچھ منقول ہے اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کی فضیلت ہر چوپائے اور ہر پرندے کے مقابلے میں یہ ہے کہ وہ اپنا کھانا پانی اپنے ہاتھ سے اُٹھا کر اپنے منہ تک پہنچاتا ہے - ۱۲ -

کرو یعنی فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے رسول سے ارشاد فرمایا ہے أَقِمِ الصَّلَاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَىٰ غَسَقِ اللَّيْلِ - دلوک زوال آفتاب ہے اور غسق اللیل نصف شب پس زوال آفتاب سے آدھی رات تک چار نمازیں ہیں

خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ۝ يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ ۖ فَمَنْ

فضیلت دینے کا حق ہے جس دن ہم ہر گروہ کو اُسکے امام کے ساتھ بلاوینگے پس جس شخص کو

أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَأُولَٰئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا

اُسکا نامۂ اعمال اُسکے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا پس وہ تو اپنے نامۂ اعمال کو (خوش خوش) پڑھینگے اور اُنکو ایک سوت

يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝ وَمَنْ كَانَ فِي هَٰذِهِ أَعْمَىٰ فَهُوَ فِي

برابر بھی نقصان نہ پہنچایا جائیگا اور جو اس دنیا میں اندھا رہا پس وہ آخرت میں بھی

الْآخِرَةِ أَعْمَىٰ وَأَضَلُّ سَبِيلًا ۝ وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ

اندھا رہیگا اور راہ راست سے بہت بھٹکا ہوا اور قریب تھا کہ یہ لوگ تمکو بھی اُس سے جو کچھ ہمنے

عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا

تمہاری طرف وحی کی تھی ہٹانیکے لئے فتنہ میں ڈالدیں تاکہ تم اُسکے خلاف کچھ ہماری طرف منسوب کردو اور اُس

لَاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ۝ وَلَوْلَا أَنْ ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدْتَ

صورت میں یہ تمکو دوست بنا لیتے اور اگر ہمنے تمکو ثابت قدم نہ رکھا ہوتا تو قریب تھا کہ تم بھی

تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ۝ إِذًا لَأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ

کچھ کچھ اُنکی طرف مائل ہوجاتے اُس صورت میں ہم تمکو زندگانی دنیا کا بھی دوہرا (عذاب) چکھاتے

وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ۝ وَإِنْ

اور موت کے بعد کا بھی دوہرا پھر تم ہمارے برخلاف کسی کو اپنا مددگار نہ پاتے اور اگرچہ

كَادُوا لَيَسْتَفِزُّونَكَ مِنَ الْأَرْضِ لِيُخْرِجُوكَ مِنْهَا ۖ وَإِذًا

قریب تھا کہ وہ تمکو اس زمین سے پریشان ہی کر چلے تھے اس غرض سے کہ وہ تمکو اُس سے نکال دیں اور

لَا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ سُنَّةَ مَنْ قَدْ أَرْسَلْنَا

اُس صورت میں وہ بھی تمہارے بعد بہت ہی کم رہتے اسی طریقہ پر جسپر ہمنے تم سے پہلے اپنے

قَبْلَكَ مِنْ رُسُلِنَا ۖ وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا ۝ ع أَقِمِ الصَّلَاةَ

رسول بھیجے تھے اور تم ہمارے طریقہ میں کوئی تبدیلی نہ پاؤگے زوال آفتاب سے

لِدُلُوۡكِ الشَّمۡسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيۡلِ وَقُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ ؕ اِنَّ قُرۡاٰنَ
آدھی رات تک (مقررہ) نمازیں پڑھلیا کرو اور صبح کا قرآن (یعنی نماز) بیشک صبح کو قرآن
الۡفَجۡرِ كَانَ مَشۡهُوۡدًا ۝ وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ق
(یعنی نماز) کے بارے میں گواہی دیجائیگی اور (اے رسولؐ) رات کے ایک حصہ میں تہجد پڑھا کرو یہ فریضہ تمہاری
عَسٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا ۝ وَقُلۡ رَّبِّ
لئے مخصوص ہے قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمکو مقام محمود پر مبعوث کرے اور یہ عرض کیا کرو کہ اے
اَدۡخِلۡنِىۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِىۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ
میرے پروردگار مجھکو پسندیدہ مقام پر پہنچائیو اور خوبی کے ساتھ مجھے یہاں سے لیجائیو
وَّاجۡعَلۡ لِّىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ۝ وَقُلۡ جَآءَ
اور میرے لئے اپنی طرف سے مدد کرنیوالا غلبہ مقرر فرمادیجیو اور یہ کہدو کہ حق آگیا
الۡحَـقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا ۝ وَ
اور باطل مٹ گیا بیشک باطل کا کام ہی ہے مٹ جانا اور
نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ
قرآن میں سے ہم وہ چیزیں نازل کرتے ہیں جو مومنین کے لئے شفاء و رحمت ہیں
وَلَا يَزِيۡدُ الظّٰلِمِيۡنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا عَلَى الۡاِنۡسَانِ
اور نافرمانوں کے لئے (وہی چیزیں) نقصان ہی بڑھاتی ہیں اور جب ہم انسان کو نعمت عطا کرتے ہیں تو
اَعۡرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـئُوۡسًا ۝ قُلۡ
وہ روگردان ہوجاتا اور پہلو تہی کرتا ہے اور جب اسپر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ مایوس ہوجاتا ہے تم یہ کہدو کہ
كُلٌّ يَّعۡمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِمَنۡ هُوَ اَهۡدٰى
ہر شخص اپنے طور پر عمل کیا کرتا ہے پس تمہارا پروردگار اس سے خوب واقف ہے جو راہ راست پر
سَبِيۡلًا ۝ ع وَيَسۡـئَلُوۡنَكَ عَنِ الرُّوۡحِ ؕ قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ ع ۹ ۹
ہے اور لوگ تم سے روح کی بابت سوال کرتے ہیں تم کہدو کہ روح میرے پروردگار کا حکم ہے

رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ وَلَئِنْ شِئْنَا

اور تمکو اس بارے میں بہت ہی کم علم دیا گیا ہے اور اگر ہم چاہتے تو

لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا

اسکو جو تمہاری طرف وحی کی ہے غائب کر دیتے پھر تم اسکے لانیکے لئے ہمارے برخلاف کسی کو

وَكِيْلًا ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ

اپنا کارساز نہ پاتے سوائے اسکے کہ تمہارے پروردگار کی رحمت ہوتی بیشک اُسکا فضل تم پر بہت ہی بڑا ہے

كَبِيْرًا ۝ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ

تم یہ کہدو کہ اگر سب آدمی اور کل جن اس بات کے لئے جمع ہوجائیں کہ اس قرآن (مجید) کی مانند

يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ

بنا لائیں تو اسکے مانند نہ لاسکینگے گو اُن میں

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا

ایک دوسرے کا پشت پناہ بھی ہو اور یقیناً ہمنے کل آدمیوں کے نفع کے لئے اس قرآن میں

الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۡ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝

ہر قسم کی مثال باربار بیان کی ہے پھر بھی بہت سے لوگ ناشکری کئے بغیر نہ رہے

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ

اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ ہم تو تیرا ایمان لانیکے نہیں جبتک کہ تم ہمارے لئے زمین سے ایک چشمہ جاری

يَنْۢبُوْعًا ۝ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ

نہ کردو یا خاص تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ نہو پھر اُسکے اندر ہی

الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۝ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ

تم زمین کو پھاڑکر ندیاں نہ بہادو یا جیسا کہ تمہارا گمان ہے ہم پر آسمان کا ایک ٹکڑا نہ گرادو یا اللہ

عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ۝ اَوْ يَكُوْنَ

کو اور فرشتوں کو سامنے لاکر کھڑا نہ کردو یا خاص تمہارا

لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ

سونے کا ایک محل ہو یا تم آسمان پر چڑھ نہ جاؤ اور ہم تمہارے چڑھ جانے پر

لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ

بھی ایمان نہ لائینگے جب تک ہم پر ایک نوشتہ نہ نازل کرو کہ ہم اُسے پڑھکر دیکھلیں تم جواب دیدو کہ میرا پروردگار

ع ۹ / ۱۰

رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ

(اس سے) منزہ ہے (کہ اُسپر کسی کا حکم چلے) میں تو صرف ایک انسانی رسول ہوں (کچھ اور تو نہیں؟) اور آدمیوں کو جبکہ انکے پاس

اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ

ہدایت آچکی ایمان لانے سے روکا کس چیز نے ہے سوائے اسکے کہ اُنہوں نے یہ کہدیا کہ کیا خدا نے کسی

اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰۗىِٕكَةٌ

آدمی کو رسول بناکر بھیجا ہے تم کہدو کہ اگر اسی زمین میں فرشتے اطمینان سے چلتے پھرتے ہوتے

يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَلَكًا

تو ہم اُنپر آسمان سے کسی فرشتہ ہی کو رسول بناکر بھیجتے

رَّسُوْلًا ۝ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ

تم کہدو کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کو اللہ ہی کافی ہے بیشک وہ

نصف

كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ

اپنے بندوں کے حال سے باخبر اور اُنکی دیکھبھال کرنیوالا ہے اور جسکو خدا ہدایت دیتا ہے بس وہی

الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ

ہدایت یافتہ ہوتا ہے اور جس سے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے پس تم اُسکے سوا کسی کو انکا حمایتی

دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰي وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا

نہ پاؤ گے اور قیامت کے دن ہم اُنکو اس حالت میں اوندھے منہہ محشور کرینگے کہ وہ اندھے

وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ

اور گونگے اور بہرے ہونگے اُنکا ٹھکانا جہنم ہوگا (اُسکی آگ) جب ذرا بجھنے لگیگی ہم اُنکی خاطر

سَعِيْرًا ۝ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا

اور بھڑکا دینگے یہ سزا اُنکی اس لئے ہوگی کہ اُنہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا تھا اور یہ کہدیا تھا

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝

کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور مٹی ہوجائینگے تو کیا ہم ازسرنو پیدا کرکے اُٹھائے جائینگے

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

کیا اُنہوں نے یہ نہیں سمجھا تھا کہ وہ خدا جسنے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا ہے اسپر

قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ

قادر ہے کہ اُن جیسے اور پیدا کردے اور اُسنے اُنکے لئے ایک مدت مقرر کردی جسمیں

فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ

کسی طرح کا شک نہیں پھر بھی یہ ظالم انکار کئے بغیر نہ رہے تم کہدو کہ اگر تم میرے پروردگار کی رحمت

خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ

کے خزانوں کا اختیار رکھتے ہوتے تو اُسوقت بھی تم اُنکے خرچ ہوجانیکے خوف سے بخل کرتے

وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ ع ۱۱

اور انسان ہے ہی بخیل اور یقیناً ہمنے موسٰے کو نو کھلی نشانیاں

اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ فَسْــَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ

دی تھیں پس بنی اسرائیل سے دریافت کرلو کہ جب وہ اُنکے پاس آئے تو فرعون نے

فِرْعَوْنُ اِنِّىْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ۝ قَالَ لَقَدْ

اُنسے یہ کہدیا تھا کہ اے موسٰے میں تو یہ خیال کرتا ہوں کہ تمپر کسی نے جادو کردیا ہے اُنہوں نے فرمایا کہ (اے فرعون)

عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اتنا تو تو بھی سمجھ گیا کہ انکو کسی اور نے نہیں اُتارا ہے مگر آسمانوں کے اور زمین کے پروردگار نے

بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّىْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝ فَاَرَادَ اَنْ

دلیلیں مقرر کرکے اور اے فرعون میرا یہ خیال ہے کہ تیری شامت آئی ہے پس فرعون نے یہ ارادہ کیا کہ

يَسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْأَرْضِ فَأَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيعًا ۝
انکو اس ملک سے پریشان کرکے نکالدے پس ہمنے اُسکو اور جو اُسکے ساتھ تھے اُن سب کو ڈبو دیا

وَقُلْنَا مِنْ بَعْدِهٖ لِبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ اسْكُنُوا الْأَرْضَ
اور اُسکے بعد بنی اسرائیل سے یہ کہدیا کہ تم اس زمین میں (جہاں سے فرعون نے تمکو نکالنا چاہا تھا) آباد ہو

فَإِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا ۝ وَبِالْحَقِّ
پھر جب آخرت کا وعدہ آیگا تو ہم تم سب کو اکٹھا کرکے لائینگے اور حق کے ساتھ ہمنے

أَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ۝
اسکو نازل کیا اور حق ہی کے ساتھ وہ اُترا ہے اور ہمنے تمکو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا بناکر بھیجا ہی

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَأَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ
اور قرآن کو ہمنے تھوڑا تھوڑا کرکے اُتارا تاکہ تم ٹھہر ٹھہر کر لوگوں کو پڑھکر سُنا دو اور ہمنے اسی طرح اسکو اُتارا جس طرح

تَنْزِيلًا ۝ قُلْ اٰمِنُوا بِهٖٓ أَوْ لَا تُؤْمِنُوا ۚ إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا
اُتارنا مناسب تھا تم کہدو کہ تم اسپر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ بالتحقیق وہ لوگ جنکو اس سے پہلے

الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ إِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ
علم دیا گیا ہے جسوقت اُنکے سامنے یہ پڑھا جاتا ہے وہ مُنہ کے بَل سجدہ میں گر پڑتے

سُجَّدًا ۝ وَّيَقُولُونَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ إِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا
ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار منزہ ہے بیشک ہمارے پروردگار کا وعدہ ضرور

لَمَفْعُولًا ۝ وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ وَيَزِيدُهُمْ
پورا ہونا ہے اور وہ روتے ہوئے مُنہ کے بَل گر پڑتے ہیں اور (قرآن کا سُننا) اُنکے (خضوع و

خُشُوعًا ۝ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۖ أَيًّا مَّا تَدْعُوا
خشوع کو اور بڑھاتا ہی تم کہدو کہ اللہ کہکر پکارو یا رحمٰن کہکر پکارو جس (نام) سے بھی پکارو اُسکے سب (اچھے اچھے

فَلَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا
نام اُسی کے ہیں اور تم اپنی نماز میں اپنی آواز کو نہ بلند ہی کیا کرو اور نہ اسمیں چُپکے ہی چُپکے پڑھا کرو

سو کم بلکہ اُن دونوں کے بیچ میں مناسب خرچ کرتے ہیں اسیں فضول خرچی بھی بُری ہی اور بیہودہ کفایت شعاری بھی بُری ہی اور دونوں کے بیچ میں نیکی ہی سب کو لازم ہی کہ دونوں کے بیچ میں جو نیکی ہی اُسکو اختیار کرو

وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي

بلکہ اُن دونوں کے بین بین کا راستہ اختیار کرو اور یہ کہو کہ سب تعریف اُسی خدا کے لئے زیبا ہے جسنے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ

نہ کوئی بیٹا بنایا اور نہ سلطنت میں کوئی اُسکا شریک ہے اور نہ وہ عاجز

يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۝ ع ١٢

ہے کہ کوئی اُسکا حامی ہو اور تم اُسکی بڑی کبریائی کا اظہار کرتے رہا کرو

سُورَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَعَشْرُ آيَاتٍ

آیاتها ١١٠ — رکوعاتها ١٢ — کلماتها ١٥٧٨ — حروفها ٦٦٢٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ

سب تعریف اُس اللہ کے لئے زیبا ہے جسنے اپنے بندہ پر کتاب نازل فرمائی اور اُسمیں کوئی کجی

لَّهٗ عِوَجًا ۝ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَأْسًا شَدِيدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَ

نہ رکھی (ایسی) ٹھیک (کتاب) کہ اُسکے ذریعہ سے خدا کے سخت عذاب کا خوف دلائے اور

يُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ

اُن مومنوں کو جو نیکیاں کرتے ہیں (یہ) خوشخبری سنائے کہ اُنکے لئے نیک

أَجْرًا حَسَنًا ۝ مّٰكِثِينَ فِيهِ أَبَدًا ۝ وَّيُنْذِرَ الَّذِينَ

معاوضہ ہے جسمیں وہ ہمیشہ رہینگے اور اُن لوگوں کو بھی ڈرائے جنہوں نے

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِآبَائِهِمْ

یہ کہدیا تھا کہ اللہ نے بیٹا بنالیا ہے نہ تو خود اُنکو کچھ علم ہے اور نہ اُنکے باپ دادا ہی کو تھا

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِنْ يَقُولُونَ إِلَّا

بڑی سخت بات ہے جو اُنکے منہ سے نکلتی ہے وہ نرا جھوٹ

كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ

بولتے ہیں پس اگر وہ اس بات پر ایمان نہ لائیں تو شاید تم افسوس کے مارے

لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى

اُنکے پیچھے اپنی جان ہلاک کر ڈالو گے بالتحقیق ہمنے اسکو جو زمین پر

الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝

ہے اسکی زینت قرار دیا ہے کہ ہم اُنکو آزمائیں کہ اُن میں سب سے اچھا عمل کرنیوالا کون ہے

وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

اور ہم جو کچھ بھی اُسپر ہے (اُسے فنا کرکے) چٹیل میدان بنانیوالے ہیں کیا تمنے یہ گمان کرلیا ہے کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ اِذْ اَوَى

غار والے اور کتبہ والے ہماری نشانیوں میں سے کچھ زیادہ عجیب تھے (اُسوقت کو یاد کرو)

الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

جبکہ یہ نوجوان غار میں جا رہے اور اُنہوں نے عرض کی تھی کہ ای ہمارے پروردگار ہمکو اپنے پاس سے رحمت

وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ

عنایت کر اور ہمارے لئے ہمارے معاملہ کی درستی کا سامان کردے پس اُسی کھوہ میں ہمنے اُنکو

فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ

برسوں سلا رکھا پھر ہمنے اُنکو اٹھا بٹھایا تاکہ ہم یہ جان لیں کہ

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ ع ۲ ۱۲ ۱۳

اُنکے دو گروہوں میں سے اس مدت کو جسمیں وہ وہاں رہے ہیں زیادہ کسنے یاد رکھا۔ ہم تم سے اُنکی خبر

نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ

ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں بیشک وہ ایسے جوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور ہمنے اُنکے

هُدًى ۝ وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا

دلوں کو مضبوط کر دیا تھا جبکہ وہ کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ ہمارا پروردگار تو

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا

آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار ہے ہم ہرگز اُسکے سوا کسی دوسرے کو معبود کہکر پکارینگے

لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ۝ هٰۤؤُلَاۤءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ

کہ (اگر ایسا کریں تو) اس صورت میں گویا ہم نے بہت ہی نا سزا بات کہی۔ اس ہماری قوم نے تو اُسکے سوا بہت سے خدا بنا لیے

دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ۚ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۚ فَمَنْ

ہیں پھر اُن خداؤں کے متعلق کوئی دلیل کیوں نہیں پیش کرتے؟ پس اُس سے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا

زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے اور (اب) جبکہ تم اُنسے الگ ہو چکے ہو اور جن

يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

چیزوں کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں اُنکو چھوڑ چکے ہو تو کسی غار میں چل رہو تمہارا پروردگار تمہارے لئے

رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝ وَتَرَى

اپنی رحمت وسیع فرما دیگا اور تمہارے معاملہ میں سہولت کے سامان مہیا کر دیگا اور تم آفتاب کو

الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ

دیکھو گے کہ جب وقت نکلتا ہے اُسکے غار سے بچا بچا داہنے ہاتھ کی طرف رہتا ہے

وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ

اور جب ڈوبتا ہے تو بائیں ہاتھ کو کتراتا ہوا چلا جاتا ہے اور وہ اس غار کے کھلے حصہ میں ہیں

مِّنْهُ ۚ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ

یہ بھی خدا کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے جسے خدا ہدایت دیتا ہے وہ ہدایت پا جاتا ہے

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝ وَتَحْسَبُهُمْ ع ٥ ١٤

اور جس سے توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے اُسکے لئے تم کوئی حامی اور ہدایت کرنیوالا نہ پاؤ گے اور تم اُنکو جاگتا ہوا خیال

اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ

کروگے حالانکہ وہ سوتے ہیں اور ہم داہنے اور بائیں اُنکو کروٹ بدلوا دیا کرتے ہیں

الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ ۚ لَوِ

اور انکا کتّا چوکھٹ پر دونو ہاتھ پھیلائے ہوئے ہے — اگر تم

اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ

انہیں دیکھ پاؤ تو انسے منہ پھیر کر بھاگو اور تم پر انکا رعب چھا جائے

رُعْبًا ۝ وَكَذَٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ لِيَتَسَاءَلُوا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَائِلٌ

اور اسی طرح ہمنے انکو اٹھا بٹھایا تھا کہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں۔ انمیں ایک

مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۖ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوا

کہنے والے نے یہ کہا کہ تمہیں یہاں کتنی دیر ہوئی؟ انہوں نے کہا کہ ہمکو ایک دن ہوا یا کچھ کم۔ انہوں نے کہا

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوا أَحَدَكُم بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِ

جتنا عرصہ بھی ہوا اسے تو تمہارا پروردگار خوب واقف ہے پس تم اپنے میں سے ایک کو یہ روپیہ دیکر شہر

إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ

کی طرف بھیجو کہ وہ جاکر دیکھے کہ کونسا کھانا پاکیزہ ہے؟ پس وہ اس میں سے تمہارے لئے کچھ کھانا

مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ۝ إِنَّهُمْ إِن

لائے اور چپ چاپ جائے اور کسی کو تمہاری مطلق خبر نہ کرے۔ بیشک اگر وہ لوگ تم پر

يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَ

غالب آگئے تو تمکو سنگسار کردینگے یا تمکو اپنے مذہب میں دوبارہ (جبرًا) ملا لینگے اور اس

لَن تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ۝ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا

صورت میں تم کبھی فلاح نہ پاؤ گے اور اسطرح ہمنے لوگوں کو انکے حال پر مطلع کردیا تاکہ وہ یہ جان لیں

أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا إِذْ يَتَنَازَعُونَ

کہ اللہ کا وعدہ ضرور سچا ہے اور قیامت ضرور آنیوالی ہے جسمیں کوئی شک نہیں جسوقت وہ انکے معاملے میں

بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ ۖ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَانًا ۖ رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ

آپس میں جھگڑنے لگے تو انہوں نے کہا کہ ان پر ایک عمارت بنا دو۔ انکا پروردگار انکے حال سے

بِهِمْ ۚ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم

خوب واقف ہے اور اُن لوگوں نے جو اُنکے معاملہ میں غالب آگئے تھے یہ بھی کہا کہ ہم تو ضرور ان پر ایک

مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ

مسجد بنائینگے عنقریب وہ یہ کہینگے کہ وہ تین تھے (اور) چوتھا اُنکا کتّا ہے اور بعضے اٹکل پچو یہ

خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ

کہینگے کہ وہ پانچ تھے (اور) چھٹا اُنکا کتّا ہے اور بعضے اُن میں سے یہ کہینگے کہ وہ سات تھے

سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا

اور آٹھواں اُنکا کتّا ہے تم کہدو کہ میرا پروردگار اُنکی گنتی سے خوب واقف ہے

يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا

اُنکو نہیں جانتے ہیں مگر بہت ہی کم پس تم اُنکے باب میں سوائے ظاہری بحث کے (کسی سے) کچھ جھگڑا نہ کرو

وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ ع ٥

اور اُنکے باب میں ان میں سے کسی سے کوئی بات نہ پوچھو اور کسی چیز کی نسبت یہ ہرگز نہ کہنا کہ میں ۱۵

إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُر

اِسے ضرور کرونگا سوائے اسکے کہ (یہ شرط لگادو) اگر اللہ بھی چاہے اور جب بھول گئے ہو

رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ

اللہ کو یاد کرلو اور یہ کہدو کہ شاید میرا پروردگار اس سے بھی بڑھکر مجھے کوئی ہدایت

مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ

کی بات بتلادے اور (وہ لوگ کہتے ہیں کہ) وہ اپنے غار میں نو اوپر تین سو برس

سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا ۖ لَهُ

رہے تم کہدو کہ اسے تو اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ کتنا رہے

غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ ۚ مَا لَهُم

آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں اسی کو ہیں وہ کیسا دیکھنے والا اور کیسا سننے والا ہے اُنکا اسکے سوا

مِّن دُونِهِۦ مِن وَلِيٍّ وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِۦٓ أَحَدًا ○

کوئی کارساز نہیں ہے اور وہ اپنے فیصلہ میں کسی اور کو شریک نہیں کرتا

وَاتْلُ مَآ أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ

اور تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی کتاب سے جو کچھ وحی کی گئی ہے وہ پڑھکر سنا دو اسکی کلمات کا

لِكَلِمَاتِهِۦ وَلَن تَجِدَ مِن دُونِهِۦ مُلْتَحَدًا ○ وَاصْبِرْ

بدلنے والا کوئی نہیں ہے اور تم اسکے سوا کسی اور کو ہرگز جائے پناہ نہ پاؤ گے اور ان لوگوں کے ساتھ

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

بسر کرنیکی برداشت کرو جو صبح و شام اپنے پروردگار سے دعا مانگتے ہیں اور اسی کی رضا کی

يُرِيدُونَ وَجْهَهُۥ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ

خواستگاری کرتے ہیں اور اپنی نظر اُنسے نہ ہٹاؤ کہ تم زندگانی دنیا کی زینت کے

الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُۥ عَن

خواستگار ہو اور اُس شخص کی پیروی نہ کرنا جسکے دل کو ہمنے اپنی یاد سے غافل

ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَىٰهُ وَكَانَ أَمْرُهُۥ فُرُطًا ○ وَقُلِ الْحَقُّ

کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کا تابع ہوگیا ہے اور اسکا معاملہ حد سے گزر گیا ہے اور تم یہ کہدو کہ حق تمہارے

مِن رَّبِّكُمْ فَمَن شَآءَ فَلْيُؤْمِن وَمَن شَآءَ فَلْيَكْفُرْ

پروردگار کی طرف سے ہے تو جسکا جی چاہے ایمان لے آئے اور جسکا جی چاہے کافر ہو جائے

إِنَّآ أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا وَإِن

بیشک ہمنے نافرمان لوگوں کے لئے ایسی آگ تیار کی ہے جسکے پردے انکو گھیر لینگے اور اگر وہ

يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ بِئْسَ

(پیاس سے) فریاد کرینگے تو انکو ایسا پانی دیا جائیگا جیسے پگھلا ہوا تانبا جو چہروں کو جھلس دیگا وہ کتنی بری

الشَّرَابُ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ○ إِنَّ الَّذِينَ ءَامَنُوا وَ

پینے کی چیز ہوگی اور کتنی بری جگہ ہوگی؟ بالتحقیق وہ لوگ جو ایمان لائے اور

یعنی پہلو یہاں پہلو سے مراد یہ نہیں ہے کہ تم میں آدم اور نارنگیاں لگ جائیں بلکہ یہی مطلب ہوتا ہے کہ تمہارا مال و دولت بڑھ جائے۔ تمہاری آل اولاد زیادہ ہو جائے

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝

جنہوں نے نیک عمل کیے یقیناً ہم نیک عمل کرنیوالوں کا ثواب ضائع نہ کرینگے

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ

وہ وہی تو ہیں جنکے لیے دائمی باغات ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں

يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا

جن میں اُنکو سونے کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائیگا اور سندس و استبرق کے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِــِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى

سبز کپڑے پہنینگے (اور) اُسی میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے ہونگے)

الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝ وَاضْرِبْ

یہ کیسا اچھا صلہ ہے اور وہ کتنی عمدہ جگہ ہوگی؟ اور اُنکے لئے

ع ۹ — ۱۶

لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ

اُن دو آدمیوں کی مثل بیان کرو کہ ہمنے اُن دونوں میں سے ایک کیلیے انگور کے دو باغ لگادئے تھے

وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝ كِلْتَا

اور اُن دونوں کو خرمے کے درختوں سے گھیر دیا تھا اور اُن دونوں باغوں کے درمیانی حصہ میں کھیتی قائم کردی تھی۔ یہ دونوں

الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْــــًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا

باغ خوب پھل لایا کرتے تھے اور اُن پھلوں میں ذرا سا بھی نقصان نہوتا تھا اور ہمنے اُن دونوں کے بیچ میں

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ

ایک ندی جاری کردی تھی اور اُس شخص پاس بہت کچھ مال تھا پس وہ اپنے ساتھی سے باتیں کرنے میں کہنے لگا

يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝ وَدَخَلَ

کہ میں مال کی حیثیت سے تجھ سے بہت بڑھا ہوا ہوں اور جتھے کی حیثیت سے بھی بڑھا ہوا ہوں اور وہ اپنے باغ میں

جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ

ایسی حالت سے پہنچا کہ اپنے آپ پر خود ظلم کرنیوالا تھا کہنے لگا کہ میں گمان نہیں کرتا کہ یہ باغ کبھی بھی فنا

کہ ہوتا تھا جیسا کہ خود خدا تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے اور ان دونوں باغوں کے مینڈھوں پر کھجور کے درخت بھی بہت تھے۔ اور زراعت بھی خوب ہوتی تھی

أَبَدًا ۝ وَّمَآ أَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِن رُّدِدتُّ إِلَىٰ رَبِّي

ہوگا اور نہ میں یہ گمان کرتا ہوں کہ قیامت آئیگی اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی گیا

لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنقَلَبًا ۝ قَالَ لَهُۥ صَاحِبُهُۥ وَهُوَ

تو ضرور بالضرور اس سے بہتر حالت پاؤنگا اُسکے ساتھی نے اُس سے گفتگو کرتے ہوئے یہ کہا کہ

يُحَاوِرُهُۥٓ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ مِن

کیا تو اُسکا انکار کرتا ہے جس نے (فی الحقیقت) تجھکو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ

نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّىٰكَ رَجُلًا ۝ لَّٰكِنَّا۠ هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَآ أُشْرِكُ

سے پھر تجھے اچھا خاصا آدمی بنادیا رہا میں سو میرا پروردگار تو وہی اللہ ہے اور میں اپنے

بِرَبِّيٓ أَحَدًا ۝ وَلَوْلَآ إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللَّهُ

پروردگار کا شریک کسی کو نہیں کرتا اور تو نے اپنے باغ میں داخل ہوتے ہوئے یہ کیوں نہ کہا کہ جو کچھ اللہ نے چاہا

لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ إِن تَرَنِ أَنَا۠ أَقَلَّ مِنكَ مَالًا وَوَلَدًا ۝

(سو ہوا) خدا کی قوت کے بغیر کوئی قوت نہیں تو تو یہ سمجھتا ہو کہ میں مال و اولاد میں تجھ سے کم ہوں

فَعَسَىٰ رَبِّيٓ أَن يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّن جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا

تو اب قریب ہے کہ میرا پروردگار مجھے تجھ سے بہتر باغ دیدے اور اس (تیرے باغ) پر آسمان عذاب

حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ۝ أَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا

بھیجدے کہ یہ چٹیل میدان ہو کر رہجائے یا اسکا پانی اتنا گہرا چلا جائے

غَوْرًا فَلَن تَسْتَطِيعَ لَهُۥ طَلَبًا ۝ وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِۦ فَأَصْبَحَ

کہ تجھ میں اُسکے نکالنے کی قوت ہی نہ رہے چنانچہ اُسکے پھلوں پر آفت آہی گئی پس جو

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَىٰ مَآ أَنفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا

مال وہ اُس میں لگاچکا تھا اُس پر صبح کو ہاتھ ملتا رہگیا باغ ٹٹیوں پر اُلٹا پڑا تھا اور مالک یہ

وَيَقُولُ يَٰلَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّيٓ أَحَدًا ۝ وَلَمْ تَكُن لَّهُۥ

کہہ رہا تھا کہ کاش میں اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہ کرتا اور اُس وقت کوئی جتھا خدا کے

فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۟ؕ هُنَالِكَ

سوا اُسکی مدد کرنیکو نہ تھا اور نہ وہ شخص خدا کے انتقام کو روک سکا اُس موقع پر

الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۟ وَاضْرِبْ

حکومت خدائے برحق ہی کی ہوگی وہ ثواب دینے کی رو سے بھی سب سے اچھا ہے اور انجام کی رو سے بھی سب سے بہتر ہے اور اُنسے

لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

زندگانی دنیا کی مثال بیان کردو کہ (وہ) اُس پانی کے مانند ہے جسکو ہمنے آسمان سے اُتارا

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ

پھر اُسکے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گیا کہ ہوائیں اُسکو اُڑا دیتی ہیں

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۟ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ

اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے (مال و) دولت اور بیٹے زندگانی دنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ

آرائش ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں تمہارے رب کے نزدیک انجام کی حیثیت سے بھی

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۟ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

بہتر ہیں اور امید و آرزو کرنیکی حیثیت سے بھی اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائینگے اور تم زمین کو کھلا ہوا دیکھوگے

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۟ وَعُرِضُوْا

اور ہم اُنکو اس طرح جمع کرلینگے کہ اُن میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑینگے اور وہ تمہارے

عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؗ

رب کی حضور میں صف بہ صف پیش کیے جائینگے (اور اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) تم ہمارے پاس اُسی طرح آگئے جیسا کہ ہمنے تمکو

بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۟ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

پہلی دفعہ پیدا کیا تھا بلکہ تمہارا تو یہ گمان تھا کہ ہمنے تمہارے لئے کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا ہے اور اعمالنامے پیش کیے جائینگے

فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ

اُسوقت تم گناہگاروں کو دیکھوگے کہ جو جو کچھ (ایک ایک کے) اعمالنامے میں ہوگا اُس سے وہ ڈرتے ہونگے اور کہتے ہونگے

ع ۱۳ / ۱۷

يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً

ہائے خرابی ہماری یہ کیسا نوشتہ ہے کہ اسنے کسی چھوٹی یا بڑی بات کو چھوڑا ہی نہیں

اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ

جسے ضبط نہ کر لیا ہو الحاصل جو کچھ انہوں نے کیا ہوگا اسکو موجود پائینگے اور تمہارا پروردگار کسی کے

ع ۶ ۵ ۱۸ اَحَدًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

تو ہیں ظلم نہیں کریگا اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں سے کہا تھا کہ آدم کو سجدہ کرو پس ابلیس

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۗ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۗ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

کے سوا سبنے ہی سجدہ کیا تھا وہ قوم جن سے تھا پس اسنے اپنے پروردگار کے حکم سے سرتابی کی کیا تم مجھے چھوڑکر

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۗ بِئْسَ

اسے اور اسکی اولاد کو دوستدار بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں ؟ نافرمانی کرنیوالوں کے

لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ

لیے بدلہ کیسا برا ہے میں نے آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش کا انکو گواہ نہیں

وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ

بنایا ہے اور نہ انکی اپنی پیدائش کا اور میں گمراہ کرنیوالوں کو قوت بازو

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

نہیں بناتا اور اس دن خداتعالے فرمائیگا کہ تم میرے ان شریکوں کو پکارو جو

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ

تمہارے خیال میں تھے پس وہ انکو پکارینگے اور وہ انکو کچھ جواب نہ دینگے اور ہم انکے مابین ایک مہلکہ (یا

مَّوْبِقًا ۝ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا

آڑ) مقرر کردینگے اور گنہگار آتش جہنم کو دیکھینگے اور یہ گمان کرینگے کہ اسمیں اب گرے

ع ۷ ۱۹ وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا

اور اس سے گریز کی کوئی جگہ نہ پائینگے اور یقیناً ہمنے کل آدمیوں کے نفع کے لیے اس

الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ
قرآن میں طرح طرح کی مثل بار بار بیان کی ہے اور انسان جھگڑنے کے لیے ہر چیز سے بڑھا ہوا
شَيْءٍ جَدَلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ
ہے اور جبکہ لوگوں کے پاس ہدایت آچکی تو اُنکو ایمان لانے سے اور اپنے
الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ
پروردگار سے گناہوں کی معافی مانگنے سے کسی اور بات نے نہیں روکا سوائے اسکے کہ اُنپر پہلوں کا
الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝ وَمَا نُرْسِلُ
قاعدہ جاری ہوجائے یا عذاب اُنکے سامنے آکھڑا ہو اور ہم رسولوں کو نہیں
الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ
بھیجتے ہیں مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے بنا کر اور جو لوگ کافر ہوگئے ہیں وہ
كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ
باطل کے لیے جھگڑا کرتے ہیں کہ اُسکے ذریعہ سے حق کو زائل کردیں اور اُنہوں نے میری آیتوں کو اور جس چیز سے
اُنْذِرُوْا هُزُوًا ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ
ڈرائے گئے تھے اُسکو دل لگی بنا لیا اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسکو اُسکے پروردگار کی آیتوں کے ذریعہ
فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى
نصیحت کیجائے پھر وہ اُنسے روگردانی کرے اور جو کرتوت اُسکے ہاتھوں نے ہوچکی ہے اُسے بھول جائے یقیناً
قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ
ہم نے اُنکے دلوں پر پردے ڈالدیے ہیں تاکہ اُسکو نہ سمجھیں اور اُنکے کانوں میں گرانی قرار دیدی ہے اور اگر تم اُنکو
تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝ وَرَبُّكَ
ہدایت کی طرف بلاؤگے تو اُس صورت میں بھی وہ کبھی ہدایت یافتہ نہ ہونگے اور تمہارا پروردگار
الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ
بڑا بخشنے والا (اور) رحمت والا ہے اگر وہ اُنسے اُنکے کیے کے بدلے میں مواخذہ کرتا تو اُنکو بہت جلد

ع ۸ ۲

الْعَذَابَ ۚ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلًا ۝

عذاب دیتا لیکن انکے وعدہ کا ایک وقت ہے جس سے بچنے کی وہ ہرگز کوئی جگہ نہ پاسینگے

وَتِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم

اور یہ بستیاں جسوقت انکے باشندوں نے نافرمانی کی ہمنے انکو ہلاک کردیا اور انکے ہلاک کرنیکا (بھی) ہمنے

مَّوْعِدًا ۝ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ أَبْلُغَ

ایک وقت مقرر کردیا تھا اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ موسیٰ نے اپنے جوان (ساتھی) سے یہ کہا کہ میں تو پلٹ کر

مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ۝ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا

جاؤنگا نہیں جبتک کہ میں دونوں سمندروں کے مقام اتصال پر نہ پہنچوں یا سالہا سال چلتا چلوں۔ پس جب وہ دونوں

نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ۝ فَلَمَّا

دونوں سمندروں کے مقام اتصال پر پہنچے تو وہ دونوں اپنی مچھلی بھول گئے پس اس مچھلی نے دریا میں اپنی راہ بنالی پھر جب وہ

جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِن سَفَرِنَا

دونوں اس سے آگے بڑھ گئے تو موسیٰ نے اپنے جوان (ساتھی) سے کہا کہ ہمارا ناشتہ لاؤ ہمیں اپنے اس سفر سے تو یقیناً

هَٰذَا نَصَبًا ۝ قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي

رنج پہنچا ہے (جوان ساتھی نے) کہا کہ آپنے یہ بھی خیال کیا کہ جسوقت ہم اس پتھر کے پاس ٹھہرے تھے

نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ

تو میں مچھلی کو بھول گیا تھا اور شیطان نے ہی مجھے یہ بات بھلادی تھی کہ میں اسے یاد رکھتا

وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا ۝ قَالَ ذَٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ

اور عجیب طرح سے اسنے دریا میں اپنی راہ بنالی تھی موسیٰ نے فرمایا کہ یہی (جگہ) تو ہم ڈھونڈتے تھے

فَارْتَدَّا عَلَىٰ آثَارِهِمَا قَصَصًا ۝ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ

پھر الٹے پس دونوں اپنے پاؤں کے نشانوں پر کھوج لگاتے ہوئے پھر پلٹے اور ان دونوں نے ہمارے بندوں میں سے

عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِّنْ عِندِنَا وَعَلَّمْنَاهُ مِن لَّدُنَّا

ایک بندے کو پایا جسکو ہمنے اپنے پاس سے رحمت دی تھی اور اسکو ہمنے اپنے پاس سے علم

چنانچہ اس سکار سے وہ مچھلی زندہ ہوکر پانی میں چلی گئی۔ اور موسیٰ اور یوشع آگے چلے گئے تا کہ تھک گئے۔ (بقیہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو) ۱۲

عِلْمًا ○ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا

سکھایا تھا ۔ موسیٰ نے اُنسے عرض کی کہ کیا میں اس شرط سے آپکے پیچھے پیچھے (ساتھ ساتھ) رہوں کہ جو

عُلِّمْتَ رُشْدًا ○ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ○

علم آپکو سکھایا گیا ہی اس میں سے آپ کچھ مجھے بھی سکھادیں ۔ فرمایا کہ تم سے میرے ساتھ یقیناً صبر نہ ہو سکیگا

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ○ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ

اور جسکی تمکو آگاہی نہ ہو اُسپر تم صبر کروگے بھی کیونکر؟ (موسیٰ نے) عرض کی اگر اللہ نے چاہا تو

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ○ قَالَ فَاِنِ

آپ مجھے صبر کرنیوالا ہی پائینگے اور میں کسی معاملہ میں آپکی نافرمانی نہ کرونگا فرمایا بس تو اگر تم میرے

اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ○ ع ۹ ۱۱ ۲۱

ساتھ رہنا چاہتے ہو تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب تک کہ میں خود بخود اُسکا ذکر تم سے نہ کروں

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ

اب دونوں چلے یہانتک کہ دونوں کشتی میں سوار ہوگئے جسے اُس (یعنی خضر علیہ السلام) نے توڑ دیا (موسیٰ نے)

اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ○ قَالَ

کہا کیا تُم نے اسے اسلئے توڑ دیا کہ اسکی سواریوں کو ڈبو دو یقیناً یہ تو آپنے بڑی بیجا بات ہوئی فرمایا میں نے

اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ○ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ

کہا نہ تھا کہ تم سے میرے ساتھ ہرگز صبر نہو سکیگا (موسیٰ نے) عرض کی کہ مجھ سے جو بھول ہوگئی اُسکے

بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ○ فَانْطَلَقَا ۫

عوض میں آپ مجھ سے مواخذہ نہ کیجئے اور میرے معاملہ میں اتنی سخت گیری نہ برتیے پھر دونوں چلے

حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ

یہاں تک کہ ایک لڑکے سے ملے بس اُسکو اُس (یعنی خضر) نے قتل کر دیا (موسیٰ نے) کہا کہ کیا آپنے

بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ○

ایک بیگناہ شخص کو بغیر قصاص کے مار ڈالا؟ یہ تو ضرور آپنے انوکھی بات کی!

الجزء السادس عشر ۱۶

قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ
فرمایا میں نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر
صَبْرًا ۝ قَالَ إِن سَأَلْتُكَ عَن شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي
نہ کرسکو گے عرض کی اگر اِسکے بعد میں آپ سے کسی چیز کی نسبت سوال کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھیئگا
قَدْ بَلَغْتَ مِن لَّدُنِّي عُذْرًا ۝ فَانطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا
اب تو میری طرف سے کافی معذرت ہوگئی پھر دونو چلے یہاں تک کہ ایک
أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَن يُضَيِّفُوهُمَا
گاؤں والوں کے پاس پہنچے جن سے اُنہوں نے کھانا مانگا اور اُنہوں نے اِن دونو کو مہمان کرنے سے انکار
فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَن يَنقَضَّ فَأَقَامَهُ ۖ قَالَ
کردیا پس ان دونو کو اُس بستی میں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی پس اُسے اُس (خضر) نے ٹھیک کردیا
لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا ۝ قَالَ هَٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي
(موسٰی نے) عرض کی کہ اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لے لیتے (خضر نے) فرمایا یہی میرے اور آپکے مابین
وَبَيْنِكَ ۚ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِع عَّلَيْهِ
جُدائی کا باعث ہے ہاں جن باتوں پر آپ سے صبر نہو سکا اُنکا اصلی مطلب میں آپکو جتلائے دیتا ہوں
صَبْرًا ۝ أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ
(سنیے) وہ کشتی تو غریب لوگوں کی تھی جو (اُسکے ذریعہ سے) سمندر میں (اپنی روزی کمانیکے
فِي الْبَحْرِ فَأَرَدتُّ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءَهُم مَّلِكٌ
لیے) کام کیا کرتے ہیں پس میں نے چاہا کہ اُسکو عیب دار بنادوں انکے آگے ایک ایسا بادشاہ تھا جو
يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا ۝ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ
ہر کشتی کو جبرًا گرفتار کرلیا کرتا تھا اب رہا لڑکا سو اُسکے ماں باپ دونو
مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِينَا أَن يُرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۝ فَأَرَدْنَا
مؤمن تھے پس ہمکو یہ اندیشہ ہوا کہ وہ (لڑکا) سرکشی اور کفر کرکے اُن دونو پر غالب نہ آجائے پس ہمنے یہ چاہا

حضرت موسٰی کے حجت کرنے پہ حضرت خضر نے اُس لڑکے کا شانہ اُکھاڑ کر دکھلادیا کہ اُسپر کافر مطبوع لکھا تھا انہی حضرت سے یہ بھی منقول ہے کہ خوارج نے حضرت عبداللہ

أَن يُبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكَوٰةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا ۝
کہ انکا پروردگار اُن دونو کو اُسکے بدلہ میں (ایک ایسا بچہ) دیدے جو اُس سے پاکنفسی میں (بھی) بہتر ہو اور رحمت و مہربانی میں (بھی) قریب تر

وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَٰمَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَ
اب رہی دیوار وہ اُس بستی کے دو یتیم بچوں کی تھی اور اُسکے نیچے

كَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا فَأَرَادَ
اُن دونو کا ایک خزانہ تھا اور اُن دونو کا باپ ایک مرد نیک تھا پس تمہارے پروردگار

رَبُّكَ أَن يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن
نے محض اپنی رحمت کی وجہ سے یہ چاہا کہ وہ دونو بالغ و عاقل ہوکر اپنا خزانہ خود

رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع
نکال لیں اور میں نے تو اپنی طرف سے کچھ نہیں کیا (لیجیے) جن باتوں پر آپ صبر نہو سکا اُنکا مطلب

عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝ وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ ع ١٢
یہ ہے اور (اے رسول) لوگ تم سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں تم کہدو کہ

سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْرًا ۝ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ
لو میں تمہیں اُسکا حال سُناتا ہوں بیشک ہم نے اُسکو زمین میں حکومت دی تھی

وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ
اور ہمنے اُسکو ہر چیز کے متعلق ایک سبب عنایت کیا تھا پس اُسنے ایک سبب کا رستہ لے لیا یہانتک کہ جب وہ سورج کی

مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَ
ڈوبنے کی جگہ پہنچا تو اُسکو کالی دلدل کے چشمہ میں ڈوبتا ہوا پایا اور اس چشمہ کے

وَجَدَ عِندَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن تُعَذِّبَ
قریب کچھ (کافر) لوگوں کو پایا ہمنے (اُس سے) کہا کہ اے ذوالقرنین (تمہیں اختیار ہے) خواہ تم انکو عذاب دو

وَإِمَّا أَن تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ۝ قَالَ أَمَّا مَن ظَلَمَ فَسَوْفَ
خواہ اُنکے بارے میں نیکی اختیار کرو (ذوالقرنین نے) عرض کی جوان میں سے نافرمانی کریگا اُسے تو ہم

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ○ وَاَمَّا

عذاب دیں گے پھر وہ اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹایا جائیگا اور وہ اُسکو (عذاب بھی) انوکھا عذاب دیگا اور جو ایمان

مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ا۟لْحُسْنٰى وَسَنَقُوْلُ

لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اُسکے لئے بدلہ میں نیکی ہے اور ہم اُسکے متعلق اپنا

لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ○ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ○ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ

حکم (بھی) آسان ہی دینگے اسکے بعد اُسنے ایک اور سبب اختیار کیا یہاں تک کہ جب سورج کے نکلنے

مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ

کی جگہ پہنچا تو اُسکو ایسے لوگوں پر طلوع ہوتے پایا جنکے لیے ہمنے اُس (سورج) سے

لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ○ كَذٰلِكَ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا

بچا نیکی کوئی آڑ مقرر نہیں کی تھی اور اُسکے اختیار میں جو جو کچھ تھا اُس سے ہم

لَدَيْهِ خُبْرًا ○ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ○ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ

یقیناً خبردار تھے پھر اُسنے ایک اور سبب لیا یہانتک کہ جب وہ (قدرتی) آڑوں (یعنی پہاڑوں) کے مابین

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ○

پہنچا تو اُن سے اس طرف ایسے لوگوں کو پایا جو قریب ایسے تھے کہ کوئی بات ہی نہیں سمجھتے تھے

قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ

اُنہوں نے عرض کی کہ اے ذوالقرنین یاجوج و ماجوج اس ملک میں فساد پھیلاتے

فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰۤى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا

رہتے ہیں تو آیا ہم آپکے لیے کچھ خرچ اس شرط پر مقرر کردیں کہ آپ ہمارے اور اُنکے مابین ایک

وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ○ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

دیوار بنادیں (ذوالقرنین نے) فرمایا کہ جن چیزوں کا اختیار میرے پروردگار نے مجھے دیا ہے وہ (تمہارے خرچ سے کہیں)

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ○ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ

بہتر ہے بس تم جسمانی طاقت سے میری مدد کرو کہ میں تمہارے اور اُنکے مابین ایک دیوار بنادوں۔ تم مجھے لوہے کی چادریں دو

حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰٓى اِذَا

یہانتک کہ جب دونوں پہاڑوں کے پہلوؤں کے بیچ کی جگہ کو (بھر کر) برابر کر دیا (تو) حکم دیا کہ دھونکو یہانتک کہ جب اس

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِىْۤ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ؕ فَمَا اسْطَاعُوْۤا

(لوہے) کو (دہکا کر) آگ (انگارا سا سرخ) کر دیا تب حکم دیا کہ مجھے تانبا دو کہ میں اسپر انڈیل دوں پس ان یاجوج و ماجوج کی

اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ۝ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ

یہ نہ ہوسکا کہ اس (دیوار) پر چڑھ آتے اور نہ یہ ہوسکا کہ اس میں کوئی نقب لگا دیتے (ذوالقرنین نے) فرمایا کہ یہ (کارگزاری) میرے

مِّنْ رَّبِّىْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّىْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ

پروردگار کی ایک رحمت ہے پھر جس وقت میرے پروردگار کے وعدہ کا وقت آجائیگا تو وہ اس (دیوار) کو گرا کر زمین کے برابر کر دیگا اور میرے

رَبِّىْ حَقًّا ۝ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِىْ بَعْضٍ وَّ

پروردگار کا وعدہ ضرور پورا ہونا ہے اور اُس دن ہم اس طرح چھوڑ دینگے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ گڈمڈ ہو جائینگے اور

نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۝ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ

صور پھونکا جائیگا پھر ہم اُنکو یکجا جمع کرلینگے اور اُس دن اُن کافروں کے لیے جہنم

يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ۝ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِىْ

آنکھوں پر تو ہماری نصیحت کی طرف سے پردہ پڑا ہوا تھا اور وہ (کانوں سے ہماری ہدایت) سُن ہی نہ سکتے

غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِىْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝ ع ۱۱

تھے جہنم کو ہم ایسا ظاہر کرینگے جیسا کہ ظاہر کرنیکا حق ہے

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِىْ مِنْ دُوْنِىْۤ

کیا ان لوگوں نے جو کافر ہو گئے ہیں یہ گمان کر لیا کہ میرے خلاف میرے بندوں کو حامی بنا لینگے

اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۝ قُلْ هَلْ

یقیناً ہم نے ایسے ہی کافروں کے لیے جہنم کو بطور مہمانی کے تیار کیا ہے (اے رسول) تم یہ کہدو کہ آیا

نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝ الَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ

میں تمہیں اُن لوگوں کا حال سے آگاہ کروں جو اعمال کی رو سے سب سے زیادہ نقصان اُٹھانے والے ہیں۔ وہ وہ ہیں جنکی زندگانی دُنیا کی بارے میں سعی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ

کوشش بیکار ہوگئی اور وہ یہی گمان کرتے رہے کہ ہم نیکی کر رہے ہیں

صُنْعًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا اور اسکی حضور میں جانیکا انکار کیا

فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝

بس انکے اعمال بیکار ہوگئے پس قیامت کے دن ہم انکے اعمال کے لیے کوئی میزان قائم نہ کرینگے

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَ

یہ انکا معاوضہ جہنم اسکے بدلہ میں ہوگا جسکا انہوں نے انکار کیا تھا اور اسکے بدلہ میں کہ انہوں نے میرے احکام کا

رُسُلِيْ هُزُوًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور میرے رسولوں کا ٹھٹھا اڑایا تھا بتحقیق جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

انکے لیے فردوس کے باغات بطور مہمانی کے ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہینگے

لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا

اور کبھی انکو بدلنا نہ چاہینگے (اے رسول) تم کہدو کہ اگر سمندر میرے پروردگار کے کلمات کے لیے روشنائی

لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ

ہوجائیں تو قبل اسکے کہ میرے پروردگار کے کلمات ختم ہوں سمندر ختم ہوجائینگے گو ہم مدد کے لیے

وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى

ویسا ہی (اور بھی) لے آئیں (اے رسول) تم یہ کہدو کہ (بحیثیت مخلوق) میں (بھی) تم ہی جیسا ایک آدمی ہوں

اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ

(فرق یہ ہے کہ) میری طرف وحی کیجاتی ہے کہ تمہارا معبود بس یکتا ہے پس جسکو اپنے پروردگار کی حضور میں جانیکی امید ہو

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ ع ٩ ١٢

اسے لازم ہے کہ نیک عمل بجالائے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے

تو نبی علیہ السلام کا مطلب ہے کہ وہ شرک جسکی نسبت خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ یقیناً خدا تعالیٰ اس بات کو نہ بخشیگا کہ اسکی ذات کے ساتھ شرک کیا جائے

سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَتِسْعُوْنَ اٰيَةً

اٰياتها ٩٨ — ركوعاتها ٦ — كلماتها ٩٦٨ — حروفها ٣٩٨٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

کہیعص یہ تمہارے پروردگار کا اپنے بندہ زکریا پر رحم فرمانیکا ذکر ہے

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ

جبکہ اُنہوں نے اپنے پروردگار کو چپکے چپکے پکارا تھا اور (یہ) عرض کیا (تھا) کہ اے میرے پروردگار بیشک میری

الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ

ہڈیاں سست پڑ گئیں اور بڑھاپے سے سر سفید ہو گیا اور اے پروردگار تجھ سے دعا کر کے

بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ

میں کبھی نا امید نہیں رہا اور یقیناً مجھے اپنے بعد اپنے بھائی بندوں سے اندیشہ

مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ

ہے اور میری زوجہ بانجھ ہے پس مجھے اپنے پاس سے

لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ

ایک وارث عطا کر کہ وہ میرا (بھی) وارث ہو اور آلِ یعقوب کا (بھی) وارث ہو

وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ

اور اے میرے پروردگار اُسے پسندیدہ قرار دے (جواب ملا کہ) اے زکریا تحقیق ہم تم کو ایک ایسے لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ

جسکا نام یحیٰی ہوگا اور اس سے پہلے اس نام کا ہم نے کوئی نہیں بنایا (زکریا نے) عرض کی اے میرے

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ

پروردگار میرے لڑکا ہوگا کہاں سے حالانکہ میری زوجہ بانجھ ہے اور میں

بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ○ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ

بڑھاپے کی انتہا کو پہنچ گیا ہوں فرمایا ایسا ہی ہوگا تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ

هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ○

وہ میرے لیے آسان ہے اور میں تمکو پیدا کر چکا ہوں حالانکہ تم کوئی چیز نہ تھے

قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْۤ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ

عرض کی اے میرے پروردگار میرے لیے کوئی علامت قرار دے فرمایا کہ تمہارے لیے علامت یہ ہے کہ تم لوگوں سے باوجود صحیح سالم

ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ○ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ

ہونیکے تین رات (دن) بات نہ کر سکو گے پس (زکریا) محراب (عبادت) سے نکلکر اپنی قوم کے پاس آئے

فَاَوْحٰۤى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ○ يٰيَحْيٰى

اور اشارہ سے اُنسے کہا کہ تم صبح و شام اسکی تسبیح پڑھو (ہم نے حکم دیا کہ) اے یحییٰ کتاب

خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ○ وَّ

(توریت) کو مضبوطی سے لیے رہنا اور ہمنے اُنکو بچپن ہی میں فیصلہ کی قوت اور اپنی طرف سے مہربانی اور

حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِيًّا ○ وَّبَرًّۢا

پاک باطنی عطا کی اور وہ پرہیزگار اور اپنے ماں باپ کے حق میں نیکی

بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ○ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ

کرنیوالے تھے اور سخت گیر (و) نافرمان نہ تھے اور اُنپر سلامتی ہے اُسدن (بھی)

يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ○ ع وَاذْكُرْ

جسدن پیدا ہوئے اور اُسدن بھی جسدن مریں گے اور اُسدن بھی جسدن زندہ کر کے اُٹھائے جائینگے اور اس کتاب میں

فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا

مریم کا (قصہ) بیان کرو جبکہ وہ اپنے گنبہ والوں سے الگ ہوکر جانب شرق ایک مکان میں

شَرْقِيًّا ○ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهَا

چلی گئیں اور اُنہوں نے ایک آڑ کر لی پس ہمنے اُنکی طرف اپنی روح (جبرئیل) کو بھیجا

رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ

اور وہ مریم کے لیے صحیح وسالم آدمی کی صورت بنگئے (مریم نے) کہا کہ اگر تو نیک ہے تو میں تجھ سے ضرور

بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ

خدا کی پناہ مانگتی ہوں (کہ تو مجھ سے کوئی غرض نہ رکھے) (روح الامین نے) عرض کی کہ میں تو تمہارے پروردگار کا

رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ۝ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ

فرستادہ ہوں کہ تمہیں ایک پاک وپاکیزہ لڑکا دیدوں (مریم نے) فرمایا میرے لڑکا کہاں سے ہوگا؟ حالانکہ مجھے

ربع غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ۝ قَالَ كَذٰلِكِ

کسی مرد نے نہیں چھوا اور نہ میں بدکار ہوں (روح الامین نے) کہا یوں ہی ہوگا

قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ

تمہارے پروردگار نے فرمایا ہے کہ وہ امر (بے باپ کے بیٹا پیدا کردینا) میرے لیے آسان ہے اور اس سے غرض یہ ہے کہ ہم اس کو لوگ

وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ۝ فَحَمَلَتْهُ

آدمیوں کے لیے ایک نشانی اور اپنی طرف سے رحمت قرار دیں اور یہ معاملہ طے ہوچکا ہے پس وہ (حضرت مریم) روح اللہ

فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ۝ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى

سے حاملہ ہوگئیں اور انہیں اس حمل کو لیے ہوئے ایک دور مکان میں چلی گئیں پھر دردزہ انکو ایک کھجور کے درخت کی جڑ میں

جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ

لے آیا وہ کہنے لگیں کاش میں اس سے پہلے مرجاتی اور بھولی بسری

نَسْيًا مَّنْسِيًّا ۝ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ

ہوجاتی پس اسکے نیچے سے اس (بچے) نے آواز دی کہ رنجیدہ مت ہو کہ تمہارے پروردگار نے

جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ۝ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ

تمہارے پاؤں کے نیچے تو ایک چشمہ جاری کردیا ہے اور اس کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلاؤ کہ تازہ تازہ

النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَ

خرمے تم پر ٹپک پڑینگے پس (خرمے) کھاؤ اور (چشمہ کا پانی) پیو اور

قَرِّي عَيْنًا فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِي إِنِّي نَذَرْتُ ربع

آنکھیں ٹھنڈی کرو پھر اگر کوئی آدمی نظر پڑ جائے تو اُس سے (اشارہ سے) کہدینا کہ میں نے خدا کے لیے

لِلرَّحْمَٰنِ صَوْمًا فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنسِيًّا ۝ فَأَتَتْ بِهِ

(خاموش رہنے کا) منتی روزہ رکھا ہے لہذا میں آج کسی انسان سے ہرگز بات نہ کرونگی پس (حضرت مریم) اُس

قَوْمَهَا تَحْمِلُهُ ۖ قَالُوا يَا مَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا ۝

بچے کو لیے ہوئے اپنے لوگوں کے پاس آئیں وہ بولے کہ اے مریم یہ تو تم ناموزوں چیز لائیں

يَا أُخْتَ هَارُونَ مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ

اے مقدس عورت نہ تیرا باپ کوئی برا آدمی تھا اور نہ تیری ماں

أُمُّكِ بَغِيًّا ۝ فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَن

بدکار تھی پس مریم نے اُس (بچے) کی طرف اشارہ کر دیا وہ بولے کہ ہم اُس سے کیونکر بات کریں جو

كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ۝ قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ

گہوارہ میں بچہ ہے وہ (بچہ بقدرت خدا گویا ہوا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اُسی نے مجھ کو کتاب عطا فرمائی ہے

وَجَعَلَنِي نَبِيًّا ۝ وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنتُ وَ

اور مجھے نبی بنایا ہے اور جہاں کہیں میں ہوں مجھے برکت والا مقرر کیا ہے اور جب تک میں

أَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝ وَبَرًّا

زندہ رہوں مجھے نماز (ادا کرنے) کا اور زکوٰۃ (ادا دینے) کا حکم دیا ہے اور مجھے میری ماں

بِوَالِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا ۝ وَالسَّلَامُ عَلَيَّ

کا مطیع بنایا ہے اور مجھے سخت گیر (اور) بدبخت نہیں بنایا ہے اور خاص سلامتی مجھ پر اُس دن بھی

يَوْمَ وُلِدتُّ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا ۝ ذَٰلِكَ

ہے جسدن پیدا کیا گیا اور اُس دن بھی ہوگی جس دن مرونگا اور اُسدن بھی جسدن زندہ کر کے اٹھایا جاؤنگا یہی ہیں

عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ ۝

عیسٰے ابن مریم سچی بات (یہی ہے) جسکے بارے میں یہ لوگ جھگڑتے ہیں

سلیے کہ خود انکا بیان اُنکی تکذیب کے لیے کافی ہے کہ کہتے تو انکو خدا ہیں اور بندوں کی تمام صفتیں اُن میں ہونیکے قائل ہیں ۱۲

مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا

خدا کے لیے زیبا نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے اُسکی ذات منزہ ہے (اُسکی شان یہ ہے کہ) جب کسی معاملہ کو طے کر چکتا ہے تو

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

سوائے اسکے نہیں ہے کہ وہ اسکی نسبت فرمائے کہ ہو اور وہ ہو جائے اور (عیسٰیؑ نے فرمایا کہ) اللہ میرا بھی پروردگار ہے اور

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

تمہارا بھی پروردگار ہے پس تم اُسی کی عبادت کرو۔ یہ سیدھا راستہ یہی ہے — پھر اُن میں سے گروہ کے گروہ

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

مختلف ہو گئے — پس اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہوئے اُس سخت دن کی

مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا

حاضری بہت ہی افسوسناک ہوگی جسدن وہ ہماری حضور میں آئینگے اُسدن وہ کیسے بڑے سننے والے اور کیسے بڑے

لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاَنْذِرْهُمْ

دیکھنے والے ہونگے لیکن آج تو یہ نافرمان کھلی گمراہی میں ہیں — اور انکو اُس حسرت کے دن

يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ

سے ڈرا دو جبکہ کل معاملہ ہی طے کر دیا جائیگا — حالانکہ (آج) وہ غفلت میں ہیں اور وہ

وقف لازم

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا

ایمان نہیں لاتے — بیشک ہم ہی زمین کے وارث ہونگے اور اُنکے بھی جو اُسپر ہیں

وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝ ع ۵ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ

اور سب کی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی — اور اس کتاب میں ابراہیمؑ کا (قصہ) بیان کرو — بیشک

كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ

وہ صدیق نبی تھے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنہوں نے اپنے چچا سے کہا کہ چچا جان تم اُنکو کیوں پوجتے ہو

مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ۝ يٰۤاَبَتِ

جو نہ کچھ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں اور نہ تمہارے کچھ کام آسکتے ہیں — چچا جان

إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ

مجھے یقیناً وہ علم ملا ہے جو آپکو نہیں ملا پس آپ میری پیروی کیجیے میں آپ کو ٹھیک رستہ

صِرَاطًا سَوِيًّا ۝ يَا أَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَانَ إِنَّ الشَّيْطَانَ

بتلا دونگا چچا جان شیطان کے بندے نہ بنیے بیشک شیطان

كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ عَصِيًّا ۝ يَا أَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يَمَسَّكَ

خدا کا نافرمان (بندہ) ہے چچا جان مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آپکو خدا کی

عَذَابٌ مِنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَانِ وَلِيًّا ۝ قَالَ

طرف سے عذاب پہنچے پھر آپ شیطان کے ساتھی بنجائیں (آزر) بولا کہ

أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ

اے ابراہیم کیا تو میرے خداؤں سے برگشتہ ہے اگر تو باز نہ آیا تو میں ضرور تجھے

لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ۝ قَالَ سَلَامٌ عَلَيْكَ

سنگسار کرونگا اور ایک عرصہ کے لیے مجھ سے جدا ہو جا فرمایا (اچھا) تم پر سلام

سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ۝ وَأَعْتَزِلُكُمْ

عنقریب میں تمہارے لیے اپنے پروردگار سے گناہوں کی بخشش مانگونگا بیشک وہ مجھ پر حد سے زیادہ مہربان ہے میں تم سے اور جن کو

وَمَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا

تم خدا کے سوا پکارتے ہو اُن سے الگ ہوتا ہوں اور اپنے پروردگار سے دعا کرونگا امید ہے کہ میں اپنے پروردگار

أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا ۝ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا

سے دعا کرنیکے سبب ناکام نہ رہونگا پس جس وقت وہ اُن سے اور اُن چیزوں سے جنکی

يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ

وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتے تھے الگ ہو گئے تو ہمنے اُنکو اسحٰق و یعقوب عطا کیے

وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِنْ رَحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا

اور ہر ایک کو ہمنے نبی قرار دیا اور اُن سب کو ہمنے اپنی رحمت سے حصہ دیا اور ہمنے اُن سب لیے

ع ٣ / ٦

لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوسٰىٓ
ذکر خیر بلند مرتبہ کا مقرر کیا — اور اس کتاب میں موسیٰ کا (قصہ) بیان کرو

إِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ۝ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ
بیشک وہ برگزیدہ اور بھیجے ہوئے نبی تھے — اور انکو ہمنے (کوہ) طور کے

جَانِبِ الطُّورِ الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ
دائیں طرف سے آواز دی تھی اور ہمنے انکو راز داہ ہونیکا تقرب بخشا تھا اور ہمنے اپنی رحمت سے انکے

رَّحْمَتِنَآ أَخَاهُ هٰرُونَ نَبِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِسْمٰعِيلَ
بھائی ہارونؑ کو نبی بنا دیا تھا — اور اس کتاب میں اسمٰعیلؑ کا (قصہ) بیان کرو

إِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ۝ وَكَانَ
بیشک وہ وعدے کے سچے تھے اور رسول نبی تھے اور وہ اپنے

يَأْمُرُ أَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ص وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ
اہل (وعیال) کو نماز پڑھنے کا اور زکوٰۃ دینے کا حکم کیا کرتے تھے اور اپنے پروردگار کے نزدیک وہ

مَرْضِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِدْرِيسَ إِنَّهٗ كَانَ
پسندیدہ تھے — اور اس کتاب میں ادریسؑ کا (قصہ) بیان کرو بیشک وہ صدیق

صِدِّيقًا نَّبِيًّا ۝ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ أُولٰٓئِكَ
نبی تھے — اور ہمنے انکو رتبہ بلند تک رفعت دی تھی — یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيِّنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ
جنپر اللہ نے اپنا انعام کیا ہے کچھ تو اولاد آدم میں سے انبیا میں سے ہیں اور کچھ

وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ إِبْرٰهِيمَ وَإِسْرَآءِيلَ
انکی اولاد میں سے جنکو ہمنے نوحؑ کے ساتھ کشتی میں سوار کر دیا تھا اور کچھ اولاد ابراہیمؑ و یعقوبؑ میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۚ إِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ
اور کچھ اُن میں سے جنکو ہمنے راہ بتلائی اور منتخب کیا جب انکے سامنے خدا کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں

الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ

تو وہ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں پھر انکے بعد ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

نماز (ہی) کھودی اور خواہش نفسانی کے پیچھے پڑ گئے پس عنقریب انکو

يَلْقَوْنَ غَيًّا ۙ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

مصیبت پیش آئیگی سوائے اُنکے جو توبہ کرلیں اور ایمان لے آئیں اور نیک عمل بجا لائیں

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا ۙ

کہ یہی لوگ بہشت میں داخل ہونگے اور اُنپر ذرا (بھی) ظلم نہ کیا جائیگا

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ

ہمیشہ کے رہنے کے باغ میں جنکا وعدہ خدائے رحمٰن نے بغیر اسکے کہ بندوں نے دیکھے ہوں اُنسے کر لیا ہے یقیناً

كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا

اُسکا وعدہ پورا ہونیوالا ہے اُن میں وہ سوائے اسلام کے کوئی لغو بات

سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ تِلْكَ

نہ سنینگے اور اُن (باغوں) میں اُنکا رزق اُنکے لیے صبح وشام آتا رہیگا وہ باغ یہی ہیں

الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۝ وَمَا

جنکا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اُنکو کردیتے ہیں جو پرہیزگار ہیں اور (اے رسول) ہم

نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا

(جبرئیل وغیرہ) بغیر آپکے پروردگار کے حکم کے نہیں اُترتے ہمارے سامنے جو کچھ ہے اور پیچھے جو کچھ ہے اور ان دونوں

وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

حالتوں کے مابین جو کچھ ہے سب اسی کے حکم سے ہوتا ہے تمہارا پروردگار غافل نہیں ہے (وہ) آسمانوں کا اور زمین کا اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ

جو کچھ اُنکے درمیان ہے اسکا پروردگار ہے پس تم اُسی کی عبادت کرو اور اُسکی عبادت کی تکلیف برداشت کرو

ع ۴ ۵

هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ۝ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا

بھلا تم جانتے ہو کہ اسکا ہم نام کوئی اور بھی ہے اور انسان یہ کہتا ہے کہ کیا جب میں مرجاؤنگا تو پھر

مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ۝ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا

زندہ کرکے نکالا جاؤنگا کیا اس آدمی کو یہ یاد نہیں ہے کہ ہمنے پہلے

خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ۝ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ

اسکو پیدا کیا تھا جبکہ وہ کوئی چیز ہی نہ تھا پس تمہارے پروردگار کی قسم ہم ضرور انکو

وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ۝ ثُمَّ

اور شیطانوں کو ایک جگہ اکٹھا کرینگے پھر ہم ان سب کو جہنم کے گرداگرد گھٹنوں کے بل گرا ہوا حاضر کرینگے پھر ضرور

لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ

ہم ہر گروہ میں سے انکو الگ کرلینگے جو خدا کے برخلاف زیادہ سرکشی کرتے

عِتِيًّا ۝ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ۝

تھے پھر ہم تو انسے زیادہ واقف ہیں جو جہنم میں جانیکے زیادہ مستحق ہیں

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝

اور ایسا تو تم میں سے ایک بھی نہیں ہے جو اسکے کنارے نہ پہنچے یہ تو تمہارے رب کا حتمی طے کیا ہوا ہے

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ۝ وَ

پھر ہم انکو تو نجات دیدینگے جو پرہیزگار ہونگے اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنے کے بل گرا ہوا چھوڑ دینگے اور

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ

جسوقت ہماری کھلی آیتیں انکے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو کافر مومنوں سے یہ کہہ دیتے ہیں کہ دونوں گروہوں

اٰمَنُوْٓا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ۝ وَ

میں سے مکان کسکے زیادہ اچھے ہیں اور مجلسے کسکے زیادہ شاندار ہیں حالانکہ ہم

كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ۝

انسے پہلے بہت سے زمانوں کو ہلاک کرچکے ہیں جنکے سامان بھی اچھے اچھے تھے اور دکھاوا بھی

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ

تم کہدو کہ جو شخص بھی گمراہی میں ہوگا خدا اسکو بہت سی ڈھیل دیتا رہیگا

حَتّٰىٓ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا

یہاں تک کہ جب وہ اُسے دیکھینگے جس سے انکو ڈرایا گیا تھا یعنی عذاب یا قیامت

السَّاعَةَ ۚ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضْعَفُ

تو اُسوقت وہ جان لینگے کہ مکان یا منزلت کسکے بدتر ہیں اور گروہ کسکا کمزور

جُنْدًا ۝ وَيَزِيدُ اللّٰهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ وَالْبٰقِيٰتُ

ہے اور جنہوں نے ہدایت پائی ہے خدا اُنکی ہدایت کو اور زیادہ کردیگا اور باقیات الصالحات

الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝ أَفَرَأَيْتَ

تمہارے پروردگار کے نزدیک ازروئے ثواب بھی بہتر ہیں اور ازروئے انجام بھی کیا تم نے اُس شخص کی

الَّذِي كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ۝ أَطَّلَعَ

حالت پر غور کیا جسنے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور یہ کہا کہ مجھے (قیامت میں) مال اور اولاد ضرور دیا جائیگا کیا اُسکو

الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ

غیب کی خبر ملی ہے یا اُسنے خدا سے کوئی عہد لیا ہے ہرگز ایسا نہوگا جو کچھ وہ بکتا ہے

مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ وَّنَرِثُهُ

ہم اُسے لکھ لینگے اور اُسکا عذاب بہت کچھ بڑھا دینگے اور اُن چیزوں پر جو کچھ وہ کہتا ہے

مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۝ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

ہم اُسکے وارث ہوجائینگے اور قیامت کے دن وہ ہمارے پاس تن تنہا آئیگا اور اُن لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر بہت سے خدا بنا

لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ

تاکہ وہ اُنکے لیے مددگار ہوں ہرگز نہیں عنقریب وہ اُنکی عبادت سے انکار کرینگے

۵ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا ع ۱۷ ۸

اور اُنہی کے مخالف ہوجائینگے کیا تمنے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں

الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۙ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ
کے پاس بھیجدیتے ہیں کہ وہ اُنکو خوب اُبھاریں   پس اب اُنکے بارے میں جلدی نہ کرو

اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۚ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ
ہم اُنکے دم گن رہے ہیں   جس دن ہم پرہیزگاروں کو خدائے رحمان کی حضور میں بحیثیت مہمان

وَفْدًا ۙ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۘ لَا يَمْلِكُوْنَ
کے بلائینگے   اور گنہگاروں کو جہنم کی طرف پیاسے جانوروں کی طرح ہنکائینگے   اُنکو شفاعت کا کوئی

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۘ وَقَالُوا
اختیار نہوگا   سوائے اُس شخص کے جسکا کوئی عہد خدائے رحمٰن کے پاس ہو اور اُنھوں نے یہ کہا کہ

اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۗ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا ۙ تَكَادُ
کہ خدائے رحمن نے بیٹا بنا لیا   یہ تو تمنے بڑی سخت بات کہی   قریب ہے کہ اس سے

السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ
آسمان پھٹ پڑیں   اور زمین شق ہو جائے   اور پہاڑ ریزہ ریزہ

الْجِبَالُ هَدًّا ۙ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۚ وَمَا يَنْۢبَغِيْ
ہو جائیں   کہ اُنہوں نے خدا کا بیٹا کہدیا   حالانکہ خدا کو

لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۗ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
بیٹا بنانیکی کوئی ضرورت نہیں   آسمانوں میں جو ہیں وہ اور زمین میں جو ہیں وہ خدا

وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۗ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ
رحمن کی حضور میں   بندگی کا اظہار کرتے چلے آنیوالے ہیں   ضرور اُسنے اُن سب کا احاطہ کرلیا ہے اور اُنکو

وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۗ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۙ اِنَّ
ایسا شمار کرلیا ہے جو شمار کرنیکا حق تھا اور قیامت کے دن ان میں سے ہر ایک اُسکی حضور میں اکیلا تنہا آنیوالا ہے بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ
وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے   عنقریب خدائے رحمن اُنکے لیے ایک محبت

وُدًّا ۝ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ

قرار دیگا ۔ بس سوائے اسکے نہیں ہے کہ ہمنے اس (قرآن) کو تمہاری زبان میں آسان کر دیا ہے تاکہ تم [illegible]

بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هَلْ

پرہیزگار لوگوں کو خوشخبری سناؤ اور اسی کے ذریعہ سے جھگڑالو لوگوں کو ڈراؤ۔ اور ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی زمانوں کے لوگ ہلاک کر دیے ہیں آیا

تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝ ع ۶

اُن میں سے تم کسی کی کوئی حرکت (بھی) محسوس کرتے ہو یا انکی کوئی خفیہ آواز (تک بھی) سنتے ہو

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّخَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتها ۱۳۵ رکوعاتها ۸ کلماتها ۱۳۵۱ حروفها ۵۲۴۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ۝ اِلَّا

طٰہٰ ۔ ہمنے یہ قرآن تیر اس لیے نازل نہیں کیا ہے کہ تم تکلیف اٹھاؤ بلکہ اس لیے

تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ

(نازل کیا ہے) کہ جو ڈرتا ہے اسکے لیے نصیحت ہو (یہ اُسکا) اتارا ہوا ہے جسنے زمین کو اور اونچے اونچے آسمانوں

وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهٗ

کو پیدا کیا ہے ۔ وہی رحمٰن عرش (یعنی تمام عالموں پر اور علوم) پر حاوی ہے ۔

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے اور جو کچھ

تَحْتَ الثَّرٰى ۝ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ

تحت الثریٰ کے نیچے ہے (سب کچھ) اسی کا ہے اور اگر تم بات کو پکار کر کہو گے تو وہ تو پوشیدہ سے بھی واقف ہے اور بہت ہی

وَاَخْفٰى ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝ وَ

خفیہ سے بھی ۔ اللہ کہ اسکے سوا کوئی معبود نہیں سب اچھے اچھے نام اُسی کے ہیں اور

کہ اسکے سوا کوئی اور اسکا کفارہ ہی نہیں۔ پھر آنحضرت نے یہی آیت تلاوت فرمائی ۱۲

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ۝ إِذْ رَأَىٰ نَارًا فَقَالَ لِأَهْلِهِ
آیا تم تک موسےٰ کا قصہ بھی پہنچا ہے؟ کہ جسوقت اُنہوں نے ایک آگ دیکھی تو اپنے اہل سے کہا کہ
امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا لَعَلِّي آتِيكُم مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ
(ذرا یہیں) ٹھہرو میں نے آگ دیکھی امید ہے کہ میں اُسمیں سے تمہارے لیے چنگاری لاؤنگا یا اُس آگ کے
أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝ فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ يَا مُوسَىٰ ۝
پاس مجھے رستہ (کا پتا) ملجائیگا پس جب وہ آگ کے پاس آئے (تو اُنکو) آواز دی گئی کہ اے موسےٰ
إِنِّي أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۖ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ
میں تمہارا پروردگار ہوں اب تم اپنے اہل و عیال کی محبت اپنے دل سے نکالدو بیشک تم اسوقت وادی مقدس طوے
طُوًى ۝ وَأَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوحَىٰ ۝ إِنَّنِي
میں ہو اور میں نے تمکو برگزیدہ کرلیا ہے پس جو کچھ وحی کیجاتی ہے اُسے کان لگاکر سنو یقیناً خدا
أَنَا اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلَاةَ
میں ہی ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری ہی عبادت کرو اور میری یاد کے لیے نماز
لِذِكْرِي ۝ إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ
پڑھو قیامت یقیناً آنیوالی ہے میں اُس (کے وقت) کو چھپا رکھنے کو ہوں تاکہ ہر نفس کو
كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَىٰ ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَا
اُسکی کوشش کے بموجب بدلہ دیا جائے پس تمکو اُس سے وہ ہرگز نہ روکنے پائے جو اُسپر ایمان نہیں
يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدَىٰ ۝ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ
رکھتا ہے اور جو اپنی خواہش کا پیرو ہے ورنہ تم ہلاک ہوجاؤ گے اور اے موسےٰ یہ تمہارے داہنے ہاتھ
يَا مُوسَىٰ ۝ قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ
میں کیا ہے؟ عرض کی یہ میرا عصا ہے اسپر میں سہارا لیا کرتا ہوں اور اسی کے ذریعہ سے اپنی
بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي وَلِيَ فِيهَا مَآرِبُ أُخْرَىٰ ۝ قَالَ أَلْقِهَا
بھیڑ بکریوں کے لیے پتے جھاڑ دیا کرتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کئی کام نکلتے ہیں۔ فرمایا کہ اے موسےٰ اسے

يٰمُوسٰى ۝ فَأَلْقٰهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ۝ قَالَ خُذْهَا

تو ڈالدو — چنانچہ انہوں نے اسے ڈالا ہی تھا کہ وہ یکایک ایک دوڑتا ہوا سانپ بن گیا فرمایا اسے پکڑ لو

وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولٰى ۝ وَاضْمُمْ يَدَكَ

اور ڈرو نہیں ہم ابھی اسکو اسکی پہلی حالت پر لوٹا دینگے اور اپنا ہاتھ اپنے بازو کے

إِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوٓءٍ اٰيَةً أُخْرٰى ۝

نیچے چھپالو وہ صاف روشن بے عیب نکلیگا (یہ) دوسری نشانی (ہوگی)

لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ۝ اِذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهٗ

تاکہ ہم اپنی نشانیوں میں سے بڑی بڑی نشانی تمکو دکھلائیں اب تم فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہو گیا

طَغٰى ۝ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ۝ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ۝ ع ٢

ہے (موسیٰ نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میرا سینہ میرے لیے کھولدے اور میرے کام کو میرے لیے آسان کر

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِي ۝ يَفْقَهُوا قَوْلِي ۝ وَاجْعَلْ

اور میری زبان کی گرہ کھولدے کہ لوگ میری بات سمجھیں اور میرا ایک وزیر

لِّي وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِي ۝ هٰرُونَ أَخِي ۝ اشْدُدْ بِهٖ

(بوجھ بٹانیوالا) میرے ہی کنبہ میں سے مقرر کردے میرا بھائی ہارون اسکے ذریعہ سے میری کمر مضبوط

أَزْرِي ۝ وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ۝ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ۝ وَّ

کردے اور اسکو میرے کام میں میرا شریک کردے تاکہ ہم بہت کچھ تیری پاکی بیان کریں اور

نَذْكُرَكَ كَثِيرًا ۝ إِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيرًا ۝ قَالَ قَدْ

بہت کچھ تیری یاد کیا کریں بیشک تو ہمارے حال سے خوب آگاہ ہے (خدانے) فرمایا کہ اے موسیٰ

أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يٰمُوسٰى ۝ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً

تمہاری سب درخواستیں قبول ہوگئیں اور ایک مرتبہ اور بھی ہمنے تمپر احسان

أُخْرٰى ۝ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلٰى أُمِّكَ مَا يُوحٰى ۝ أَنِ اقْذِفِيهِ

کیا تھا جسوقت ہمنے تمہاری والدہ کی طرف وہ وحی کی تھی جو (اب بھی) وحی کیجاتی ہے کہ اسکو ایک صندوق میں

فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ

ڈالدو اور اُس صندوق کو دریا میں چھوڑ دو کہ دریا اُسکو کنارہ پر جا ڈالیگا (اور پھر)

يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

میرا دشمن اور اسکا دشمن اسے اٹھالے اور میں نے اپنی طرف سے تیر (تمہاری صورت پر) محبوبیت

مِّنِّي ۞ وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ۞ إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ

ڈالدی تھی اور (دوسرے) اسلیے کہ تم میری نگہبانی میں پرورش پاؤ جبکہ تمہاری بہن چلی آرہی تھی اور وہ کہنے لگی کہ کیا میں

هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَن يَكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ

تمہیں ایسا شخص بتادوں جو اسکی کفالت کرے اس طرح ہمنے تمکو تمہاری والدہ کی پاس لوٹا دیا کہ اُسکی آنکھیں

تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ

ٹھنڈی رہیں اور وہ رنجیدہ نہو اور تمنے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا پھر ہمنے تمکو اُس غم سے نجات

الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ

دی اور طرح طرح سے تمکو آزمایا پھر کئی برس تم اہل مدین میں رہے

ثُمَّ جِئْتَ عَلَىٰ قَدَرٍ يَا مُوسَىٰ ۞ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي ۞

پھر اے موسیٰ تم ٹھیک وقت پر آگئے اور میں نے تمکو اپنے کام کا بنالیا

اذْهَبْ أَنتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي ۞ اذْهَبَا

اب تم اور تمہارا بھائی میری نشانیاں لیکر جاؤ اور تم دونو میری یاد میں کمی نہ کرنا تم دونو فرعون

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ۞ فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ

کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہو گیا ہے پس تم دونو اُس سے نرم نرم باتیں کرنا تاکہ وہ نصیحت قبول کرے یا (اللہ سے)

أَوْ يَخْشَىٰ ۞ قَالَا رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَن

ڈرجائے اُن دونو نے عرض کی کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو اس بات کا اندیشہ ہے کہ کہیں وہ ہم پر زیادتی کرے یا

يَطْغَىٰ ۞ قَالَ لَا تَخَافَا ۖ إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَىٰ ۞ فَأْتِيَاهُ

زیادہ سرکش ہو جائے (خدا نے) فرمایا ذرا نہ ڈرو میں تم دونو کے ساتھ ہوں (جو گزریگی) میں سنونگا اور دیکھونگا اب تم دونو اسکے پاس

فَقُولَآ إِنَّا رَسُولَا رَبِّكَ فَأَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ۥ

پہنچو اور یہ کہو کہ ہم دونو تیرے پروردگار کے رسول ہیں پس تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ کر دے

وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۖ قَدْ جِئْنَٰكَ بِـَٔايَةٍ مِّن رَّبِّكَ ۖ وَٱلسَّلَٰمُ

اور اُنکو تکلیفیں نہ پہنچا ہم تیرے پروردگار کے پاس سے ایک نشانی لیکر آئے ہیں اور جو شخص بھی

عَلَىٰ مَنِ ٱتَّبَعَ ٱلْهُدَىٰٓ ۝ إِنَّا قَدْ أُوحِىَ إِلَيْنَآ أَنَّ ٱلْعَذَابَ

ہدایت کا پیرو ہو اُسپر سلام خدا ہے ہماری طرف یہ وحی یقینی کی گئی ہے کہ جو شخص تکذیب کریگا اور منہ پھیریگا

عَلَىٰ مَن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۝ قَالَ فَمَن رَّبُّكُمَا يَٰمُوسَىٰ ۝

عذاب خدا اُسی پر ہوگا (فرعون نے) کہا کہ اے موسٰے وہ تم دونو کا رب ہے کون؟

قَالَ رَبُّنَا ٱلَّذِىٓ أَعْطَىٰ كُلَّ شَىْءٍ خَلْقَهُۥ ثُمَّ هَدَىٰ ۝

(موسٰی نے) فرمایا کہ ہمارا پروردگار وہی ہے جسنے ہر چیز کو اُسکی ساخت عطا فرمائی پھر (نفع اُٹھانیکی) ہدایت کردی

قَالَ فَمَا بَالُ ٱلْقُرُونِ ٱلْأُولَىٰ ۝ قَالَ عِلْمُهَا عِندَ رَبِّى

فرعون نے کہا تو بھلا پہلے زمانہ والوں کا کیا حال ہوگا؟ فرمایا اُنکا علم میرے پروردگار کے پاس ایک

فِى كِتَٰبٍ ۖ لَّا يَضِلُّ رَبِّى وَلَا يَنسَى ۝ ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ

نوشتہ میں ہے نہ میرا پروردگار چوکتا ہے اور نہ بھولتا ہے (وہ وہی ہے) جسنے زمین کو تمہارا فرش بنایا

ٱلْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ

ہے اور اُس میں تمہارے چلنے کے لیے راستے نکالدیے ہیں اور آسمان سے

ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَأَخْرَجْنَا بِهِۦٓ أَزْوَٰجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ ۝

پانی اُتارا ہے پھر ہمنے اُسکے ذریعہ سے مختلف قسم کی نباتات کے جوڑ پیدا کر دیے ہیں

كُلُوا۟ وَٱرْعَوْا۟ أَنْعَٰمَكُمْ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّأُو۟لِى

تم بھی کھاؤ اور اپنے چوپایوں کو بھی چراؤ بیشک اس میں عقل والوں کے لیے نشانیاں موجود

ع ٢ ١١ ٱلنُّهَىٰ ۝ مِنْهَا خَلَقْنَٰكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ

ہیں اسی سے ہمنے تمکو پیدا کیا ہے اور اسی میں ہم تمکو لوٹا دینگے اور اسی سے تمکو دوسری دفعہ

تَارَةً اُخْرٰى ۝ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ

نکال کھڑا کرینگے — اور اُس (فرعون) کو ہمنے اپنی نشانیاں سب ہی تو دکھلائیں پس اُسنے تکذیب کی اور انکار

وَاَبٰى ۝ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ

ہی کرتا رہا — کہنے لگا کہ اے موسٰے کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہمکو ہمارے ملک سے اپنی جادو (کے زور)

يٰمُوْسٰى ۝ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَ

سے نکالدے — پس ضرور ہے کہ ہم بھی تیرے مقابلہ کے لیے ایسا ہی جادو لائینگے پس اپنے اور ہمارے مابین

بَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ۝

صاف میدان میں مقابلہ کے لیے ایک وقت مقرر کر کہ جسکے نہ ہم خلاف کریں نہ تو

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝

(موسٰے نے) فرمایا تمہارے لیے وہ وقت عید کا دن ہو اور یہ کہ دن چڑھے سب لوگ جمع کرلیے جائیں

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ۝ قَالَ لَهُمْ

پس فرعون پلٹ گیا اور اپنے سب داؤں اکٹھے کیے پھر (وقت پر) آموجود ہوا — موسٰے نے اُن لوگوں سے

مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ

فرمایا تمہاری کیوں شامت آئی ہے اللہ پر جھوٹا بہتان نہ باندھو ورنہ وہ کسی آفت سے تمہاری بیخکنی

بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ۝ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ

کردیگا — اور جسنے بھی جھوٹ باندھا وہ کبھی مراد کو نہیں پہنچا — پھر وہ اپنے معاملہ میں آپس ہی میں

بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ۝ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ

لڑنے لگے اور اپنے مشورہ کو پوشیدہ رکھا (فرعون نے اور اُسکے درباریوں نے) کہا یہ دونو جادوگر ہیں یہ چاہتے ہیں کہ اپنی

يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا

جادو کے زور سے تمکو تمہارے ملک سے نکالدیں — اور تمہارے عمدہ

بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ۝ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا

مذہب کو باطل کردیں — سو تم بھی اپنے داؤں اکٹھے کرلو — پھر پرا باندھکر

صَفًّا ۚ وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ۝ قَالُوا يَا مُوسَىٰ

آجاؤ اور آج کے دن جو بڑھ رہا اُسی نے بالا مار لیا (جادوگر) بولے کہ اے موسٰے

إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ ۝ قَالَ بَلْ

لو اب تم ڈالتے ہو یا ہم ہی پہلے ڈالنے والے (موسٰے نے) فرمایا نہیں تم ہی

أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ

ڈال لو پس یکایک اُنکی رسیاں اور اُنکی لکڑیاں اُنکے جادو کے زور سے ایسی معلوم ہونے لگیں کہ

أَنَّهَا تَسْعَىٰ ۝ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ ۝

دوڑ رہی ہیں اب موسٰے کو بھی اپنے دل میں کچھ خوف معلوم ہوا

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ ۝ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ

ہمنے کہا کہ ڈرو نہیں غالب تو تم ہی رہو گے اور جو کچھ تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے

تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ

اُسے ڈال دو کہ انھوں نے جو کچھ بنایا ہے یہ اُسکو ہڑپ کر جائیگا اُنہوں نے جو کچھ بنایا ہے یہ جادوگر کا کرتب ہی تو ہے اور جادوگر جہاں

حَيْثُ أَتَىٰ ۝ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ

کہیں جاوے کامیاب نہوگا پس وہ سب (جادوگر) مجبوراً سجدہ میں گر پڑے کہنے لگے کہ ہم ہارون و موسٰے کے

هَارُونَ وَمُوسَىٰ ۝ قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ

رب پر ایمان لائے (فرعون نے) کہا کہ قبل اسکے کہ میں اجازت دوں تم اسپر ایمان لے آئے

إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۖ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ

(معلوم ہوتا ہے کہ) یہی تم سب کا گرو ہے جسنے تمکو جادو سکھایا ہے تو اب میں تمہارے مقابل کے ہاتھ پاؤں

وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ

کٹوا دونگا اور تمکو کھجور کے درختوں پر دار پر کھنچوادونگا

النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقَىٰ ۝ قَالُوا

اور یہ تمکو علم بھی ہو جائیگا کہ ہم میں سے کونسا زیادہ سخت اور زیادہ پائدار عذاب دینے والا ہے (جواب میں جادوگر) بولے

لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا

کہ موسٰے جو کھلے معجزے لائے اُسکے مقابلہ میں اور جسنے ہمکو پیدا کیا ہے اُسکے برخلاف ہم تجھکو ہرگز ترجیح نہ دینگے ہیں

فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝

(اے فرعون) تو جو کچھ حکم دینے والا ہے دیدے تو فقط اسی دنیا کی زندگانی ہی میں تو حکم چلا سکتا ہے

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ

ہم اپنے پروردگار پر تو اسلیے ایمان لائے ہیں کہ ہماری خطاؤں کو اور جس جادو کرنے پر تونے ہمکو مجبور کیا تھا اسکو بخشدے

السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا

اور اللہ سب سے بہتر اور (ثواب دینے کیلیے) سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے یقینی بات ہے کہ جو اپنے پروردگار کی حضور میں گنہگار ہو کر آئیگا

فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ وَمَنْ يَّاْتِهٖ

جہنم اسکے لیے ضرور ہے جس میں وہ نہ مریگا اور نہ جیے گا اور جو اسکی حضور میں مومن ہوکر

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ

آئیگا جسنے نیک عمل (بھی) کیے ہونگے یہی وہ لوگ ہیں جنکے لیے اعلےٰ درجے

الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

ہیں (یعنی) ہمیشہ کی جنتیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے

فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى

اور جو پاک رہے اُسکی جزا یہی ہے اور ضرور ہمنے موسٰے کو وحی فرمائی تھی

مُوْسٰٓى ڏ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ

کہ میرے بندوں کو راتوں رات لیجاؤ پھر اُنکے لیے دریا میں خشک راستہ

يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ

بنالو کہ تمکو گرفتار ہوجانیکا اندیشہ اور ڈر نہ رہے پھر فرعون نے اپنے لشکر سمیت اُنکا پیچھا کیا

فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۭ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ

اور دریا نے اُن (فرعون اور فرعونیوں) کو اپنی موجوں میں لپیٹ لیا اور اس طرح فرعون نے اپنی قوم کو بھٹکا دیا

وَمَا هَدٰى ○ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ

اور انکا رہنما بنا — اے اولادِ اسرائیل ہمنے تمکو تمہارے دشمنوں سے — یقیناً نجات دی

عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا

اور مبارک پہاڑ طور کے برابر سے اپنا وعدہ پورا کیا اور (صحرا میں) تمپر

عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ○ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ

من و سلوے نازل کیا (اور یہ حکم دیا کہ) جو کچھ ہمنے تمکو دیا ہے اس میں سے پاک چیزیں کھاؤ

وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِىْ وَمَنْ يَّحْلِلْ

اور اسکے بارے میں سرکشی نہ کرو ورنہ تمپر میرا غضب نازل ہوگا اور جسپر میرا غضب نازل ہوگا

عَلَيْهِ غَضَبِىْ فَقَدْ هَوٰى ○ وَاِنِّىْ لَغَفَّارٌ

وہ یقیناً ہلاک ہو جائیگا — اور میں اسکے لیے جو توبہ

لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ

کرے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرے پھر ہدایت یافتہ بھی ہو ضرور بڑا

اهْتَدٰى ○ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ○ قَالَ

بخشنے والا ہوں — اور اے موسےٰ تمکو تمہاری قوم سے کس چیز نے آگے بڑھا دیا — عرض کرنے لگے

هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِىْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ○

کہ وہ تو میرے پیچھے آرہے ہیں اور اے میرے پروردگار میں اسلیے جلدی کر کے تیری طرف آیا ہوں کہ تو خوش ہو

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ

فرمایا کہ ہمنے تمہارے بعد تمہاری قوم کی آزمائش کی ہے اور سامری نے انکو

السَّامِرِىُّ ○ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا

بہکا دیا ہے پس موسےٰ اپنی قوم کی طرف غصے میں بھرے ہوئے اور افسوس کرتے ہوئے آئے (اور)

قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۥ اَفَطَالَ

فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تمہارے پروردگار نے تم سے اچھا وعدہ نہ کیا تھا؟ کیا تمہیں (وعدہ) کئے ہوئے

عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ

کچھ بہت عرصہ گزر گیا تھا یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے غضب نازل ہو

مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ۝ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا

کہ تم نے میرے وعدے کے خلاف کیا وہ بولے کہ ہم نے اپنے اختیار سے تو آپکے وعدہ

مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ

کے خلاف نہیں کیا بلکہ (واقعہ یوں پیش آیا کہ) قوم فرعون کے زیوروں کے کئی بوجھ ہم پر لادے گئے تھے جنکو ہم نے لا کر آگ

الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ۝ فَاَخْرَجَ

میں ڈالدیا اور ایسا ہی سامری نے (بھی) کیا پھر اُس نے (اُنہی پگھلے ہوئے زیوروں سے)

لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ

سب کے دیکھتے دیکھتے ایک بچھڑا بنادیا یعنی ایک جسد تھا جس میں گائے کی سی آواز تھی پھر بعض لوگوں نے کہدیا کہ یہ تمہارا بھی معبود ہے اور موسیٰ کا بھی معبود

مُوْسٰى ۵ فَنَسِيَ ۝ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۵

ہے پس موسیٰ بھولکر (طور پر چلے) گئے ہیں بھلا وہ یہ نہ سمجھے کہ وہ بچھڑا اُنکی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا تھا

وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۝ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ ع ۴ ۱۳

اور نہ اُنکے ضرر کا اختیار رکھتا تھا اور نہ نفع کا اور ہارونؑ نے اُنسے پہلے ہی کہدیا تھا کہ اے

هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ

میری قوم تمہاری اس بچھڑے کے ذریعہ سے آزمائش کی گئی ہے اور بیشک تمہارا

رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ۝ قَالُوْا لَنْ

پروردگار رحمٰن ہے پس تم میری پیروی کرو اور میرے حکم کو مانو (جواب میں) اُنہوں نے کہا تھا کہ

نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ۝ قَالَ

اب تو ہم اسی کی عبادت کرینگے جب تک کہ موسیٰ ہمارے پاس پلٹ کر نہ آئیں (موسیٰ نے) کہا

يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ۝ اَلَّا تَتَّبِعَنِ

اے (بھائی) ہارونؑ جب تم نے اُنکو بہکتے دیکھا تھا تو تمکو کیا چیز مانع تھی کہ تم نے میری پیروی نہ کی کیا تم نے میرے

منزل ۴

...ن فرمائی کہ ہم نے تمہاری غیبت میں تمہاری قوم کی آزمائش کی اور سامری نے اُنکو گمراہ کر دیا۔

أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ۝ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا
حکم کی نافرمانی کی انہوں نے کہا کہ اے میرے ماں جائے آپ میرے سر و ریش کو نہ پکڑیں (یعنی

بِرَأْسِي إِنِّي خَشِيتُ أَنْ تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَاءِيلَ
سرتاپا مجھی کو الزام نہ دیں) مجھے تو یہ اندیشہ رہا کہ کہیں آپ یہ نہ فرمائیں کہ تو نے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈال دی

وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ۝ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَسَامِرِيُّ ۝ قَالَ
اور میری بات کا پاس نہ کیا (موسیٰ نے) پوچھا کہ اے سامری یہ تیری کیا حرکت ہے؟ اُس نے عرض کی

بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ
کہ میں نے اُسے دیکھا تھا جسے اِن لوگوں نے نہیں دیکھا پس میں نے اُس (فرشتے) کے قدم کے نیچے کی ایک مٹھی

الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي ۝ قَالَ
(خاک) لیلی تھی وہ میں نے اس بچھڑے میں ڈال دی تھی اور میرے دل میں یہی سما گئی تھی (موسیٰ نے) فرمایا

فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ ۖ وَ
نکل جا تیری سزا یہ ہے کہ جب تک جیے یہی کہتا رہے کہ مجھے نہ چھونا اور

إِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهُ ۖ وَانْظُرْ إِلَىٰ إِلَٰهِكَ الَّذِي
تیرے لیے ایک وعدہ گاہ ہے جسکے خلاف نہیں کیا جائیگا اور اپنے معبود کی طرف دیکھ جسکی عبادت

ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۖ لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ
کی طرف تو مائل تھا ہم ضرور اُسکو بھسم کر دینگے پھر اُسکا ذرہ ذرہ کر کے دریا میں ڈالدینگے

نَسْفًا ۝ إِنَّمَا إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ وَسِعَ
سوا اسکے نہیں کہ تمہارا معبود وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی الٰہ نہیں وہ اپنے علم سے

كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝ كَذَٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ مَا
ہر شے پر حاوی ہے اسی طرح ہم اُن واقعات کی خبریں جو پہلے گزر چکے ہیں تمکو سناتے

قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ۝
ہیں اور ہم نے ہی اپنے پاس سے تمکو قرآن عطا کیا ہے

مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۙ

جو اس سے روگرداں ہوگا قیامت کے دن وہ ایک (بھاری) بوجھ لادے ہوئے آئیگا

خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَاۗءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۙ يَّوْمَ

ہمیشہ وہ اسی حالت میں رہینگے اور قیامت کے دن انکا یہ وبال بہت ہی برا ہوگا جس دن

يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ۚ

صور پھونکا جائیگا اور گنہگاروں کو ہم نیلی آنکھوں کے ساتھ محشور کرینگے

يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۚ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا

چپکے چپکے آپس میں یہ کہتے ہونگے کہ (دنیا میں یا قبر میں) تم کوئی دس دن رہے ہوگے جو باتیں یہ لوگ کرینگے ہم اُس سے

يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا

خوب واقف ہیں کہ جو ان میں سے زیادہ واقف کار اور رو براہ ہوگا وہ یہ کہیگا کہ (نہیں جی) تم بس ٹھہرے ہوگے تو

يَوْمًا ۧ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ ع ١٥

ایک ہی دن اور یہ لوگ تم سے پہاڑوں کا حال دریافت کرتے ہیں تم کہدو کہ میرا پروردگار انکو ذرہ ذرہ

نَسْفًا ۙ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۙ لَّا تَرٰى فِيْهَا

کر دیگا پھر اُنکی جگہ چٹیل میدان کر دیگا جس میں نہ تم موڑ دیکھوگے

عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۭ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ

اور نہ کوئی ٹیلا ٹیکرا جس دن وہ سب ایک بلانیوالے کے پیچھے چلے جائینگے جس سے

لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا

کوئی عدول نہ کرسکیگا اور خوف خدا سے آوازیں پست ہو جائینگی پس تم کو

تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۚ يَوْمَىِٕذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ

کھسر پھسر ہی سنائی دیگی عام طور پر اُس دن کوئی سفارش فائدہ نہ دیگی سوائے اُس شخص

اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

کی سفارش کے جسکو خدائے رحمٰن نے اذن دیدیا اور جسکی بات پسند فرمائی ہو وہ انکے گذشتہ

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ۝ وَ

اور آئندہ سے واقف ہے اور یہ اسکے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے اور

عَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ

اس ہمیشہ قائم رہنے والے زندہ کے سامنے سب جھک گئے اور جو ظلم کے بارے لدا ہوا آیا وہ یقینا

ظُلْمًا ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

ناکام ہو گیا اور جو شخص مومن ہونیکی حالت میں کوئی نیکی کریگا تو اسکو کسی کی

فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ۝ وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا

اور نقصان کا اندیشہ نہیں ہے اور اسی طرح ہمنے اسے عربی زبان کا قرآن

عَرَبِيًّا وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

اتارا ہے اور اس میں بار بار خوف دلایا ہے تاکہ وہ باز رہیں یا یہ انکے لیے

أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ۝ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

نصیحت تازہ کرے پس خدا بادشاہ برحق برتر ہے

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَىٰ إِلَيْكَ وَحْيُهُ

اور تم قرآن کے پڑھنے میں قبل اسکے کہ اس آیت کی وحی پوری ہوچکی ہو جلدی نہ کیا کرو

وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝ وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَىٰ آدَمَ مِنْ

اور یہ کہا کرو کہ اے میرے پروردگار میرا علم بڑھادے اور آدم کو ہمنے پہلے ہی ایک حکم دیا تھا پس وہ

ع قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ

اسکو بھول گئے اور ہمنے ان میں پختگی نہ پائی اور (اس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں کو کہا تھا کہ

اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَىٰ ۝ فَقُلْنَا

آدم کو سجدہ کرو پس سوائے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا وہ منکر رہا پس ہمنے کہدیا کہ

يَا آدَمُ إِنَّ هَٰذَا عَدُوٌّ لَكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اے آدم یہ تمہارا اور تمہاری زوجہ کا یقینی دشمن ہے ایسا نہو کہ یہ تم دونو کو جنت سے

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ۝ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى
نکالدے پھر تم تکلیف میں پڑجاؤ حالانکہ اب تمہیں یہ بات حاصل ہے کہ نہ تم اس جنت میں بھوکے رہتے ہو اور نہ ننگے

وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ۝ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ
اور نہ اسمیں کبھی پیاسے ہوتے ہو اور نہ دھوپ کھاتے ہو اب شیطان نے چپکے چپکے دل میں ڈالی

الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ
اور یہ کہا کہ اے آدم کیا میں تمہیں ہمیشہ کی زندگی کا درخت بتاؤں اور ایسی سلطنت

مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ۝ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا
جو کبھی پرانی نہو بس دونو نے اس میں سے کچھ کھالیا پس انکی شرمگاہیں ان پر ظاہر ہوگئیں

وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَعَصٰۤى
اور وہ دونو جنت کے پتے اپنے بدن پر لپیٹنے لگے اور آدم نے اپنے

اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ۝ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ
رب کے خلاف کیا لہذا ناکام رہے پھر انکے پروردگار نے انکو منتخب کرلیا اور انکی توبہ قبول کرلی اور

هَدٰى ۝ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ
راہ راست بتلادی فرمایا اب تم دونو اس میں سے ایک ساتھ چلے جاؤ تم سب آپس میں ایک دوسرے کے

عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۵ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ
دشمن ہوگے پھر جب میری ہدایت تمہارے پاس آئے اسوقت جو میری ہدایت کی پیروی کریگا بس

فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ۝ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ
نہ وہ بھٹکیگا اور نہ بدبخت رہیگا اور جو میری نصیحت سے روگرداں رہیگا اسکی زندگی بھی تنگی

لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ قَالَ
میں بسر ہوگی اور قیامت کے دن ہم اسے اندھا کرکے اٹھائینگے وہ عرض کریگا

رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ قَالَ
اے میرے پروردگار تو نے مجھے اندھا کرکے کیوں اٹھایا حالانکہ میں تو آنکھوں والا تھا خدا تعالیٰ نے فرمایا

نہ انکا قول سنتا تھا اور نہ انکے حکم کی اطاعت کرتا تھا یعنی انکو چھوڑ دیا تھا اسی طرح آج تو بھی جہنم میں چھوڑ دیا جائیگا ۱۲

كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ

ایسے ہی تو نے کیا تھا یعنی، جب ہماری نشانیاں تیرے پاس آئی تھیں تو تو نے انکو بھلا دیا تھا اور آج کے دن اسی طرح تو بھی

تُنْسٰى ○ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ

حالت میں چھوڑ دیا جائیگا۔ اور جو شخص زیادتی کرے اور اپنے پروردگار کے احکام پر ایمان نہ لائے

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ○

اسکو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں اور آخرت کا عذاب زیادہ سخت اور زیادہ پائدار ہے

اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ

کیا اس سے انکو پتا نہیں دیا کہ ان سے پہلے ہم نے کتنے زمانے (والوں) ہلاک

الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کر دیے جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں بیشک سمجھداروں کے لیے اسی میں

ع ۱۳ ۱۲ لِّاُولِي النُّهٰى ○ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

نشانیاں (موجود) ہیں اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات کی تبل اور ایک وقت

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ○ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا

کا تعین نہ ہو چکا ہوتا تو عذاب ضرور آتا پس اب یہ جو کچھ کہیں اسے برداشت کرو

يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ

اور سورج نکلنے سے پہلے اور اسکے ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار

الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ

کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو اور رات کی گھڑیوں میں

فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ○ وَلَا تَمُدَّنَّ

اور دن کے اوقات میں اسکی پاکی بیان کیا کرو تاکہ تم خوش رہو اور زندگانی دنیا کی

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ

رونق کی چیزوں سے جنہے کفار کے مختلف گروہوں کو اس غرض سے نفع پہنچایا ہے کہ ہم انکی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۥ لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۥ وَرِزْقُ رَبِّكَ

اسمیں آزمائش کریں تم انکی طرف آنکھ اٹھا کے بھی نہ دیکھنا اور تمہارے پروردگار کا عطیہ

خَيْرٌ وَّأَبْقٰى ۝ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ

سب سے اچھا اور پائدار ہے اور اپنے اہلبیت اور امت کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اسکے

عَلَيْهَا ۥ لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۥ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۥ

پابند رہو ہم تم سے کچھ کھانیکو تو نہیں مانگتے ہم تو خود تمکو سب کچھ دیتے ہیں

وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ۝ وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا

اور انجام پرہیزگاری ہی کا اچھا ہے اور انہوں نے یہ کہدیا کہ یہ اپنے پروردگار کی طرف سے

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۥ أَوَلَمْ تَأْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي

کوئی نشانی کیوں نہیں لاتا کیا انکے پاس پہلی کتابوں میں جو کچھ ہے اسکی شہادت

الصُّحُفِ الْأُولٰى ۝ وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ

نہیں آچکی اور اگر ہم انکو رسول کے آنے سے پہلے ہی کسی عذاب سے

مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا

ہلاک کر دیتے تو یہ کہتے کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہمارے پاس کوئی رسول

رَسُولًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ

کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل و رسوا ہونے سے پہلے تیرے احکام کی

نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ۝ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

پیروی کرلیتے تم کہدو کہ ہر ایک منتظر ہے

فَتَرَبَّصُوا ۚ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحٰبُ

سو تم بھی انتظار کرو عنقریب تم جان لوگے کہ سیدھی راہ والے

ع ۸ ۱۷ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ۝

کون ہیں اور ہدایت یافتہ کون ہیں

رکوعاتها ۷ — آیاتها ۱۱۲ — کلماتها ۱۱۸۷ — حروفها ۵۱۵۴

الجزء السابع عشر ۱۷

سورة الانبياء مكية وهي مائة واثنتا عشرة اية

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اقترب للناس حسابهم وهم في غفلة

لوگوں کے لیے اُنکے حساب کا وقت قریب آپہنچا حالانکہ وہ ابھی غفلت میں منہ موڑے

معرضون ○ ما يأتيهم من ذكر من ربهم محدث

ہوئے ہیں کوئی نئی نصیحت انکے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر یہ کہ وہ اسے

إلا استمعوه وهم يلعبون ○ لاهية قلوبهم و

کان لگا کر سنتے تو ہیں اور ہنسی مذاق اڑاتے ہیں دل انکے کھیل میں لگے ہوئے ہیں اور

أسروا النجوى الذين ظلموا هل هذا إلا

یہ ظالم چپکے چپکے سرگوشیاں کرتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں کہ) یہ رسول بھی کیا؟ تم ہی جیسا تو

بشر مثلكم أفتأتون السحر وأنتم تبصرون ○

آدمی ہے کیا تم کھلی آنکھوں جادو کے پاس آتے ہو

قل ربي يعلم القول في السماء والأرض وهو

(رسول نے) فرمایا میرا پروردگار آسمان اور زمین کی ہر بات کو جانتا ہے اور وہ بڑا سننے والا

السميع العليم ○ بل قالوا أضغاث أحلام بل

(اور) جاننے والا ہے بلکہ انہوں نے تو یہ کہہ دیا کہ یہ پریشان خیالات ہیں بلکہ اسنے اس کو

افتراه بل هو شاعر فليأتنا بآية كما أرسل

دل سے جوڑ کر بنا لیا ہے بلکہ وہ ایک شاعر ہے (اگر ایسا نہیں ہے تو) یہ بھی ایک معجزہ کیوں نہیں لے آتا جیسے

الأولون ○ ما آمنت قبلهم من قرية

(پیغمبر) پہلے بھیجے گئے تھے انسے پہلے جس بستی کو ہم نے ہلاک کر دیا وہ تو ایمان لائے نہیں

اَهۡلَكۡنٰهَا ۚ اَفَهُمۡ يُؤۡمِنُوۡنَ ۝ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ

تو کیا یہ ایمان لائینگے ؟ اور ہمنے تم سے پہلے بھی آدمی ہی

اِلَّا رِجَالًا نُّوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِمۡ فَسۡـَٔلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّكۡرِ اِنۡ

بھیجے تھے جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس اگر تم نہیں جانتے تو یاد والوں سے (یعنی آلِ

كُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝ وَمَا جَعَلۡنٰهُمۡ جَسَدًا لَّا يَاۡكُلُوۡنَ

رسول سے) پوچھ لو اور ہمنے انکے ایسے جسم نہ بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھاتے

الطَّعَامَ وَمَا كَانُوۡا خٰلِدِيۡنَ ۝ ثُمَّ صَدَقۡنٰهُمُ الۡوَعۡدَ

ہوں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے پھر ہمنے اپنے وعدۂ (عذاب) کو جو انسے کیا

فَاَنۡجَيۡنٰهُمۡ وَمَنۡ نَّشَآءُ وَاَهۡلَكۡنَا الۡمُسۡرِفِيۡنَ ۝ لَقَدۡ

تھا سچ کر دکھایا پھر خود انکو اور جس جس کو ہمنے چاہا نجات دیدی اور زیادتی کرنیوالوں کو ہمنے ہلاک کردیا (ای قوم قریش)

اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكُمۡ كِتٰبًا فِيۡهِ ذِكۡرُكُمۡ ۚ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ۝ وَ

ع ١

ہمنے یقیناً ایک کتاب تمہاری طرف نازل کی ہے جسمیں تمہارے لیے نصیحت موجود ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے ؟ اور

كَمۡ قَصَمۡنَا مِنۡ قَرۡيَةٍ كَانَتۡ ظَالِمَةً وَّاَنۡشَاۡنَا بَعۡدَهَا

ہمنے کتنی ہی بستیاں جو نافرمان تھیں اجاڑ دیں اور انکے اجاڑنے کے بعد اور اور لوگ

قَوۡمًا اٰخَرِيۡنَ ۝ فَلَمَّاۤ اَحَسُّوۡا بَاۡسَنَاۤ اِذَا هُمۡ مِّنۡهَا

پیدا کر دیئے پھر جبوقت انہوں نے ہمارے عذاب کو محسوس کیا تو لگے وہاں سے

يَرۡكُضُوۡنَ ۝ لَا تَرۡكُضُوۡا وَارۡجِعُوۡۤا اِلٰى مَاۤ اُتۡرِفۡتُمۡ فِيۡهِ

تیز تیز بھاگنے (ہمنے انسے کہا) اب تیز نہ بھاگو اور جہاں تمکو آسائش ملا کرتی تھی اُس مقام کی طرف

وَمَسٰكِنِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تُسۡـَٔلُوۡنَ ۝ قَالُوۡا يٰوَيۡلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا

اور اپنے مکانوں کی طرف لوٹ کر جاؤ تاکہ تمہاری مزاج پرسی کی جائے وہ بولے کہ ہائے خرابی ہماری ہم تو یقیناً

ظٰلِمِيۡنَ ۝ فَمَا زَالَتۡ تِّلۡكَ دَعۡوٰىهُمۡ حَتّٰى

نافرمان تھے پس وہ برابر یہی پکارتے رہے یہاں تک کہ ہمنے انکو مار کر

جعلنٰهم حصيدًا خامدين ○ وما خلقنا السماء

کٹی ہوئی کھیتی کا سا ڈھیر لگا دیا — اور ہم نے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ

والارض وما بينهما لٰعبين ○ لو اردنا ان نتخذ

ان دونوں کے درمیان ہے کھیل کے طور پر نہیں پیدا کیا — اگر ہم کوئی کھیل ہی بنانا چاہتے تو اپنی طرف سے

لهوا لاتخذنٰه من لدنا ان كنا فٰعلين ○ بل

(اپنی شان کے موافق) کرتے — بشرطیکہ ہم کو ایسا ہی کرنا ہوتا — بلکہ

نقذف بالحق على الباطل فيدمغه فاذا هو

ہم تو حق کو باطل پر غالب کر دیتے ہیں پس وہ اسکا سر توڑ دیتا ہے پھر یکایک وہ باطل کافور

زاهق ولكم الويل مما تصفون ○ وله من

ہو جاتا ہے اور تمہارے لیے جو کچھ تم بیان کرتے ہو افسوس ہے — اور جتنے ذوی العقول

في السمٰوٰت والارض ومن عنده لا يستكبرون

آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اُسی کے ہیں اور اُسکے حضور میں ہیں نہ اُسکی عبادت سے

عن عبادته ولا يستحسرون ○ يسبحون اليل

سرتابی کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں — رات اور دن اُسکی پاکی بیان

والنهار لا يفترون ○ ام اتخذوا اٰلهة من

کرتے رہتے ہیں (اور) کاہلی نہیں کرتے — کیا اُنہوں نے زمین سے ایسے خدا بنا لیے ہیں جو

الارض هم ينشرون ○ لو كان فيهما اٰلهة الا الله

(مُردوں کو) زندہ کر دیں — اگر آسمان و زمین میں اللہ کے سوا اور کئی خدا ہوتے

لفسدتا فسبحٰن الله رب العرش عما يصفون ○

یہ دونوں کبھی کی اجڑ گئی ہوتیں پس جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں خدا یتعالیٰ عرش کا مالک ان سب (باتوں) سے منزہ ہے

لا يسئل عما يفعل وهم يسئلون ○

جو کچھ وہ کرتا ہے اُسکی نسبت اُس سے باز پرس نہیں کی جا سکتی اور اُن سے باز پرس کی جائیگی

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً ۖ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ ۖ

کیا انہوں نے اُسے چھوڑ کر اور خدا بنالیے ہیں تم کہدو کہ اپنی دلیل پیش کرو

هَٰذَا ذِكْرُ مَن مَّعِيَ وَذِكْرُ مَن قَبْلِي ۗ بَلْ أَكْثَرُهُمْ

یہ (قرآن مجید) اُنکے لیے بھی نصیحت ہے جو میرے ساتھ ہیں اور اُنکے لیے بھی نصیحت تھی جو مجھ سے پہلے ہیں

لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ ۖ فَهُم مُّعْرِضُونَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا

لیکن بہت سے لوگ حق کو سمجھتے نہیں اسی سے وہ رو گرداں ہوتے ہیں اور جتنے تم سے پہلے ایک

مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ

رسول بھی ایسا نہ بھیجا کہ اُسکی طرف ہم یہ وحی نہ کرتے رہے ہوں کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے بس

إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ۗ

تم میری ہی عبادت کیا کرو اور وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن نے کسی کو بیٹا بنالیا اُسکی ذات

سُبْحَانَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ ۝ لَا يَسْبِقُونَهُ

(اس تہمت سے) بری ہے بلکہ وہ تو اُسکے معزز بندے ہیں جو بات کہنے میں اُس سے سبقت

بِالْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ ۝ يَعْلَمُ مَا

نہیں کرتے اور اُسکے امر کے بموجب عمل کرتے رہتے ہیں وہ اُنکے آئندہ اور

بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ

گزشتہ (سب) کا حال جانتا ہے اور وہ کسی کی سفارش نہیں کرتے سوا اُسکے جو

ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ۝ وَمَن

اُسکو پسند ہو اور وہ اُسکے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں اور جو اُن میں

يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّي إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ

سے یہ کہدے کہ میں بھی اُسکے علاوہ ایک معبود ہوں پس ایسے ہی کا بدلہ تو ہم جہنم

جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝ أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ ع ٢ ١٩ ٢

مقرر کرینگے ہم ظالموں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں جو لوگ کافر ہوگئے ہیں

كفروا أن السموت والأرض كانتا رتقا ففتقنهما
کیا انکی سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ آسمان و زمین دونو بند تھے پھر ہمنے دونو کو کھولدیا

وجعلنا من الماء كل شيء حي أفلا يؤمنون ○ و
اور ہمنے ہر زندہ چیز کو پانی سے بنا دیا گیا (اب بھی) وہ ایمان نہ لاوینگے؟ اور

جعلنا في الأرض رواسي أن تميد بهم وجعلنا
زمین میں ہمنے (بھاری بھاری) پہاڑ قائم کر دیے کہ کہیں انکو لیکے جھک نہ جائے اور اس میں انکے

فيها فجاجا سبلا لعلهم يهتدون ○ وجعلنا
لیئے چوڑے چوڑے راستے بنا دیے کہ وہ راہ پالیں اور آسمان کو

السماء سقفا محفوظا وهم عن آيتها معرضون ○
ہمنے ایک محفوظ چھت قرار دیدیا اور وہ ہیں کہ اسکی نشانیوں سے روگرداں ہوتے ہیں

وهو الذي خلق الليل والنهار والشمس والقمر كل
اور وہ وہی تو ہے جسنے رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو پیدا کردیا کہ وہ سب

في فلك يسبحون ○ وما جعلنا لبشر من قبلك الخلد
آسمان میں تیر رہے ہیں اور دوام تو ہمنے تم سے پہلے کسی آدمی کے لیے مقرر نہیں کیا

أفائن مت فهم الخلدون ○ كل نفس ذائقة الموت
کیا تم مرجاؤ گے تو یہ ہمیشہ رہینگے؟ ہر نفس موت کا چکھنے والا ہے

ونبلوكم بالشر والخير فتنة وإلينا ترجعون ○
اور ہم آزمائش کے طور پر بدی اور نیکی سے تمہارا امتحان لینگے اور ہماری ہی طرف تمہاری بازگشت ہوگی

وإذا رآك الذين كفروا إن يتخذونك إلا هزوا
اور جب وقت وہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہاری ہنسی ہی اڑاتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں)

أهذا الذي يذكر آلهتكم وهم بذكر الرحمن
کیا وہ شخص یہی ہے جو تمہارے معبودوں کا (بدی کے ساتھ) ذکر کرتا ہے حالانکہ وہ خود ذکر خدا کے

هُمْ كَافِرُونَ ○ خُلِقَ الْإِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ سَأُورِيكُمْ

منکر ہیں   انسان (گویا) پیدا جلدی سے کیا گیا ہے   عنقریب میں تمکو اپنی نشانیاں

آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ○ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ

دکھلاؤنگا پس تم مجھ سے جلدی کی خواہش نہ کرو   اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتلاؤ کہ یہ
ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۖ كُلَّمَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا

پھر ہمنے اپنے رسول لگاتار بھیجے جب کسی اُمت کا رسول اُسکے پاس آیا

كَذَّبُوهُ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُم بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ ۚ

انہوں نے اُسی کو جھٹلایا پس ہم نے بھی ایک کو دوسرے کے قدم بقدم کر دیا اور اُنکو قصہ کہانی بنا دیا پس اُن لوگوں کے لیے

فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ

جو ایمان نہیں لاتے ہلاکت ہو پھر ہم نے موسٰی اور اُنکے بھائی ہارون

هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَ

کو اپنی نشانیوں کے اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون اور اُسکے سرداروں کی طرف بھیجا پس

مَلَئِهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ۝ فَقَالُوا

اُنہوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر اور وہ کہنے لگے کہ

أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُونَ ۝

کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ اِن دونوں کی قوم ہمارے ماتحت ہے!

فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى

پس اُنہوں نے اُن دونوں کو جھٹلایا پس ہلاک ہو گئے اور ضرور ہم نے موسٰی کو کتاب عنایت

الْكِتَابَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ۝ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ

کی تاکہ وہ ہدایت پائیں اور ہم نے مریم کے بیٹے اور اُسکی ماں کو ایک

آيَةً وَآوَيْنَاهُمَا إِلَىٰ رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ ۝ يَا أَيُّهَا ع ۳ ۱۸

نشانی مقرر کیا اور اُن دونوں کو ایک اونچے ٹیلے پر جو ٹھہرنے کی جگہ تھی اور پانی کے پاس جگہ دی اے پیغمبرو!

الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا ۖ إِنِّي بِمَا

تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور نیکی کرتے رہو بیشک جو کام تم کرتے ہو اُسکا

تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ وَإِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً

خوب جاننے والا میں ہوں اور تمہارا یہ گروہ حقیقتہً ایک ہی گروہ ہے اور میں تمہارا پروردگار

وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ ۝ فَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ

ہوں پس مجھ ہی سے ڈرو پھر (اُمت کے لوگوں نے) اپنے معاملہ (دین) کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر

زُبُرًا ۖ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِىْ

کر ڈالا ہر فرقے کے لوگ جو کچھ اُنکے پاس ہے اُسی سے خوش ہو رہے ہیں پس تم ایک زمانہ تک اُنکو اُنکی

غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ

کی جہالت میں رہنے دو کیا یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو اُنکی مدد مال سے اور بیٹوں

مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِى الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ

سے کر رہے ہیں تو یہ کچھ اُنکے لیے خوبیوں کی جلدی کر رہے ہیں؟ بلکہ وہ

لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ

شعور ہی نہیں رکھتے بالتحقیق وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے

مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝

ڈرنے والے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ

اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہیں کرتے اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ دیتے

اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝

ہیں اس حال میں کہ اُنکے دل اس سے ڈرے ہوئے ہوتے ہیں کہ ہم اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹ کر جانے والے ہیں

اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝

وہی نیکیوں میں جلدی کیا کرتے ہیں اور وہی اُن میں سب سے بڑھ جانے والے ہیں

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ

اور ہم کسی نفس کو اُسکی قوت (برداشت) سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک نوشتہ ہے جو ٹھیک ٹھیک

بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ غَمْرَةٍ مِّنْ

بولیگا اور اُن لوگوں پر کوئی ظلم نہ کیا جائیگا لیکن اُنکے دل اُسکی طرف سے غفلت میں ہیں

هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ۝

اور اُنکے اعمال برے اسکے سوا کچھ اور بھی ہیں جنکے وہ (عادی) کرنے والے ہیں

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ

یہاں تک کہ جب ہم اُنکے مالداروں کو عذاب میں گرفتار کرتے ہیں تو وہ یکایک واویلا کرنے لگتے

يَجْئَرُوْنَ ۝ لَا تَجْئَرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

ہیں (ہماری طرف سے کہا جاتا ہے کہ) آج کے دن واویلا مچاؤ تمکو ہماری طرف سے کوئی مدد نہ دیجائیگی

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ

تم پر میری آیتیں ضرور پڑھی جایا کرتی تھیں پس تم اپنے پچھلے پاؤں پلٹ جایا کرتے تھے اور تکبر کرکے اُس

تَنْكِصُوْنَ ۝ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ۝

(ہمارے رسول) کو مثل کہانی کہنے والے کے چھوڑ بیٹھا کرتے تھے

اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ

کیا اُنہوں نے کلام خدا میں غور نہیں کیا یا اُنکے پاس اب کچھ آگیا ہے جو اُنکے پہلے باپ داداؤں کے پاس

الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝

نہیں آیا تھا؟ یا اُنہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا کہ وہ اُسکے منکر ہو گئے؟

اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اُسے جنون ہے؟ بلکہ وہ تو اُنکے پاس حق لیکر آیا ہے حالانکہ ان میں سے اکثر

كٰرِهُوْنَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ

حق سے نفرت کرنے والے ہیں اور اگر حق اُنکی خواہشوں کی پیروی کرنے لگے تو آسمانوں کا اور زمین کا اور

وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

جو کچھ اُن میں ہے سب کا ستیاناس ہو جائے بلکہ ہمنے تو اُنکی نصیحت کی چیز اُنکو دی ہے پس وہ اپنی

مُّعْرِضُوْنَ ۝ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖۗ وَّهُوَ خَيْرُ

نصیحت کی چیز سے ہی روگردان ہو رہے ہیں۔ کیا تم اُنسے کچھ مزدوری مانگتے ہو تو تمہارے پروردگار کی مزدوری سب سے اچھی ہے اور وہ سب سے

الرّٰزِقِيْنَ ۝ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

اچھا رزق دینے والا ہے اور تم ضرور اُنکو راہِ راست کی طرف بلاتے ہو

وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ
اور ضرور وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے راہِ راست سے ہٹ جانیوالے

ربع
لَنٰكِبُوْنَ ۝ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا
ہیں اور اگر ہم اُنپر رحم کریں اور جو تکلیف انکو ہو اُسے رفع کردیں تو وہ اپنی

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ
سرکشی میں اور بڑھ جائیں اور سرگرداں ہوں اور ہمنے انکو عذاب میں گرفتار کیا تو اُنہوں نے

فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ حَتّٰى اِذَا فَتَحْنَا
اپنے پروردگار کے سامنے نہ اظہارِ عجز کیا اور نہ گڑگڑائے یہاں تک کہ جب ہمنے اُنپر

ع ۴
عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝
سخت عذاب کا دروازہ کھولدیا تو اُس میں وہ یکایک ناامید ہونے لگے

وَهُوَ الَّذِيْ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ
اور وہ (خدا) وہی ہے جسنے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کردیے تم کس قدر

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ
کم شکر ادا کرتے ہو! اور وہ وہی ہے جسنے تمکو زمین میں پھیلادیا اور اُسی کی حضور میں

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ
تم جمع کیے جاؤگے اور وہ وہی ہے جو تمہیں جلاتا اور مارتا ہے اور اُسی کے سبب سے

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ بَلْ قَالُوْا
رات کا اور دن کا ادلنا بدلنا ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ بلکہ انہوں نے تو ویسی ہی

مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا
بات کہدی جیسی پہلے لوگ کہا کرتے تھے وہ کہنے لگے کہ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں

وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا
ہوجائینگے تو کیا ہم پھر بھی اُٹھائے جائینگے؟ یہ وعدہ تو ہمسے اور ہمارے باپ دادا سے

هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قُلْ
پہلے ہی سے ہوتا چلا آیا ہے یہ کچھ بھی نہیں ہے سوائے اسکے کہ پہلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں تم یہ کہدو کہ

لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ
یہ زمین کسکی ہے اور جو اس زمین میں ہیں (وہ کسکے ہیں) اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ) قریب ہی کہ وہ یہ کہینگے

لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ
اللہ ہی کے ہیں تم کہدو پھر کیا تم غور نہیں کرتے ؟ تم کہو کہ ساتوں آسمان اور عرش عظیم

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ
کا پروردگار کون ہے ؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے اللہ ہی کے ہیں تم کہدو کہ

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ
پھر کیا تم اُس سے ڈرتے نہیں ؟ تم یہ کہو کہ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جسکے ہاتھ ہر چیز کا اختیار ہے

يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ
اور وہ جسکو چاہتا ہے پناہ دیتا ہے اور اُسکے برخلاف (کسی کو) پناہ نہیں دیجاتی ؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے کہ اللہ

لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ
کے ہاتھ ہے تم کہدو کہ پھر تم کہاں جادو میں گھرے چلے جاتے ہو؟ بلکہ ہم تو اُنکے پاس حق لائے اور وہ ضرور

لَكٰذِبُوْنَ ۝ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ
جھوٹے ہیں نہ تو اللہ نے کوئی بیٹا بنایا اور نہ اُسکے ساتھ کوئی اور خدا

مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ
ہے کہ اُس صورت میں ہر ہر خدا جو کچھ پیدا کرتا اُسی کو لیجاتا اور اُن میں سے ایک دوسرے

عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ عٰلِمِ الْغَيْبِ
پر غالب آجاتا (غرض) جو کچھ بھی یہ بیان کرتے ہیں اللہ اُس سے منزہ اور پاک ہے (وہ) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے

وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ ع ۵ ۱۵ ۵
اور جن چیزوں کو یہ اُسکا شریک ٹھہراتے ہیں اُن سب سے منزہ اور برتر ہے (اے رسولؐ) تم یہ کہو کہ اے میرے پروردگار

مَا يُوعَدُونَ ۝ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝

عذاب کا انہیں وعدہ کیا جاتا ہے اگر تو کبھی وہ مجھے بھی دکھائے تو اے میرے پروردگار تو مجھے ان نافرمان لوگوں کے پاس نہ رکھیو

وَإِنَّا عَلٰى أَنْ نُرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُونَ ۝ اِدْفَعْ

اور ہم ضرور اس بات پر قادر ہیں کہ جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہیں دکھلا دیں (یعنی تمہارے موجود ہوتے ہی نازل کر دیں)

بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝

(اور رسول) تم بدی کو ایسے طریقہ سے دفع کرو جو بہت ہی اچھا ہو جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں ہم اس سے خوب واقف ہیں

وَقُلْ رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِينِ ۝ وَأَ

اور تم یہ دعا کرو کہ اے میرے پروردگار میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے پروردگار

عُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ ۝ حَتّٰى إِذَا جَاءَ

میں اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آ کر بیٹھیں (کافروں کی حالت یہی رہیگی) یہاں تک کہ جب ان میں سے

أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ

کسی کو موت آئیگی تو وہ عرض کریگا کہ اے میرے پروردگار اب مجھے لوٹا دے تاکہ جو کچھ میں چھوڑ آیا ہوں اس میں

صٰلِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ۚ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِنْ

کچھ نیکی کروں (کہا جائیگا کہ) ایسا نہیں ہو سکتا یہ تو ایک بات ہے جو یہ بنا رہا ہے اور ان کے آگے

وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ

اس دن تک کے لیے جس دن وہ مبعوث کیے جائینگے (عالم) برزخ موجود ہے پھر جس وقت صور پھونکا جائیگا

فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ

تو اس دن نہ آپس کے حسب و نسب باقی رہینگے اور نہ باہم پوچھ گچھ کرینگے پس جن کے پلّے بھاری

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ

ہو گئے وہ تو فلاح پانے والے ہوئے اور جن کے پلّے ہلکے رہے پس

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا (اور) ہمیشہ جہنم میں رہنے والے

بعضہم علی بعض یتساءلون (اور ایک دوسرے کے پاس اسکا حال پوچھتا آئیگا) ایسے کہ ایک میں تو صور پھونکے جانیکے وقت کا ذکر ہے اور دوسرے میں

خٰلِدُوْنَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا

ہوئے ۔ آگ اُنکے چہروں کو جھلس دیگی اور وہ اُس میں بد صورت

كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

ہو جائینگے ۔ کیا میری آیتیں تم پر نہیں پڑھی جاتی تھیں ۔ پھر تم اُنکو جھٹلایا کرتے

تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا

تھے؟ عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہماری کم بختی ہم پر غالب آگئی تھی اور ہم گمراہ لوگ

قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

ہو گئے تھے ۔ اے ہمارے پروردگار اِس میں سے ہمکو نکال لے پھر اگر ہم ایسا کریں تو ہم ضرور

ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ

ظالم ہونگے ۔ (خدا) فرمائیگا اِسی میں ذلیل پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو ۔ بیشک میرے بندوں میں سے

فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

ایک گروہ ایسا بھی تھا جو یہ کہا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمارے گناہ بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے اچھا رحم کرنے والا ہے ۔ پس تم اُنکا مذاق بنایا کرتے تھے

حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ

یہاں تک کہ اُنہوں نے تمکو میری یاد بھلا دی تھی اور تم اُنسے ٹھٹھا ہی کرتے رہتے تھے ۔ آج جیسا کہ

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

اُنہوں نے صبر کیا تھا اُنکو میں نے جزا دی کہ وہ کامیاب ہیں

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا

(پھر) دریافت فرمائیگا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے ہوگے؟ عرض کرینگے کہ ایک دن

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

یا دن کا کچھ حصّہ ۔ پس تو گننے والوں سے پوچھ لے ۔ فرمائیگا کہ ہاں تم تھوڑے ہی

إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا

رہے ہوگے کاش ہیں سمجھے ہوتے کیا تمنے یہ گمان کرلیا تھا کہ ہمنے

خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ۝ فَتَعَالَى

تمکو بیفائدہ پیدا کیا - اور یہ کہ تم ہماری حضور میں پلٹ کر نہ آؤگے پس خدا بادشاہ

اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

برحق برتر ہے سوائے اسکے کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک

الْكَرِيمِ ۝ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ

ہے اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکاریگا جسکے بارے میں اسکے پاس کوئی دلیل

لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ۝

نہیں تو سوائے اسکے نہیں ہو کہ اسکا حساب خدا کے پاس رہیگا یقیناً کافر فلاح نہ پائینگے

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ۝ ع ٦

اور تم یہ کہدو کہ اے میرے پروردگار تو بخشدے اور رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنیوالا ہے

سُورَةُ النُّورِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ

یہ ایک سورہ ہے جسکو ہمنے نازل کیا اور جسکو ہمنے فرض گردانا اور اس میں ہمنے کھلے (کھلے)

بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي

احکام نازل کیے تاکہ تم یاد رکھو زنا کرنیوالی عورت اور زنا کرنیوالا مرد

فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ

ان میں سے ہر ایک کو (سو) سو کوڑے لگاؤ

وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ
اور اُن دونوں کے بارے میں قانون خدا کے اجرا میں تمکو رحم نہ آجائے بشرطیکہ تم اللہ پر اور

تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ
قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور یہ (بھی) ضرور ہے کہ اُنکی سزا کے وقت مومنوں کا

مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ الزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً ز
ایک گروہ موجود ہو زناکرنیوالا مرد سوائے زناکرنیوالی عورت یا مشرک عورت کے کسی سے نکاح

وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ
نہ کرنے پائے اور زناکار عورت سے سوائے زناکار مرد کے یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہ کرنے پائے اور یہ نکاح

عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا
مومنوں پر حرام کیا گیا ہے اور جو لوگ شوہر والی عورتوں پر الزام لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کرسکیں

بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمٰنِينَ جَلْدَةً وَّلَا
تو اُنکو (اسّی) اسّی کوڑے لگاؤ اور اُنکی

تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا ۚ وَأُولٰئِكَ هُمُ
گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہ ضرور

الْفٰسِقُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ
نافرمان ہیں سوائے اُنکے جو اسکے بعد توبہ کرلیں اور (خرابی کی)

أَصْلَحُوا ۚ فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ
اصلاح کرلیں تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو لوگ اپنی ازواج پر

أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ
اتہام لگائیں اور سوائے اُنکی ذات کے اور کوئی گواہ نہو تو اُنکی اکیلے کی گواہی

أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصّٰدِقِينَ ۝ وَ
یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر گواہی دے کہ میں سچا ہوں

وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ
اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر خدا کی
الْكَاذِبِينَ ○ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ
لعنت ہو اور اُس عورت سے سزا کو یہ بات ٹال دیگی کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر
شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ○ وَالْخَامِسَةَ
یہ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے
أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○ وَلَوْلَا
کہ اگر وہ سچا ہے تو مجھ پر خدا کا غضب (نازل) ہو اور اگر تم پر
فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ
خدا کا فضل اور اُسکی رحمت نہوتی (تو یہ فائدے کیسے تعلیم کرتا) اور بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا دانا ہے
حَكِيمٌ ○ إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ
حکمت والا ہے بیشک جن لوگوں نے تہمت لگائی وہ تم ہی میں سے ایک گروہ ہے
لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ
اُسکو اپنے حق میں برا نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے اُن میں سے ہر شخص کے لیے
مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ
جو گناہ (جس) وہ کریگا وہی ہے اور جو اُن میں سے گناہ کا بڑا حصہ لیگا اسی کے لیے
لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ
بڑا عذاب ہے جو تہمت کرتے اسکو سنا تھا تو مومن
الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا
مردوں اور مومن عورتوں نے نیک گمان کیوں نہ کیا اور یہ کیوں نہ کہا کہ
هَٰذَا إِفْكٌ مُبِينٌ ○ لَوْلَا جَاءُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ
یہ صریح بہتان ہے وہ اس بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے

فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ

پس جب چار گواہ نہ لائے تو وہ اللہ کے نزدیک ضرور جھوٹے

الْكٰذِبُوْنَ ○ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي

ہیں اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر خدا کا فضل اور اُسکی رحمت نہ ہوتی

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ

تو جس بات کا تمنے چرچا کیا تھا اُسکے سبب سے تم پر بڑا عذاب نازل

عَظِيْمٌ ○ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ

ہوتا جبکہ تم اُسکو ایک دوسرے کی زبان سے نقل کرتے تھے اور اپنے

مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ

منہ سے وہ کچھ کہتے تھے جسکا تمکو علم نہیں ہے اور اُسکو خفیف سی بات سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ

عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ○ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا

کے نزدیک بڑی بات تھی اور جبوقت تمنے اسکو سُنا تھا یہ کیوں نہ کہا کہ ہمیں کیا پڑی ہے

يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ

کہ ہم اِسکے بارے میں کلام کریں حاشا وکلا یہ تو بہت بڑا بہتان ہے

عَظِيْمٌ ○ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ

خدا تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم مومن ہو تو پھر ایسا کبھی

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

نہ کرنا اور اللہ تم سے اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور)

حَكِيْمٌ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي

حکمت والا ہے یقیناً وہ لوگ جو اس بات کو دوست رکھتے ہیں کہ ایمان لانیوالوں میں بیحیائی کی باتیں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

رائج ہوں اُنکے لیے دنیا میں (بھی) دردناک عذاب ہے اور آخرت میں (بھی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور اللہ (اسکو) خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اُسکی رحمت نہ ہوتی

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(تو وہ تم پر جلد عذاب نازل کرتا) اور بیشک اللہ بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو شیطان

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ

کے قدم بقدم نہ چلو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم

الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا

چلیگا تو وہ ضرور اُسکو بیحیائی اور بدی کی باتوں کا حکم دیگا اور اگر تم پر اللہ کا

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ

فضل اور اُسکی رحمت کی نظر نہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی پاک ہی

اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

نہوتا ولیکن اللہ جسکو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي

اور تم میں سے مالدار اور صاحب مقدور لوگ یہ قسم نہ کھا بیٹھیں کہ وہ رشتہ داروں کو

الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۠ وَلْيَعْفُوْا

اور مساکین کو اور راہ خدا میں ہجرت کرنیوالوں کو کچھ نہ دینگے اور اُنکو چاہیے کہ

وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

معاف کر دیں اور درگزر کریں آیا تم اسکو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالےٰ تمہارے گناہ بخشدے اور اللہ بڑا

رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ بالتحقیق جو لوگ پاکدامن بیخبر ایماندار عورتوں پر عیب لگاتے ہیں

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ

اُن پر دنیا میں (بھی) لعنت کی گئی ہے اور آخرت میں (بھی) اور اُنکے لیے بہت بڑا عذاب

عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَ

ہے جس دن اُنکی زبانیں اور اُنکے ہاتھ اور اُنکے پاؤں اُنکی کرتوتوں کے بارے میں

أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ

اُنکے برخلاف گواہی دینگے اُسی دن اللہ تعالے اُنکا ٹھیک ٹھیک

دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝

بدلہ اُنکو پورا پورا دیگا اور وہ یہ جان لینگے کہ اللہ وہی تو حق صریح ہے

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ

بری بری (باتیں) برے لوگوں کے لیے (زیبا) ہیں اور برے لوگ بری باتوں) کے لیے (موزوں) ہیں اور اچھی اچھی

لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ

اچھے لوگوں کے لیے (مناسب) ہیں اور اچھے لوگ اچھی اچھی (باتوں) کے لیے (موزوں) ہیں یہ (اچھے) لوگ اُن باتوں سے جو (برے

مِمَّا يَقُولُونَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ ع ٣

لوگ) بکتے ہیں بری ہیں اُنکے لیے گناہوں کی بخشش (بھی) ہے اور آبرو کی روزی (بھی)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ

اے ایمان لانیوالو اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں جب تک کہ اجازت نہ لیلو اور

تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

اُنکے رہنے والوں پر سلام نہ کرلو نہ جا گھسنا یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا

تاکہ تم نصیحت پاؤ پھر اگر تم اُن میں کسی کو نہ پاؤ تو جب تک

تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا

تمکو اجازت نہو ہرگز اُن میں نہ جاؤ اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوا هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝

تو پلٹ جاؤ یہی تمہارے لیے بہتر ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ

اس بارے میں تم پر کوئی الزام نہیں ہے کہ تم ایسے گھروں میں جاؤ جن میں کوئی

فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

رہتا نہ ہو اور اُن میں تمہارا کچھ فائدہ ہو اور اللہ اسکو خوب جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُوْنَ ۝ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ

کچھ تم چھپاتے ہو (اے رسولؐ) مومنوں سے کہدو کہ وہ اپنی آنکھیں بند رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو

يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ

(غیروں کی نظر سے) بچائیں یہ اُنکے لیے بہتر ہے بیشک خدا اُن چیزوں سے واقف ہے

بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ

جو کچھ وہ کرتے رہتے ہیں اور تم مومن عورتوں سے بھی کہدو کہ وہ اپنی آنکھوں کو بند

اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ

رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو (غیروں کی نظر سے) بچائیں اور اپنے بناؤ سنگار کو سوائے اُسکے جو

اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ

خود بخود ظاہر ہوتا ظاہر نہ کریں اور انکو لازم ہے کہ اپنے گریبانوں پر سے اپنے دوپٹے گلے میں ڈالے رہیں

وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ

اور اپنا بناؤ سنگار کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ داداؤں کے یا اپنے

بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ

شوہروں کے باپ داداؤں کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں کے

اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ

یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب) عورتوں کے یا اپنے لونڈی

اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ

غلاموں کے یا ایسے نوکر مردوں کے جنکو عورتوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے یا ایسے لڑکوں کے

الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ

جو ابھی عورتوں کے بھیدوں سے واقف (یعنی بالغ) نہ ہوئے ہوں اور عورتیں (چلنے میں) اپنے

بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوا

پاؤں (اس غرض سے) زمین پر (زور سے) نہ ماریں کہ جو زینت وہ چھپائے ہوئی ہیں وہ ظاہر ہو جائے اور اے مومنو!

إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

تم سب کے سب خدا کے حضور میں توبہ کرو تاکہ تم سب فلاح پاؤ

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ

اور تم میں سے جو مرد بے زوجہ ہوں اور جو عورتیں بے شوہر ہوں انکے اور تمہاری لونڈی غلاموں میں سے

إِمَائِكُمْ ۚ إِن يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ

نکاح کے قابل ہوں انکے نکاح کردو اگر وہ محتاج ہونگے تو اللہ تعالے اپنے فضل سے انکو غنی کر دیگا

وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ○ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ

اور اللہ صاحب وسعت (اور) صاحب علم ہے اور جن کو تم میں سے نکاح میسر نہ ہو انکو عفت برتنی

نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ

چاہیے یہاں تک کہ اللہ تعالے انکو اپنے فضل سے غنی کردے اور تمہارے لونڈی غلام جو

الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ

مکاتبت کے خواستگار ہوں تو اگر تم اُن میں نیکی کے آثار پاؤ تو اُنسے مکاتبت

فِيهِمْ خَيْرًا ۖ وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ ۚ وَلَا

کرلو اور اُنکو اُس مال میں سے جو خدا نے تمکو عطا کیا ہے کچھ دو اور

تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوا

تمہاری لونڈیاں اگر پاکدامنی کی خواستگار ہوں تو انکو بدکاری پر مجبور نہ کرو کہ اُس سے تم کچھ

عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللَّهَ مِن بَعْدِ

دنیا کا نفع اٹھا لو اور جو انکو مجبور کریگا تو اللہ اُنکے مجبور کرنیکے بعد

اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ

(اُنکے بارے میں) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور بیشک ہمنے تمہاری طرف کھلی کھلی نشانیاں اور

مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَ

اُن لوگوں کے جو تم سے پہلے گزر گئے ہیں قصے اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت

مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ع ٨

نازل کی ہے اللہ آسمانوں کا اور زمین کا روشن کرنیوالا ہے

مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ

اُسکے نور کی مثال اُس روشندان کی سی ہے جسمیں ایک بڑا روشن چراغ ہو وہ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہو

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

اور وہ قندیل ایسی ہو جیسے ایک چمکتا ہوا تارا اور زیتون کے مبارک درخت کے تیل سے

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ

روشن ہو جو نہ شرقی ہے اور نہ غربی قریب ہے کہ اُسکا تیل خود بخود روشن

وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ

ہو جائے گو آگ اُسکو نہ چھوئے وہ نور بالائے نور ہے اللہ جسکو چاہتا ہے اپنے نور کی

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

راہ بتلا دیتا ہے اور اللہ آدمیوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا)

عَلِيْمٌ ۝ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

جاننے والا ہے (یہ چراغ) ایسے گھروں میں ہے جنکی نسبت خدا نے حکم دیا ہے کہ اُنکی تعظیم کیجائے اور اُسکا نام

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ

اُن میں لیا جائے۔ اُن میں صبح و شام اُسکی پاکیزگی ایسے لوگ بیان کرتے رہتے ہیں جنکو یادِ خدا سے اور نماز پڑھنے سے

تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ

اور زکوٰۃ دینے سے نہ تو تجارت باز رکھتی ہے اور نہ کوئی خرید و فروخت

اُسنے تجارت چھوڑ دی حضرتؐ نے تین مرتبہ فرمایا کہ یہ تو شیطان کا کام ہے۔ کیا اُسکو یہ خبر نہیں کہ جناب رسولِ خدا نے ایک بڑے قافلہ کا مال جو شام سے آیا تھا خرید لیا

يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝

وہ اُس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں اُلٹ پلٹ ہو جائینگی

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن

تاکہ جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے اللہ اُس سے اچھا بدلہ اُنہیں دے اور اپنے فضل سے اُنکے لیے کچھ

فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اور بڑھاوے اور اللہ جسکو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرمادیتا ہے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ

اور جو لوگ کافر ہو گئے اُنکے اعمال ایسے ہیں جیسے کہ چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا اُسکو

الظَّمْآنُ مَاءً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَوَجَدَ اللَّهَ

پانی خیال کر لیتا ہے یہاں تک کہ جب اُسکے پاس پہنچا تو اُسکو کوئی چیز نہیں پایا اور اللہ کو اپنے

عِندَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ ۗ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ أَوْ

پاس پایگا پھر وہ اُسکا پورا پورا حساب کر دیگا اور اللہ سب سے جلد حساب کرنیوالا ہے یا اُن کافروں کے

كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ

(اعمال) اُن اندھیروں کے مانند ہیں جو گہرے سمندر میں ہوں کہ اُسکو موج نے ڈھانپ رکھا ہو اور

مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ۚ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا

اُس موج پر ایک اور موج ہو اور اُس موج پر ایک بادل ہو اسطرح اندھیریاں ایک کے اوپر ایک ہوں کہ جب کوئی

أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا ۗ وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ

اپنا ہاتھ نکالے تو اُسکو بھی دیکھ سکے اور جسکے لیے خدا کوئی روشنی قرار نہ دے اُسکے لیے

نُورًا فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَن ع ۵ ۱۱

کوئی روشنی ہو ہی نہیں سکتی کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں

فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ ۖ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ

ہیں اور پر پھیلا کر اُڑنیوالے پرندے اللہ ہی کی تسبیح کرتے رہتے ہیں ہر ایک اُن میں سے اپنی اپنی نماز

ربع

وَتَسْبِيحَهُ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ

اور اپنی اپنی تسبیح کو خوب جانتا ہے اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اللہ اس سے خوب واقف ہے — اور آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ

بادشاہت اللہ ہی کی ہے — اور اللہ ہی کیطرف سب کی بازگشت ہے — کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ

يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى

اللہ بادل کو ہانک لاتا ہے پھر اس (کے ٹکڑوں) کو آپس میں جوڑ دیتا ہے پھر انکو تہ بہ تہ رکھ دیتا ہے

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ جِبَالٍ

پھر تم انکے بیچ میں سے مینہ کو نکلتے ہوئے دیکھتے ہو — اور اللہ آسمان سے پہاڑ کی شکل کے بادلوں سے

فِيهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ

اولے برساتا ہے — پھر ان اولوں سے جسکو چاہتا ہے صدمہ پہنچاتا ہے اور جس سے چاہتا ہے انکو ہٹا دیتا

يَشَاءُ ۖ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ ۝ يُقَلِّبُ اللَّهُ

ہے — قریب ہے کہ اسکی بجلی کی چمک بصارتوں کو غارت کر دے — اللہ رات کو اور

اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ۝

دن کو الٹتا بدلتا رہتا ہے — بیشک اس میں سمجھنے والوں کے لیے عبرت (موجود) ہے

وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ ۖ فَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلٰى

اور اللہ نے ہر چلنے والا پانی سے پیدا کیا — پس ان میں سے بعض تو ایسے ہیں جو اپنے پیٹ کے

بَطْنِهِ ۚ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلٰى

بل چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو دو پاؤں پر چلتے ہیں — اور بعض ایسے ہیں جو چار پر

أَرْبَعٍ ۚ يَخْلُقُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

چلتے ہیں — اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے — بیشک اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے

لَقَدْ أَنْزَلْنَا آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ ۚ وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلٰى

یقیناً ہمنے حقیقتوں کی کھولنے والی آیتیں نازل کیں اور اللہ جسکو چاہتا ہے راہ راست تک

صراط مستقيم ○ ويقولون امنا بالله وبالرسول و

پہنچا دیتا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اسکے رسول پر ایمان لائے اور

اطعنا ثم يتولى فريق منهم من بعد ذلك وما اولئك

اسکے مطیع ہیں پھر اسکے بعد انہی میں سے ایک گروہ پھر جاتا ہے اور وہ مومن

بالمؤمنين ○ واذا دعوا الى الله ورسوله ليحكم

نہیں ہیں اور جب وہ اللہ کی اور اسکے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں کہ رسول

بينهم اذا فريق منهم معرضون ○ وان يكن لهم

انکے مابین فیصلہ کرے تو یکایک انہی میں سے ایک گروہ روگرداں ہوجاتا ہے اور اگر انکا کوئی حق (حصہ)

الحق ياتوا اليه مذعنين ○ افي قلوبهم مرض

ہوتا ہے تو فرمانبرداری کرتے رسول کے پاس چلے آتے ہیں آیا انکے دلوں میں کوئی روگ ہے

ام ارتابوا ام يخافون ان يحيف الله عليهم ورسوله

یا یہ شک میں پڑے ہوئے ہیں یا اس بات سے ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اسکا رسول ان پر کوئی ظلم کرے

بل اولئك هم الظلمون ○ انما كان قول المؤمنين ع

(یہ کچھ نہیں) بلکہ حقیقت میں یہ ہیں ہی نافرمان مومنوں کا قول تو جس وقت (بھی) وہ

اذا دعوا الى الله ورسوله ليحكم بينهم ان يقولوا

خدا اور اسکے رسول کی طرف اس غرض سے بلائے جائیں کہ رسول انکے مابین فیصلہ کرے اسکے سوا

سمعنا واطعنا واولئك هم المفلحون ○ و

اور کچھ ہوتا ہی نہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں اور

من يطع الله ورسوله ويخش الله ويتقه

جو اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کریگا اور خدا سے ڈریگا اور اس (کی مخالفت) سے بچتا رہیگا

فاولئك هم الفائزون ○ واقسموا بالله جهد

پس ایسے ہی لوگ تو کامیاب ہونیوالے ہیں اور وہ اپنے مقدور بھر اللہ کی قسمیں کھاکر

أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ۖ قُلْ لَا تُقْسِمُوا ۖ

کھائیں کہ اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم ضرور نکل کھڑے ہونگے تم کہدینا کہ تم قسمیں نہ کھاؤ

طَاعَةٌ مَعْرُوفَةٌ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ قُلْ

نیک اطاعت مطلوب ہے (خالی خولی قسمیں نہیں) بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے تم کہدینا کہ

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ۖ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ

تم اللہ کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو پھر اگر تم روگرداں ہوگے تو سوا اسکے نہیں ہے کہ

مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ ۖ وَإِنْ تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا ۚ

رسول کے ذمہ اسکی جواب دہی ہے جس پر وہ مامور کیا گیا ہے اور تمہارے ذمہ اسکی جوابدہی جس پر تم مامور کیے گئے ہو اور اگر تم

وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ

اسکی اطاعت کرو گے تو راہ پالو گے اور رسول کے ذمہ تو سوائے واضح طور پر احکام پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے ان سب کو جو تم میں سے

آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي

ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے اللہ نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ضرور انکو اس زمین میں

الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ

جانشین بنائیگا جیسا کہ انکے پہلوں کو جانشین بنایا تھا اور ضرور انکے دین کو

لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ

جو انکے لیے پسند کرلیا ہے انکی خاطر سے پائدار کردیگا اور ضرور انکے خوف کو امن سے

بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ

بدل دیگا اسوقت وہ میری ہی عبادت کرینگے اور کسی چیز کو میرا شریک نہ ٹھہرائینگے

وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝

اور جو اسکے بعد ناشکری کریگا پس نافرمان وہی ہیں

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور رسول کی اطاعت کرو

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ

تاکہ تم پر رحم کیا جائے اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے زمین میں خدا کا عاجز کرنیوالا

فِي الْأَرْضِ ۚ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ ع ۱۳

ہرگز خیال نہ کرو اور انکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری بازگشت ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ

اے ایمان لانیوالو لازم ہے کہ تمہارے لونڈی غلام اور جو تم میں سے (ابھی) بلوغ کو

أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۚ

نہ پہنچے ہوں (وہ تمہارے پاس آنیکے لیے دن رات میں) تین مرتبہ تم سے اجازت لیا کریں

مِنْ قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ

(ایک) نماز فجر سے پہلے اور (دوسرے) جب تم دوپہر کو (قیلولہ کے لیے) اپنے کپڑے اتار دیتے ہو

مِنَ الظَّهِيرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ۚ ثَلَاثُ

اور (تیسرے) نماز عشا کے بعد یہ تینوں

عَوْرَاتٍ لَكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ

تمہارے تخلیے کے وقت ہیں انکے بعد بلا اجازت آنے جانے میں نہ تمہارے ذمہ کوئی الزام

بَعْدَهُنَّ ۚ طَوَّافُونَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ

ہے اور نہ انکے ذمہ کہ تم ایک دوسرے کے پاس بکثرت آتے جاتے ہی رہتے ہو

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝

اللہ اس طرح تمہارے لیے احکام کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا

اور جب تمہارے بچے بالغ ہوجائیں تو انکو لازم ہے کہ اسی طرح اجازت طلب کیا کریں جسطرح ان سے

اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

بزرگ) انکے پہلے سے اجازت طلب کیا کرتے تھے اس طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لیے کھولکر بیان

المنزل ۴

لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ

کرتا ہے اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے اور (بڑی) بوڑھی عورتیں جنکو

الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ

نکاح کی امید باقی نہو تو اگر وہ اپنا برقع وغیرہ اُتار دیا کریں تو اُنکے ذمہ

يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ

کچھ الزام نہیں ہے جس حال میں کہ اُنکو اپنے بناؤ سنگار کا اظہار منظور نہو اور اگر

يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ

وہ اس سے بھی باز رہیں تو یہ اُنکے لیے اور بہتر ہے اور اللہ (سننے والا اور) جاننے والا ہے نہ کسی

عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى

اندھے کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ لنگڑے کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ کسی بیمار کے

الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ

ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ تمہارے اپنے ذمہ اس میں کہ تم کھانا اپنے گھروں سے کھاؤ

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ

یا اپنے باپ داداؤں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں

اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں

عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا

کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جہاں کی

مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

کنجیاں تمہارے ہاتھ ہوں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے اس میں بھی تمپر کوئی الزام نہیں ہے

اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا

کہ تم اکٹھے ہوکر کھاؤ یا الگ الگ پھر جب تم گھروں میں آؤ تو اپنی ذات پر

عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ تَحِيَّةً مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ

سلام کرو یہ اللہ کی طرف سے نفیس برکت والا تحفہ ہے

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ۝ ع

اس طرح اللہ تم سے اپنے احکام کھولکر بیان کرتا ہے کہ تم سمجھ لو

اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَاِذَا

سوائے اسکے نہیں کہ مومن وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور اسکے رسول پر ایمان لاتے ہیں اور

كَانُوۡا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمۡرٍ جَامِعٍ لَّمۡ يَذۡهَبُوۡا حَتّٰى يَسۡتَاۡذِنُوۡهُ ؕ

جب کسی مجمع کے موقع پر رسول کے ساتھ ہوتے ہیں تو جب تک اُنسے اجازت نہ لےلیں چلے نہیں جاتے

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَسۡتَاۡذِنُوۡنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ

بیشک جو لوگ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی تو اللہ پر اور اُسکے رسول پر

بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ۚ فَاِذَا اسۡتَاۡذَنُوۡكَ لِبَعۡضِ شَاۡنِهِمۡ فَاۡذَنۡ

ایمان رکھتے ہیں پھر جب وہ تم سے اپنے کسی خاص کام کے لیے اجازت چاہیں تو

لِّمَنۡ شِئۡتَ مِنۡهُمۡ وَاسۡتَغۡفِرۡ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اُن میں سے تم جسکو چاہو اجازت دیدیا کرو اور اُنکے لیے خدا سے مغفرت طلب کیا کرو بیشک اللہ بڑا

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝ لَا تَجۡعَلُوۡا دُعَآءَ الرَّسُوۡلِ بَيۡنَكُمۡ كَدُعَآءِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے رسول کے پکارنے کو تم ایسا قرار نہ دو جیسا کہ تم اپنے مابین ایک دوسرے

بَعۡضِكُمۡ بَعۡضًا ؕ قَدۡ يَعۡلَمُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ يَتَسَلَّلُوۡنَ مِنۡكُمۡ لِوَاذًا ۚ

کو پکارتے ہو اللہ اُن لوگوں کو خوب جانتا ہے جو تم میں سے چپ چاپ کھسک جاتے ہیں

فَلۡيَحۡذَرِ الَّذِيۡنَ يُخَالِفُوۡنَ عَنۡ اَمۡرِهٖۤ اَنۡ تُصِيۡبَهُمۡ فِتۡنَةٌ

پس اُن لوگوں کو جو امر رسول سے مخالفت کرتے ہیں اس بات سے ڈرتے رہنا چاہیے کہ انپر کوئی مصیبت

اَوۡ يُصِيۡبَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

یا اُنکو دردناک عذاب پہنچے خبردار رہو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَالۡاَرۡضِ ؕ قَدۡ يَعۡلَمُ مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ ؕ وَيَوۡمَ يُرۡجَعُوۡنَ اِلَيۡهِ

وہ اللہ ہی کا ہے تم جس روش پر ہو اُسے وہ خوب جانتا ہے اور جسدن وہ اُسکی حضور میں لوٹائے جائینگے

ع ٣ ٩ ١٥ فَيُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ۞

تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ اُنکو اُس سے آگاہ کر دیگا اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے

سُوۡرَةُ الۡفُرۡقَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبۡعٌ وَّسَبۡعُوۡنَ اٰيَةً

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۞

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے (جو) رحمن (و) رحیم

تَبٰرَكَ الَّذِىۡ نَزَّلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰى عَبۡدِهٖ لِيَكُوۡنَ

صاحب برکت ہے وہ جسنے اپنے بندے پر (حق و باطل کی) جانچ نازل کی کہ وہ تمام عالموں کے

لِلۡعٰلَمِيۡنَ نَذِيۡرَا ۙ ۞ اۨلَّذِىۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

لیے ڈرانیوالا ہو وہ وہی ہے جسکے لیے آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت

وَالۡاَرۡضِ وَلَمۡ يَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ شَرِيۡكٌ فِى الۡمُلۡكِ

(مسلّم) ہے اور اُسنے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور نہ سلطنت کے معاملہ میں کوئی اُسکا شریک ہوا اور اُسنے

وَخَلَقَ كُلَّ شَىۡءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقۡدِيۡرًا ۞ وَاتَّخَذُوۡا مِنۡ

ہر چیز کو پیدا کیا پھر اُسکا ایسا اندازہ کر دیا جیسا کہ اندازہ کرنیکا حق ہے اور اُنہوں نے اُسے چھوڑ کر

دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا يَخۡلُقُوۡنَ شَيۡـًٔا وَّهُمۡ يُخۡلَقُوۡنَ

ایسے خدا بنا لیے ہیں جو ایک چیز (بھی) نہیں بناتے بلکہ خود بنائے جاتے ہیں

وَلَا يَمۡلِكُوۡنَ لِاَنۡفُسِهِمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا وَّلَا يَمۡلِكُوۡنَ

اور نہ وہ اپنی ذات کے لیے کسی نفع یا ضرر کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی کی موت کا اختیار

مَوۡتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوۡرًا ۞ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا

رکھتے ہیں اور نہ کسی کی زندگی کا اور نہ کسی کو دوبارہ اُٹھانیکا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہو گئے یہ کہدیا

[1] فَقَدَّرَهٗ تَقۡدِيۡرًا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امام رضا علیہ السلام نے کسی شخص سے دریافت کیا کہ تو جانتا ہے تقدیر کیا ہے؟ اُسنے عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ اجل اور رزق اور بقاء اور فناء کی حدود کا مقرر کر دینا تقدیر ہے۔ پھر حضرت نے دریافت کیا کہ جانتا ہے قضا کیا ہے؟ اُسنے عرض کی نہیں۔ فرمایا

إِنْ هٰذَآ إِلَّآ إِفْكٌ ٱفْتَرٰىهُ وَأَعَانَهُۥ عَلَيْهِ قَوْمٌ

کہ یہ تو نرا جھوٹ ہے جو اس شخص نے بنا لیا ہے اور اور لوگوں نے اسکے بنانے میں اسکی

ءَاخَرُونَ ۛ فَقَدْ جَآءُو ظُلْمًا وَزُورًا ۝ وَقَالُوٓا۟

مدد کی ہے پس اُن لوگوں نے نہایت ناانصافی کی اور جھوٹ بولا جس حال میں یہ کہہ یا کہ

أَسَٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ ٱكْتَتَبَهَا فَهِىَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً

یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں جو اس شخص نے لکھوالی ہیں اور صبح و شام اِسکو لکھوا دیجاتی

وَأَصِيلًا ۝ قُلْ أَنزَلَهُ ٱلَّذِى يَعْلَمُ ٱلسِّرَّ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ

ہیں تم یہ کہدو کہ اسکو تو اُسنے اُتارا ہے جو آسمانوں کی اور زمین کی سب پوشیدہ

وَٱلْأَرْضِ ۚ إِنَّهُۥ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ وَقَالُوا۟ مَالِ هَٰذَا

چیزوں کو جانتا ہے بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور انہوں نے یہ کہدیا کہ اِس

ٱلرَّسُولِ يَأْكُلُ ٱلطَّعَامَ وَيَمْشِى فِى ٱلْأَسْوَاقِ ۙ لَوْلَآ

کو کیا ہو گیا ہے یہ تو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اِسکے پاس

أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُۥ نَذِيرًا ۝ أَوْ يُلْقَىٰٓ

کوئی فرشتہ کیوں نہ بھیجا گیا کہ وہ اِسکے ساتھ ڈرانیوالا ہوتا یا اسپر خزانہ کیوں

إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُۥ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا ۚ وَقَالَ

نہ ڈالدیا گیا یا اِسکا کوئی باغ کیوں نہ ہوا کہ یہ اُس میں سے کھاتا اور نافرمان

ٱلظَّٰلِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا ۝

یہ کہتے ہیں کہ تم تو ایک سحر زدہ شخص کی پیروی کر رہے ہو

ٱنظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا۟ لَكَ ٱلْأَمْثَالَ فَضَلُّوا۟

دیکھو تو انہوں نے تمہارے لیے کیسی کیسی مثلیں بیان کیں پس خود ہی گمراہ ہو گئے

ع ١ ١٦ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ۝ تَبَارَكَ ٱلَّذِىٓ

سو (اب) راہ نہ پاسکینگے صاحب برکت ہے وہ جو

إِن شَاءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّن ذَٰلِكَ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اگر چاہتا تو تمہارے لیے اس سے بہتر مقرر کر دیتا (یعنی) ایسے باغات جنکے نیچے ندیاں

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَيَجْعَل لَّكَ قُصُورًا ۝ بَلْ كَذَّبُوا

بہتی ہوتیں اور تمہارے لیے بہت سے محل بنا دیتا بلکہ انہوں نے تو

بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ۝

قیامت کو جھٹلایا حالانکہ جنہوں نے قیامت کو جھٹلایا اُنکے لیے ہمنے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کی ہے

إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَ

جو اُنکو دور سے دیکھیگی تو یہ اُسکے جوش و خروش کی آواز

زَفِيرًا ۝ وَإِذَا أُلْقُوا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِينَ

سن لینگے اور جب اُسکے کسی کونے میں جکڑ کر ڈالدیے جاینگے تو وہاں موت ہی

دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُورًا ۝ لَّا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُورًا وَاحِدًا

موت پکارینگے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج ایک ہی موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی

وَادْعُوا ثُبُورًا كَثِيرًا ۝ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ

موتوں کو پکارو (اے رسولؐ) تم کہدو کہ آیا یہ بہتر ہے یا وہ ہمیشہ کی بہشت

الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً

جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ اُنکا بدلہ اور اُنکی بازگشت

وَمَصِيرًا ۝ لَّهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ خَالِدِينَ ۚ كَانَ

ہوگی جو کچھ وہ چاہینگے وہ اُس میں ملیگا وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہونگے یہ ایک وعدہ ہے

عَلَىٰ رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُولًا ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

جسکا ایفا تمہارے رب کے ذمہ لازم ہے (لوگ) جسکا سوال کیا جائیگا اور جسدن خدا اُنکو اور جمع کریگا اور

يَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَقُولُ أَأَنتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِي

اُنکو بھی جنکی یہ خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے پھر اُنسے فرمائیگا کہ آیا تم نے میرے اِن بندوں کو گمراہ کیا

هٰؤُلَاۤءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

یا یہ خود ہی راہ راست سے بھٹک گئے ؟ تو وہ یہ کہینگے تیری ذات منزہ ہے

مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

ہمیں کیا پڑی تھی کہ ہم تیرے سوا دوسرے (دوسرے) کارساز

مِنْ اَوْلِيَاۤءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَاۤءَهُمْ حَتّٰى

بناتے لیکن تونے انکو اور انکے باپ داداؤں کو نعمتیں دی تھیں یہانتک کہ

نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًاۢ بُوْرًا ۝ فَقَدْ

یہ تیری یاد اور نصیحت کو بھول گئے اور یہ لوگ ہلاک ہوجانے ہی کے قابل تھے (اسوقت ہم کہینگے)

كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ

جو کچھ تم کہتے تھے اس میں تو (تمہارے ان معبودوں ہی نے) تمکو جھٹلادیا پھر نہ تم عذاب کو ہٹا سکو گے

صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ

اور نہ مدد لاسکو گے اور جو تم میں سے نافرمانی کریگا

نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ۝ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا

ہم اسکو بڑا عذاب چکھائینگے اور ہمنے تم سے پہلے جو

قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّاۤ اِنَّهُمْ

رسول بھیجے تھے وہ کھانا (بھی)

لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي

کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں (بھی) چلا پھرا

الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ

کرتے تھے اور ہمنے تم میں سے ایک کو دوسرے کے لیے آزمائش مقرر کردیا ہے

اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝ ع ٢ ١٧

آیا اب بھی تم صبر کرسکو گے ؟ حالانکہ تمہارا پروردگار (سب کا) نگراں ہے

الجزء التاسع عشر ۱۹

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَوْلَا

اور اُن لوگوں نے جو ہماری حضور میں آنیکی امید نہیں رکھتے یہ کہدیا کہ ہم پر

أُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ نَرٰى رَبَّنَا لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا

فرشتے کیوں نہیں نازل کیجاتے یا ہم اپنے پروردگار کو کیوں نہیں دیکھتے یقیناً اُنہوں نے اپنے دلوں میں

فِيٓ أَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيرًا ۝ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ

بہت ہی تکبر کیا اور بہت ہی بڑی سرکشی کی جس دن وہ فرشتوں کو دیکھینگے اُس دن

لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا مَحْجُورًا ۝

قصور واروں کے لیے کوئی خوشخبری نہیں ہے اور وہ یہ کہینگے (ہمارے اور اُنکے مابین) کوئی روک کر دی جائے

وَقَدِمْنَا إِلٰى مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً

اور جو عمل بھی اُنہوں نے کیا ہوگا ہم اُسکی طرف متوجہ ہونگے پس اُسکو بکھری ہوئی خاک

مَنْثُورًا ۝ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُسْتَقَرًّا وَأَحْسَنُ

کر دینگے جنت والے اُس دن اچھی سے اچھی آرامگاہ اور بہتر سے بہتر خوابگاہ

مَقِيلًا ۝ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ

میں ہونگے اور اُس دن آسمان ایک بدلی (کے سبب) سے پھٹ جائیگا اور فرشتے اُتارے جائینگے

تَنْزِيلًا ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ۭ وَكَانَ يَوْمًا

اُتارا جانیکا حق ہے سلطنت اُس دن خدا ہی کی ثابت ہوگی اور وہ دن کافروں پر

عَلَى الْكٰفِرِينَ عَسِيرًا ۝ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى

بہت ہی سخت ہوگا اور اُس دن ظالم (اول) اپنے دونوں ہاتھ اپنے دانتوں

يَدَيْهِ يَقُولُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ۝

سے کاٹ کاٹ کھائیگا اور یہ کہیگا کہ کاش میں نے رسول کا راستہ اختیار کیا ہوتا

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ۝ لَقَدْ أَضَلَّنِي

ہائے خرابی میری کاش میں نے فلاں (ثانی) کو یار نہ بنایا ہوتا یقیناً اُسنے مجھکو ذکر (خدا) سے

عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ

سے بعد اسکے کہ میرے پاس آچکا تھا بھٹکا دیا اور شیطان تو ہے ہی انسان کی مدد

خَذُوْلًا ۝ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا

چھوڑ دینے والا اور رسول (اسوقت) یہ فرمائینگے کہ اے میرے پروردگار میری قوم نے اس قرآن

الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ

(قرآن ناطق) کو بالکل چھوڑ رکھا تھا اور اسی طرح ہمنے ہر ہر نبی کے لیے گنہگاروں میں سے ایک ایک دشمن

الْمُجْرِمِيْنَ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ

قرار دیا تھا اور تمہارا پروردگار ہدایت و نصرت کے لیے کافی ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے

كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ

انہوں نے یہ کہدیا کہ اس پر سارا قرآن ایک دفعہ ہی کیوں نہ نازل کیا گیا یہ اس لیے (نہیں کیا گیا)

لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝ وَلَا يَاْتُوْنَكَ

کہ ہم اسکے ذریعہ سے تمہارے دل کو مضبوط کرتے ہیں اور ہمنے اسکو ٹھہر ٹھہر کر پڑھایا اور یہ جو مثل بھی تمہارے

بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ۝ اَلَّذِيْنَ

پاس لاتے ہیں ہم اسکا ٹھیک ٹھیک جواب اور بہتر سے بہتر بیان ہم پہنچا دیتے ہیں جو لوگ

يُحْشَرُوْنَ عَلٰي وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰۗىِٕكَ شَرٌّ مَّكَانًا

اپنے منہ کے بل جہنم میں جمع کیے جائینگے وہی تو برے سے برے مکان میں

وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا

اور سب سے زیادہ راستہ سے بھٹکے ہوئے ہیں اور یقیناً ہمنے موسٰے کو کتاب عنایت کی تھی اور انکے بھائی

مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ۝ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

ہارون کو انکا وزیر مقرر کیا تھا پھر ہمنے حکم دیا کہ تم دونو ان لوگوں کے پاس جاؤ

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ۝ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا پھر ہمنے انکو ایسا ہلاک کیا جو ہلاک کرنیکا حق ہے اور نوح کی قوم جسوقت انہوں نے رسولوں

(بقیہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

فِى الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا

نَو آدمی تھے جو اُس سرزمین میں فساد کیا کرتے تھے اور اصلاح

يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ

نہ چاہتے تھے۔ اُن سب نے باہم خدا کی قسم کھاکر کہا کہ ہم رات کے وقت صالح کو اور اُسکے گھروالوں کو

ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

مار ڈالینگے پھر اُسکے وارثہ سے کہدینگے کہ ہم تو اُن کی ہلاکت کے وقت موجود (ہی) نہ تھے اور ہم

لَصٰدِقُوْنَ ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ

سچے ہیں۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور اُنکو

لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ

خبر (بھی) نہ ہوئی۔ بس غور کرکے دیکھو کہ اُنکی چال کا نتیجہ کیا ہوا کہ

أَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِيْنَ ○ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ

ہمنے اُنکو اور اُنکی قوم کو سب ہی کو ہلاک کر دیا ۔ اب یہ اُنکے گھر بوجہ اسکے کہ وہ ظلم

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوْا ۚ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○

کیا کرتے تھے خالی پڑے ہیں ۔ بیشک جو لوگ علم رکھتے ہیں اُنکے لیے اِس میں ایک نشانی موجود ہے

وَأَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ وَلُوْطًا

اور ہمنے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے اور ڈرتے رہتے تھے نجات دی ۔ اور لوطؑ کو ہمنے

إِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ أَتَأْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ○

بھیجا) جسوقت اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم جانتے بوجھتے بیحیائی کی بات کرتے ہو

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ

تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت رانی کے لیے مردوں کے پاس جاتے ہو؟ بات یہ ہے

بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ○ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ

کہ تم جاہل لوگ ہو ۔ پس اُنکی قوم کا جواب اسکے سوا کچھ نہ تھا

إِلَّآ أَنْ قَالُوْٓا أَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ إِنَّهُمْ

کہ اُنہوں نے یہ کہا کہ لوطؑ کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکالدو ۔ یہ وہ لوگ ہیں جو

أُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ○ فَأَنْجَيْنٰهُ وَأَهْلَهٗٓ إِلَّا امْرَأَتَهٗ ز

پاکیزہ بنتے ہیں ۔ پس ہمنے لوطؑ کو اور اُنکے گھر والوں کو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے

قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ○ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ

جسکی نسبت ہمنے اندازہ کر لیا تھا کہ وہ پیچھے رہجانیوالوں میں ہوگی ۔ اور اُنکے اوپر ہمنے (پتھروں کا) مینہ برسایا پس جنکو

مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ○ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى ع ۴ ۱۴ ۱۹

(عذاب سے) ڈرایا گیا تھا اُنکی بارش کیسی بری (بارش) تھی ۔ تم یہ کہو کہ ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لیے زیبا ہے اور اُسکے اُن

عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ ءٰٓاللّٰهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○

بندوں پر جنکو اُسنے برگزیدہ کر لیا سلام ہے ۔ آیا اللہ بہتر ہے یا جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں وہ؟

۱؎ سلٰمٌ علٰی عبادہ الذین اصطفٰی تفسیر قمی میں ہے کہ یہ بندے جنکو خدا تعالیٰ نے برگزیدہ کیا آلِ محمدؐ ہیں علیہم السلام ۔ ۱۲ ۔

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ

آیا وہ کون ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لیے آسمان

مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً ۚ فَأَنْبَتْنَا بِهِ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا

سے پانی اتارا پھر ہم نے اسکے ذریعہ سے بارونق باغات پیدا کر دیے تمہاری تو

كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْبِتُوا شَجَرَهَا ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ بَلْ هُمْ

یہ مقدرت نہ تھی کہ تم ان باغوں کے درختوں کو اگا لو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ (ہے تو نہیں)

قَوْمٌ يَعْدِلُونَ ۝ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَجَعَلَ

لیکن یہ لوگ ہیں کہ حق سے منحرف ہو جاتے ہیں آیا وہ کون ہے جس نے زمین کو جائے قرار مقرر کیا ہے اور اسکے

خِلٰلَهَا أَنْهٰرًا وَجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ

بیچ بیچ میں دریا بہا دیے ہیں اور اسکے لیے بڑے بھاری بھاری پہاڑ مقرر کر دیے ہیں اور دو دریاؤں کے مابین ایک

حَاجِزًا ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ أَمَّنْ

حائل کر دیا ہے آیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (ہے تو نہیں) مگر ان میں بہت سے نہیں جانتے ۔ آیا وہ کون ہے جو

يُّجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ

مضطر کی دعا قبول کر لیتا ہے جب بھی وہ دعا مانگے اور تکلیف کو رفع کر دیتا ہے اور تم کو زمین کا حاکم

خُلَفَاءَ الْأَرْضِ ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝

مقرر کرتا ہے آیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (اسکی نعمتوں کو) تم کسقدر کم سوچتے ہو

أَمَّنْ يَّهْدِيكُمْ فِي ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ

آیا وہ کون ہے جو خشکی اور تری کی اندھیریوں میں تمہاری راہبری کرتا ہے اور وہ کون ہے جو اپنی رحمت (بارش) کے

بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۗ أَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۚ تَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا

پہلے خوشخبری کے طور پر ہوا اس کو بھیج دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ اللہ ان چیزوں سے بالاتر ہے جو

يُشْرِكُونَ ۝ أَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ

اللہ کی ذات ان سب سے بری ہے آیا وہ کون ہے جو خلقت کی ابتدا کرتا ہے پھر اسکو دوبارہ پھیر دیگا اور وہ کون ہے جو

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ
آسمان وزمین سے تم کو رزق دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود ہے کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ
اپنی دلیل پیش کرو تم یہ کہدو کہ جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں (ان میں سے)

وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ○
غیب کو سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا اور انکو یہ بھی خبر نہیں کہ وہ مبعوث کب کیے جائینگے؟

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ بَلْ هُمْ فِىْ شَكٍّ مِّنْهَا
بلکہ انکا علم تو آخرت میں جاکر پورا ہوگا بلکہ وہ اسکی طرف سے شک میں ہیں

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ○ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا ع ۱
بلکہ اسکی طرف سے یہ اندھے (قطعاً بےخبر) ہیں اور جو لوگ کافر ہوگئے انہوں نے یہ کہا کہ کیا جب ہم

تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ○ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ
اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائینگے تو کیا ہم نکالے جائینگے؟ اسکا ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے

وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ○
پہلے ہی سے وعدہ ہوتا چلا آیا یہ تو فقط اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
تم کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام

الْمُجْرِمِيْنَ ○ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا
کیسا ہوا؟ اور (اے رسول) تم انکے لیے افسوس نہ کرو اور جو چالیں یہ چلتے ہیں ان سے

يَمْكُرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ
دل تنگ نہو اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ بتاؤ کہ یہ وعدہ (عذاب)

صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ
کب آئیگا؟ تم کہدو کہ جسکی تم جلدی کر رہے ہو قریب ہے کہ اسکا کچھ حصہ

الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى
تمہارے پس پشت آ ہی پہنچا ہو اور بیشک تمہارا پروردگار کل آدمیوں پر فضل کرنیوالا

النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ
ہے لیکن اُن میں سے اکثر شکر گزار نہیں ہیں اور بیشک تمہارا پروردگار ان سب

لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ وَمَا مِنْ
چیزوں کو جانتا ہے جنکو اُنکے دل چھپائے ہوئے ہیں اور جنکا وہ اظہار کرتے ہیں اور آسمان و زمین

غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۝ إِنَّ
میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جو کھلی کتاب میں نہ ہو بیشک

هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ
یہ قرآن بنی اسرائیل سے بہت سی وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝
اختلاف کیا کرتے ہیں اور یقیناً یہ مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۝
بیشک تمہارا پروردگار اُنکے مابین اپنے حکم سے فیصلہ کریگا اور وہ بڑا زبردست (اور) جاننے والا ہے

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ۝ إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ
پس تم اللہ پر بھروسہ کرو یقیناً تم (صاف صاف حق پر ہو یہ ضروری بات ہو کہ تم

الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ۝
مُردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو آواز سنا سکتے ہو جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چلدیں

وَمَا أَنْتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا
اور نہ تم اندھوں کو گمراہی سے راہِ راست پر لا سکتے ہو تم صرف اُس شخص کو سنا سکتے ہو

مَنْ يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ مُسْلِمُونَ ۝ وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ
جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتا ہے کہ ایسے لوگ ماننے والے ہیں اور جب بات اُن پر پوری ہو گی

عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ

تو ہم اُنکے لیے زمین میں سے ایک چلنے والا نکالینگے جو اُنسے باتیں کریگا

أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُ ع

کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں رکھتے تھے اور اُس دن ہم ہر اُمّت

مِن كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ○

میں سے ایک ایک ایسے گروہ کو جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے جمع کرینگے پھر وہ برابر کھڑے کیے جائینگے

حَتَّىٰ إِذَا جَآءُو قَالَ أَكَذَّبْتُم بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا

یہاں تک کہ جب وہ سب آجائینگے تو اللہ تعالےٰ اُنسے فرمائیگا کیا تم نے ہی میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ ازروئے علم کے

عِلْمًا أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِم

تم اُنکا احاطہ نہیں کرسکتے تھے یا تم کچھ اور کیا کرتے تھے؟ اور اُنکے برخلاف بوجہ اسکے کہ وہ

بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنطِقُونَ ○ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا

نافرمانی کیا کرتے تھے (ہمارا) قول پورا ہوجائیگا پھر وہ بول نہ سکینگے کیا اُنہوں نے غور نہیں کیا کہ ہم نے رات اسلیے

اللَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

بنائی ہے کہ وہ اُس میں آرام کریں اور دن کو دکھانیوالا (مقرر کیا ہے) بیشک اُن لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں

لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ○ وَيَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَفَزِعَ مَن فِي

اِس میں نشانیاں موجود ہیں اور جس دن صور پھونکا جائیگا تو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین

السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَآءَ اللَّهُ وَكُلٌّ

میں ہیں سوائے اُنکے جنکو اللہ چاہے سب ہی دہل جائینگے اور سب ذلیل ہوکر

أَتَوْهُ دَاخِرِينَ ○ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ

اُسکی حضور میں چلے آئینگے اور (اُسوقت) تم پہاڑوں کو دیکھو گے کہ تم تو اُنکو قائم سمجھتے ہوگے حالانکہ

تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنْعَ اللَّهِ الَّذِي أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ إِنَّهُ

وہ بادل کا سا چلنا چل رہے ہونگے یہ اُس اللہ کی کاریگری ہے جسنے ہر چیز کو مضبوط بنایا ہے بیشک وہ

خبیر بما تفعلون ۝ من جاء بالحسنة فله خیر منها

جو کچھ تم کرتے ہو اس سے وہ آگاہ ہے جو شخص کوئی نیکی لیکر آئیگا پس اسکے لیے اسکا عوض اس سے بہتر ہے

وهم من فزع یومئذ آمنون ۝ ومن جاء بالسیئة

اور وہ اس دن خوف سے امن میں ہونگے اور جو بدی لیکر آئیگا تو وہ اوندھے منہ

فکبت وجوههم فی النار هل تجزون الا ما کنتم

جہنم میں ڈالدیے جاوینگے (اور انسے کہا جائیگا کہ) جو عمل تم کیا کرتے تھے انکے سوا تمکو کسی اور چیز کا بدلا

تعملون ۝ انما امرت ان اعبد رب هذه البلدة

تھوڑا ہی دیا جاتا ہے۔ سوائے اسکے نہیں ہے کہ مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر کے پروردگار کی عبادت کروں

الذی حرمها وله کل شیء وامرت ان اکون

جسنے اسکو محترم قرار دیا ہے اور ہر چیز اسی کی ہے اور مجھکو یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اطاعت

من المسلمین ۝ وان اتلوا القرآن فمن اهتدی

کرنیوالوں میں سے ہو جاؤں اور یہ کہ میں قرآن (مجید) کی تلاوت کیا کروں پس جو شخص راہ پر آجائے

فانما یهتدی لنفسه ومن ضل فقل انما انا

تو سوائے اسکے نہیں کہ وہ اپنی ذات کیلئے راہ پر آئیگا اور جو شخص گمراہ رہے تو تم یہ کہدو کہ میں تو صرف

من المنذرین ۝ وقل الحمد لله سیریکم آیاته

ڈرانیوالا ہوں اور تم یہ کہدو کہ سب تعریف اللہ کے لیے زیبا ہے وہ عنقریب تمکو اپنی

فتعرفونها وما ربك بغافل عما تعملون ۝

نشانیاں دکھائیگا پھر تم انہیں پہچان لوگے اور جو عمل تم کر رہے ہو تمہارا پروردگار ان سے بیخبر نہیں ہے

سورة القصص مکیة وهی ثمان وثمانون آیة

آیاتها — رکوعاتها — کلماتها — حروفها

بسم الله الرحمن الرحیم ۝

رحمٰن (اور) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طسٓمٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ نَتْلُوْا

طسمٓ یہ کتاب کی آیتیں ہیں ہم اُن لوگوں کی خاطر

عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ

جو ایمان رکھتے ہیں تمکو موسٰے اور فرعون کی سچی خبر پڑھکر سُناتے

يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِى الْاَرْضِ وَجَعَلَ

ہیں بیشک فرعون اُس سرزمین میں غالب تھا اور اُسکے باشندوں

اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ

کو اُس نے کئی گروہ بنا دیا تھا کہ اُن میں سے ایک گروہ کو کمزور رکھتا تھا اُنکے بیٹوں کو ذبح

اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ

کیا کرتا تھا اور اُنکی بیٹیوں کو زندہ رکھتا تھا بیشک وہ فساد کرنیوالوں میں

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ

سے تھا اور ہم یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ اُن لوگوں پر جو اس سرزمین میں

اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّ

کمزور کر دیئے گئے ہیں احسان کریں اور اُنکو امام بنائیں اور

نَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَ

اُنکو ہم وارث قرار دیں اور اُس سرزمین میں اُنکو تسلط عطا کردیں اور اُس

نُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا

فرعون کو اور ہامان کو اور اُن دونو کے لشکر کو جو اُنہی میں سے تھے وہ کچھ دکھلادیں جسکا

كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ

طرف سے) خوف کیا کرتے تھے اور ہمنے والدۂ موسٰے کی طرف وحی کی کہ تم

اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ

اِسکو دودھ پلاؤ پھر اگر تم اسکی بابت خوف کرو تو اِسکو دریا میں ڈالدو

وَلَا تَخَافِي وَلَا تَحْزَنِي ۚ إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ وَجَاعِلُوهُ

اور تم (اسکے آئندہ کی متعلق) خوف کرو اور نہ (اسکے فراق کا) رنج کرو یقیناً ہم اسکو تمہارے پاس پھر ہی کر دینگے اور اسکو رسولوں

مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝ فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ

میں سے بھی قرار دینگے پس فرعون کے کنبہ والوں نے اسکو اٹھا لیا (اور اسکی خبر نہ تھی) کہ وہ

عَدُوًّا وَحَزَنًا ۗ إِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا

(نتیجتاً) انکے لیے دشمنی اور رنج (کا باعث) ہوگا بیشک فرعون اور ہامان اور اُن دونوں کے لشکر

كَانُوا خَاطِئِينَ ۝ وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ

خطاوار تھے اور زوجۂ فرعون نے کہا کہ یہ میری آنکھ کی بھی ٹھنڈک ہوگا اور

لِي وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوهُ ۖ عَسَىٰ أَنْ يَنْفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ

تیری آنکھ کی بھی اسے قتل مت کرو قریب ہے کہ یہ ہمیں نفع دے یا ہم اسکو بیٹا

وَلَدًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوسَىٰ

بنالیں حالانکہ انکو (آئندہ کی) خبر نہ تھی اور والدۂ موسیٰ کا دل بیچین

فَارِغًا ۖ إِنْ كَادَتْ لَتُبْدِي بِهِ لَوْلَا أَنْ رَبَطْنَا عَلَىٰ

ہو گیا اگر ہم اُسکے دل کو مضبوط نہ کر دیتے کہ وہ ایمان لانیوالوں میں سے رہے تو قریب تھا کہ

قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ

وہ اُسکے متعلق راز کو ظاہر کر دیتی اور اُسنے موسیٰ کی بہن سے کہا کہ

قُصِّيهِ ۖ فَبَصُرَتْ بِهِ عَنْ جُنُبٍ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝

اسکے پیچھے پیچھے چلی جا پس وہ دور سے اسکو دیکھتی رہی اور اُن لوگوں کو خبر بھی نہ ہوئی

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ

اور ہمنے اسپر اور دائیاں تو پہلے ہی سے حرام کر دی تھیں تو اُسنے (جاکر) کہا کہ کیا

أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ وَهُمْ لَهُ

میں تمکو ایسے گھر والے بتلادوں جو تمہاری خاطر اس بچے کی کفالت کریں اور وہ اس کے

نَاصِحُونَ ○ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا

خیر خواہ (بھی) ہوں ۔ پس ہمنے موسٰی کو انکی والدہ کے پاس لوٹادیا کہ اُنکی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ

تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

رنج نہ کرے اور وہ یہ بھی جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ

ربع

لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ

ناواقف ہیں ۔ اور جبکہ موسٰی اپنی پوری قوت کو پہنچے اور خوب ہاتھ پاؤں نکالے تو

حُكْمًا وَّعِلْمًا ۚ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَ

ہمنے اُنکو فیصلہ کی قوت اور علم عطا کیا اور ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں ۔ اور

دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ

(موسٰی) شہر میں ایسے وقت جبکہ اہل شہر غافل تھے پہنچے تو اُس میں دو شخصوں کو

فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ

لڑتے ہوئے پایا ایک تو اُن کے شیعوں میں سے تھا اور ایک اُن کے

عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ

دشمنوں میں سے ۔ پس اُس شخص نے جو اُنکے شیعوں میں سے تھا اُس شخص کے برخلاف

مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۖ قَالَ هٰذَا

جو اُنکے دشمنوں میں سے تھا اُنسے استغاثہ کیا پس موسٰی نے اُسکے ایک گھونسہ مارا کہ اُسکا کام تمام ہوگیا فرمانے لگے کہ یہ

ربع

مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ○ قَالَ

(اُنکا جھگڑا) شیطان کی کارروائی تھی بیشک وہ کھلا دشمن (اور) بھٹکانیوالا ہے ۔ عرض کرنے لگے

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ۭ اِنَّهٗ هُوَ

کہ اے میرے پروردگار میں نے اپنے آپ کو یہاں بے موقع پہنچایا پس تو مجھے بچالے (یعنی دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ کرلے)

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

پس (خدا نے) اُنکو بچالیا بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے ۔ عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار جیسا کہ تو نے مجھ پر نعمت عطا فرمائی

[illegible]

فَلَنْ أَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ۝ فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ
میں کبھی گنہگاروں کا پشت پناہ نہ ہونگا   پس موسیٰ نے اُس شہر میں اس حال میں صبح

خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْأَمْسِ
کی کہ خوف بھی کھاتے تھے اور آس بھی لگائے ہوئے تھے یکایک دیکھتے کیا ہیں کہ جس شخص نے کل اُن سے مدد مانگی

يَسْتَصْرِخُهٗ ۚ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ۝
تھی (آج بھی) اُنکو پکار رہا ہے   موسیٰ نے اُس سے فرمایا کہ تو صریح گمراہ ہے

فَلَمَّآ أَنْ أَرَادَ أَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ
پھر جب یہ ارادہ کیا کہ اُس شخص کو جو اُن دونوں کا دشمن تھا مغلوب کر دیں تو اُس نے یہ کہا کہ

يٰمُوْسٰٓى أَتُرِيْدُ أَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ ۖ
اے موسیٰ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ مجھے بھی اُسی طرح قتل کر دو جس طرح تم نے کل ایک شخص کو قتل کر ڈالا

إِنْ تُرِيْدُ إِلَّآ أَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ
پس تم یہی چاہتے ہو کہ اس زمین میں بڑے سرکش بنجاؤ اور یہ نہیں چاہتے کہ

أَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ أَقْصَا
اصلاح کرنیوالوں میں سے ہو   اور اُس شہر کے انتہائی حصہ سے ایک شخص دوڑتا ہوا

الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ قَالَ يٰمُوْسٰٓى إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُوْنَ
آیا (اور) کہنے لگا کہ اے موسیٰ ارکانِ دولت تمہارے بارے میں یہ مشورہ

بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ إِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝
کر رہے ہیں کہ تمکو قتل کر دیں پس تم فوراً نکل جاؤ میں یقیناً تمہارا خیرخواہ ہوں

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۡ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ
پس موسیٰ اُس شہر سے ڈرتے ہوئے اور آس لگائے ہوئے نکل کھڑے ہوئے۔ عرض کرنے لگے کہ اے

ع ٢ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ
میرے پروردگار مجھے ظالم لوگوں کے ہاتھ سے نجات دے اور جب مدین کی طرف ہولیے تو

منزل ٥

[illegible]

اور نہ کوئی سواری نہ کوئی رفیقِ سفر (اکیلے پیدل) شعیب و فاقہ کرتے مرحلہ مدین میں پہنچے۔ اور ایک ایسے درخت کے سایہ میں جا کر دم لیا جسکے نیچے کنواں بھی تھا ١٢

قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ وَلَمَّا

کہنے لگے کہ قریب ہے کہ میرا پروردگار مجھے ٹھیک راستہ بتلادے اور جب

وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ

مدین کے پانی (کنوئیں) پر پہنچے تو اُس پر آدمیوں کے ایک گروہ کو پانی پلاتے ہوئے

يَسْقُوْنَ ۥ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ

پایا اور اُن سے پیچھے کی طرف دو عورتوں کو اپنی بھیڑ بکریاں روکے ہوئے

تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

پایا اُن سے پوچھا کہ تمہاری کیا حالت ہے اُن دونوں نے کہا کہ جبتک یہ چرواہے

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۫ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ۝ فَسَقٰى

(اپنی مویشی کو) نہ ہٹالیں ہم نہیں پلا سکتے اور ہمارے باپ بہت بوڑھے ہیں پس موسٰے نے

لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ

اُن دونوں کی خاطر سے (اُنکی مویشی کو) پانی پلادیا پھر سایہ میں چلے گئے اور عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار جو

اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا

خیر وخوبی بھی تو میرے لیے نازل کرے میں اُسی کا محتاج ہوں پس اُن دونو عورتوں میں سے ایک

تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ

شرمائی ہوئی چال سے اُنکے پاس آئی اور کہنے لگی کہ میرے والد تم کو بُلا رہے ہیں

لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ

تاکہ تمنے جو ہماری خاطر سے پانی پلادیا تھا تمکو اُسکا معاوضہ دیں پس جب موسٰے اُنکے پاس پہنچے اور

عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ڣ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ

اُن سے (اپنا) سارا قصہ بیان کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ اب مت ڈرو تمنے ظالموں کے ہاتھ سے نجات

الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ

پائی اُن دونوں میں سے ایک بولی کہ باباجان ! اِنکو اجرت پر رکھ لیجیے

إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ ۝ قَالَ

کہ جنکو بھی آپ اجرت پر رکھیں اُن میں وہی بہتر ہے جو قوی بھی ہو اور امانت دار بھی ہو (شعیبؑ نے) فرمایا کہ

إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُنكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَىٰ

میں یہ چاہتا ہوں کہ اِن دونو لڑکیوں میں سے ایک کا نکاح آپکے ساتھ اِس شرط پر کردوں کہ آپ

أَن تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ ۖ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ

آٹھ برس میری خدمت کریں پھر اگر آپ دس پورے کردیں تو یہ آپ کا

عِندِكَ ۖ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ ۚ سَتَجِدُنِي

احسان ہے اور میں آپ پر کوئی دباؤ ڈالنا نہیں چاہتا انشاء اللہ

إِن شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ قَالَ ذَٰلِكَ بَيْنِي وَ

آپ مجھے صالحین میں سے پائینگے (موسٰیؑ نے) عرض کی کہ میرے اور آپکے مابین یہ

بَيْنَكَ ۖ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ

معاملہ طے ہوگیا دونو مدتوں میں سے جونسی مدت بھی میں پوری کردوں پھر میرے ذمہ کوئی بار

عَلَيَّ ۖ وَاللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ۝ فَلَمَّا قَضَىٰ ع ٣

نہوگا اور جو کچھ میری اور آپ کی تقریر ہوئی ہے خدا تعالیٰ اُسکا شاہد ہے پھر جب موسٰیؑ نے وہ

مُوسَى الْأَجَلَ وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِن جَانِبِ

مدت پوری کرلی اور اپنے اہل کو لیکر چلے تو اُنکو کوہِ طور کی طرف سے ایک

الطُّورِ نَارًا قَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَارًا

آگ نظر آئی تو اُنھوں نے اپنے اہل سے کہا کہ تم یہیں ٹھہرے رہو میں نے آگ دیکھی ہے

لَّعَلِّي آتِيكُم مِّنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ

یا تو میں اُسکے پاس سے تمہارے لیے کوئی خبر لیکر آتا ہوں یا آگ کی چنگاری لاتا ہوں کہ تم

تَصْطَلُونَ ۝ فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِن شَاطِئِ الْوَادِ

تاپ سکو پھر جب اُسکے پاس پہنچے تو اُس مبارک جگہ میدان کے دائیں کنارے سے

الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى

ایک درخت سے اُن کو یہ آواز دی گئی کہ اے موسیٰ

اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ

میں ہی تو تمام عالموں کا پروردگار اللہ ہوں اور تم اپنا عصا تو ڈالدو

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ

پھر جب اسکو اس طرح لہراتا ہوا دیکھا جیسے جیتا جاگتا سانپ تو پیچھے کو پھرے اور ہرگز

يُعَقِّبْ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ

نہ دیکھا (پھر آواز دی گئی) اے موسیٰ آگے بڑھو اور ڈرو نہیں تم یقیناً امن پانیوالوں

الْاٰمِنِيْنَ ۝ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ

میں سے ہو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال لو کہ وہ بے عیب

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ

سفید (اور) روشن نکلیگا اور رفع خوف کے لیے اپنے بازو کو اپنی

مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ

طرف سکیڑلو پس تمہارے رب کی طرف سے یہ دو حجتیں فرعون اور اُس کے

وَمَلَا۟ئِهٖ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ

درباریوں کے لیے ہیں بیشک وہ نافرمان لوگ ہیں (موسیٰ نے) عرض کی کہ اے

اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۝

میرے پروردگار میں نے اُن میں سے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا پس میں ڈرتا ہوں کہ وہ (قصاص میں) مجھ کو مار ڈالیں

وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ

اور میرے بھائی ہارون میری نسبت زبان میں زیادہ فصیح ہیں پس اُنکو میرے ساتھ مددگار

رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ قَالَ

بنا کر بھیج کہ وہ میری تصدیق کریں یقیناً میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیںگے (خدا تعالیٰ نے) فرمایا کہ

سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا

عنقریب ہم تمہارے بھائی کے ذریعہ سے تمہارے بازو کو قوی کر دینگے اور تم دونو کے لیے ایسا غلبہ مقرر کر دینگے

فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ

وہ تم تک پہنچ نہ سکینگے اور تم دونو اور جو تم دونو کی پیروی

اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ○ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا

کرینگے وہ ہماری نشانیوں کے ذریعہ غالب رہینگے پھر جب موسٰے اُنکے پاس ہماری کھلی نشانیاں لیکر آئے

بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا

تو اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یہ تو (خدا پر) افترا کیا ہوا جادو ہی ہے اور ہمنے تو ایسا اپنے پہلے

بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ○ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ

بزرگوں میں سنا ہی نہیں اور موسٰے نے فرمایا کہ میرا پروردگار اُسے بھی

بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ

خوب واقف ہے جو اُسکے پاس سے ہدایت لیکر آیا ہے اور اُس سے بھی جسکے لیے اُس گھر کا انجام

الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

نیک ہے یقیناً ظالم لوگ فلاح نہ پائینگے اور فرعون نے کہا کہ

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ

اے ارکان دولت میں تو اپنے سوا کسی کو تمہارا خدا جانتا نہیں پس اے ہامان ہماری

يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى

خاطر ایک پزاوا چڑھا پھر ہمارے لیے ایک اونچا محل بنا کہ ہم اُس پر چڑھکر

اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ○ وَاسْتَكْبَرَ

موسٰے کے خدا کے حالات معلوم کریں حالانکہ ہم تو اُسکو جھوٹا ہی جانتے ہیں اور اُسنے اور اُسکے لشکر

هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

نے اُس سرزمین میں ناحق بڑائی چاہی اور اُنہوں نے یہ گمان کرلیا کہ وہ

ستاروں کو اُسی طرح دیکھ رہا ہوں جسطرح زمین سے دیکھا کرتا تھا۔ اور زمین کی طرف جو دیکھتا ہوں تو اندھیرے کے سوا کچھ سوجھتا ہی نہیں۔ روایت ہیں

إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ۝ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ

ہماری طرف پلٹ کر ہی نہ آئینگے پھر ہمنے اُسکو اور اُسکے لشکر کو گرفتار کیا پھر اُن کو سمندر

فِي الْيَمِّ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ۝ وَ

میں ڈالدیا پس غور کرو کہ نافرمان لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اور

جَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہمنے وہ ایسے سردار بنائے جو جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور قیامت کے دن اُنکی

لَا يُنصَرُونَ ۝ وَأَتْبَعْنَاهُمْ فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً

کوئی مدد نہ کیجائیگی اور اِس دنیا میں ہمنے اُنکے پیچھے لعنت لگادی ہے

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُم مِّنَ الْمَقْبُوحِينَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا

اور قیامت کے دن وہ (نہایت ہی) بُرے حال والوں میں سے ہو جائینگے اور ہمنے موسےٰ کو بعد اسکے

مُوسَى الْكِتَابَ مِن بَعْدِ مَا أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ

کہ پہلے زمانہ کے لوگوں کو ہلاک کر چکے تھے ایسی کتاب عطا فرمائی جو لوگوں

الْأُولَىٰ بَصَائِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ

کے لیے بصیرت تھی اور ہدایت و رحمت تاکہ وہ نصیحت

يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ إِذْ قَضَيْنَا

حاصل کریں اور (اے پیغمبرؐ) جسوقت ہمنے موسےٰ کا معاملہ طے کیا ہے اُسوقت

إِلَىٰ مُوسَى الْأَمْرَ وَمَا كُنتَ مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ وَلَٰكِنَّا

تم تو طور کی غربی جانب موجود نہ تھے اور نہ تم (اِس معاملہ کے) معائنہ کرنیوالوں میں سے تھے لیکن ہمنے

أَنشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ وَمَا

بہت سے گروہ پیدا کیے پھر اُنکے اوپر ایک زمانہ گزر گیا اور نہ تم اہلِ

كُنتَ ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا

مدین ہی میں مقیم تھے کہ اُنکے متعلق اُنکو ہماری نشانیاں پڑھکر سُناتے

بنا دیے گئے تھے۔ اِس کے بعد حضرت نے اپنے قول کی تائید میں یہ پوری آیت تلاوت فرمائی۔ ۱۲۰

وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ○ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ

بلکہ ہم ہی تمکو رسول بنا کر بھیجنے والے تھے اور جس وقت ہمنے آواز دی تھی تم طور کے کسی پہلو میں

اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

موجود نہ تھے بلکہ یہ (علم تمکو ملا تو) تمہارے پروردگار کی طرف سے رحمت ہے تاکہ تم اُن لوگوں کو

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

ڈراؤ جنکے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت

يَتَذَكَّرُوْنَ ○ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ بِمَا

حاصل کریں اور ایسا نہ ہو کہ ان پر جو کچھ انکے ہاتھوں پہلے ہو چکا ہے اسکے بدلے میں

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا

کوئی مصیبت آئے تو یہ کہدیں کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہمارے پاس کوئی رسول کیوں

رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم بھی ایمان لانیوالوں میں سے ہوجاتے

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ

پھر جب ہمارے پاس سے انکے پاس حق پہنچا تو انہوں نے یہ کہدیا کہ انکو ویسی ہی چیزیں

مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ۚ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ

کیوں نہ دی گئیں جیسی موسٰے کو دی گئی تھیں تو کیا لوگوں نے انکا جو موسٰے کو دی گئیں پہلے سے

مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۚ وَقَالُوْا

انکار نہیں کیا تھا انہوں نے تو کہا تھا کہ یہ دونوں جادوگر ہیں اور ایک دوسرے کے مددگار ہیں اور یہ کہدیا تھا

اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ○ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

کہ ہم تو ہر ایک کے منکر ہیں تم یہ کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو تم اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب تو

هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

جو (توریت و قرآن) دونوں سے زیادہ ہدایت کرنیوالی ہو کہ میں اُس کی پیروی کرنے لگونگا

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ

پس اگر وہ تمہاری (بات) نہ مانیں تو یہ سمجھ لو کہ وہ اپنی خواہشوں کی پیروی

أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ

کرتے ہیں اور اس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو خدا کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی

هُدًى مِّنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ○ ع ٥

خواہش کی پیروی کرے بیشک خدا تعالیٰ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ○

اور ہم نے انکے واسطے یقیناً ایک قول کو دوسرے (قول) سے ملا رکھا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ ○ نصف

وہ لوگ جنکو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں

وَإِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا

اور جب انکے سامنے کلام خدا پڑھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے بیشک یہ ہمارے

إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ ○ أُولَٰئِكَ يُؤْتَوْنَ

پروردگار کی طرف سے برحق ہے ہم پہلے ہی سے اسکے تسلیم کرنیوالے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنکو بوجہ اسکے کہ

أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ

انہوں نے صبر کیا دوہرا اجر دیا جائیگا اور یہی بدی کو نیکی کے ذریعہ سے دفع کرتے

السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ○ وَإِذَا سَمِعُوا

رہتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انکو دیا ہے اسمیں سے (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں اور جسوقت کوئی

اللَّغْوَ أَعْرَضُوا عَنْهُ وَقَالُوا لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

لغو بات سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں اور تمہارے

أَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِينَ ○

اعمال تمہارے لیے ہیں تم پر سلام ہو ہم جاہلوں کے خواستگار نہیں ہیں

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي

یقیناً جسکو تم چاہو راہ پر نہیں لا سکتے لیکن اللہ جس کو چاہے راہ

مَن يَشَاءُ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ○ وَقَالُوا

پر لے آئے اور وہ راہ پر آنیوالوں سے خوب واقف ہے اور اُنہوں نے یہ

إِن نَّتَّبِعِ الْهُدَىٰ مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا ۚ

کہدیا کہ اگر ہم آپکے ساتھ ہدایت کے پیرو ہو جائیں تو ہم اپنے ملک سے اُچک لیے جائیں

أَوَلَمْ نُمَكِّن لَّهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَىٰ إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ

کیا ہمنے انکو ایسے امن دینے والے حرم میں جگہ نہیں دی جسکی جانب ہماری طرف سے رزق کے طور پر

كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّن لَّدُنَّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ

ہر چیز کے پھل (بکثرت) لائے جاتے ہیں لیکن اُن میں سے بہت سے کچھ

لَا يَعْلَمُونَ ○ وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ بَطِرَتْ

نہیں جانتے اور ہمنے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو (آسایش سے) اترا کر اپنی بسر

مَعِيشَتَهَا ۖ فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَن مِّن

کرتی تھیں اب یہ اُن کے مکانات اُنکے بعد بہت ہی کم

بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيلًا ۖ وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِينَ ○ وَمَا

آباد کیے گئے اور (اصلی) وارث ہم ہی ہیں اور تمہارا

كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَىٰ حَتَّىٰ يَبْعَثَ فِي أُمِّهَا

پروردگار بستیوں کا برباد کرنیوالا نہیں ہے جب تک کہ اُنکے صدر مقام میں کسی رسول کو مبعوث

رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي

نہ کرے جو اُنکو ہماری آیتیں پڑھکر سنائے اور ہم بستیوں کے برباد کرنیوالے

الْقُرَىٰ إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُونَ ○ وَمَا أُوتِيتُم

نہیں ہیں سوائے اُس صورت کے کہ اُنکے باشندے نافرمان ہوں اور تم لوگوں کو جو چیز بھی دی گئی ہے

اسلام و دنگاہ اور اہل روم کو بھی۔ اس پر قریش بہت کچھ بپھرے۔ اور بہت ہی اینٹھے۔ اور حضرت ابوطالب سے کہا کہ آپ کے بھتیجے صاحب کیا کہتے ہیں۔ واللہ اگر فارس و روم

مِنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ

وہ زندگانی دنیا کا سرمایہ اور اسکی زینت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ ع ٦

وہ (سب سے) بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے کیا تم اتنی سمجھ نہیں رکھتے ؟ کیا وہ شخص جس سے ہمنے اچھا وعدہ کیا ہے

وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ

اور اسکو وہ وعدہ ملنے والا بھی ہے اُس شخص کے برابر ہوسکتا ہے جسکو ہمنے زندگانی دنیا کے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝

سرمایہ سے نفع پہنچایا ہے پھر وہ قیامت کے دن (عذاب کے لیے) حاضر کیا جائیگا

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ

اور جس دن خدا اُنکو آواز دیگا پھر فرمائیگا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن پر

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ

تم گھمنڈ کیا کرتے تھے اُس وقت وہ لوگ جن پر ہمارا قول ثابت ہو جائیگا

الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ

یہ عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار یہی ہیں وہ جنکو ہم نے بہکایا ہمنے انکو اُسی طرح بہکایا

كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا

جسطرح ہم خود بہک گئے تھے اب ہم تیری حضور میں اُنسے تبرا کرتے ہیں یہ ہماری پرستش نہیں

يَعْبُدُوْنَ ۝ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَاۗءَكُمْ

کیا کرتے تھے اور اُن سے کہا جائیگا کہ تم اپنے شریکوں کو پکارلو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ

پس وہ اُنکو پکارینگے اور وہ اُنکو کوئی جواب نہ دینگے اور وہ عذاب کو دیکھینگے (اور یہ تمنا کرینگے کہ)

لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ

کاش وہ ہدایت یافتہ ہوتے اور جسدن خدا اُنکو آواز دیگا

فَيَقُولُ مَاذَآ أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ○ فَعَمِيَتْ

پھر یہ فرمائیگا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ پھر اُس دن اُن سے

عَلَيْهِمُ الْأَنۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُونَ ○

کوئی جواب نہ بن پڑیگا (اور) وہ ایک دوسرے سے سوال بھی نہ کر سکینگے

فَأَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى أَنْ

پھر جو شخص توبہ کریگا اور ایمان لے آئیگا اور نیک عمل کریگا تو امید ہے کہ

يَّكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ ○ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ

وہ فلاح پانیوالوں میں سے ہوجائے اور تمہارا پروردگار جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

وَيَخْتَارُ ۭ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى

اور منتخب کرتا ہے بندوں کو (انتخاب کا) کوئی اختیار نہیں ہے جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں

عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ

اللہ اُن سے منزہ اور برتر ہے اور تمہارا پروردگار اُن چیزوں کو بھی جانتا ہے جنکو انکے سینے چھپائے ہوئے ہیں

وَمَا يُعْلِنُونَ ○ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۭ لَهُ

اور انکو (بھی) جنکو وہ ظاہر کرتے ہیں اور وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی اللہ نہیں ہے اوّل و

الْحَمْدُ فِي الْأُولٰى وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ

آخر ہر قسم کی تعریف اُسی کے لیے زیبا ہے اور اُسی کو حکم (کا حق) حاصل ہے اور تم سب کی بازگشت

تُرْجَعُونَ ○ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

اُسی کی طرف ہوگی (اے رسول) تم یہ کہدو کہ آیا تم نے غور کیا کہ اگر اللہ قیامت کے دن تک تم پر برابر

الَّيْلَ سَرْمَدًا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

رات ہی کو مسلط کردیتا تو اللہ کے سوا اور کونسا معبود ہے جو تمہارے

يَأْتِيكُمْ بِضِيَآءٍ ۭ أَفَلَا تَسْمَعُونَ ○ قُلْ أَرَءَيْتُمْ

لیے روشنی لے آتا کیا تم (توجہ سے) نہیں سنتے؟ تم یہ کہدو کیا تم نے سوچا کہ

آخرت میں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے خوش ہوکر اور جدید نعمتوں کا احساس کرکے وہاں بھی اسکی حمد اسی طرح بیان کرینگے جس طرح دنیا میں کیا کرتے تھے چنانچہ آگے اقوال ہونگے الحمد

إِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

اگر اللہ قیامت کے دن تک کے لیے تم پر برابر دن ہی رکھتا تو اللہ کے سوا

مَنْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَأْتِيكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ

کون ایسا معبود ہے جو تمہارے لیے رات کو لے آتا جس میں تم آرام کرتے

أَفَلَا تُبْصِرُونَ ۝ وَمِنْ رَّحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ

کیا اسے تم (دیدۂ دل سے) نہیں دیکھتے اور اسی نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے رات (بھی)

الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ

بنائی اور دن (بھی) تاکہ اس (رات) میں تم آرام کرو اور اس لیے کہ (دن میں) تم اسکے فضل

فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ

کے خواستگار ہو اور اسلیے کہ (عام طور پر) تم شکر گزار بنو اور جسدن خدا تعالےٰ انکو بلائیگا پھر دریافت فرمائیگا

أَيْنَ شُرَكَاءِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ۝ وَنَزَعْنَا

کہ وہ میرے شریک کہاں ہیں جنکی نسبت تم گمان کیا کرتے تھے؟ اور ہم ہر امت

مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ

میں سے ایک ایک گواہ کو الگ کرینگے پھر ہم (انسے) کہینگے کہ تم اپنی اپنی دلیل پیش کرو

فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا

اسوقت وہ سمجھ لینگے کہ حق تو اللہ ہی کا ہے اور جو جھوٹی باتیں وہ بنایا کرتے تھے وہ سب انسے

يَفْتَرُونَ ۝ إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوسٰى ع

جاتی رہیں بیشک قارون موسٰی کی قوم میں سے تھا

فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۖ وَآتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ

پھر وہ انسے باغی ہوگیا تھا اور ہمنے اسکو خزانوں کی اتنی مقدار دی تھی کہ

مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ إِذْ قَالَ

انکی کنجیاں بڑے قوت والے کثیر گروہ پر بھی گراں گزرتی تھیں جس وقت اسکی قوم نے

منزل ٥

لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ ○

اُس سے کہا کہ تو اترا نہیں یقیناً اللہ اترانیوالوں کو دوست نہیں رکھتا

وَابْتَغِ فِیْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ

اور جو کچھ اللہ نے تجھکو دے رکھا ہے تو اُسکے ذریعہ سے دارِ آخرت کا طلبگار ہو اور اپنے دنیا کے

نَصِیْبَكَ مِنَ الدُّنْیَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ

حصّہ کو فراموش نہ کر اور جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی

اِلَیْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِی الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

(اللہ کے بندوں کے ساتھ) احسان کر اور زمین میں فساد کا خواستگار نہو بیشک اللہ

لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ ○ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِیْتُهٗ عَلٰی

فساد کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا اُسنے کہا کہ یہ جو کچھ مجھے دیا گیا یہ تو اُس علم کے ذریعہ سے

عِلْمٍ عِنْدِیْ ؕ اَوَلَمْ یَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ

دیا گیا ہے جو میرے پاس ہے کیا وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ اللہ نے اُس سے پہلے بہت سے

مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً

گروہوں کو جو اُس سے قوت میں بھی زیادہ تھے اور گروہ میں بھی ہلاک کر دیا تھا

وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا یُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ○

اور پہلے گناہگاروں سے اِنکے گناہوں کی بابت سوال نہ کیا جائیگا

فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ فِیْ زِیْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِیْنَ

پھر وہ اپنی قوم کے سامنے بناؤ سنگار کرکے نکلا تو وہ لوگ جو زندگانی دنیا

یُرِیْدُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا یٰلَیْتَ لَنَا مِثْلَ

کے طلبگار ہیں کہنے لگے کہ کاش ہمارے لیے بھی ایسا کچھ ہوتا

مَآ اُوْتِیَ قَارُوْنُ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ ○

جیسا کچھ قارون کو دیا گیا ہے یقیناً وہ بڑا صاحب نصیب ہے

وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللَّهِ خَيْرٌ

اور اُن لوگوں نے جنکو علم دیا گیا تھا یہ کہا کہ تمہارا برا ہو اُس شخص کے لیے جو

لِّمَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا وَلَا يُلَقَّاهَا إِلَّا

ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ کی طرف سے جو معاوضہ ملیگا وہ بہتر ہے اچھا اور یہ بات

الصَّابِرُونَ ۝ فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ الْأَرْضَ فَمَا

سوائے صبر کرنیوالوں کے کسی اور کو نہیں سکھائی جاتی۔ پھر ہمنے قارون کو اور اُسکے مکان کو زمین میں دھسا دیا بس نہ

كَانَ لَهُ مِن فِئَةٍ يَنصُرُونَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَمَا

اُسکا کوئی گروہ تھا جو اللہ کے عذاب سے بچانے میں اُسکی نصرت کرتا اور نہ وہ خود ہی

كَانَ مِنَ الْمُنتَصِرِينَ ۝ وَأَصْبَحَ الَّذِينَ تَمَنَّوْا

اپنے آپ کو بچا سکا اور وہ لوگ جو کل اُسکی منزلت کی خواستگاری

مَكَانَهُ بِالْأَمْسِ يَقُولُونَ وَيْكَأَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ

کرتے تھے یہ کہنے لگے ہے ہے یہ تو اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں میں سے جسکے لیے

الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَوْلَا

چاہتا ہے رزق میں وسعت کردیتا ہے اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگی کردیتا ہے اگر

أَن مَّنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ

اللہ نے ہمپر احسان نہ کیا ہوتا تو ہمیں بھی دھسا دیتا ارے غضب کافر تو (کہیں)

الْكَافِرُونَ ۝ تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا ع ۸

پناہ ہی نہیں پاتے یہ آخرت کا گھر ہم اُن لوگوں کے لیے مقرر کرتے ہیں

لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا

جو نہ زمین میں تکبر چاہتے ہیں اور نہ فساد

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ۝ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ

اور انجام نیک پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے جو ایک (خاص) نیکی لائیگا بس (اُسکا بدلا)

خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى

اُسکے لیے اُس سے بہتر ہوگا اور جو ایک (خاص) بدی لائیگا تو اُن لوگوں کو جو بدی کیا کرتے تھے صرف ویسا ہی بدلا

الَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ إِلَّا مَا كَانُوا

دیا جائیگا جیسے کہ وہ عمل کیا کرتے

يَعْمَلُونَ ۝ إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ

تھے بالتحقیق وہ جسنے تیرے قرآن کو واجب کیا ہے

لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُلْ رَّبِّي أَعْلَمُ مَنْ جَاءَ

تمکو تمہارے ٹھکانے کی طرف لوٹانیوالا ہے تم یہ کہدو کہ میرا پروردگار اُس سے بھی خوب واقف ہے جو

بِالْهُدَىٰ وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ وَمَا كُنتَ

ہدایت کو لیکر آیا اور اُس سے بھی (آگاہ ہے) جو صریح گمراہی میں ہے اور تمکو توکوئی یہ امید

تَرْجُو أَن يُلْقَىٰ إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن

نہ تھی کہ تم پر کوئی کتاب اُتاری جائیگی مگر تمہارے پروردگار کی طرف

رَّبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيرًا لِّلْكَافِرِينَ ۝ وَلَا يَصُدُّنَّكَ

رحمت ہوئی پس تم ہرگز کافروں کے پشت پناہ نہونا اور تمکو آیات سے بعد

عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ إِلَيْكَ ۖ وَادْعُ إِلَىٰ

اسکے کہ وہ تیرے نازل کی گئیں ہرگز کوئی چیز نہ روکے اور تم (لوگوں کو) اپنے پروردگار کی طرف

رَبِّكَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَلَا تَدْعُ

بلاؤ اور تم ہرگز مشرکوں میں سے نہونا اور اللہ کے ساتھ

مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۘ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيْءٍ

کسی دوسرے کو اللہ نہ بنالو اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے ہر چیز سوائے وجہ اللہ

هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ ۚ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

کے ہلاک ہونیوالی ہے (اصلی) حکم اُسی کا ہے اور اُسی کی طرف تم سب کی بازگشت ہوگی

ہوجائیں تو ضرور ایک وقت ایسا آئیگا کہ سب فنا ہوجائینگی مگر ذات خدا جو ازلی و ابدی ہے اور نور محمدی جو ازلی تو نہیں کیونکہ مخلوق ہے مگر ابدی ضرور ہے کہ بوجہ اطاعت کاملہ

آیاتہا ۶۹ — رکوعاتہا ۷ — کلماتہا — حروفہا

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ○ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا

الٓمّٓ کیا آدمیوں نے یہ گمان کرلیا ہے کہ وہ اتنا کہنے سے چھوڑ دیے جائینگے کہ ہم

اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ○ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ

ایمان لے آئے اور اُنکی آزمائش نہ کیجائیگی اور بیشک ہمنے اُنسے پہلوں کو بھی

مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ

آزمایا تھا پس اللہ ضرور اُنکو بھی جان لیگا جو سچے ہیں اور وہ

لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ○ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

جھوٹوں کو بھی ضرور جان لیگا کیا اُن لوگوں نے جو بدیاں کیا کرتے ہیں یہ گمان

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○

کرلیا ہے کہ وہ ہم سے سبقت لے جائینگے یہ کیسے بُرے حکم لگاتے ہیں

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ

جسکو خدا کی حضور میں جانیکی امید ہے تو خدا کا مقرر کیا ہوا وقت ضرور آنیوالا ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا

اور وہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے اور جو شخص جہاد کریگا سوائے اِسکے نہیں ہے

يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ○

کہ اپنی ہی ذات کے نفع کے لیے جہاد کریگا اس میں شک ہی نہیں کہ خدا تعالےٰ تمام اہل عالم سے بے پروا ہے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے ہم ضرور اُنکی بدیوں کو اُنسے

خالق کی نافرمانی لازم آتی ہو ۱۲ سے جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ تفسیر قتی میں ہے کہ ایسے آدمی کو جب کوئی دوسرا
[illegible]

سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○
دور کرینگے اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے ہم انکو ضرور اُس سے بہتر بدلا دینگے

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ
اور ہمنے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنیکا حکم دیا ہے اور (یہ بھی کہ) اگر

جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا
وہ دونو تجھ پر زبردستی کریں کہ تو میرا شریک ایسی چیز کو قرار دے جسکا تجھے علم نہو تو تو اُن دونو

تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
کی اطاعت نہ کر تم سب کی بازگشت میری ہی طرف ہوگی پھر جو عمل تم کیا کرتے تھے ہم اُس سے

تَعْمَلُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
تمکو آگاہ کردینگے اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے ہم ضرور

لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ○ وَمِنَ النَّاسِ
اُنکو صالحین میں داخل کرینگے اور آدمیوں میں سے

مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ
کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو (منہ سے تو) یہ کہتا ہے کہ ہم اللہ پر ایمان لے آئے پھر جب دین خدا کی بابت

فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ
میں اُسکو کوئی تکلیف دیجاتی ہے تو وہ آدمیونکی تکلیف دہی کو عذاب خدا کی برابر قرار دے لیتا ہے اور جس وقت تمہارے پروردگار کی

رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ
طرف سے مدد پہنچ جائیگی تو ضرور وہ سب کے سب یہ کہینگے کہ ہم تو آپ ہی کے ساتھ تھے کیا اللہ اہل عالم کے دلوں میں

بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ
جو کچھ ہے اُس سے آگاہ نہیں ہے؟ اور ضرور اللہ اُنکو بھی جان لیگا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ○ وَقَالَ
جو ایمان لے آئے اور وہ منافقوں کو بھی ضرور جان لیگا اور کافروں نے

لہ بِوَالِدَيْهِ تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے مراد ہر شخص کے جسمانی ماں باپ ہیں جن سے کہ وہ پیدا ہوا ۱۲ سے مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ تفسیر

آدمی ستائے یا اُسے کوئی نقصان پہنچ جائے یا اذیت دے تو وہ اُسکو ... لوگوں سے کچھ اذیت ہو وہ آدمیوں کے افعال کی نسبت یہ گمان کرنے لگتا ہے کہ وہ بھی مثل عذاب خدا کے ہیں ...

[illegible]

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ
ایمان لانیوالوں سے یہ کہا کہ تم ہمارے راستہ کی پیروی کرو اور تمہارے گناہوں

خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ
کا بوجھ ہم اُٹھالینگے حالانکہ وہ اُنکے گناہوں کا بوجھ کچھ بھی نہیں اُٹھائینگے

اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَ
وہ یقیناً جھوٹے ہیں اور ضرور وہ اپنے بوجھ اُٹھائینگے اور

اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْــَٔـلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ بھی اور جو افترا پردازیاں وہ کیا کرتے ہیں قیامت کے دن

عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا ع ۱ ۱۳
اُنسے اُنکے متعلق ضرور بازپرس کی جائیگی اور یقیناً ہمنے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف

اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ
بھیجا پس وہ اُن میں پچاس برس کم ہزار سال رہے

عَامًا ۭ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○
پھر اُن (اُمّت کے) لوگوں کو طوفان نے آلیا جس حال میں کہ وہ نافرمان تھے

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً
اور ہمنے نوحؑ کو اور کشتی والوں کو نجات دی اور اُس کشتی کو تمام اہل عالم کے لیے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ
ایک نشانی قرار دیا اور ابراہیم کو (بھیجا) جبکہ اُنہوں نے اپنی قوم سے یہ کہا کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
تم اللہ کی عبادت کرو اور اُس سے ڈرو اگر تم علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے لیے

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ
(سب سے) بہتر ہے سواے اِسکے نہیں ہے کہ تم اللہ کو چھوڑ کر

منزل ۵

[illegible]

وہ غم ٹھوکا کرتے تھے ۲ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا الاکمال میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ اس
[illegible]

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

بتوں کو پوجتے ہو اور جھوٹی باتیں (خود بخود) بناتے ہو بالتحقیق وہ جنکی تم

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا

خدا کے سوا پرستش کرتے ہو تمہارے کسی طرح کے رزق کا اختیار نہیں رکھتے

فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا

پس اللہ ہی سے رزق طلب کرو اور اُسی کی پرستش کرو اور اُسی کا شکر ادا کرو

لَهٗ ۭ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ

اُسی کی طرف تمہاری بازگشت ہوگی اور اگر تم جھٹلاؤ تو تم سے پہلی اُمتیں بھی

كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ۭ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ

جھٹلا چکی ہیں اور رسول کے ذمہ سوائے کھولکر

اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ

پہنچا دینے کے اور کچھ ہے ہی نہیں کیا اُنہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ خلق کی ابتدا کیونکر

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ○

کرتا ہے پھر اُسکو دُہراتا ہے بیشک یہ بات اللہ کے لیے آسان ہے

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ

تم یہ کہدو کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر غور سے دیکھو کہ اللہ نے خلق کو شروع

الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

کیونکر کیا پھر وہی اللہ اُسکی آخری اُٹھان بھی اُٹھائیگا بیشک اللہ ہر چیز پر

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَرْحَمُ

(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے جسکو وہ چاہیگا عذاب دیگا اور جسپر چاہیگا

مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ○ وَمَآ اَنْتُمْ

رحمت فرمائیگا اور تم (سب) اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور تم خدا کو

منزل ۵

ل وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ... تا ... وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۔ تفسیر قمی میں ہے کہ جہاں سے آیت

اور ماتحت افسر صاحب کو ۱۲ سلہ لوطؑ حضرت لوطؑ حضرت ابراہیمؑ کے خالہ زاد بھائی تھے (ان کے قصہ کے لیے دیکھو صفحہ ۲۶۶ و ۳۴۶ کے کل نوٹ) ۱۲

بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ز وَمَا لَكُمْ

نہ زمین میں تھکانیوالے ہو اور نہ آسمان میں اور خدا تعالےٰ کے سوا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ○ وَالَّذِيْنَ ع ۲ ۱۴

نہ تمہارا کوئی کارساز ہوگا اور نہ مددگار اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا

اللہ کی آیتوں کا اور اس کی حضور میں جانیکا انکار کیا ہے وہی تو میری رحمت سے

مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

مایوس ہوئے ہیں اور انہی کے لیے دردناک عذاب ہے

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ

پس ابراہیمؑ کی قوم کا جواب اسکے سوا کچھ نہ تھا کہ انہوں نے یہ کہا کہ انکو قتل کردو

اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ط اِنَّ فِيْ

یا انکو جلادو پس اللہ نے انکو آتش (نمرود) سے نجات دی بیشک اُن لوگوں کے لیے

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ وَقَالَ اِنَّمَا

جو ایمان رکھتے ہیں اس میں نشانیاں موجود ہیں اور انہوں نے یہ فرمایا کہ

اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ

سوائے اِسکے نہیں ہے کہ تمنے اللہ کو چھوڑکر زندگانی دنیا میں آپس کی محبت کے لحاظ سے بتوں کو

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ

مان لیا ہے پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کو

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ز وَّمَاْوٰىكُمُ

کافر بناؤگے اور تم میں کا ایک دوسرے پر لعنت کریگا اور تمہارا ٹھکانا

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ م

جہنم ہوگا اور تمہارا کوئی مددگار نہوگا پس لوطؑ ابراہیمؑ پر ایمان لائے

اور جسکی چاہتا ہے راہبری فرمادیتا ہے پس اُنکے بارے میں افسوس کرتے کرتے کہیں تمہاری جان نہ نکل جائے

[illegible]

اور جبتر کے بارے میں نازل ہوئی۔ (زریق وجبتر کی تفصیل کے لیے دیکھو صفحہ ۲۲۵ نوٹ نمبر ۱) ۱۲

إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌۢ بِمَا يَصْنَعُونَ ○ وَاللّٰهُ الَّذِيٓ

یقیناً جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اُس سے (خوب) پورا آگاہ ہے۔ اور اللہ وہی ہے جو

أَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ إِلٰى بَلَدٍ

ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ بادل کو اُبھار لاتی ہیں پھر ہم اُس بادل کو مردہ شہر کی طرف ہنکا دیتے

مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ كَذٰلِكَ

ہیں پھر ہم اُس (بادل) کے ذریعے سے زمین کو اُس کی موت کے بعد زندہ کر دیتے ہیں۔ ایسا ہی (قیامت

النُّشُورُ ○ مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ

میں) جی اُٹھنا ہوگا۔ جو شخص عزت کا خواستگار ہو تو پوری عزت خدا ہی کے لیے ہے۔

إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصّٰلِحُ يَرْفَعُهُ ۚ

اُسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھ کر پہنچتے ہیں اور وہی نیک عمل کو بلند کرتا ہے۔

وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ

اور جو چالیں کرکے بدیاں کرتے رہتے ہیں اُنہی کے لیے سخت عذاب ہے

وَمَكْرُ أُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُورُ ○ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ

اور اُنہی کی چال آخر بیکار ہو جائیگی۔ اور اللہ نے تم کو مٹی سے

تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا

پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تم کو جوڑا جوڑا بنا دیا اور کوئی

تَحْمِلُ مِنْ أُنْثٰى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ

مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور کوئی بچہ نہیں جنتی مگر یہ کہ خدا کو اسکا علم ہے۔ اور کسی بوڑھے کو

مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتٰبٍ ۚ إِنَّ

زیادہ عمر نہیں دی جاتی اور نہ اسکی عمر میں سے کچھ گھٹائی جاتی ہے مگر یہ کہ نوشتۂ خدا میں (موجود ہے) یقیناً

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ○ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا

یہ بات اللہ پر آسان ہے۔ اور ایسے دو دریا برابر نہیں ہو سکتے کہ یہ تو

عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ
میٹھا ہے (اور) اسکا پینا خوشگوار اور وہ دوسرا کھاری کڑوا

وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً
اور ہر ایک میں سے تم تازہ (تازہ) گوشت کھاتے ہو اور زیورات کی چیزیں نکالتے ہو جنہیں

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا
تم پہنتے ہو اور کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ وہ اس میں پھاڑتی چلی جاتی ہیں تاکہ تم اسکے فضل

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي
کے خواستگار ہو اور تاکہ تم اس کے شکر گزار ہو۔ وہ رات کو دن میں داخل

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ
کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور سورج اور چاند کو اسنے مطیع کر لیا ہے

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ
ہر ایک ایک وقت معین کے لیے چل رہا ہے۔ یہی اللہ تو تمہارا پروردگار ہے ہر طرح کا اختیار اسی کا ہے

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ
اور جن کو تم اسکے سوا پکارتے ہو ان کو کھجور کی گٹھلی کے پوست تک (یعنی ذرہ بھر تک) کا بھی

قِطْمِيْرٍ ۝ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ
اختیار نہیں۔ اگر تم ان کو پکارو گے تو وہ تمہارا پکارنا نہ سنیں گے اور اگر

سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ
سن لیں تو تم کو کچھ جواب نہ دیں گے۔ اور قیامت کے دن تمہارے شرک کا

بِشِرْكِكُمْ ؕ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ
انکار کر دیں گے۔ اور خدائے خبیر کے برابر تم کو کوئی خبر نہ دیگا۔ اے آدمیو!

اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝
تم سب خدا کے محتاج ہو۔ اور اللہ وہی بے نیاز (اور) قابل تعریف ہے۔

تفسیر صافی میں ہے کہ یہ مومنین کی اور کفار کی دوسری مثال دی جو پہلے کی بہ نسبت زیادہ بلیغ ہے اور اسی لیے لفظ ما یستوی کی تکرار کی گئی ہے۔ نیز ایک قول کے بوجب احیاء سے مراد علماء ہیں اور اموات سے مراد جہلاء ۱۲

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ وَمَا

اگر وہ چاہے تو تم سب کو دور کردے اور نئی مخلوق لے آئے اور اللہ

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

کے لیے یہ کچھ دشوار نہیں ہے اور کوئی اٹھانیوالا کسی دوسرے کا بوجھ

اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ

نہ اٹھائیگا اور اگر کوئی بھاری بوجھ والا اپنا بوجھ بٹانے کے لیے کسی دوسرے کو بلائے تو اس میں کا

مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ

اس پر کچھ نہ لادا جائیگا گو وہ اسکا قریب بھی ہو۔ سوائے اسکے نہیں ہے کہ تم ان لوگوں کو ڈرا سکتے ہو

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ

جو بے دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہوں اور نماز پڑھتے ہوں

وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اور جو شخص گناہوں سے پاک رہے وہ اپنی ہی ذات کے لیے پاک رہیگا اور بازگشت اللہ ہی کی طرف

الْمَصِيْرُ ۝ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۝ وَلَا

ہوگی اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہو سکتے اور نہ

الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ۝ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ۝ وَمَا

اندھیریاں اور نہ روشنی۔ اور نہ سایہ اور نہ دھوپ اور نہ

يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

زندے اور نہ مردے برابر ہوتے ہیں بیشک اللہ تو

يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي

جسکو چاہے سُنا دے حالانکہ تم انکو جو قبروں میں ہیں کچھ نہیں

الْقُبُوْرِ ۝ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

سُنا سکتے۔ تم تو صرف ایک ڈرانیوالے ہو۔ بیشک ہمنے تمکو برحق خوشخبری سنانیوالا

سلہ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اعمیٰ سے مراد ہے کافر اور بصیر سے مراد ہے مومن ۱۲ سلہ وَلَا الظُّلُمٰتُ

بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا ؕ وَإِنْ مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا

اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے۔ اور ایک گروہ بھی ایسا نہیں ہوا جس میں کوئی ڈرانیوالا

نَذِيرٌ ۝ وَإِنْ يُّكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ

نہ آیا ہو۔ اور اگر وہ تمہاری تکذیب کریں تو یقیناً انہوں نے بھی تکذیب کی تھی جو اُن سے پہلے تھے

قَبْلِهِمْ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ

(حالانکہ) اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں اور صحیفے اور روشنی پہنچانیوالی

وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيرِ ۝ ثُمَّ أَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَكَيْفَ

کتابیں لیکر آئے تھے۔ پھر جو کافر ہوگئے میں نے اُنکو گرفتار کیا پھر میری ناخوشی

كَانَ نَكِيرِ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ۚ ع ۳

کا انجام کیسا ہوا! کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا أَلْوَانُهَا ۚ وَمِنَ الْجِبَالِ

پھر ہم نے اُس کے ذریعے سے طرح بطرح کے پھل پیدا کیے اور پہاڑوں میں سے کچھ تو

جُدَدٌ بِيضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ

راستے اور ٹیلے سفید ہیں اور کچھ مختلف رنگ کے (یعنی کچھ متوسط اور گہرے) رنگ اور بعضے سیاہ

سُودٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ وَالْأَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ

بھونرا۔ اور آدمیوں میں سے اور جانداروں میں سے اسی طرح مختلف

أَلْوَانُهُ كَذٰلِكَ ؕ إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ

رنگ کے ہوتے ہیں اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء اللہ سے ڈرتے رہتے ہیں

إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتٰبَ اللّٰهِ

بیشک اللہ زبردست (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ یقیناً وہ لوگ جو کتاب خدا کی تلاوت کرتے ہیں

وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا

اور انہوں نے نماز پڑھی اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس میں سے ظاہر اور چھپا کر

وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ

ہماری راہ میں خرچ کیا وہ ایسی تجارت کی امید لگائے ہوئے ہیں جس میں کبھی گھاٹا نہ ہوگا۔ تاکہ اللہ تعالے

أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ

انکے اجر پورے پورے دیدے اور اپنے فضل سے انکو کچھ اور بڑھا دے بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور)

شَكُورٌ ۝ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ

قدردان ہے اور (اے رسول) جو کتاب ہم نے تمہاری طرف بذریعہ وحی کے بھیجی ہے وہ

هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ

برحق ہے (اور) اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنیوالی ہے بیشک اللہ اپنے بندوں کے حال سے

لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ۝ ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا

واقف (اور انکا) نگراں ہے۔ پھر ہم نے اپنی اس کتاب کا وارث اُن کو بنایا جنکو ہم نے اپنے بندوں میں

مِنْ عِبَادِنَا ۖ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ وَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ

سے منتخب کر لیا تھا پس اُن (بندوں) میں کچھ تو اپنے اوپر ظلم کرنیوالے ہیں اور کچھ میانہ رُو ہیں۔

وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ

اور کچھ حکم خدا سے تمام نیکیوں میں بڑھ جانیوالے ہیں۔ یہی تو بہت بڑا

الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا

فضل ہے۔ سب ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں داخل ہوجائینگے

يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَ

اُن میں انکو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور

لِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي

اُن میں انکا لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ یہ کہینگے کہ خدا کا شکر ہے جس نے ہم سے

أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۖ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ۝

ہر قسم کا رنج و غم دور کر دیا۔ بیشک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا (اور) قدردان ہے

الَّذِيٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا

جسنے ہم کو اپنے فضل سے ایسے ہمیشہ رہنے کے گھر میں لا اتارا جس میں نہ ہم کو کوئی رنج

فِيهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ ۝ وَالَّذِينَ

پہنچیگا اور نہ اُس میں ہم کو کوئی تھکن پہنچیگی۔ اور جو لوگ

كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا

کافر ہوگئے اُنکے لیے آتش جہنم ہے نہ تو وہاں اُنکو قضا ہی آئیگی کہ وہ مرجائیں

وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ

اور نہ اُنکے عذاب جہنم ہی میں تخفیف کی جائیگی (اور) ہر ناشکرے کو ہم ایسی ہی

كُلَّ كَفُورٍ ۝ وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

سزا دیتے ہیں۔ اور وہ اُس میں پڑے پڑے چلاتے رہینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ

اس میں سے نکال لے تاکہ جو عمل ہم اب تک کرتے تھے اُنکے برخلاف ہم نیک عمل کیا کریں (جواب ملیگا کہ) کیا ہمنے تمکو

مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيرُ ۭ

بہت سی عمر نہیں دی تھی کہ اُس میں جو بھی نصیحت حاصل کرنا چاہتا نصیحت حاصل کرلیتا علاوہ بریں تمہارے پاس ایک شخص

فَذُوقُوا فَمَا لِلظّٰلِمِينَ مِنْ نَّصِيرٍ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ

ڈرانے والا بھی آیا تھا (جبکہ تمنے اسکی نہیں سنی) تو اب مزہ چکھو کہ (یہاں) نافرمانوں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ بیشک اللہ آسمانوں

غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝

اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے یقیناً وہی دلوں کے حال سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ

وہی تو ہے جس نے تمکو زمین میں (پہلوں کا) جانشین کر دیا پھر جو شخص کافر ہوگیا اُسکے کفر کا

كُفْرُهٗ ۭ وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ

وبال اُسی پر ہے اور کافروں کے لیے انکا کفر اُنکے پروردگار کے نزدیک ناراضی اور کسی چیز کو نہیں بڑھاتا

وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ○ قُلْ أَرَءَيْتُمْ

اور کافروں کے لیے اُنکا کفر سوائے نقصان کے اور کچھ زیادہ نہیں کرتا۔ تم یہ کہدو کہ کیا تم نے اپنے

شُرَكَآءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ أَرُونِي

اُن شریکوں کو دیکھا ہے جنکو تم خدا کے سوا پکارتے رہتے ہو۔ ذرا مجھے تو دکھاؤ

مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ

آیا زمین کی کوئی چیز اُنہوں نے پیدا کی ہے یا آسمانوں میں اُنکا کوئی ساجھا ہے؟

أَمْ ءَاتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ بَلْ إِنْ يَعِدُ

یا اُنکو ہمنے کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اُسکے سبب سے کھلی دلیل پر ہیں (یہ کچھ بھی نہیں) بلکہ یہ

الظّٰلِمُونَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ○ إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ

نافرمان لوگ ایک دوسرے کو محض دھوکا ہی کا وعدہ کرتے ہیں۔ بیشک اللہ آسمانوں کو اور

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ

زمین کو اِس بات سے روکے ہوئے ہے کہ یہ (اپنی اپنی جگہ سے) ٹل جائیں اور اگر یہ (اپنی جگہ سے)

أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ

ٹل جاتے تو اُسکے بعد کوئی ایسا نہیں ہے جو اُنکو روک دیتا یقیناً وہ بڑا بُردبار (اور)

حَلِيمًا غَفُورًا ○ وَأَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمٰنِهِمْ لَئِنْ

بخشنے والا ہے۔ اور اُنہوں نے اپنی پوری قوت بھر خدا کی قسم کھا کر کہا تھا کہ اگر اُنکے

جَآءَهُمْ نَذِيرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدٰى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ

پاس کوئی ڈرانیوالا آئیگا تو ہم پہلی ہر اُمت سے زیادہ راہ راست پر آجانیوالے ہوجائینگے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ○ اسْتِكْبَارًا

مگر جب اُنکے پاس ڈرانیوالا آیا تو اُنکی نفرت اور بھی زیادہ ہوئی۔ اور روئے زمین پر

فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا

اُنکی شیخی (اور بڑھی) اور بُری بُری چالیں چالیں حالانکہ بُری چالیں اپنے کرنیوالوں ہی پر پڑتی ہیں

بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ

تو کیا یہ اپنے پہلوں کے قاعدہ کے منتظر ہیں؟ پس تم خدا کے

تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ

قاعدہ میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ اور نہ کبھی تم خدا کے قاعدہ کو ٹلتا ہوا

تَحْوِيْلًا ○ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

پاؤ گے کیا وہ زمین میں نہیں چلے پھرے کہ وہ یہ دیکھتے کہ ان کے پہلوں کا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْا اَشَدَّ مِنْهُمْ

انجام کیسا ہوا تھا حالانکہ وہ ان سے قوت میں بہت بڑھے ہوئے

قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي

تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں کی اور زمین کی کوئی چیز اس کو

الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ○ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا

ہرا دے بیشک وہ (ہر چیز سے پورا پورا) واقف (اور) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر اللہ آدمیوں سے جو عمل وہ کرتے ہیں

كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰى

ان کا مواخذہ کرتا تو روئے زمین پر ایک جاندار کو بھی باقی نہ رکھتا لیکن انکو ایک مقررہ وقت

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ○ ع ٥ ٨ ١٧

تک کے لیے ڈھیل دے رکھی ہے پس جب انکا مقررہ وقت آجائیگا (تو بس) پھر اللہ ہی اپنے بندوں کے حال کا نگراں ہوگا

سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتھا ٨٣ — رکوعاتھا ٥ — کلماتھا ٧٢٩ — حروفھا ٣٠٩٠

منزل ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○

یٰس۔ حکمت والے قرآن کی قسم ہے یقیناً تم ان رسولوں میں سے ہو

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝

جو صراطِ مستقیم پر ہے۔ (یہ قرآن) زبردست رحم کرنیوالے کا اُتارا ہوا ہے۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

تاکہ تم اُن لوگوں کو ڈراؤ جنکے بزرگ کبھی ڈرائے ہی نہیں گئے اِسی سے وہ غافل ہیں۔

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

فرمودۂ خدا اُن میں سے اکثر پر یقیناً پورا ہو گیا کہ وہ ایمان نہ لائینگے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ

بیشک ہمنے اُنکی گردنوں میں طوق ڈالدیے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک ہیں

فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

اِسی سے اُنکے سر اُٹھے کے اُٹھے رہتے ہیں۔ اور ہمنے اُنکے آگے سے بھی ایک دیوار بنا دی ہے

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

اور اُنکے پیچھے سے بھی ایک دیوار۔ پھر (اوپر سے) ہمنے اُنکو ڈھانپ دیا ہے کہ وہ اب کچھ نہیں دیکھتے۔

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

اور اُنکے حق میں (دونوں باتیں) برابر ہیں خواہ تم اُنکو ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

نہ لائینگے ڈرا تو تم اُسکو سکتے ہو جو نصیحت پر چلے اور بے دیکھے

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا

خدا سے ڈرے سو اُس شخص کو گناہوں کی بخشش کی اور عمدہ سے عمدہ اجر کی خوشخبری سنا دو بیشک ہم

نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ

مُردوں کو زندہ کرینگے اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے ہیں اور جو آثار اُنکے پیچھے رہ جاتے ہیں اُن سب کو ہم

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

لکھتے جاتے ہیں اور ہمنے ہر چیز کو امامِ مبین میں (از روئے علم و شمار) جمع کر لیا ہے۔ اور اُنکے لیے اُس بستی والوں کی مثل

ع ۱ ۱۸

أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ۚ ○ إِذْ

بیان کرو کہ جو وقت ہمارے بھیجے ہوئے اُس بستی میں آئے تھے (اور اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے اُن کی

أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

طرف دو رسول بھیجے پھر اُنھوں نے دونوں کو جھٹلایا تو ہم نے تیسرے رسول سے قوت پہنچائی

فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ○ قَالُوا مَا أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ

اور اُن تینوں رسولوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف (خدا کی) بھیجے ہوئے ہیں۔ بستی والوں نے کہا کہ تم تو ہم ہی جیسے

مِّثْلُنَا وَمَا أَنزَلَ الرَّحْمٰنُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا

آدمی ہو اور (خدائے) رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی تم نرا جھوٹ

تَكْذِبُونَ ○ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ○ وَمَا

بولتے ہو (تب) اُنھوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور

عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ○ قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۖ لَئِن

ہم پر تو کھولکر پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے۔ بستی والوں نے کہا کہ ہم تو تمکو منحوس سمجھتے ہیں اگر تم باز

لَّمْ تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ○

نہ آئے تو ہم ضرور تم کو سنگسار کر دینگے اور ضرور ہماری طرف سے تمکو دردناک عذاب پہنچیگا۔

قَالُوا طٰٓئِرُكُم مَّعَكُمْ ۚ أَئِن ذُكِّرْتُم ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ

اُنھوں نے فرمایا کہ تمہاری بدشگونی تو تمہارے ہی ساتھ ہے کیا اس پر کہ تمکو سمجھایا گیا (تم ہم پر طعن کرتے ہو)

مُّسْرِفُونَ ○ وَجَاءَ مِنْ أَقْصَا الْمَدِينَةِ رَجُلٌ

حقیقت یہ ہے کہ تم بڑی زیادتی کرنیوالے لوگ ہو اور اُس شہر کے انتہائی حصہ سے ایک شخص دوڑتا ہوا

يَسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِينَ ○ اتَّبِعُوا

آیا (آتے ہی) کہنے لگا کہ اے میری قوم اِن رسولوں کی پیروی کرو۔ اُن لوگوں کی پیروی

مَن لَّا يَسْـَٔلُكُمْ أَجْرًا وَهُم مُّهْتَدُونَ ○

کرو جو تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ
اور مجھے ہو کیا گیا ہے کہ میں اسکی عبادت نہ کروں جسنے مجھ کو پیدا کیا ہے حالانکہ تم سب کی بازگشت

تُرْجَعُوْنَ ۝ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ
بھی اسی کی طرف ہوگی۔ کیا میں اسکو چھوڑ کر ایسے خدا بنالوں کہ اگر (خدائے) رحمٰن مجھے کوئی ضرر پہنچانا

الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝
چاہے تو انکی سفارش میرے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں۔

اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ
میں تو اس صورت میں کھلی تباہی میں پڑجاؤنگا۔ سو (صاحبو) سن لو میں تو یقیناً تمہارے پروردگار

فَاسْمَعُوْنِ ۝ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ
پر ایمان لایا ہوں۔ (اس سے) کہا جائیگا کہ تو جنت میں چلا جا وہ کہیگا کہ کاش میری قوم کے لوگ

يَعْلَمُوْنَ ۝ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ
بھی یہ جان لیتے کہ مجھے میرے پروردگار نے کس وجہ سے بخشدیا اور معززین میں سے

الْمُكْرَمِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ
قرار دیدیا۔ اور اُسکے بعد اسکی قوم پر عذاب دینے کے لیے ہم نے آسمان سے کوئی لشکر

مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ۝ اِنْ
نہیں اُتارے اور نہ ہمیں اتارنے کی کوئی ضرورت تھی۔ اُن (کی گرفتاری)

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ۝
کے لیے ایک چیخ کافی تھی کہ یکایک وہ بجھ کر رہ گئے۔

يٰحَسْرَةً عَلَي الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا
بندوں کے حال پر کیا افسوس ہے کوئی رسول بھی انکے پاس ایسا نہیں آتا جس کی

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا
یہ ہنسی نہ اڑاتے ہوں۔ کیا یہ اتنا نہیں سمجھتے کہ ہم نے ان سے پہلے

وقف غفران

قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ○

کتنے گروہوں کو ہلاک کر دیا کہ اب وہ انکے پاس پلٹ کر نہیں آتے۔

وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ○ وَآيَةٌ لَّهُمُ

اور اسکے بغیر چارہ ہی نہیں کہ وہ سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کیے جائینگے۔ اور (یوں تو) مردہ زمین بھی

الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

انکے لیے ایک معجزہ ہے کہ ہم اسکو زندہ کر دیتے ہیں اور اس میں سے غلے پیدا کر دیتے ہیں جن میں سے یہ

يَأْكُلُونَ ○ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ

کھاتے ہیں۔ اور اس میں کھجوروں کے اور انگوروں کے باغ پیدا کر دیتے ہیں

وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ○ لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا

اور اس میں چشمے بہا دیتے ہیں تاکہ یہ ان کے پھلوں میں سے (بھی) کھائیں اور اپنے

عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ○ سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ

ہاتھوں کی محنت سے (بھی) کیا اب بھی شکر نہ ادا کرینگے؟ منزہ ہے وہ ذات جسنے ہر چیز کے

الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ

جوڑے جوڑے پیدا کر دیے انکے بھی جو زمین میں سے اگتی ہے اور (ان) منکرین کی ذات کے بھی اور

وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ○ وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ

ان چیزوں کے بھی جنکو یہ نہیں جانتے۔ اور رات (بھی) انکے لیے ایک نشانی ہے جس میں سے ہم دن کو

النَّهَارَ فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ ○ وَالشَّمْسُ تَجْرِي

نکال لاتے ہیں پھر یہ یکایک اندھیرے میں رہجاتے ہیں۔ اور سورج (بھی ایک نشانی ہے) جو اپنے ایک

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ○ وَالْقَمَرَ

مقررہ مقام کی طرف چلا جاتا ہے یہ ایک بڑے زبردست صاحب علم کا مقرر کر دینا ہے۔ اور چاند (بھی) ایک

قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ عَادَ كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ ○

نشانی ہے جسکی ہمنے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہانتک کہ وہ پلٹ کر پرانی شاخ کی (ٹیڑھی) صورت اختیار کر لیتا ہے۔

ع ۲

ع میں چاند ہر رات کو پہنچتا رہتا ہے۔ نہ کسی سے پیچھے رہجاتا ہے اور نہ کسی سے کچھ آگے بڑھجاتا ہے ۱۲

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ

نہ سورج ہی کی یہ مجال ہے کہ چاند کو پکڑ پائے اور نہ رات ہی کی یہ قدرت ہے کہ دن

سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ○ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

سے آگے بڑھ جائے۔ حالانکہ یہ سب کبھی (نہ کبھی) آسمان میں پھرتے رہتے ہیں۔ اور ایک نشانی (ان کیلئے یہ

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ○ وَخَلَقْنَا

بھی ہے کہ ہم نے انکے بزرگوں کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا تھا۔ اور اُن کے لیے (بھی)

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ○ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

ویسی ہی چیزیں پیدا کر دی ہیں جنپر یہ سوار ہوتے رہتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو انکو ڈبو دیتے

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ○ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا

پس انکا کوئی فریاد رس نہ ہوتا اور نہ یہ چھڑائے جاتے۔ سوائے اسکے کہ ہماری رحمت ہو اور ایک مدت

وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

کے لیے نفع پہنچانا (منظور) ہو۔ اور جس وقت اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم اپنے گزشتہ (گناہوں) سے ڈرو

اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَمَا

اور آئندہ (کے عذاب) سے خوف کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور اِن کے پاس

تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

انکے پروردگار کی نشانیوں میں سے ایک بھی ایسی نہیں آتی جس سے یہ روگردان

مُعْرِضِيْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ

نہ ہوتے ہوں۔ اور جس وقت اُن سے یہ کہا جاتا ہے کہ جو رزق خدا نے تم کو دیا ہے اس میں سے کچھ (راہ خدا)

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ

میں بھی خرچ کرو تو جو لوگ کافر ہوئے ہیں مومنوں سے یہ کہتے ہیں کیا ہم اسکو کچھ کھلائیں جسکو اگر اللہ

يَشَاۗءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ڰ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

چاہتا تو خود کھلا دیتا (اس معاملہ میں) تم صریح غلطی میں ہو۔

اس لیے کہ خدا تعالیٰ جو کھانا کھلاتا ہے اُس کے لیے اسباب ہیں۔ منجملہ اُن کے ایک سبب یہ بھی ہے کہ امراء کو ترغیب و تحریص فرماتا ہے

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ مَا

اور یہ (بھی) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ (یعنی روز قیامت) کب آئیگا؟ انت

يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ۝

ظار نہیں کرتے مگر ایک چیخ کا جو ان کو یکایک آ پکڑیگی اور یہ لڑتے جھگڑتے ہی رہ جائینگے۔

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ۝

پس نہ اس وقت وہ کوئی وصیت کر سکینگے اور نہ اپنے بال بچوں کے پاس پلٹ کر آسکینگے

ع ۳ / ۱۸

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ

اور (دوبارہ) صور پھونکا جائیگا تو یکایک وہ قبروں سے نکل کر اپنے پروردگار کی حضور میں حاضر ہونے کیلیے

يَنسِلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا

جلد جلد چلنے لگینگے۔ کہتے ہونگے ہائے خرابی ہماری ہمکو ہماری خوابگاہ سے اٹھا کس نے دیا؟ (جواب دیا جائیگا کہ)

مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝ إِن كَانَتْ إِلَّا

یہی تو وہ وقت ہے جسکا خدائے رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچی سچی خبر دی تھی۔ بس ایک ہی چیخ تو

صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

ہوگی کہ یکایک وہ سب ہماری حضور میں حاضر کردیے جائینگے۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ

پس اُس دن نہ تو کسی نفس پر کوئی ظلم کیا جائیگا اور نہ تم کو کوئی بدلا دیا جائیگا سوائے اُسکے جو کچھ

تَعْمَلُونَ ۝ إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ

تم کیا کرتے تھے بیشک جنتی لوگ تو اس دن مزے اڑاتے

فَاكِهُونَ ۝ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ

ہونگے وہ اور اُنکی بیبیاں تختوں پر سایہ میں تکیہ لگائے

مُتَّكِئُونَ ۝ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُمْ مَّا يَدَّعُونَ ۝

بیٹھے ہونگے۔ اُنکے لیے جنت میں ہر میوہ اور اُنکے لیے ہر وہ چیز جو وہ چاہینگے موجود ہوگی۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا

بڑی رحمت کرنے والے پروردگار کی طرف سے سلام کہلا بھیجا جائیگا۔ (اب اِدھر کی سنیئے) اور اے گنہگارو! آج کے دن تم

الْمُجْرِمُوْنَ ○ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا

الگ ہو جاؤ۔ اے اولاد آدم کیا میں نے تم کو یہ حکم نہیں دیا تھا کہ شیطان کے

تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ وَّاَنِ

بندے نہ بننا وہ یقیناً تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ میری

اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○ وَلَقَدْ اَضَلَّ

عبادت کرنا سیدھا راستہ یہی ہے۔ اور اس نے تم میں سے

مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ○ هٰذِهٖ

بہت سوں کو گمراہ کر دیا تو کیا تم خود کوئی سمجھ نہ رکھتے تھے اب یہ وہی جہنم

جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا

(موجود) ہے جس سے تم کو ڈرایا جایا کرتا تھا۔ جیسا کہ تم کفر کیا کرتے تھے اس کے بدلے

كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ

آج اس میں چلے جاؤ۔ اس دن ہم اُنکے منہ پر تو مہر لگا دینگے اور اُن کے ہاتھ ہم سے

اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○

بات کرینگے اور اُن کے پاؤں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بابت گواہی دینگے۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی آنکھوں کو میٹ کر دیتے پھر وہ راستے سے بھی آگے بڑھ جاتا

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ○ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ

پھر وہ کہاں سے دیکھتے؟ اور اگر ہم چاہتے تو اُن کو اُنہیں مسخ کر دیتے

ع فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ○ وَمَنْ

پھر نہ وہ کہیں جا سکتے اور نہ پلٹ کر آسکتے۔ اور جس کو

نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۚ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَمَا

ہم زیادہ عمر دیتے ہیں تو اسکی بناوٹ میں جھکا دیتے ہیں۔ کیا وہ اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ اور ہم نے اسکو

عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۚ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

(یعنی اپنے رسول کو) شعر نہیں سکھایا اور نہ یہ اُسکے لیے زیبا ہے یہ تو صرف نصیحت

وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ

اور کھلا قرآن ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو زندہ (دل) ہیں ڈرائے اور انکار کرنیوالوں پر

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ

قولِ حق ثابت ہو جائے۔ کیا وہ اتنا نہیں سمجھتے کہ جو چیزیں ہم نے اپنی قدرت سے بنائے ہیں

اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ

انکے نفع کے لیے پیدا کیے ہیں بس وہ (اس وقت) اُنکے مالک بنے ہوئے ہیں۔ اور ہم ہی نے ان چوپایوں کو

فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَهُمْ فِيْهَا

اُن کا مطیع کر دیا ہے کہ اِن میں سے بعض تو اُنکی سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں اور

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۚ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَاتَّخَذُوْا

اُنکے لیے ان چوپایوں میں بہت سی منفعتیں اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ اسکے شکر گزار نہونگے؟ اور انھوں نے خدا کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ لَا

چھوڑ کر اور خدا بنا لیے تاکہ وہ اُنکی کچھ مدد کریں۔ وہ ان کی

يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ

ذرا مدد نہ کر سکینگے حالانکہ اُنکے لشکر کے لشکر اُن کی عبادت کے لیے

مُّحْضَرُوْنَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا

حاضر رہتے ہیں۔ بس (اے رسول) انکی باتیں تمکو رنج میں نہ ڈالیں جو کچھ یہ چھپاتے ہیں اور

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا

جو (کچھ) یہ ظاہر کرتے ہیں ہم اُسکو خوب جانتے ہیں۔ کیا انسان اتنا نہیں سمجھتا کہ ہم نے

خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَ
اسکو نطفہ سے پیدا کیا ہے پھر یکایک وہ کھلا جھگڑالو بن گیا۔ اور

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ
ہمارے ہی لیے اُس نے مثل بیان کی اور اپنی خلقت کو بھول گیا۔ کہنے لگا کہ ہڈیوں کو جس حال میں

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ
کہ وہ خاک ہو جائینگی زندہ کون کریگا؟ تم کہدو کہ اُنکو وہی زندہ کریگا جسنے اُنکو

اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۝
پہلی مرتبہ پیدا کردیا تھا اور وہ ہر مخلوق کے حال سے واقف ہے۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا
جسنے تمہارے لیے ہرے درخت سے آگ پیدا کردی کہ اب تم

فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ
اُسی سے سُلگاتے رہتے ہو آیا وہ جس نے آسمانوں

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ
کو اور زمین کو پیدا کیا ہے اِس پر قادر نہیں ہے کہ

يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ق وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝
اُنکے ایسے اور پیدا کردے۔ ضرور (قادر ہے) اور وہ بڑا پیدا کرنیوالا (اور) جاننے والا ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ
یہ فقط اُسی کی شان ہے کہ جب کسی چیز کا ارادہ کرے تو اُس سے صرف اتنا فرمادے

كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ
کہ ہو پس وہ ہو جائے۔ پس منزہ ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ ع ۵
ہر چیز کا اختیار ہے اور اُسی کی حضور میں تم سب کی بازگشت ہوگی۔

آیاتہا ۱۸۲ — رکوعاتہا ۵ — کلماتہا ۸۶۳ — حروفہا ۳۵۹۵

سورۃ والصّٰفّٰت مکیۃ وھی مائۃ واثنتان وثمانون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ○ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ○

قسم ہے صف باندھ کر کھڑی ہونیوالوں کی۔ پھر قسم ہے جھڑکنے والوں کی۔

فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۙ○ اِنَّ اِلٰـهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۭ○

پھر ذکر کی تلاوت کرنیوالوں کی۔ بیشک تمہارا معبود ضرور یکتا ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا

آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُن کے مابین ہے انکا پرورش کرنیوالا

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۭ○ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَاۗءَ

اور مشرقوں کا مالک ہے۔ یقیناً ہمنے اِس دنیا کے آسمان کو

الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ○ وَحِفْظًا

ستاروں کی زینت سے مزین کیا ہے اور ہر سرکش شیطان

مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ○ لَا یَسَّمَّعُوْنَ

کے لیے اُن کو نگہبان بنایا ہے۔ اب وہ ملاءِ اعلیٰ کی

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ

کنسوئیاں نہیں لے سکتے اور ہر طرف سے اُنکو بھگانے کیلیے مار

جَانِبٍ ○ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ○

پڑتی ہے اور یہ اُن کے لیے پائدار عذاب ہے۔

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

سوائے اِسکے کہ کوئی اُڑتی ہوئی بات لے بھاگا سو ایک ستارا ٹوٹ کر اُسکا پیچھا

ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ
لیتا ہے۔ اب اُنسے پوچھو کہ ازروے پیدائش یہ خود زیادہ مضبوط ہیں یا وہ
مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ
جن کو ہمنے پیدا کیا ہی یقیناً ہمنے اُنکو لسدار مٹی سے پیدا
لَّازِبٍ ۝ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ۝ وَإِذَا
کیا ہے بات یہی کہ تمکو (اُنکے انکار سے) تعجب ہوا اور وہ (تمہارے تعجب کی) ہنسی اُڑاتے ہیں
ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ۝ وَإِذَا رَأَوْا آيَةً
اور جب اُنکو نصیحت کی جاتی ہی تو وہ نصیحت نہیں مانتے۔ اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو
يَسْتَسْخِرُونَ ۝ وَقَالُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ
(اور زیادہ) ہنسی اُڑاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو
مُّبِينٌ ۝ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا
ہے۔ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائینگے تو
أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ۝ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ۝
کیا ہم پھر اُٹھائے جائینگے ہ آیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی؟
قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ ۝ فَإِنَّمَا هِيَ
تم کہدو ہاں بلکہ تم سب ذلیل ہوکر آؤگے۔ پس وہ ایک جھڑکی
زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ ۝ وَ
ہی تو ہوگی کہ وہ سب یکایک (قبروں سے نکل کر) دیکھتے اُٹھ کھڑے ہونگے۔ اور
قَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ۝ هَٰذَا يَوْمُ
کہینگے کہ ہائے خرابی ہماری یہی تو جزاو سزا کا دن ہے۔ (جواب ملیگا جی) یہی فیصلہ
الْفَصْلِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝
کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

ہم اہلبیت کی بابت کہ ہم سے محبت رکھی یا نہیں ۱۲

احشروا الذين ظلموا وازواجهم وما كانوا
ان لوگوں کو جنہوں نے نافرمانیاں کی تھیں اور انکی ازواج کو اور خدا کے سوا جن کو
يعبدون ○ من دون الله فاهدوهم الى صراط
یہ پوجا کرتے تھے اُن سب کو اکٹھا کرلو پھر ان سب کو جہنم کا راستہ
ربع
الجحيم ○ وقفوهم انهم مسئولون ○ ما لكم لا
بتا دو۔ اور انکو ٹھہرا لو کہ ان سے سوالات کیے جائیں۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے تم
تناصرون ○ بل هم اليوم مستسلمون ○ و
ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ بلکہ اُس دن تو وہ بڑے تابعدار بنے ہوئے ہونگے۔ اور
اقبل بعضهم على بعض يتساءلون ○ قالوا انكم كنتم
ایک دوسرے کے پاس سوال کرتے ہوئے آئینگے کہتے ہونگے کہ تم تو ہمارے پاس داہنی طرف
تاتوننا عن اليمين ○ قالوا بل لم تكونوا مؤمنين ○
سے (یعنی بڑی اہتمام سے) آیا کرتے تھے۔ وہ یہ کہینگے کہ تم ہی ایماندار نہ تھے۔
منزل
وما كان لنا عليكم من سلطن بل كنتم قوما
اور ہمارا تم پر کوئی قابو تو تھا نہیں بلکہ تم خود ہی سرکش لوگ
طغين ○ فحق علينا قول ربنا انا لذائقون ○
تھے پس ہم پر تو ہمارے رب کا قول پورا اترا کہ ہم ضرور (عذاب کا) مزہ چکھنے والے ہیں۔
فاغوينكم انا كنا غوين ○ فانهم يومئذ في
سو ہمنے تم کو بھی بہکایا کہ ہم تو گمراہ تھے ہی۔ پس اُس دن وہ عذاب
العذاب مشتركون ○ انا كذلك نفعل بالمجرمين ○
میں ملے جلے ہونگے۔ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں۔
انهم كانوا اذا قيل لهم لا اله الا الله يستكبرون ○
بیشک یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اُنسے کہا جاتا تھا کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں تو یہ اکڑا ہی کرتے تھے

ولایت جناب امیر المومنین کی نسبت سوال کیا جائیگا۔ امالی اور العیون میں جناب رسول خدا سے بھی یہی مضمون مروی ہے

کی بھی وہ خواہش کرینگے انعاماً اور اکراماً دی جائیگی ۔ ۲ کَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۔ تفسیر صافی میں ہے کہ

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوا آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ ۝ بَلْ

اور یہ کہا کرتے تھے کہ کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے خداؤں کو چھوڑنیوالے ہیں (دیوانہ کیسا!)

جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِنَّكُمْ لَذَائِقُوا

بلکہ وہ تو حق لیکر آیا ہے اور اُسنے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔ تم یقیناً دردناک عذاب

الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ۝ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تم بدلا اُسی کا پاؤ گے جو کچھ تم عمل کیا کرتے تھے

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ۝ أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ

ہاں خدا کے خالص بندے اس سے مستثنٰی ہیں۔ اُن کے واسطے رزق (بھی) معین

مَّعْلُومٌ ۝ فَوَاكِهُ ۚ وَهُم مُّكْرَمُونَ ۝ فِي جَنَّاتِ

ہے (یعنی میوے) اور اُنکی عزت بھی کی جائیگی۔ وہ نعمت والی جنتوں میں

النَّعِيمِ ۝ عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِم بِكَأْسٍ

تختوں پر ایک دوسرے کے مقابل بیٹھے ہونگے۔ سفید شراب کے گلاس کے دور

مِّن مَّعِينٍ ۝ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ ۝ لَا فِيهَا غَوْلٌ

چل رہے ہونگے جس کا لطف پینے والے ہی جانینگے۔ اُس میں نہ کوئی جھگڑا ہوگا

وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنزَفُونَ ۝ وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ

اور نہ اُس سے مدہوش ہو جائینگے۔ اور اُن کے پاس نیچی نگاہ والی (اور) بڑی بڑی آنکھوں والی

عِينٌ ۝ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ ۝ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

(حوریں) اُسی طرح ہونگی گویا (رنگ کی صفائی میں) حفاظت سے رکھے ہوئے انڈے ہیں پس وہ بھی ایک دوسرے کی طرف

عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ۝ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ إِنِّي كَانَ

متوجہ ہو کر سوال کرینگے۔ اُن میں سے ایک کہنے والا یہ کہیگا کہ میرا ایک

لِي قَرِينٌ ۝ يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ۝ أَئِذَا مِتْنَا

ہمنشین تھا جو یہ کہا کرتا تھا کہ کیا تو بھی تصدیق کرنیوالوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مرجائینگے

ع

ا أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ ۔ کافی میں بروایت جناب امام محمد باقر جناب رسول خدا سے ایک حدیث منقول ہے جس میں آنحضرت

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ

اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے تو کیا ہمکو کوئی جزا یا سزا دی جائیگی؟ (پھر) کہیگا کہ آیا تم بھی اُس سے واقف ہونا

مُّطَّلِعُوْنَ ۝ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ قَالَ تَاللّٰهِ

چاہتے ہو؟ پس جُھک کر دیکھیگا تو اُسکو جہنم کے بیچوں بیچ دیکھ لیگا (تب بیساختہ) کہیگا کہ خدا

اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝

کی قسم تونے تو مجھے بھی مار ڈالا تھا۔ اور اگر میرے پروردگار کا احسان نہوتا تو میں بھی (اسی طرح) تیری ساتھ ہوتا

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝

کیا (میں تم سے نہ کہتا تھا کہ) ہمکو ہماری پہلی موت کے سوا مرنا ہی نہیں ہے اور نہ ہمکو (آخرت میں) عذاب ہی دیا جائیگا

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝

یقیناً بڑی سے بڑی کامیابی یہی تو ہے۔ ایسی ہی (کامیابی) کیلیے تو چاہیے کہ عمل کرنیوالے عمل کریں۔

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهَا

آیا مہمانی کیلیے یہ بہتر ہے یا زقوم کا درخت؟ کہ ہمنے اُسکو نافرمانوں کیلیے

فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ۝ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْۤ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ۝

عذاب مقرر کیا ہے۔ وہ ایک درخت ہے جو جہنم کی گہراں سے نکلتا ہے۔

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ۝ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ

اُسکی چوٹی ایسی ہے جیسے شیطانوں کے سر ہوں۔ پس وہ ضرور اُسی میں سے کھانیوالے

مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا

ہونگے اور (چار و ناچار) اُسی سے پیٹ بھرنیوالے۔ پھر اُنکے لیے اُسکے اوپر سے گرم پانی کی

مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ۝ اِنَّهُمْ

ملاوٹ ہوگی۔ پھر اُن سب کی بازگشت ضرور جہنم ہی میں ہوگی۔ انہوں نے یقیناً

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ۝ فَهُمْ عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۝

اپنے باپ دادا کو بھی گمراہ پایا تھا تو اُنکے نشانِ قدم پر یہ بھی دوڑے چلے آرہے تھے

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم
اور بیشک اِنسے قبل پہلے والے بہت سے گمراہ ہوگئے۔ حالانکہ ہمنے اُن میں ڈرانیوالے

مُّنذِرِينَ ۝ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ۝ إِلَّا
ضرور بھیجے تھے۔ پھر غور سے دیکھو لو کہ جنکو ڈرایا گیا تھا اُنکا انجام کیسا رہا! (ہاں) اللہ کے

عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ۝ وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ
مخلص بندے اِس سے مستثنےٰ ہیں۔ اور یقیناً نوحؑ نے ہمکو پکارا تھا پس ہم ہی تو سب سے

الْمُجِيبُونَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ۝
اچھا جواب دینے والے ہیں۔ اور ہمنے خود اُنہیں اور اُنکے اہل کو بڑی تکلیف سے نجات دی

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي
اور ہم نے اُنکی اولاد کو (آئندہ حق پر) باقی رہنے والا قرار دیا۔ اور ہمنے پچھلے آنیوالوں میں آسے (یعنی اُنکی

الْآخِرِينَ ۝ سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ
صفت و ثنا کو یا اُنکے قصہ کو) باقی رکھا۔ نوحؑ پر تمام عالموں میں سلام ہو۔ ہم نیکی کرنیوالوں کو

نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ۝ ثُمَّ
اِسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں۔ وہ یقیناً ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ پھر

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ۝ وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ۝
ہمنے اوروں کو ڈبو دیا اور یقیناً ابراہیمؑ بھی اُنہی کے پیرؤوں میں سے تھے۔

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۝ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ
جبکہ وہ اپنے پروردگار کی حضور میں سالم نیت سے آئے۔ جبوقت کہ اُنہوں نے اپنے چچا سے اور اپنی قوم

مَاذَا تَعْبُدُونَ ۝ أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ۝
کے لوگوں سے کہا کہ تم یہ کیا پوجتے ہو؟ کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے خداؤں سے مرید بنتے ہو؟

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ۝
تمام عالموں کے پروردگار کی نسبت تمہارا خیال کیا ہے؟ پھر ستاروں کی طرف ایک نظر ڈالی۔

فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ۝ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ۝ فَرَاغَ إِلَىٰ

اور یہ فرمایا کہ میں بیمار ہونیوالا ہوں۔ پس یہ لوگ تو پیٹھ پھرا کر انکے پاس سے (اُدھر) گئے اور یہ چپ چاپ

آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ۝

اُنکے خداؤں کی طرف گئے اور دریافت کیا کہ تم کچھ کھاتے کیوں نہیں؟ یہ تمہیں ہو کیا گیا ہے بولتے کیوں نہیں؟

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ۝ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ۝

اب تو پیچھے اُن پر داہنے ہاتھ کی ضرب لگانے لگے۔ اب وہ لوگ منڈلاکر آپ کی طرف آئے

قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ۝ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا

فرمایا کیا تم اُن چیزوں کی پوجا کرتے ہو جنکو اپنے ہاتھوں سے تراشتے ہو حالانکہ اللہ نے تمکو بھی پیدا کیا ہے اور جو بت

تَعْمَلُونَ ۝ قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ۝

تم بناتے ہو انکو بھی (پھر) انہوں نے آپس میں کہا کہ تم اسکے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اسکو سخت آگ میں ڈالدو۔

فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ۝ وَقَالَ إِنِّي

پس اس طرح وہ ابراہیمؑ کے لیے ایک چال چلے سو ہمنے انہی کو ذلیل کردیا۔ اور ابراہیمؑ نے کہا کہ میں

ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ۝ رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصَّالِحِينَ ۝

اپنے پروردگار کی طرف جانیوالا ہوں کہ وہ عنقریب میری رہبری فرمائیگا۔ اے میرے پروردگار مجھے نیک اولاد عطا فرما۔

فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ ۝ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يَا بُنَيَّ

پس ہمنے اُنکو ایک بردبار فرزند کی بشارت دی پس جب وہ (فرزند) اُنکے ساتھ چلنے پھرنے کے لائق ہوا تو

إِنِّي أَرَىٰ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ط

انہوں نے فرمایا کہ اے میرے پیارے بیٹے میں خواب میں دیکھتا کیا ہوں کہ میں تمکو ذبح کر رہا ہوں تو اب غور کرو کہ تمہاری کیا رائے

قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّهُ

انہوں نے عرض کی کہ ابا جان آپکو جو حکم ملتا ہے بجا لائیے اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھ کو صبر کرنیوالوں

مِنَ الصَّابِرِينَ ۝ فَلَمَّا أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِينِ ۝ وَنَادَيْنَاهُ

میں سے پائینگے۔ پس جب دونوں نے اظہار اطاعت کیا اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹادیا اور ہمنے انکو

اِنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۝ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى
آواز دی کہ اے ابراہیم تم نے بیشک اپنا خواب سچا کر دیا ہم نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلا
الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ۝ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ
دیا کرتے ہیں بیشک یہ کھلی آزمائش ضرور ہے۔ اور ہم نے اسکا فدیہ ایک بڑی قربانی
عَظِيْمٍ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝
مقرر کی ہے۔ اور اسکے لئے ہم نے آئندہ آنیوالوں میں باقی رکھا۔ ابراہیم پر سلام ہو۔
كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
نیکی کرنیوالوں کو ہم اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں وہ یقیناً ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے
وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
اور ہم نے انکو اسحٰق نبی کی خوشخبری دی جو صالحین میں سے تھے اور ہم نے ابراہیم اور اسحٰق پر برکت
اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ۝ ع
نازل کی حالانکہ ان دونو کی اولاد میں نیک بھی ہونیوالی تھی اور کھلم کھلا اپنے اوپر ظلم کرنیوالے بھی
وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ
اور بیشک ہم نے موسٰے اور ہارون پر احسان کیا۔ اور ہم نے اُن دونوں کو اور انکی قوم کو سخت
الْعَظِيْمِ ۝ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمَا
تکلیف سے نجات دی۔ اور ہم نے انکی نصرت کی جس سے وہی غالب رہے۔ اور ہم نے اُن دونوں کو بلیغ
الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۝ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝
بیان والی کتاب عطا کی۔ اور ہم ہی نے اُن دونو کو راہ راست دکھائی۔
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝
اور ہم ہی نے آئندہ آنیوالوں میں انکا ذکر خیر باقی رکھا۔ موسٰے اور ہارون پر سلام ہو
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا
بیشک ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔ یقیناً وہ دونو ہمارے ایماندار بندوں

کا معاملہ کوئی نہیں ہے۔ بشرطیکہ خدا پر پورا بھروسہ کر لیا جائے۔ کیا تم نہیں دیکھتے خدا فرماتا ہے فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ

الْمُؤْمِنِينَ ○ وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ قَالَ

میں سے تھے۔ اور یقیناً الیاسؑ رسولوں میں سے تھے۔ جس وقت کہ انہوں نے اپنی قوم

لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُونَ ○ أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ

سے کہا کہ تم ڈرتے نہیں۔ تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے اچھے پیدا کرنیوالے اللہ کو

أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ ○ اللَّهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ○

جو تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی چھوڑ دیتے ہو۔

فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ○ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ○

پس انہوں نے الیاسؑ کی تکذیب کی وہ سب (عذاب میں) ضرور دھر لیے جائینگے۔ اللہ کے خالص بندے اس سے مستثنیٰ ہیں

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ○ سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ○ إِنَّا

اور انکا ذکر ہمنے پیچھے آنیوالوں میں باقی رکھا۔ آلِ یاسین پر سلام ہو۔ بالضرور ہم

كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ○ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ○

نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔ وہ بیشک ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَإِنَّ لُوطًا لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ○

اور یقیناً لوطؑ رسولوں میں سے تھے۔ جبکہ ہمنے انکو اور انکے تمام کنبے کو نجات دی

إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ○ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ○ وَإِنَّكُمْ

سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں رہ گئی۔ پھر ہمنے اوروں کو ہلاک کردیا۔ اور تم صبح و

لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِمْ مُصْبِحِينَ ○ وَبِاللَّيْلِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○ ع ۵ ۸

شام آتے جاتے ضرور انکے آثار (قدیم) کے پاس سے گزرتے ہو تو کیا تم کچھ سمجھتے نہیں؟

وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ

اور یونسؑ بیشک رسولوں میں سے تھے۔ جبکہ وہ بھاگ کر ایک بھری ہوئی کشتی میں

الْمَشْحُونِ ○ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ○ فَالْتَقَمَهُ

چلے گئے پس کشتی والوں نے قرعہ ڈالا تو یہ مغلوب رہے۔ پھر ان کو ایک مچھلی

الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ۝

نگل گئی اور یہ اپنے آپ کو ملامت کرنے لگے۔ پس اگر یہ کہیں تسبیح کرنیوالوں میں سے نہوتے تو

لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ

جس دن سب اٹھائے جائینگے اُس دن تک مچھلی کے پیٹ ہی میں رہتے۔ پھر ہمنے انکو ایک خالی جگہ میں ڈالدیا

وَهُوَ سَقِيمٌ ۝ وَأَنبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّن يَقْطِينٍ ۝ وَ

جس حال میں کہ وہ ناتوان تھے۔ اور انکے اوپر کدو کا ایک درخت اگا دیا۔ اور

أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ ۝ فَآمَنُوا فَمَتَّعْنَاهُمْ

انکو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ پس وہ لوگ ایمان لائے اور ہمنے انکو

إِلَىٰ حِينٍ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ

ایک (مقررہ) وقت تک نفع پہنچایا۔ اب انسے پوچھو کہ کیا تیرے خدا کیلئے تو بیٹیاں ہیں اور انکے لیے

الْبَنُونَ ۝ أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثًا وَهُمْ شَاهِدُونَ ۝

بیٹے؟ کیا ہم نے انکو دکھا دکھا کر فرشتوں کو عورتیں پیدا کیا ہے؟

أَلَا إِنَّهُم مِّنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ۝ وَلَدَ اللَّهُ وَإِنَّهُمْ

آگاہ رہو (یہ) یقیناً انکا بہتان ہے (جو) یہ کہتے ہیں کہ اللہ کے بھی اولاد ہے اور یہ یقیناً

لَكَاذِبُونَ ۝ أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ۝ مَا لَكُمْ

جھوٹے ہیں۔ کیا اُسنے بیٹے چھوڑ کر بیٹیاں اختیار کریں؟ تمہیں ہو کیا گیا ہے

كَيْفَ تَحْكُمُونَ ۝ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ أَمْ لَكُمْ سُلْطَانٌ

تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟ کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے یا تمہارے پاس کوئی کھلی حجت

مُّبِينٌ ۝ فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَجَعَلُوا

ہے؟ پس اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب پیش کرو۔ اور اُنہوں نے خدا کے

بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ

اور جنات کے مابین رشتہ قرار دیدیا حالانکہ جنات اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ یہ (مفتری ضرور)

لَمُحْضَرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

حاضر کیے جائینگے۔ جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں خدا تعالیٰ اس سے منزہ ہے۔ اللہ کے مخلص بندے اس سے

الْمُخْلَصِيْنَ ۝ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ۝ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ

مستثنیٰ رہتے۔ پس تم اور جن جن کو تم پوجتے ہو وہ سب ملکر خدا کے برخلاف کسی کو بہکا

بِفٰتِنِيْنَ ۝ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ

نہیں ہو۔ سوائے اُسکے جو جہنم میں جانیوالا ہے۔ اور ہم میں تو ایک بھی ایسا نہیں جسکے

مَّعْلُوْمٌ ۝ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ۝ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ۝

لیے ایک معین ٹھکانا نہو اور یقیناً ہم صف باندھنے والے ہیں اور بیشک ہم تسبیح کرنیوالے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ۝ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ

اور یقیناً وہ یہ کہتے تھے کہ اگر ہمارے پاس پہلوں کی کتاب ہوتی

الْاَوَّلِيْنَ ۝ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ فَكَفَرُوْا بِهٖ

تو ہم بھی خدا کے خالص بندوں میں سے ہوتے۔ خیر اب تو انہوں نے اُس کا

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا

انکار کیا پس آگے چلکر انکو معلوم ہی ہو جائیگا۔ اور ہمارا وعدہ ہمارے مرسل بندوں سے پہلے ہی

الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ وَاِنَّ جُنْدَنَا

ہو چکا تھا کہ اُن سب کو یقیناً مدد پہنچائی جائیگی۔ اور ہمارا لشکر ضرور

لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْهُمْ

غالب رہیگا۔ پس تم اِن سے ایک وقت تک کیلئے روگردان ہو جاؤ اور اِنکی حالت دیکھتے رہو

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ فَاِذَا

کہ آگے چلکر یہ خود دیکھ لینگے۔ کیا یہ ہمارے عذاب کی بابت میں جلدی کرتے ہیں؟ تو جب وہ

نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ وَتَوَلَّ

اِن پر آ اُتریگا تو اُن لوگوں کی جو ڈرائے جا چکے ہیں بہت ہی بری حالت ہوجائیگی۔ اور ایک

عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ

وقت تک ان سے روگرداں ہو جاؤ اور دیکھتے رہو کہ کچھ عرصہ بعد یہ بھی دیکھ لیں گے۔ تمہارا پروردگار

رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى

صاحب عزت و غلبہ ان سب باتوں سے منزہ ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ اور تمام رسولوں پر

الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سلام ہو۔ اور ہر قسم کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار خدا ہی کو (سزاوار) ہے

سورة ص مكية وهي ثمان وثمانون اية

اٰیاتہا ٨٨ ۔ رکوعاتہا ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

ص۔ قسم ہے نصیحت والے قرآن کی (یہ تو برحق ہے) لیکن جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ

عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ

تکبر اور نافرمانی میں (اڑے ہوئے) ہیں۔ ہم ان سے پہلے کتنے ہی زمانوں کو ہلاک کر چکے ہیں

فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ

تو وہ پیچھے چلانے لگے مگر وہ بچاؤ کا وقت نہ تھا۔ اور انہیں تعجب یہ ہوا کہ ان کے پاس ایک

مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝

ڈرانیوالا انہی میں سے آیا اور کافروں نے یہ بک دیا کہ یہ جھوٹا (اور) جادوگر ہے۔

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝

کیا اس نے سب خداؤں کو ایک ہی خدا بنا دیا بیشک یہ تو ضرور عجیب بات ہے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ

کو دیکھینگے تو یہ کہینگے کہ آیا (دنیا کی طرف) لوٹ جانیکی (بھی) کوئی سبیل ہے؟ اور تم اُن کو دیکھوگے کہ

يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ

وہ دوزخ کے سامنے بلائے جائینگے اس حال میں کہ ذلت کے مارے جھکے ہوئے ہونگے اور (چوری چھپی)

طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ

نظروں سے دیکھتے جاتے ہونگے اور جو لوگ ایمان لے آئے ہیں وہ یہ کہتے ہونگے کہ حقیقی نقصان اٹھانیوالے

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ

وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو بھی نقصان پہنچایا اور اپنے عزیزوں کو بھی آگاہ رہو کہ

اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

ظالم دوامی عذاب میں رہینگے۔ اور اللہ کے سوا انکے لیے کوئی ایسا

اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

اور کارساز نہ ہونگے جو اُن کی نصرت کریں اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کرلے

فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

اسکے لیے کوئی (ہدایت ونجات کی) راہ نہیں۔ قبل اس کے کہ وہ دن آئے جسکا ٹلنا خدا کی طرف سے مقرر نہیں ہے

يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ

تم اپنے پروردگار کا حکم مانو اُس دن نہ تو تمہارے لیے کوئی جائے پناہ

يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ۝ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ

ہوگی اور نہ (اُس دن) تمہارا کوئی انکار چل سکیگا۔ اس پر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو ہمنے

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَ

تم کو انکا محافظ بناکر انہیں بھیجا تمہارے ذمے صرف پہنچا دینا ہے اور

اِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ

ہم جب انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اُس سے خوش ہوتا ہے اور اگر اُن کو

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ

انہی کی کرتوت کی بدولت کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو انسان (اُسکے بارے میں) بڑا ہی ناشکرا

لے اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ۔ تفسیر رسائی میں ہے کہ اس آیت کے پہلے جملہ کو تو اذا سے شروع کیا ہے اور دوسرے کو اِن سے

كَفُوْرٌ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ

ہو جاتا ہے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لیے (مسلّم) ہے وہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝

جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے عنایت فرماتا ہے

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۭ

یا اُن کو بیٹے اور بیٹیاں جوڑواں دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا

بیشک وہ صاحب علم (و) صاحب قدرت ہے۔ اور کسی بشر کی یہ منزلت نہیں ہو کہ اللہ اُس سے بات کرے سوائے کہ

اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ

وحی کے ذریعے سے ہو یا پس پردہ سے یا کسی رسول کو بھیجدے پھر جو چاہے اپنے حکم سے اُسکو وحی

مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

پہنچائے بیشک وہ بلند مرتبہ (اور) حکمت والا ہے اور اسی طرح ہمنے اپنے حکم سے روح (الامین) کو

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

تمہاری طرف وحی کے ساتھ بھیجا (جسکے پہلے) تم یہ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ (تعلیم ایمان کیا چیز ہے)

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ۭ

لیکن ہم نے اُسکو ایک نور قرار دیا جسکے ذریعے سے ہم اپنے بندوں میں سے جسکو چاہیں ہدایت کریں

وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ

اور بیشک تم راہ راست کی طرف ہدایت کرتے ہو یعنی اُس اللہ کی راہ کی طرف

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ

کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اُسی کا ہے آگاہ رہو کہ

اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝

تمام امور کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہوگی

سورۃ الزخرف مکیۃ وھی تسع وثمانون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا

حٰمٓ۔ قسم ہے واضح کتاب کی بیشک ہم نے اس کو عربی قرآن مقرر

عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا

کیا تاکہ تم سمجھو۔ اور بیشک وہ ہمارے پاس امّ الکتاب میں ضرور عالیشان

لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ

(اور) حکمت والا ہے۔ کیا ہم نصیحت کو تم سے (بالکل) باز رکھیں گے (اسی وجہ سے) کہ

كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ

تم حد سے زیادہ بدکار ہو گئے ہو۔ اور ہم نے پہلوں میں کتنے ہی نبی بھیجے۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَاَهْلَكْنَآ

اور ان کے پاس جب کوئی نبی آتا تھا تو وہ ضرور اسکی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ پھر ہم نے ان کو جو

اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَئِنْ

قوت میں سب سے بڑھے ہوئے تھے ہلاک کیا اور پہلوں کی مثل جاری ہو گئی۔ اور اگر تم

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

ان سے پوچھو گے کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

انکو اس زبردست (و) صاحب علم نے پیدا کیا ہے جسنے زمین کو تمہارے لیے فرش مقرر

مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

کیا اور اس میں تمہارے لیے راستے مقرر کر دیے تاکہ تم راہ پاؤ۔

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً

اور جسنے آسمان سے ایک اندازے سے پانی اُتارا پھر ہم نے اُسکے ذریعے سے مُردہ زمین کو

مَيْتًا كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ○ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ

زندہ کر دیا اسی طرح تم بھی (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور جسنے ہر قسم کے جوڑے جوڑے پیدا کیے

كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ○

اور تمہارے لیے کشتیاں اور چارپائے مقرر کر دیے جن پر تم سوار ہوتے ہو

لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ

تاکہ تم اُن کی پیٹھوں پر درست ہو بیٹھو پھر جب تم اُن پر درست بیٹھ جاؤ تو اپنے پروردگار کی نعمت کو

عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ

یاد کرو اور یہ کہو کہ منزہ ہے وہ جسنے اس کو ہمارا مطیع کر دیا حالانکہ ہم میں اسکی (قابو میں لانے کی)

مُقْرِنِينَ ○ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ○ وَجَعَلُوا لَهُ

طاقت نہ تھی۔ اور بیشک ہم اپنے پروردگار کی طرف پلٹ کر جانیوالے ہیں۔ اور اُنہوں نے اُسکے

مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ مُبِينٌ ○ ع ۵

بندوں میں سے بعض کو اُسی کا ایک جزو (یعنی اولاد) بنا دیا بیشک انسان کھلا ناشکرا ہے۔

أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُمْ بِالْبَنِينَ ○ وَإِذَا

کیا جو کچھ وہ پیدا کرتا ہے اُس میں سے بیٹیاں تو اُس نے لیں اور بیٹوں سے تم کو نوازا۔ حالانکہ جب اُن

بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ

کسی کو اُس (یعنی بیٹی) کی بشارت دی جاتی ہے جسکی وہ (خدائے) رحمٰن کے لیے مثل بیان کرتا تھا تو مارے

مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ○ أَوَمَنْ يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ

غصے کے اُسکا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے۔ آیا وہ جو زیور (و زینت) میں پرورش کیا جائے اور وہ

فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ○ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ

جھگڑے میں بات نہ کہہ سکے (خدا کے لیے ٹھہرائے ہیں) اور اُنہوں نے فرشتوں کو جو (خدائے) رحمٰن کے

عــه وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ الخ تفسیر حقانی میں ہے کہ یہاں ابراہیم کا ذکر اس مناسبت سے لایا گیا ہے کہ وہ غور کریں کہ انہوں نے
[illegible]

عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ
بندے ہیں بیٹیاں قرار دیدیا آیا وہ انکی پیدائش کے وقت موجود تھے عنقریب انکی گواہی لکھی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا
جائیگی اور اُن سے باز پرس کی جائیگی۔ اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ اگر (خدائے) رحمٰن چاہتا تو ہم انکی

عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝
عبادت نہ کرتے اُنکو اسکا کوئی علم نہیں ہے وہ تو محض اٹکل پچو باتیں بناتے ہیں۔

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ۝ بَلْ
یا ہم نے اُن کو اس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے جس کو وہ مضبوط پکڑے ہوئے ہیں؟ بلکہ

قَالُوْۤا اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ
اُنہوں نے تو یہ کہا تھا کہ تحقیق ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم تو انہی کے قدم بہ قدم

مُّهْتَدُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ
چلے جاتے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تم سے پہلے جس بستی میں کوئی ڈرانیوالا بھیجا تو اُسکے دولتمندوں

مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ
نے یہی کہا کہ ہمنے تو اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم تو اُنہی کے

وَّاِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى
قدم بہ قدم چلے جاتے ہیں۔ (اُس ڈرانیوالے نے یہ) کہا کہ جس طریقے پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا تھا

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ
اگر میں اس سے زیادہ سیدھا طریقہ لیکر آیا ہوں (تو بھی)؟ اُنہوں نے کہدیا کہ جو کچھ تمکو دیکر بھیجا گیا ہے اُسکے تو ہم

كٰفِرُوْنَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
ضرور منکر ہیں۔ پس ہمنے اُن سے بھی بدلہ لیا پھر دیکھ لو کہ اُن جھٹلانیوالوں کا انجام

ع ٢
الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖۤ اِنَّنِيْ
کیسا ہوا۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیم نے اپنے باپ (یعنی چچا) سے اور اپنی قوم سے یہ کہا کہ میں

له وَاِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ تفسیر حقانی میں ہے کہ انکے پاس اور کوئی عقلی یا نقلی حجت تو تھی نہیں لہٰذا اُنہوں نے اپنے جاہل باپ دادوں کی تقلید کی حجت

[illegible]

بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ۝

چیزوں کو تم پوجتے ہو اُن سے، تو میں بری ہوں۔ مگر اسکو (پوجتا ہوں) جسنے مجھ کو پیدا کیا وہی عنقریب مجھے ہدایت دیگا

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

اور اسی (اعتقاد) کو اپنی اولاد میں انہوں نے یادگار کے طور پر چھوڑا تاکہ وہ (اسکی طرف) رجوع کرتے رہیں۔

بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَ

لیکن میں انکو اور انکے باپ دادا کو متمتع کرتا رہا یہاں تک کہ انکے پاس حق اور کھلا رسول

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا

آ گیا۔ اور جب اُن کے پاس حق آ گیا تو انہوں نے کہدیا کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اس کے

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ

یقیناً منکر ہیں۔ اور انہوں نے یہ (بھی) کہا کہ یہ قرآن ان دونوں بستیوں کے کسی بڑے آدمی پر

مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ

کیوں نہ نازل کیا گیا؟ کیا وہ تمہارے پروردگار کی رحمت کو تقسیم کرتے ہیں

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا

ہم نے زندگانی دنیا میں اُنکے مابین اُنکی روزی تقسیم کردی ہے اور ہم نے اُن کے

بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ

ایک کو دوسرے سے بدرجہا بڑھا دیا ہے تاکہ وہ ایک دوسرے کا مذاق بنایا کریں

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ

اور تمہارے پروردگار کی رحمت اُن چیزوں سے جو وہ جمع کرتے ہیں کہیں بہتر ہے۔ اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ لوگ ایک ہی جماعت

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ

ہو جاتے تو ہم اُن کے لیے جو (خدائے) رحمٰن کا انکار کرتے ہیں اُن کے گھروں کی چھتیں (بھی)

سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۝ وَلِبُيُوْتِهِمْ

چاندی کی بنادیتے اور وہ زینے بھی جن پر وہ چڑھتے ہیں۔ اور اُن کے مکانوں کے دروازے

اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِئُوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ

(بھی) اور وہ تخت (بھی) جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں اور (چاندی کے علاوہ) سونا بھی (کر دیتے) مگر یہ سب کچھ

ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ

زندگانی دنیا کی پونجی ہوتی اور تمہارے پروردگار کے نزدیک آخرت

رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے۔ اور جو شخص (خدائے) رحمٰن کی نصیحت سے آنکھیں بند کر لیگا

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ

ہم اُس کے لیے ایک شیطان مقرر کر دینگے پس وہی اُسکا ساتھی رہیگا۔ اور یقیناً وہی (شیاطین تو) راہ راست

عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ حَتّٰٓى

سے روکتے رہینگے اور لوگ گمان کرتے رہینگے کہ ہم ہدایت یافتہ ہیں یہاں تک کہ

اِذَا جَاۗءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

جب وہ ہمارے پاس آئیگا تو (وہ اُس شیطان سے) کہیگا کاش میرے اور تیرے مابین مشرق و مغرب کی دوری

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ۝ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ

ہوتی کہ (تو) بہت ہی بُرا ساتھی ہے۔ اور جب تم ظلم کر چکے ہو تو یہ (تمہاری حسرت) تمکو آج اس بات سے

اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ

کوئی نفع نہ پہنچایگی کہ تم عذاب میں ایک دوسرے کے شریک رہو۔ کیا تم بہروں کو سناؤ گے؟

اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ

یا اندھوں کی اور اُن کی جو کھلی گمراہی میں ہیں راہبری کرو گے؟ پس اگر ہم تمکو لیجا بیٹھے تو

بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ۝ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ

ہم اُن سے بھی ضرور ہی بدلہ لینے والے ہیں۔ یا ہم تم کو وہ دکھلا دینگے جسکا تمنے اُن کو وعدہ کیا ہے

فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ۝ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ

کہ ہم اُن پر (پورا پورا) اختیار رکھنے والے ہیں۔ پھر جو کچھ تمہاری طرف وحی کی گئی ہے تم اسے مضبوط

جناب رسول خدا کے پاس سب سے زیادہ قریب تھا پس آنحضرت نے لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں تم سے اُس حالت میں ملاقات کروں گا کہ تم میرے بعد کافر ہو جاؤ گے اور ایک دوسرے کی گردن ...

إِلَيْكَ ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ
پکڑے رہو بیشک تم راہِ راست پر ہو۔ اور یہ ضرور تمہارے لیے اور

لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۖ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ ۝ وَسْـَٔلْ مَنْ
تمہاری قوم کے لیے نصیحت ہے اور آگے چل کر تم سے سوال کیا جائیگا۔ اور جو اپنے رسول ہم نے

أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَا أَجَعَلْنَا مِن دُونِ
تم سے پہلے بھیجے تھے اُن سے پوچھ لو کہ آیا ہم نے سوائے (خدائے) رحمٰن کے کچھ

الرَّحْمَٰنِ آلِهَةً يُعْبَدُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا ع ۴
اور خدا مقرر کر دیے تھے جنکی پرستش کی جاتی تھی اور یقیناً ہم نے موسٰے کو فرعون اور اُس کے

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَإِيهِ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝
سرداروں کی طرف بھیجا تو اُنہوں نے فرمایا تھا کہ میں ضرور تمام عالموں کے پروردگار کا رسول ہوں۔

فَلَمَّا جَاءَهُم بِآيَاتِنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ ۝ وَمَا
پس جب وہ اُنکے پاس ہماری نشانیاں لیکر پہنچے تو وہ یکایک اُن (نشانیوں) کا ٹھٹھا اڑانے لگے۔ اور ہم اُنکو

نُرِيهِم مِّنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنَاهُم
کوئی نشانی ایسی نہیں دکھاتے تھے جو دوسری سے بڑھ کر نہ ہو اور ہم نے اُن کو عذاب میں

بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَقَالُوا يَا أَيُّهَ السَّاحِرُ ادْعُ
بھی گرفتار کیا تاکہ وہ رجوع کریں۔ اور اُنہوں نے کہا کہ اے جادوگر تو ہماری خاطر

لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا
اپنے پروردگار سے اُس چیز کی دعا کر جسکا اُسنے تجھ سے عہد کیا ہے کہ ہم ضرور راہ پر آنیوالے ہیں۔ پھر جب ہم نے

كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ۝ وَنَادَىٰ
اُن سے عذاب کو دور کر دیا تو یکایک وہ اقرار سے پھر گئے۔ اور فرعون نے

فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ
اپنی قوم میں آواز دیکر یہ کہا کہ اے میری قوم! کیا سلطنت مصر اور یہ ندیاں جو میرے

منزل ۶

لیو یا اس۔ یہ کرام کے یہاں عالم کامل کو ساحر کہا کرتے تھے۔ تفسیر قمی بھی پچھلے قول کی تائید کرتی ہے۔ ۱۲۔

وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ اَمْ

نیچے بہتی ہیں میری نہیں ہیں؟ کیا تم دیکھتے نہیں؟ یا یہ کہ

اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ۵ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ۝

میں اس شخص سے جو ذلیل ہے اور جو صاف بات تک نہیں کر سکتا بدرجہا بہتر (نہیں) ہوں؟

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ

(اگر ایسا نہیں ہے تو) پھر اسکے لیے سونے کے کنگن کیوں نہ اتارے گئے یا اسکے ساتھ فرشتے پرا

الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ۝ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ؕ

باندھے ہوئے کیوں نہ آئے۔ پس اس نے اپنی قوم کو احمق بنایا اور انہوں نے اسکی اطاعت کرلی

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

یقیناً وہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جس وقت انہوں نے ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا

(بھی) ان سے بدلہ لیا پس ان سب کو ڈبو دیا۔ اور ہم نے انکو آنیوالوں کے لیے پیش رو اور

لِّلْاٰخِرِيْنَ ۝ ع وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ

ضرب المثل بنا دیا۔ اور جس وقت فرزند مریم کی مثل بیان کی گئی تو یکایک تمہاری قوم اس پر

مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا

غل مچانے لگی۔ اور وہ کہنے لگے کہ آیا ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ؟ انہوں نے

ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ۝ اِنْ

تمہارے سامنے یہ (مثل) صرف جھگڑنے کیلیے بیان کی ہے بلکہ وہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو۔ وہ (مسیح)

هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝

نہیں ہیں مگر ایک بندہ جسکو ہم نے نعمت دی تھی اور اسکو بنی اسرائیل کے لیے نمونہ (قدرت) قرار دیا تھا

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ۝

اور اگر ہم چاہتے تو تم ہی میں سے فرشتے بنا دیتے جو زمین میں تمہارے جانشین ہوتے۔

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا

اور بیشک وہ قیامت کی شناخت ہے پس تم ذرا اُسکے بارے میں شک نہ کرو اور میری پیروی کیے جاؤ۔

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ

یہی راستہ سیدھا ہے۔ اور شیطان تم کو روک نہ دے یقیناً وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ

کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسٰی اُن کے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تو فرمایا کہ میں ضرور

جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ

تمہارے پاس حکمت (شریعت) لیکر آیا ہوں اور اِس لیے کہ جن جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے ہو ان میں

فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

بعض کو تمہارے لیے واضح کردوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ وہی تو میرا پروردگار (بھی) ہے اور

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

تمہارا پروردگار (بھی) پس تم اُسی کی عبادت کرو۔ یہی راہ سیدھی ہے۔ پس گروہ (گروہ) آپس میں

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مختلف ہوگئے تو جو لوگ دردناک دن کے عذاب سے سرتابی کرتے ہیں اُنکے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ

لیے افسوس ہے۔ کیا وہ اِسی کے منتظر ہیں کہ قیامت اُنکو یکایک آلے اور وہ

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ

اُس سے بیخبری رہیں۔ دوستی رکھنے والے اُس دن ایک دوسرے کے

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۝ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ ع ۶ ۱۲

دشمن ہونگے مگر متقی اِس سے مستثنےٰ ہیں۔ (ندا آئیگی کہ) اے میرے بندو! آج نہ تم کو (آئندہ کی بابت)

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا

کوئی خوف ہے اور نہ تم (گزشتہ کی بابت) رنجیدہ ہو گے۔ جو لوگ ہماری نشانیوں پر ایمان لائے تھے

وَكَانُوا مُسْلِمِينَ ○ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ
اور فرمانبردار رہے تھے۔ (اُن سے کہا جائیگا کہ) تم اور تمہاری ازواج جنت میں چلے جاؤ کہ

تُحْبَرُونَ ○ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّ
تمہاری عزت کیجائے۔ اُن کے سامنے سونے کی رکابیاں اور کوزے دَور کے طور پر

أَكْوَابٍ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ
لائے جائینگے اور اُن میں وہ چیزیں ہونگی جنکو دل چاہیں اور (جن سے) آنکھیں مزے اٹھائیں

وَأَنْتُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ○ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا
اور تم اُن (جنتوں) میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہوگے۔ اور یہی جنت ہے جس کے تم اپنے اعمال کے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا
سبب وارث کیے گئے ہو۔ اس میں تمہارے لیے بہت کے میوے ہونگے جن میں سے

تَأْكُلُونَ ○ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُونَ ○
تم کھاتے رہوگے۔ یقیناً گنہگار عذاب جہنم میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ○ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ
اُنکے عذاب میں کوئی سستی نہ کی جائیگی اور وہ اُس (جہنم) میں مایوس ہو جائینگے۔ اور ہمنے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا

وَلٰكِنْ كَانُوا هُمُ الظّٰلِمِينَ ○ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ
لیکن وہ (اپنے حق میں) آپ ہی ظالم ہوئے۔ اور وہ آواز دینگے کہ اے مالک کاش تیرا

عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ إِنَّكُمْ مّٰكِثُونَ ○ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ
پروردگار ہمارا خاتمہ ہی کردے (مالک جواب میں) کہیگا کہ تمہیں تو یونہی رہنا ہے۔ ہم یقیناً تمہارے پاس حق

بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُونَ ○ أَمْ أَبْرَمُوا
لیکر آئے لیکن تم میں سے بہت سے حق سے نفرت کرنیوالے ہیں۔ آیا اُنہوں نے کسی بات کا

أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ○ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ
پختہ ارادہ کرلیا ہے تو ہم بھی پختہ ارادہ کرنیوالے ہیں۔ یا وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم اُنکے بھید کو اور خفیہ باتوں کو

وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ

سنتے نہیں (ہم ضرور سنتے ہیں) اور ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اُنکے پاس لکھتے جاتے ہیں۔ تم کہدو کہ

كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝ سُبْحٰنَ رَبِّ

اگر (خدائے) رحمٰن کا کوئی بیٹا ہو سکتا تو سب سے پہلا عبادت کرنیوالا تو میں ہی ہوتا۔ آسمانوں کا اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ

کا پروردگار عرش کا مالک اُن باتوں سے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں (یعنی بیٹا وغیرہ ہونے سے) منزہ ہے۔ اب انکو

يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝

چھوڑ دو کہ یہ باتیں بنایا کریں اور کھیل کود میں پڑے رہیں تا کہ اُس دن سے انکا سامنا ہو جائے جسکا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ

اور وہ (خدا) وہی ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے اور وہ

الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

حکمت والا (اور) جاننے والا ہے۔ اور وہ صاحب برکت ہے جس کے لیے آسمانوں کی اور زمین کی اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ

جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسکی بادشاہت ہے اور قیامت تک کا علم اسی کے پاس ہے اور اسی کی طرف تم سب

تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ

کی بازگشت ہوگی۔ اور جن کو یہ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہ رکھینگے

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَ

سوائے اُس کے جو حق کی گواہی دے جس حال میں وہ جانتے بھی ہوں۔ اور

لَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝

اگر تم اُن سے دریافت کرو گے کہ انکو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ۔ تو پھر یہ کدھر بہکے جاتے ہیں؟

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ

اور رسول کے یارب کہنے کی قسم ہے یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہ لائینگے۔ پس تم بھی ان سے

۴ کے دن وہ سب اپنی پرستش کرنیوالوں کے لیے شفاعت کا کوئی اختیار نہ رکھینگے۔ ۱۲۔ ۵ فاصفح عنھم۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ تم اُن کو دعوت اسلام دینے سے باز آؤ اور اُن کے ایمان سے مایوس ہو جاؤ۔ ۱۲۔

عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ○

درگزرو اور کہدو (لو بس) سلام۔ پھر آگے چل کر تو یہ جان ہی لینگے۔

سُورَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَخَمْسُونَ آيَةً

آیاتها ٥٩ — رکوعاتها ٣ — کلماتها ٣٤٦ — حروفها ١٤٩٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ وَالْكِتٰبِ الْمُبِينِ ○ إِنَّآ أَنْزَلْنٰهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

حٰمٓ۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ یقیناً ہمنے اسکو برکت والی رات میں اُتارا ہے

إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ ○ فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ ○

کہ ہم ہی ڈرانیوالے ہیں۔ ہر حکمت والا کام اُسی (رات) میں مقرر کیا جاتا ہے۔

أَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ○ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

یہ حکم ہماری طرف سے ہے ہم تمہارے رب کی طرف سے رحمت کر کے بھیجنے والے ہیں

إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ جو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے

وَمَا بَيْنَهُمَا إِنْ كُنْتُمْ مُّوقِنِينَ ○ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَ

درمیان ہے اُنکا پروردگار ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو (تو سمجھ لو کہ) اُس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہی جلاتا ہے)

يُمِيتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَآئِكُمُ الْأَوَّلِينَ ○ بَلْ هُمْ فِي

اور وہی مارتا ہے تمہارا (بھی) پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ داداوں کا (بھی) لیکن وہ تو شک میں

شَكٍّ يَّلْعَبُونَ ○ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ

پڑے کھیلتے ہیں۔ سو تم (اُس دن کا) انتظار کرو جس دن آسمان ایک ظاہر دھواں

مُّبِينٍ ○ يَّغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ رَبَّنَا

لائیگا جو کل آدمیوں کو ڈھانپ لیگا یہی تو دردناک عذاب ہے۔ (وہ عرض کرینگے کہ) اے ہمارے

اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ○ أَنَّىٰ لَهُمُ

پروردگار ہم سے (اس) عذاب کو دور کردے ہم یقیناً ایمان لانیوالے ہیں۔ اب انہیں نصیحت کہاں

الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ○ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ

سے مل گئی؟ حالانکہ اُنکے پاس کھولکر سنانیوالا رسول آچکا ہے۔ پھر اُنہوں نے اُس سے منہ موڑ لیا

وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ ○ إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا

تھا اور یہ کہدیا تھا کہ یہ تو سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم تھوڑے عرصہ کے لیے عذاب دور کرنیوالے ہیں اور

إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ○ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ إِنَّا

تم پھر وہی کرنیوالے ہو جس دن ہم بڑی سے بڑی گرفت کرینگے (اسی دن تو) ہم بدلہ

مُنتَقِمُونَ ○ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ

لینے والے ہیں۔ اور ضرور ہم نے اُن سے پہلے فرعون کی قوم کی آزمائش کی تھی اور اُنکے پاس

رَسُولٌ كَرِيمٌ ○ أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ إِنِّي لَكُمْ

ایک عزت دار رسول (یہ حکم لیکر) آیا تھا کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو بیشک میں تمہارے لیے

رَسُولٌ أَمِينٌ ○ وَأَن لَّا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ إِنِّي آتِيكُم

ایک امانت دار رسول ہوں۔ اور یہ کہ خدا کے برخلاف تکبر نہ کرو میں تمہارے پاس نمایاں

بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ○ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَن

غلبہ کے ساتھ آیا ہوں۔ اور میں اپنے پروردگار کی اور تمہارے پروردگار کی اس بات سے پناہ مانگتا ہوں

تَرْجُمُونِ ○ وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ○ فَدَعَا

کہ تم مجھے سنگسار کرسکو۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے جدا ہو جاؤ۔ پھر اپنے پروردگار سے

رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ○ فَأَسْرِ بِعِبَادِي

دعا کی کہ یہ گنہگار لوگ ہیں۔ (حکم آیا کہ) پس تم میرے بندوں کو راتوں رات

لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ○ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ

لے جاؤ تمہارا پیچھا ضرور کیا جائیگا اور دریا کو ٹھہرا ہوا چھوڑ دینا یقیناً وہ

جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ○ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ○

لشکر کے لشکر ڈوبنے والے ہیں۔ کتنے باغات اور چشمے اور کھیتیاں اور اچھے (اچھے)

وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ○ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ○

مکان اور نعمتیں جن کا وہ لطف اٹھایا کرتے تھے چھوڑ گئے

كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ○ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ

ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور ہم نے اُن چیزوں کا وارث دوسرے لوگوں کو کر دیا۔ پس نہ اُن پر آسمان

ع السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ○ ع وَلَقَدْ نَجَّيْنَا

رویا اور نہ زمین اور نہ اُن کو ڈھیل دی گئی۔ اور یقیناً ہم نے بنی اسرائیل

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ○ مِنْ فِرْعَوْنَ

کو فرعون کے ہاتھ سے ذلت دینے والے عذاب سے نجات بخشی

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ○ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى

بیشک فرعون زیادتی کرنے والوں میں سے متکبر تھا۔ اور ہم نے دیدہ و دانستہ اُنکو تمام عالموں

عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا

سے برگزیدہ کر لیا تھا اور ہم نے اُن کو ایسی نشانیوں میں سے وہ دی تھیں جن میں کھلی

مُّبِيْنٌ ○ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ○ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

آزمائش تھی۔ یہ تو ضرور یہی کہتے ہیں کہ انجام کار ہماری پہلی ہی موت تو ہے

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ○ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ

اور پھر ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے۔ پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا

صٰدِقِيْنَ ○ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

کو بلا لاؤ۔ آیا یہ اچھے ہیں یا تبع کے لوگ؟ اور وہ جو اُن سے پہلے تھے

اَهْلَكْنٰهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ○ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

جن کو ہم نے ہلاک کر دیا یقیناً وہ گنہگار لوگ تھے۔ اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسے کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا ہم نے ان دونوں کو نہیں مگر ساتھ

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ

پیدا کیا ہے لیکن ان میں سے بہت سے (لوگ) اس بات کو نہیں جانتے۔ یقیناً حق و باطل کی (م) جدائی کا دن

مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى

ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔ جس دن کوئی یار کسی یار کے کچھ کام نہ آئیگا

شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

اور نہ انکو مدد دی جائیگی۔ وہ اس سے مستثنےٰ ہیں جن پر اللہ نے رحمت فرمائی بیشک وہ

ع ۲ ۱۵

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝

بڑا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ یقیناً تھوہر کا درخت گنہگاروں کی خوراک ہوگا (جو) پگھلے ہوئے

كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝ خُذُوْهُ

تانبے کے مانند (ہے) معدوں میں ایسی کھلبلی مچادیگا جیسے گرم پانی کا اوٹنا۔ (حکم ہوگا) اسکو پکڑو

فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ

پھر اسکو جہنم کے بیچوں بیچ کھینچ لاؤ پھر اسکے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا

مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۝

عذاب ڈالدو (یہ) مزہ چکھ تو تو بڑا عزت دار سردار ہے۔

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ

جس عذاب کے بارے میں تم شک کیا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ بلاشک پرہیزگار لوگ امن والے مقام

اَمِيْنٍ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ

میں باغوں میں اور چشموں میں ہیں اور موٹے ریشمی کپڑے پہنے ہوئے

وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ ۟ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ

آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ ایسا ہی ہوگا۔ اور ہم انکی شادی بڑی بڑی آنکھوں والی

منزل ۶

عِينٍ ۝ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ۝ لَا يَذُوقُونَ

خوبصورت حوروں سے کر دینگے۔ وہ اُن میں بےخوف ہر طرح کی میوے منگا کر طلب کرینگے۔ پہلی موت کے سوا

فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ

اُن (جنتوں) میں وہ موت کا مزہ نہ چکھینگے اور یہ تمہارے پروردگار کی عنایت ہے جو اُنکو عذاب

الْجَحِيمِ ۝ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

جہنم سے بچالیگا یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

الْعَظِيمُ ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝

پس سوائے اسکے نہیں ہے کہ ہمنے اِس (قرآن) کو تمہاری زبان میں بہت ہی آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

ع ٣ ١٧ ١٢ فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ۝

پس تم بھی انتظار کرو کہ یہ بھی منتظر ہیں۔

سورۃ الجاثیۃ مکیۃ وھی سبع وثلثون اٰیۃ

اٰیاتہا ٣٧ — رکوعاتہا ٤ — کلماتہا ٤٩٢ — حروفہا ٢١٣١ — ع ١

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حم ۝ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝

حٰم۔ اِس کتاب کا اُتارا زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا ہے

إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝

بیشک آسمانوں میں اور زمین میں ایمان لانیوالوں کے لیے بہت سی نشانیاں (موجود) ہیں۔

وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ

اور تمہاری پیدائش میں اور جتنے زمین پر چلنے والوں کو وہ پھیلا دیتا ہے اُن کی پیدائش

يُوقِنُونَ ۝ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ

میں اُن لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ اور رات اور دن کے آنے جانے میں اور جو رزق اللہ نے

مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
آسمان سے اُتارا ہے کہ اُسکے ذریعے سے اُس نے زمین کو اُسکی موت کے بعد پھر زندہ کر دیا ہے

وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ تِلْكَ آيَاتُ
اُس میں اور ہواؤں کے چلنے میں اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ یہ اللہ کی آیتیں

اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَ
ہیں جو ہم تمکو ٹھیک (ٹھیک) پڑھ (پڑھ) کر سناتے ہیں پس خدا کے اور اُسکی آیتوں کے بعد یہ لوگ

آيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ ۝ وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ۝ يَسْمَعُ آيَاتِ
کونسی بات پر ایمان لائینگے؟ ہر اُس جھوٹے گنہگار پر سب سے زیادہ افسوس ہے جو خدا کی آیتیں

اللَّهِ تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا
اپنے سامنے پڑھتے ہوئے سنتا ہے پھر از روئے تکبر (اپنے کفر پر) اُسی طرح اصرار کرتا ہے گویا اُنکو سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا
تو اب تم بھی اُسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔ اور جب اُسکو ہماری آیتوں کا کچھ علم ہوجاتا ہے تو اُنکی ہنسی

هُزُوًا ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ مِّن وَرَائِهِمْ
اڑاتا ہے ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلت دینے والا عذاب ہے۔ (اور) آگے اُن کے جہنم

جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا
ہے اور اُن کے نہ تو وہ کچھ کام آئیگا جو اُنہوں نے کمایا ہوگا اور نہ وہ (کام آئینگے) جنکو اللہ کے سوا

مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ هَٰذَا
اُنہوں نے سرپرست ٹھہرایا ہوگا اور اُنکے لیے بہت بڑا عذاب ہوگا۔ یہ ہدایت ہی

هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ
تو ہے اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا انکار کیا ہے اُن کے لیے دردناک

مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ ۝ اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ ع ۱ ۱۲
عذاب کی مار ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سمندر کو تمہارا مطیع کر دیا ہے کہ اس میں

منزل ۶

۱ فبای حدیث بعد اللہ وآیاتہ یؤمنون تفریطاتی میں ہے کہ اس میں اللہ کا نام جو آیاتہ سے مقدم کیا گیا ہے یہ تعظیم اور مبالغہ کی بنا پر ہے جیسے کہ [illegible]

الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ
کشتیاں اُس کے حکم سے چلتی رہیں اور اِس لیے کہ تم اُسکے فضل کے خواستگار رہو اور تاکہ تم شکر ادا

تَشْكُرُونَ ○ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا
کرتے رہو   اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سب کو اُسنے اپنے فضل

مِنْهُ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ○ قُلْ لِلَّذِينَ
سے تمہارے کام میں لگا دیا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کیلئے نشانیاں (موجود) ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں تم اُن لوگوں

آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا
جو ایمان لائے ہیں یہ کہدو کہ وہ اُنکو جو اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے معاف کردیں کہ خدا تعالےٰ اُن لوگوں کو

كَانُوا يَكْسِبُونَ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاءَ
جیسا (جیسا) وہ کیا کرتے تھے اُسکے بموجب خود سزا دیدیگا۔ جو شخص کوئی نیک کام کریگا تو اپنی ذات (کے نفع) کیلئے اور جو بدی کریگا اُسکا

فَعَلَيْهَا ثُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ○ وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ
وبال بھی اُسی کی ذمہ ہے پھر تم (سب) اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹائے جاؤ گے۔ اور یقیناً ہمنے بنی اسرائیل کو کتاب اور قوت

الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ
فیصلہ اور نبوت عطا کی تھی اور ہمنے اُن کو اچھی اچھی چیزیں کھانیکو دی تھیں اور ہم نے اُن کو تمام

عَلَى الْعٰلَمِينَ ○ وَآتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوا
عالموں پر فضیلت دی تھی۔ اور ہمنے اُن کو امر دین کی کھلی دلیلیں عطا کی تھیں پس انہوں نے باہم اختلاف نہیں

إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ
کیا مگر اُنکے پاس علم پہنچ جانیکے بعد محض آپس کی سرکشی کے باعث بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُنکے

يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○ ثُمَّ
مابین اُن تمام چیزوں میں جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے فیصلہ فرمادیگا۔ پھر ہم نے

جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ
اِسی امر (دین) کی شریعت پر تم کو مقرر کیا پس تم اِسی کی پیروی کرو اور اُن لوگوں کی خواہشوں کی

الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا

پیروی نہ کرنا جو بے علم ہیں۔ یقیناً وہ اللہ کے ہاں تمہارے کچھ کام نہ آئینگے اور

وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۖ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ ۝

بیشک یہ ظالم ایک دوسرے کے یار ہیں اور اللہ پرہیزگاروں کا مددگار ہے۔

هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝

کل آدمیوں کے لیے یہ کھلی دلیلیں ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ہدایت و رحمت ہے۔

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ

آیا وہ لوگ جو بدیاں کرتے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کر لیا ہے کہ ہم اُنکو اُن لوگوں کے مانند قرار دینگے

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ مَا

جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُن کا جینا مرنا یکساں ہوگا جو حکم وہ لگاتے ہیں

يَحْكُمُونَ ۝ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَىٰ ع ۲ / ۱۸

بہت ہی بُرا ہے۔ اور اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو غرض صحیح سے پیدا کیا اور اسلیے کہ ہر نفس

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

اپنے کیے کا بدلہ پائے اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے۔ آیا تُنے اُس شخص کی حالت پر غور کیا

إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ

جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا اور اللہ نے بھی جان بوجھ کر اُس سے توفیق ہدایت سلب کر لی اور

وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا

اُسکے کانوں پر اور دل پر مُہر لگا دی اور اُسکی آنکھوں پر پردہ ڈالدیا پس اللہ کے بعد اُسکی راہبری کون کریگا کیا تم

تَذَكَّرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا

نصیحت نہیں حاصل کرتے۔ اور اُنہوں نے یہ کہہ دیا کہ یہ ہماری زندگانی دنیا ہی تو ہے جس میں ہم مرتے جیتے ہیں

وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ

اور ہمکو زمانے کے سوا کوئی ہلاک نہیں کریگا حالانکہ اُنکو اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے وہ محض قیاس

إِلَّا يَظُنُّونَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَا كَانَ حُجَّتَهُمْ

(دوڑایا) کرتے ہیں۔ اور جب ہماری کھلی آیتیں اُنکے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو اُنکی حجت اسکے سوا

إِلَّا أَنْ قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلِ اللَّهُ

اور کچھ نہیں ہوتی کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ تم یہ کہدو کہ اللہ

يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ

ہی نے تم کو حیات دی ہے پھر وہی تم کو موت دیگا پھر وہی قیامت کے دن جس میں کوئی شک نہیں ہے

ع ۳ ۵ ۱۹ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ

تم سب کو جمع کریگا لیکن بہت سے لوگ (اتنی بات بھی) نہیں جانتے۔ اور آسمانوں کا اور

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ

زمین کا اختیار اللہ ہی کو ہے اور جسدن قیامت قائم ہوگی اُسی دن جھٹلانیوالے

يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ۝ وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ

نقصان اُٹھائینگے۔ اور تم ہر اُمت کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا دیکھوگے۔ ہر گروہ اپنے اپنے

تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

نوشتے کی طرف بلایا جائیگا (اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) جو جو عمل تم کیا کرتے تھے آج تم اُسکا بدلہ پاؤگے۔

هَٰذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا

یہ ہمارا نوشتہ تمہارے برخلاف ٹھیک ٹھیک گواہی دیتا ہے (جو جو عمل تم کیا کرتے تھے

كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

ہم اُسکو لکھواتے جاتے تھے۔ پس جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اُنہوں نے نیک عمل

فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝

کیے ہیں سو اُن کو تو اُنکا پروردگار اپنی رحمت میں داخل کریگا یہی تو وہ کھلی کامیابی ہے۔

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ

اب رہے وہ لوگ جو کافر ہوگئے تھے (اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) کیا میری آیتیں تمہارے سامنے نہیں

منزل ۶

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ○ وَإِذَا قِيلَ
پڑھی جایا کرتی تھیں پھر تم اُن سے اکڑا کرتے تھے اور تم تھے ہی گنہگار لوگ۔ اور جب یہ کہا جاتا تھا کہ

إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا
اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے تو تم یہ کہدیا کرتے تھے کہ ہم

نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ
جانتے ہی نہیں قیامت کیا چیز ہے ہم تو اُسکو ایک خیال ہی خیال سمجھتے ہیں اور ہم (اُس پر)

بِمُسْتَيْقِنِينَ ○ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ
یقین لانیوالے نہیں ہیں۔ اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بدی اب اُن پر کھل گئی اور جس

بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ○ وَقِيلَ الْيَوْمَ
چیز کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنہیں آگھیرا۔ اور (اُن سے) یہ کہا جائیگا کہ آج

نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ
ہم تمکو اُسی طرح بھلا دینگے (یعنی عذاب میں چھوڑ دینگے) جیسا کہ تم نے اِس دن کے آنیکو بھلا دیا

النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ○ ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ
تھا اور تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور (اب) تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔ یہ اِس لیے کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو

آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ
ٹھٹھا بنا لیا تھا اور زندگانی دنیا نے تم کو دھوکا دیا تھا پس اُس دن نہ وہ

لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ○ فَلِلَّهِ الْحَمْدُ
اُس سے باہر جانے پائینگے اور نہ اُن سے (اپنے رب کے) راضی کرنیکے لیے خواہش کی جائیگی پس ہر طرح

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ وَلَهُ
کی تعریف آسمانوں کے پروردگار اور زمین کے پروردگار (یعنی) تمام عالموں کے پروردگار ہی کو سزاوار ہے اور

ع ١١ ٢٠ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○
آسمانوں میں اور زمین میں اُسی کی بڑائی ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

سُورَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

اس کتاب کا نزول زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا

الْحَكِيْمِ ۝ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ

ہے ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے

اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا

اُسکو حق ہی کے ساتھ اور ایک مقررہ وقت کے لیے پیدا کیا ہے اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ اُن چیزوں سے جن سے ڈرایا

مُعْرِضُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

جاتا ہے روگرداں ہیں (اے رسولؐ) تم یہ کہدو کہ آیا تم نے غور بھی کیا کہ جن چیزوں کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي

مجھے دکھاؤ کہ زمین میں سے اُنہوں نے کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں (کی پیدائش) میں اُنکا کوئی ساجھا ہے۔

السَّمٰوٰتِ ۭ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ

اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لے

عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا

آؤ یا کسی علم کا بقیہ اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو خدا کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ

ایسے کو پکارے جو قیامت تک اُس کا جواب ہی نہ دے اور وہ

عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ

اُن کے پکارنے سے بے خبر بھی رہیں اور قیامت کے دن جب سب آدمی جمع کیے جائیں گے

وَالْعُشْر

الجزء السادس والعشرون ٢٦

أَعْدَآءً وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِينَ ○ وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

تو وہ انکے دشمن بھی ہونگے اور اُنکی عبادت کے منکر بھی ۔ اور جب اُن کے سامنے ہماری کھلی آیتیں

بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ○

پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں حق کے بارے میں جبکہ وہ اُن کے پاس آچکا ہے یہ کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرٰىهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ

کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس (رسولؐ) نے اسے خود بنا لیا ہے تم یہ کہدو کہ (بالفرض) اگر میں نے اسے اپنی طرف سے بنالیا ہے تو تم خدا کے عذاب

اللّٰهِ شَيْـًٔا هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ كَفٰى بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي

سے مجھے بچانیکا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے جن جن چیزوں میں تم لگے ہوئے ہو اُن سے وہ خوب واقف ہے میرے تمہارے مابین گواہی دینے کو وہی کافی ہے اور وہ

وَبَيْنَكُمْ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ○ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا

سب سے زیادہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے ۔ تم یہ کہدو کہ میں رسولوں میں سے کوئی

مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا

انوکھا نہیں ہوں اور میں یہ بھی نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ یہ کہ تمہارے ساتھ کیا (کیا جائیگا)

مَا يُوحٰى إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ

میں تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو صرف ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں ۔ تم یہ کہدو کہ آیا تم نے اس امر

كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِي إِسْرَآءِيلَ

بھی غور کیا کہ اگر یہ (قرآن مجید) خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اسکا انکار کیا حالانکہ بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے اسی طرح کی

عَلٰى مِثْلِهِ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ایک کتاب پر گواہی دی ہے پس وہ تو ایمان لایا اور تم اینٹھتے ہی رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا) یقیناً اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں

الظّٰلِمِينَ ○ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ اٰمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْرًا ع ١

فرماتا ۔ اور اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں اُن لوگوں کے بارے میں جو ایمان لے آئے ہیں یہ کہدیا کہ اگر یہ

مَّا سَبَقُونَآ إِلَيْهِ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هٰذَآ إِفْكٌ

(رسولؐ جو کچھ لایا ہے وہ) اچھا ہوتا تو یہ لوگ اسکی طرف ہم سے آگے نہ بڑھتے اور اب چونکہ انہوں نے اسکے بارے میں ہدایت نہیں پائی ہے پس وہ تو

قَدِيمٌ ۝ وَمِن قَبْلِهِ كِتٰبُ مُوسٰى إِمَامًا وَّرَحْمَةً ۚ وَهٰذَا كِتٰبٌ
یہی کہینگے کہ یہ تو پرانا جھوٹ ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب راہبر اور رحمت تھی اور یہ کتاب

مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ وَبُشْرٰى
عربی زبان میں اُسکی تصدیق کرنیوالی ہے تاکہ اُن لوگوں کو جنھوں نے نافرمانی کی ہے ڈرائے اور نیکی کرنے والوں کے

لِلْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا
لیے بشارت ہو بیشک جو لوگ اس بات کے قائل ہوگئے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اس پر قائم بھی رہے پس اُن کو نہ

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ
(آئندہ کا) خوف ہوگا اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کریں گے وہی لوگ جنتی ہیں

خٰلِدِينَ فِيهَا جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَوَصَّيْنَا الْإِنسٰنَ
جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُسکے بدلے میں وہ اُسمیں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہیں اور ہمنے انسان کو اوسکے

بِوٰلِدَيْهِ إِحْسٰنًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَ
والدین کے حق میں احسان کرنیکا حکم دیا اُسکی ماں نے تکلیف سے اُسکو حمل میں رکھا اور تکلیف ہی سے اُسکو جنا اور

حَمْلُهُ وَفِصٰلُهُ ثَلٰثُونَ شَهْرًا ۚ حَتّٰٓى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ
اُسکے حمل کی اور اُسکے دودھ چھٹنے کی مدت تیس مہینے ہوئی یہانتک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس

أَرْبَعِينَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ
برس کا ہوگیا تو اُس نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری اُس نعمت کا شکر بجالاؤں

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وٰلِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صٰلِحًا تَرْضٰىهُ وَأَصْلِحْ
جو تونے مجھپر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہے اور میں کوئی ایسا نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور میرے

لِي فِي ذُرِّيَّتِيٓ ۖ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝
لیے میری اولاد میں صلاح پیدا کردے بیشک میں تیرے حضور میں رجوع کی ہے اور یقیناً میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَن
یہی لوگ جنتیوں میں ایسے ہیں جنکے اچھے عمل کو ہم قبول کرلینگے اور جن کی بدیوں سے ہم درگزر

کو پہنچ گیا اور جب اکتالیس برس کا ہوا تو اب قوت گھٹنی شروع ہوئی - اور چالیس برس والے کو تو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ قبر سانا کی حالت میں ہے ۱۲

سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا

فرمائینگے (یہ) سچا وعدہ ہے جو اُن سے (دُنیا میں) کیا جاتا تھا

يُوْعَدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ

اور وہ شخص جس نے اپنے ماں باپ سے یہ کہا کہ مجھے تم سے نفرت ہے کیا تم دونو مجھے اس سے ڈراتے ہو

اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ

کریں (قبر سے) نکالا جاؤنگا حالانکہ مجھسے پہلے بہت سے زمانے (والے) گزر چکے ہیں اور وہ دونو خدا کی فریاد کر کے

اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ڰ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ښ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ

اُس سے یہ کہتے تھے کہ تیرا بُرا ہو ایمان لے آ بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر وہ یہی کہتا رہا کہ یہ تو فقط

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

پہلوں کی کہانیاں ہیں ایسے ہی لوگ ہیں جن پر قول پورا اُترا (اس اُمت میں بھی اور)

فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اُن گروہوں میں (بھی) جو جنوں اور آدمیوں میں سے ان سے پہلے چل بسے بیشک وہ سب ٹوٹا

خٰسِرِيْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

اُٹھانیوالے تھے اور ہر ایک کیلیے اُنکے اعمال کے مطابق درجے ہیں اور اسلیے کہ وہ اُنکے اعمال کا بدلہ پورا پہونچادے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَي النَّارِ ۭ

اور اُنکو کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے آتش جہنم کے سامنے لائے جائینگے

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ

(تو اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) اپنی زندگانی دُنیا کے مزے تو تم خوب لوٹ چکے اور اُسکا نفع بھی (خوب) اُٹھا چکے

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

پس آج کے دن بوجہ اسکے کہ تم زمین میں ناحق بڑائی جتایا کرتے تھے اور بوجہ اسکے کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھے تمکو

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ ع ۲

ذلت کے عذاب کی سزا دی جاتی ہے اور قوم عاد کے بھائی (ہود)

إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ

کو یاد کرو جبکہ اُنھوں نے اپنی قوم کو احقاف (کے ریتیلے میدانوں) میں ڈرایا حالانکہ اُن سے پہلے اور پیچھے

يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ

اور بھی ڈرانے والے آچکے تھے (اور یہ کہا کہ) تم لوگ سوائے اللہ کے کسی اور کی عبادت نہ کرو کہ مجھے تمہارے

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ آلِهَتِنَا

بارے میں بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے اُنھوں نے یہ کہا کہ کیا تم اس لیے آئے ہو کہ ہمکو ہمارے خداؤں سے ہٹا دو

فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○ قَالَ إِنَّمَا الْعِلْمُ

سو اگر تم سچے ہو تو جس چیز سے ہمکو ڈراتے ہو وہی ہم پر لے آؤ اُنھوں نے فرمایا کہ یہ علم تو

عِندَ اللَّهِ وَأُبَلِّغُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا

اللہ کے پاس ہے اور مجھے تو جو پیغام دیکر بھیجا گیا ہے وہی پہنچا رہا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایسے لوگ ہو

تَجْهَلُونَ ○ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ

جو جہالت کرتے ہو پس جب اُن لوگوں نے ایک بادل اپنے میدانوں کی طرف آتے دیکھا تو وہ

قَالُوا هَٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۚ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُم بِهِ ۖ

کہنے لگے کہ یہ بادل ہم پر مینہ برسائیگا (ہودؑ نے فرمایا) بلکہ یہ تو وہ ہے جس کے بارے میں تم جلدی کیا کرتے تھے

رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا

ایک ہوا ہے جس میں دردناک عذاب ہے یہ ہر شے کو اپنے پروردگار کے حکم سے ہلاک کر دیگی

فَأَصْبَحُوا لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

پس وہ ایسے ہو گئے کہ صبح کو اُنکے مکان ہی مکان دکھائی دیتے تھے ہم گنہگار لوگوں کو اسی طرح سزا

الْمُجْرِمِينَ ○ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ فِيهِ

دیا کرتے ہیں اور ہمنے اُن کو ضرور اُن مقامات میں جگہ دی تھی جن میں تم کو جگہ نہیں دی ہے

وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ

اور ہمنے اُن کے لیے بھی کان اور آنکھیں اور دل مقرر کر دیے تھے پھر جب وہ خدا کی نشانیوں کا

سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا

انکار کرنیلگے تو نہ کچھ اُن کے کان ہی اُن کے کام آے اور نہ اُنکی آنکھیں اور نہ اُنکے دل اور جس عذاب کی وہ

ع ۳

يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُن کو آگھیرا

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ

اور تمہارے اِرد گرد کی بستیوں کو ہمنے ضرور ہلاک کیا اور ان آیتوں کو بار بار بیان کیا

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

تاکہ وہ (نافرمانی سے) باز رہیں پھر جنکو اُنہوں نے خدا کے سوا تقرب حاصل کرنے کی غرض سے خدا

دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ

بنا لیا تھا اُنھوں نے اُنکی مدد کیوں نہ کی بلکہ وہ تو اُن سے غائب ہو گئے اور اُن کے جھوٹ کی

وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ

اور اُنکی افترا پردازیوں کی اصلیت یہی ہے اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے جنوں کے ایک گروہ کو تمہارے پاس بھیجا

يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا

کہ وہ قرآن مجید کو غور سے سنیں چنانچہ جب وہ اُسے سننے آگئے تو آپس میں کہنے لگے کہ خاموش رہو پھر جب وہ

قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا

ختم ہو چکا تو وہ ڈرانے کے لیے اپنی قوم میں پھر گئے (وہاں جاکر) کہنے لگے کہ اے ہماری قوم! ہم

سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

ایک ایسی کتاب سنکر آئے ہیں جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے اپنے سے پہلی کتاب کی تصدیق کرنے والی ہے

يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَآ

اور حق کی طرف اور راہ راست کی طرف راہبری کرتی ہے اے ہماری قوم!

اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اللہ کی طرف بلانے والے کی بات مانو اور اُسپر ایمان لے آؤ اللہ تعالےٰ تمہارے گناہ معاف کر دیگا

وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ

اور تم کو دردناک عذاب سے بچا لیگا   اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کی (بات) نہ مانیگا

فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ

وہ زمین میں تو اُس (اللہ کو) عاجز نہ کر سکیگا اور سوائے اُس (اللہ) کے کوئی اُسکا کارساز نہ ہوگا

اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ

ایسے ہی لوگ کھلی بدبختی میں رہینگے   کیا اُنہوں نے یہ نہیں سمجھا کہ وہی اللہ جس نے آسمانوں کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِيَ

اور زمین کو پیدا کیا اور اُن کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں اس پر بھی قادر ہے کہ مُردوں کو

الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ

زندہ کردے ہاں وہ ضرور ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے   اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے جہنم کے

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ

سامنے لیے جائینگے (تو اُنسے یہی کہا جائیگا کہ) آیا یہ حق نہیں ہے؟   وہ کہینگے ہمارے پروردگار کی قسم یہ ضرور حق ہے فرمائیگا

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ فَاصْبِرْ كَمَا

کہ اب جیسا تم انکار کیا کرتے تھے اُس کے عوض اس عذاب کا مزہ چکھو   پس (اے رسول) تم ویسا ہی صبر کرو

صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ

جیسا کہ رسولوں میں سے اولوالعزم رسول صبر کیا کرتے تھے   اور اِن کے لیے (عذاب کی) جلدی نہ کرو

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً

جسدن یہ اُسے دیکھینگے جسکا اِن سے وعدہ کیا جاتا ہے تو یہ ایسا سمجھینگے کہ گویا دن کے ایک گھنٹہ سے زیادہ

ع ربع مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

دُنیا میں نہیں رہے (یہی سمجھانا) کافی ہے کیا نافرمان لوگوں کے سوا کوئی اور ہلاک ہوگا؟

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

آیاتہا ۳۸ — رکوعاتہا ۴ — کلماتہا ۵۵۹ — حروفہا ۲۴۷۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ○
جو لوگ کافر ہوگئے اور (اُنہوں نے لوگوں کو) راہِ خدا سے روکا خدا نے اُنہی کے اعمال باطل کر دیے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى
اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اور جو کچھ محمد (مصطفےٰ) پر نازل کیا گیا

مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ
اور وہ اُن کے پروردگار کی طرف سے حق ہے اسپر بھی ایمان لائے اُنسے اُن کی برائیاں دور فرمادیں اور

اَصْلَحَ بَالَهُمْ ○ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ
اُن کی حالت درست کر دی یہ اس لیے کہ جو کافر ہوگئے اُنہوں نے تو باطل کا اتباع کیا

وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ
اور جو ایمان لائے اُنہوں نے اُس حق کی پیروی کی جو اُن کے پروردگار کی طرف سے ہے اسی طرح

ربع يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ○ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ
اللہ آدمیوں کے لیے اُن کی مثالیں بیان فرماتا ہے پس جب تم کفار سے مقابلہ کرو

كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ
تو گردنوں کا مارنا ہے یہانتک کہ جب تم اُن کو خوب قتل کر چکو تو کس کس کے

فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى
مشکیں باندھ لو پھر اس کے بعد یا تو احسان کرنا ہے یا فدیہ لے لینا جب تک کہ

مع ۱۳ تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ
لڑائی اپنے ہتھیار نہ ڈالدے ایسا ہی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سے بدلہ

مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا
لیتا لیکن اس لیے کہ تم میں سے ایک کو دوسرے کے ذریعہ سے آزمائے (اُسنے حکم جہاد دیا) اور جو لوگ راہِ خدا میں قتل کیے

ربع

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ○ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ

وہ ہرگز اُن کے اعمال ضائع نہ کریگا عنقریب وہ اُنکو (جنت تک) پہنچادیگا اور اُنکے

بَالَهُمْ ○ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

حال کی اصلاح فرمائیگا اور وہ اُنکو اُس جنت میں داخل کردیگا جو اُسنے اُنکو پہچنوادی ہے اے ایمان لانے والو!

اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ○ وَ

اگر تم اللہ کی مدد کروگے تو وہ بھی تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدم جمادیگا اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ○ ذٰلِكَ

جو لوگ کافر ہوگئے ہیں پس اُنکے لیے ہلاکت ہے اور اُنکے اعمال باطل کردیگا یہ اس لیے کہ

بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ○ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

اللہ نے جو کچھ اُتارا اُس سے اُنہوں نے نفرت کی پس اُسنے بھی اُنکے اعمال اکارت کردیے کیا وہ لوگ زمین میں

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

نہیں چلے پھرے کہ یہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے تھے اُنکا انجام کیسا ہوا

دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ○ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى

اللہ نے اُن کو ہلاک کردیا اور کافروں کے لیے بھی ویسے ہی انجام ہیں یہ اس لیے کہ اللہ اُن لوگوں کا مددگار ہے

ع الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ○ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ

جو ایمان لائے اور کافروں کا مددگار کوئی بھی نہیں یقیناً اللہ اُن لوگوں کو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

جو ایمان لے آئے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے ندیاں بہتی

الْاَنْهٰرُ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ

ہیں اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ (دنیا میں) اسی طرح نفع اُٹھا لینگے جیسے چوپائے چر چگ لیتے ہیں

وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ○ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ

اور (آخرت میں) آتش (دوزخ) اُنکا ٹھکانا ہوگا اور کتنی ہی بستیاں تمہاری اس بستی سے جس نے تمکو نکالا، بڑھ کر قوت میں

قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۝ اَفَمَنْ

بہت زیادہ تیں ہمنے اُنکو ہلاک کردیا پھر اُنکا کوئی مددگار نہ اُٹھا کیا وہ شخص

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا

جو اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل پر ہو اُسکے مانند ہوسکتا ہے جسکی نظر میں اُسکی بداعمالی زینت دیدی گئی ہو اور اُنہوں نے اپنی

اَهْوَآءَهُمْ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ

خواہشوں کی پیروی کی ہو؛ اُس جنت (دارالسلام) کی مثل جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اُس میں کچھ ندیاں تو ایسے پانی کی

مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ

ہونگی جسکی بو یا مزہ بدلا ہوا نہ ہوگا اور کچھ ندیاں ایسی دودھ کی ہونگی جنکا مزہ بدلا ہوا نہ ہوگا اور کچھ ندیاں ایسی

مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۥ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَ

شراب کی ہونگی جس سے پینے والوں کو مزہ آجائیگا اور کچھ ندیاں صاف کیے ہوئے شہد کی ہونگی اور اُن

لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ

لوگوں کے لیے اُس (جنت) میں ہر قسم کے میوے ہونگے اور اُن کے پروردگار کی طرف سے معافی کیں اُس شخص کے مانند ہوسکتے ہیں

فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ۝ وَمِنْهُمْ

جو ہمیشہ جہنم میں رہیگا اور جنکو ایسا گرما گرم پانی پلایا جائیگا کہ اُنکی انتڑیاں کاٹ کاٹ ڈالیگا اور اُن میں سے کوئی کوئی

مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا

ایسا بھی ہے جو تمہاری باتیں غور سے سنتا ہے یہانتک کہ جب تمہارے پاس سے اُٹھکر چلے جاتے ہیں تو اُن لوگوں سے جنکو علم دیا گیا ہے

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۣ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ

کہتے ہیں کہ ابھی اِس (رسول) نے کیا کہا تھا یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۝ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا

خدانے مہر لگادی ہے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیرو ہوگئے ہیں اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہوگئے

زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۝ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

اُنکی ہدایت کو اور زیادہ کردیگا اور اُنکو پرہیزگاری کی توفیق عطا فرمائیگا پس کیا قیامت کے سوا وہ اور کسی چیز کے منتظر

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى

ہیں کہ اُنہیں اچانک آلے سو اُس کی علامتیں تو آچکی ہیں پس اب جب اُنکی

لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۝ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

نصیحت بھی اُن کے پاس آگئی تو یہ ہیں کس خیال میں؟ پس یہ جان لو کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں ہے

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور تم اپنے گناہوں کی معافی کے لیے اور مومن مرد اور مومن عورتوں کیلیے مغفرت طلب کرو اور اللہ تمہارے

ع مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ

چلنے پھرنے کو اور تمہارے ٹھکانے کو خوب جانتا ہے اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں یہ کہتے ہیں کہ (جہاد کے بارہ میں) کوئی سورت

سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ

کیوں نہیں نازل کیگئی پھر جس وقت صاف صاف سورت اُتاری گئی اور اُس میں لڑائی کا ذکر کیا گیا تو

رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ

تُنے اُن لوگوں کو جن کے دلوں میں روگ ہے دیکھ لیا کہ وہ تمہاری طرف اس نظر سے دیکھتے تھے جس طرح

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ

وہ دیکھا کرتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو سو اُنہی کے لیے خرابی ہے حکم ماننا اور اچھی بات کہنا (بہتر ہے)

مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ

پھر جب معاملہ پختہ ہو جائے پس اگر وہ اللہ سے سچے رہینگے تو (انجام) اُن کے لیے

خَيْرًا لَّهُمْ ۝ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي

بہتر ہوگا پھر کیا یہ قریب ہے کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ تو تم زمین میں فساد

الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ

کرو اور قطع رحمی کرو یہی تو وہ لوگ ہیں جنپر اللہ نے لعنت

اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ۝ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ

کی پھر اُن کو بہرا کردیا ہے اور اُنکی آنکھوں کو اندھا تو کیا یہ قرآن مجید میں غور

ربع

الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى

نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر قفل پڑے ہوئے ہیں تحقیق جو لوگ بعد اس کے کہ اُنکے لیے ہدایت

اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ

ظاہر ہو چکی تھی اپنے پچھلے پاؤں پلٹ گئے شیطان نے اُن کو فریب دیا

سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا

اور اُنکو امیدیں دلائیں یہ اس لیے کہ اُنہوں نے اُن لوگوں سے جنہوں نے خدا کے

مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

نازل کیے ہوئے کو بُرا سمجھا تھا یہ کہا کہ ہم بعض معاملات میں تمہاری اطاعت کرینگے اور اللہ اُن کے بھیدکو

اِسْرَارَهُمْ ۝ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ

خوب جانتا ہے پھر اسوقت کیا حالت ہوگی جب کہ فرشتے اُنکا خاتمہ اس حالت میں کرینگے کہ اُن کے منہ پر

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ

اور اُنکی پیٹھ پر مارتے ہونگے یہ اس لیے کہ اُنہوں نے اُسکی پیروی کی جس نے خدا کو

اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ ع ۵

ناراض کیا اور اُسکی خوشنودی کو بُرا جانا پس اُسنے بھی اُنکے اعمال کو اکارت کر دیا کیا اُن لوگوں نے جنکے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ۝ وَلَوْ

روگ ہے یہ سمجھ لیا ہے کہ اللہ اُنکے کینوں کو ظاہر نہ کریگا اور اگر

نَشَاۗءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ

ہم چاہیں تو ہم اُن لوگوں کو تمہیں دکھلا دیں پھر تم اُن لوگوں کو اُن کی علامتوں سے پہچان لو اور تم اُنکو اُنکی بات

الْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ

لہجے سے ضرور پہچان لوگے اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے اور ہم تمہاری آزمائش ضرور کرینگے یہاں تک کہ ہم تم میں سے

الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ۝

جہاد کرنیوالوں کو اور صبر کرنیوالوں کو سمجھ لیں اور تمہاری خبروں کو جانچ لیں

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا

بیشک جو لوگ کافر ہو گئے اور اُنہوں نے لوگوں کو راہ خدا سے باز رکھا اور بعد اسکے کہ

الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ

ہدایت اُن پر کھل چکی تھی اُنھوں نے رسول کی نافرمانی کی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نہ

شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا

بگاڑ سکینگے اور وہ اُنکے اعمال بہت جلد اکارت کردیگا اے ایمان والو! تم اللہ کی اطاعت کرو

اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّ

اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال بیکار نہ کرو بیشک جو

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ

لوگ کافر ہو گئے اور اُنہوں نے (لوگوں کو) راہ خدا سے باز رکھا پھر کفر کی حالت میں

كُفَّارٌ فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۝ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى

مر گئے تو خدا ہرگز اُن کے گناہ نہ بخشے گا پس سستی نہ کرو اور صلح کی خواہش

السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن

نہ کرو جس حال میں کہ تم غالب ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز

يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ

تمہارے اعمال کو معطل نہ کریگا سوائے اسکے نہیں کہ زندگانی دُنیا تو کھیل کود ہے

وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ

اور اگر تم ایمان لے آئے اور پرہیزگار رہے تو تمہارے اجر تمکو عطا کریگا اور تمہارے کل مال

أَمْوَالَكُمْ ۝ إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ

تم سے نہ مانگیگا اگر تم سے کل مال مانگے پھر تمکو تنگ کرے تو تم بخل کرتا اور وہ تمہارے

أَضْغَانَكُمْ ۝ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنفِقُوا فِي

کینوں کو دور کردیگا لو تمہیں بھی ہو اب تم بلائے جاتے ہو کہ راہ خدا میں کچھ خرچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ

کرو سو تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو بخل کرتا ہے اور جو بخل کریگا پس وہ اپنی ہی ذات کے لیے بخل

عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا

کریگا اور اللہ غنی ہے اور تم محتاج ہو اور اگر تم روگرداں ہوجاؤ گے

يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝ ع ۴ ۸

تو وہ تمہارے بدلے اور لوگ لے آئیگا پھر وہ تمہارے مانند نہ ہونگے

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتھا ۲۹ — رکوعاتھا ۴ — کلماتھا ۵۶۸ — حروفھا ۲۵۵۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا

بیشک ہمنے تمہارے لیے فتح کی ایک کھلی فتح تاکہ اللہ تعالےٰ تمہاری خاطر سے تمہاری (امت کے)

تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ

اگلے گناہوں کو (بھی) بخشدے اور پچھلوں کو (بھی) اور اپنی نعمت کو تمپر پورا کرے

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ

اور تم کو صراطِ مستقیم کی ہدایت فرمائے اور عزت والی نصرت کے ساتھ اللہ

نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ

تمہاری نصرت کرے وہ وہی تو ہے جس نے مومنین کے دلوں میں تسکین

قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَ

نازل فرمائی تاکہ اُن کے ایمان کے ساتھ اطمینان کو اور بڑھادے اور

لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں اور اللہ ہی صاحب علم و

حَكِيمًا ۝ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي

حکمت ہے تاکہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسی جنتوں میں داخل کرے

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں جن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہوں اور اُنکے اُنکی برائیوں کو

سَيِّئَاتِهِمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزًا عَظِيمًا ۝ وَيُعَذِّبَ

دور کردے اور یہی اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے اور

الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ

منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو

الظَّانِّينَ بِاللَّهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ ۖ وَ

اللہ کی نسبت برے (برے) گمان کیا کرتے ہیں خوب سزا دے اُن برائیوں کا پھیر اُنہی پر پڑیگا اور

غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۖ

اللہ اُن پر غضبناک ہوگا اور اُن پر لعنت کریگا اور اُنکے لیے جہنم تیار کر رکھا ہے

وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

اور (وہ) بہت ہی برا ٹھکانا ہے اور آسمانوں کے اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں

وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَ

اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے (اے رسول) بتحقیق ہمنے تم کو گواہی دینے والا اور

مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ

خوشخبری پہنچانیوالا اور ڈرانیوالا بناکر بھیجا ہے تاکہ تم لوگ اللہ پر اور اُسکے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کو قوت پہنچاؤ

وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ إِنَّ

اور اُسکی عظمت کرو اور صبح وشام اُسکی پاکی بیان کیا کرو (اے رسول) حقیقت میں

الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ

جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ سے بیعت کرتے ہیں اُن کے ہاتھوں پر اللہ ہی کا ہاتھ

أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۖ وَمَنْ

ہوتا ہے پھر جو (عہد کو) توڑدے اسکا ضرر اسیکی ذات پر پڑیگا اور جو اس

أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ ع ۹

(عہد کو) پورا کرے جسپر اس نے اللہ سے عہد کیا ہے تو عنقریب وہ بھی اسکو بڑا اجر عطا کریگا

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا

قریب ہے کہ بدوؤں میں سے جو پیچھے رہ گئے تھے یہ کہینگے کہ ہمارے

أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم

مالوں نے اور ہمارے بال بچوں نے ہمکو کام میں لگائے رکھا آپ ہمارے لیے مغفرت (کی دعا) مانگیں یہ اپنی زبانوں سے وہ کہتے ہیں

مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ

جو ان کے دلوں میں نہیں ہے تم کہہ دو کہ اگر اللہ تمہارے بارے میں کوئی نقصان چاہے یا

شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ

تمہارے حق میں کوئی نفع چاہے تو اسکے مقابلہ میں کون ہے جسکا تمہاری خاطر کچھ بھی بس چل سکے بلکہ

كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ بَلْ ظَنَنتُمْ أَن

اللہ تو جو عمل تم کرتے ہو اس سے خوب واقف ہے بات یہ ہے کہ تم نے تو یہ گمان کر لیا تھا کہ

لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا

رسول اور مومنین اپنے بال بچوں میں کبھی پلٹ کر ہی نہیں آئینگے

وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَ

اور یہی بات تمہارے دلوں میں زینت پا گئی تھی اور تم نے برے برے گمان کر لیے تھے اور

كُنتُمْ قَوْمًا بُورًا ۝ وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ

تم ہو ہی ہلاک ہونیوالے لوگ اور جو اللہ پر اور اسکے رسول پر ایمان نہ لائیگا تو

فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيرًا ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

ہم نے بھی ضرور بالضرور کافروں کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے اور آسمانوں کا اور زمین کا اختیار اللہ ہی کا

غنیمت خیبر میں ہم بھی شریک ہو جائیں اور اس طرح خدا کے وعدے کو بدلدیں ۱۲ سے ستدعون الی قوم اولی باس شدید

وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَ

ہے وہ جسے چاہیگا بخشدیگا اور جسے چاہیگا عذاب دیگا اور

كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا

اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے قریب ہے کہ پیچھے رہجانے والے جب تم مال غنیمت لینے کے لیے

انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ

جاؤگے یہ کہینگے کہ ہمیں بھی اجازت دو کہ ہم بھی تمہارے پیچھے (پیچھے) چلیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ

اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ

اللہ کے وعدے کو بدل دیں تم یہ کہدو کہ تم ہرگز ہمارے پیچھے نہ آنے پاؤگے یہ تو اللہ تعالیٰ

مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا

پہلے ہی فرما چکا ہے پھر وہ عنقریب یہ کہینگے کہ نہیں تم ہی ہم سے حسد کرتے ہو بات یہ ہے کہ وہ

لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

سمجھتے ہی کم ہیں تم ان پیچھے رہجانے والے بدؤوں سے کہدو

سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ

کہ عنقریب تم ایک بڑی سخت لڑاکا قوم کی طرف بلائے جاؤگے (یا تو) تم ان سے لڑوگے

اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ

یا وہ اسلام لے آئینگے پھر اگر تم اطاعت کروگے تو اللہ تمکو بہت ہی اچھا اجر عنایت فرمائیگا

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

اور اگر تم اسی طرح روگرداں ہوجاؤگے جیسا کہ تم پہلے روگردانی کرچکے ہو تو تمکو دردناک عذاب سے

اَلِيْمًا ۝ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ

معذب کریگا نہ اندھے پر کوئی الزام ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی الزام ہے

وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور نہ بیمار پر کوئی الزام ہے اور جو اللہ کی اور اسکے رسول کی اطاعت کریگا

سے یغفر لمن یشاء و یعذب من یشاء تفسیر صافی میں ہے کہ گناہوں کی بخشش اور رحمت تو اسکی خاص شان ہے اور عذاب دینا اسکی

يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

اللہ اسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے ندیاں بہتی ہونگی اور جو روگردانی

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۟ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ

کریگا اُسے دردناک عذاب سے معذب فرمائے گا بیشک اللہ مومنوں سے راضی

ركوع ٢

الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ

ہوگیا جبکہ وہ درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے تھے اور جو کچھ اُن کے

قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا

دلوں میں ہے وہ اس سے آگاہ ہو پھر اس نے تسکین اُن پر نازل فرمائی اور اُنکو ایک قریب کی فتح

قَرِيْبًا ۟ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

اور بہت سی لوٹ کا موقع دیا جسے وہی لے لینگے اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۟ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

زبردست (اور) حکمت والا ہے اللہ نے تم سے بہت سی غنیمت کا وعدہ کیا ہے

تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ

جسے تم لیلوگے پھر اسنے تمہاری خاطر سے جلد اسکا موقع لادیا اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا

اور اس لیے کہ یہ (لڑائی) مومنوں کے لیے ایک نشانی ہوجائے اور وہ (اللہ) تمکو صراط

مُّسْتَقِيْمًا ۟ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ

مستقیم کی ہدایت کرے اور ایک اور فتح جسپر تم قابو نہ پاسکے تھے بیشک اللہ نے اُسپر احاطہ کرلیا

بِهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۟ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ

تھا اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھتا ہے اور اگر وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا

تم سے لڑ پڑینگے تو ضرور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائینگے پھر وہ نہ کوئی یار پائینگے

الحزب ١

ف ٢ فَتْحًا قَرِيْبًا تفسیر حقانی میں ہے کہ اس سے مراد ہے فتح خیبر جو حدیبیہ سے واپسی کے بعد میسر ہوئی ف ٣ وَمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا تفسیر حقانی

وَّلَا نَصِيْرًا ۝ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ
اور نہ مددگار ۔ اللہ کے قاعدے کے موافق جو پہلے سے ہوتا چلا آیا اور

لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ
تم اللہ کے قاعدے میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے اور وہ وہی ہے جسنے شہر مکہ کے بیچوں بیچ بعد

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ
اس کے کہ تم کو کفار پر غلبہ دیدیا تھا اُن کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے

اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝
ہاتھوں کو اُن سے روکدیا اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
یہ وہی لوگ تو ہیں جو کافر ہوگئے اور اُنھوں نے تم کو مسجد الحرام سے روکا

وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ
اور قربانی کو اِس بات سے روکے رکھا کہ وہ اپنے حلال ہونیکی جگہ پر پہنچے اور اگر کچھ ایسے ایمان والے

مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ
مرد اور ایماندار عورتیں نہ ہوتیں جنکو تم نہ جانتے تھے (اور لڑائی میں) تم اُن کو

تَطَــُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ
کچل ڈالتے اِس طرح تمکو اُن کی طرف سے بیخبری میں نقصان پہنچ جاتا تو وہ تمکو نہ روکتا مگر روکا اِسلیے) تاکہ اللہ

اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ
جس شخص کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرلے اگر یہ (مومنین وہاں سے) ہٹ جاتے تو ہم اُن لوگوں کو جو کافر

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ
ہوگئے تھے ضرور دردناک عذاب سے معذب کرتے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ کافروں نے اپنے

كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ
دلوں میں تعصب کو جگہ دی (اور وہ بھی) جاہلیت کی حمیت

ربع

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَ

تو اللہ نے بھی تسکین اپنے رسول پر اور مومنین پر نازل کر دی اور

أَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَىٰ وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا ۚ وَ

ان کے لیے کلمۂ تقویٰ لازم کر دیا اور وہ تھے بھی اس کے مستحق اور اس کے اہل اور

كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ ع

اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے بیشک اللہ نے اپنے رسول کے برحق

الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ ۖ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

خواب کو سچا کر دکھایا کہ اگر اللہ نے چاہا تو تم امن و امان کے ساتھ اپنے سروں کو

آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ ۖ

منڈاتے ہوئے اور بال کترواتے ہوئے مسجد الحرام میں جا داخل ہوگے (پھر کبھی تم کو خوف پیش نہ آئیگا

فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

پس وہ جانتا تھا جو تم نہیں جانتے پھر اس نے اس کے علاوہ ایک اور فتح قریب ہی مقرر فرما دی

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ

وہ وہی تو ہے جسنے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب

لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللّٰهِ شَهِيدًا ۝

کر دے اور دیکھ بھال کے لیے اللہ ہی کافی ہے

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى

محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو بھی حقیقۃً انکے ساتھ ہیں وہ کافروں پر

الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ ۖ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا

بھاری ہیں اور آپس میں رحم دل تم انکو رکوع و سجود کی حالت میں دیکھو گے

يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيمَاهُمْ

کہ وہ خدا کے فضل اور اس کی خوشنودی کے خواستگار ہیں انکی علامتیں انکے چہروں پر

[illegible]

فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

سجدوں کے اثر سے نمایاں ہیں یہ مثل تو انکی توراۃ میں بیان کیگئی ہے

وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ

اور انجیل میں انکی مثل یہ ہے کہ وہ کھیتی کے مانند ہیں کہ اسنے اپنی کوپل نکالی

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

پھر اسکو قوت پہنچائی پھر وہ موٹی ہوگئی پھر اپنے تنے پر کھڑی ہوگئی اب کھیتی کرنے والوں کو

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اچھی معلوم ہوتی ہے تاکہ انکے ذریعے کفار کو غصہ دلائے اللہ نے اُن لوگوں سے جو ان میں سے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ ع ۳

ایمان لائے ہیں اور نیکوکار ہیں مغفرت کا اور بہت بڑے اجر کا وعدہ کرلیا ہے

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانِيْ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ

اے ایمان لانے والو! اللہ اور اللہ کے

وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ

اے ایمان لانے والو! اپنی آوازوں کو

صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ

نبی کی آواز پر بلند نہ کرو اور نہ بات کرنے میں اُن سے ایسے زور (زور) سے بولو

بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ

جیسے تم ایک دوسرے سے چیخ پکار کر باتیں کیا کرتے ہو کہ کہیں تمہارے اعمال باطل ہو جائیں اور تم کو

لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ

خبر (بھی) نہ ہو بیشک جو لوگ رسول اللہ کی خدمت میں آوازوں کو پست

رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ

رکھتے ہیں وہی تو ہیں جن کے دلوں کا اللہ نے پرہیزگاری سے امتحان

لِلتَّقْوٰى لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

لے لیا ہے ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا اجر ہے (اے رسولؐ) بیشک جو لوگ

يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ

تمکو تمہارے مکانات کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے بہت سے

لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ

بے عقل ہیں اور اگر وہ اتنی دیر صبر کرتے کہ تم خود نکلکر انکے پاس

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آتے تو انکے لیے بہت ہی اچھا ہوتا اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تمہارے پاس کوئی گنہگار کوئی خبر لیکر آئے

فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا

تو اسکی تحقیق کر لو کہ کسی قوم کو تم بغیر جانے بوجھے کوئی صدمہ نہ پہنچاؤ کہ جس کے

عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ

کیے پر تمہیں خود ہی نادم ہونا پڑے اور یہ (بھی) سمجھ لو کہ اللہ کا رسول تم میں

رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ

موجود ہے اگر وہ بہت سی باتوں میں تمہارا کہنا مانتے تو تم ضرور مشکل میں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے اپنے فضل وکرم سے ایمان کو تمہارا محبوب بنا دیا ہے اور اسکو تمہارے دلوں میں زینت دیدی ہے

وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ

اور کفر ونافرمانی اور گناہ کو تمہارے لیے ناپسند قرار دیدیا ہے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ

ایسے ہی لوگ ہوشیار ہیں یہ اللہ کا فضل اور اس کی نعمت ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے اور اگر مومنوں کے دو گروہ

اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا

آپس میں لڑیں تو انکے مابین صلح کرادو پھر اگر ان دونوں میں سے ایک

عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ

دوسرے پر زیادتی کرے تو اس سے جو زیادتی کرتا ہے لڑو تاآنکہ وہ اللہ کے فیصلے کی طرف رجوع کرے

فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ

پس اگر رجوع کرے تو انصاف سے ان دونوں کے مابین اصلاح کردو اور عدالت برتو

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

بیشک اللہ عدالت برتنے والوں کو دوست رکھتا ہے سوائے اسکے نہیں کہ مومنین بھائی (بھائی) ہیں

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

پس تم اپنے بھائیوں کے درمیان اصلاح کردو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ۝ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ

رحم کیا جائے اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! نہ تو مرد مردوں کی ہنسی اڑائیں

قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ

کہ شاید وہ (انجام میں) ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں

نِسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا

عورتوں کی (ہنسی اڑائیں) کہ شاید وہ اُن سے بہتر ہوں اور نہ تم آپس میں عیب

اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کو بُرے ناموں سے پکارو ایمان کے بعد نافرمانی کے نام

بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ○

رکھنا بہت ہی بُری چیز ہے اور جو اس سے توبہ نہ کریگا پس ایسے ہی لوگ نافرمان سمجھے جائیں گے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ

اے ایمان لانے والو! بہت سے گمان کرنے سے پرہیز کرو

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ

بیشک بعض گمان گناہ ہے اور حالات کی تفتیش نہ کرو اور تم میں سے ایک

بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ

دوسرے کی غیبت نہ کیا کرے کیا تم میں سے کوئی اسے پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا

اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

گوشت کھائے اسکو تو بُرا سمجھوگے اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ

تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ

بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اے آدمیو! بیشک ہم نے تم کو

ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ

ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمکو شاخیں اور قبیلے بنا دیا تاکہ تم ایک دوسرے کو شناخت کر لیا کرو

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ

یقیناً خدا کے نزدیک تم میں سے زیادہ معزز وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے بیشک اللہ صاحب علم (اور)

خَبِيْرٌ ○ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا

صاحب خبر ہے بدو یہ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے تم کہدو کہ تم ایمان نہیں لائے ہو

پھر جناب رسُولِ خدا کی خدمت میں آکر کہنے لگا کہ ہم آپکے ساتھ اسلام میں اس لیے داخل نہیں ہوئے کہ ہماری عزت پر حملہ کیا جائے۔ پس جناب رسُولِ خدا نے فرمایا کہ ہمکو تمہارے
[illegible]

وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ
بلکہ تم یہ کہو کہ ہم اسلام لائے (یعنی ہنسے مان لیا) اور ایمان تو تمہارے دلوں میں بیٹھا ہی نہیں

وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ
اور اگر تم اللہ کی اور اُسکے رسُول کی اطاعت کرتے رہوگے تو وہ تمہارے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریگا

شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ
بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے سوائے اس کے نہیں کہ مومن تو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَ
وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور اُس کے رسُول پر ایمان لائے پھر اُنہوں نے کبھی شک نہ کیا اور

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ
راہِ خدا میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کیا

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ
ایسے ہی لوگ تو سچے ہیں تم یہ کہدو کہ آیا تم اللہ کو اپنا دین

بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
جتلاتے ہو حالانکہ اللہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اُسکو ابھی جانتا ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ يَمُنُّوْنَ
زمین میں ہے اُسکو بھی اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے وہ تمپر اسکا احسان رکھتے ہیں

عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ
کہ وہ اسلام لے آئے تم کہہ دو کہ تم اپنے اسلام کا احسان مجھپر نہ رکھو

بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ
بلکہ یہ تو اللہ کا تم پر احسان ہے کہ اُسنے تم کو ایمان کی ہدایت کردی

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ
بشرطیکہ تم سچے ہو بیشک اللہ آسمانوں کی

منزل ۷

[illegible]

ﻠﮧ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الخ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت جناب امیر المومنین کی شان میں نازل ہوئی ہے ۱۲ ﻠﮧ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت بنی اسد

وَالْاَرْضِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ اسکا دیکھنے والا ہے۔

ع ۸ ۱۴

سورۃ ق مکیۃ وھی خمس و اربعون آیۃ

آیاتہا ۴۵ — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳۷۳ — حروفہا ۱۵۲۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ

ق۔ قرآن مجید کی قسم انہوں نے تو اسی کا تعجب کیا کہ

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ

انکے پاس ایک ڈرانے والا انہی میں سے آگیا پس کافروں نے یہ کہدیا

هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

کہ یہ تو عجیب بات ہے کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی ہوجائینگے

ذٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيْدٌ ۝ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ

(تو ہم لوٹینگے) یہ لوٹنا ہی بعید (از عقل) ہے ہم خوب جانتے ہیں کہ زمین (ان کے

الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ

جسموں) میں سے کیا کیا گھٹاتی جاتی ہے اور ہمارے پاس حفاظت کرنے والی کتاب

حَفِيْظٌ ۝ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ

موجود ہے بلکہ انہوں نے تو حق کی جب وہ انکے پاس آیا اسکی تکذیب کی

فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى

پس وہ دین کے امر میں پریشان ہیں کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی

السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا

طرف غور سے نہیں دیکھا کہ ہمنے اسکو کیسا بنایا ہے اور اسکو کیسا مزین کیا ہے اور اسمیں

منزل ۷

تم کو محمد ﷺ ایسی باتیں کرکے تعجب میں ڈالوں۔ پھر ایک ہڈی لیکر اسکا چورا چورا کیا پھر اڑا کر کہنے لگا کہ اے محمد اسی کی نسبت تمہارا یہ گمان ہے کہ یہ زندہ ہوجائیگی ۱۲

سورۂ حجر کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے (دیکھو صفحہ ۳۴۳ نوٹ نمبر ۵) ۱۲ ؎ قوم تبع۔ الخ کا ذکر سورۂ دخان کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے (دیکھو صفحہ ۷۹۳ نوٹ نمبر ۱) ۱۲

لَهَا مِن فُرُوجٍ ۝ وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا

ایک بھی سوراخ نہیں اور زمین کو ہمنے پھیلا دیا ہے

وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن

اور اُس میں بڑے بڑے پہاڑ ٹھہرا دیے ہیں اور ہمنے اُس میں ہر قسم کی لہلہاتی ہوئی

كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ ۝ تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ لِكُلِّ

نباتات پیدا کر دی ہے ہر رجوع کرنے والے بندے کے لیے (یہی) قدرت نمائی

عَبْدٍ مُّنِيبٍ ۝ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ

اور نصیحت ہے اور آسمان سے ہم نے

مَاءً مُّبَارَكًا فَأَنبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ

برکت والا پانی اُتارا پھر اُسی کے ذریعہ سے ہمنے بندوں کو روزی دینے کے لیے باغات

الْحَصِيدِ ۝ وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ

اور اناج کے کھیت اور لمبے (لمبے) کھجور کے درخت جنکے گابھے تہ بہ تہ

نَّضِيدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۖ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً

ہوتے ہیں پیدا کر دیے اور اُسی (پانی) کے ذریعہ سے ہمنے مردہ زمین کو زندہ

مَّيْتًا ۚ كَذَٰلِكَ الْخُرُوجُ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

کر دیا (قیامت کے دن) نکلنا بھی ایسا ہی ہوگا ان سے پہلے

قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ ۝

نوح کی اُمت اور اصحاب رس اور (قوم) ثمود

وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ ۝ وَ

اور (قوم) عاد اور فرعون اور لوط کی اُمت اور

أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۚ كُلٌّ كَذَّبَ

اصحاب ایکہ (بن والے) اور قوم تبع (اپنے اپنے نبی کی) تکذیب کر چکے ہر ایک نے

منزل ۷

؎ ونزلنا من السماء ماء مبارکا۔ مبارکا کے معنی ہیں بہت نفع بخشنے والا۔ کافی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ زمین کا کوئی پانی ایسا نہیں ہے جسکے ساتھ آسمان کا پانی مخلوط نہ ہو ۱۲

الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ۝ اَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۚ بَلْ

رسولوں کو جھٹلایا پھر میرا ڈراوا (بھی) پورا اُترا۔ کیا ہم پہلی دفعہ کے پیدا کرنے سے تھک گئے ہیں یہ اور

ع ۱ ۱۵ ۱۵ هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

بات ہی کہ وہ پہلی ہی مرتبہ کی پیدائش کے بارے میں شک میں ہیں اور یقیناً ہمنے ہی انسان کو پیدا کیا ہے

وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ

اور جو کچھ اُسکا نفس اُسکے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے اُسے بھی ہم خوب جانتے ہیں اور ہم اُس کی شہ رگ گردن سے بھی

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ۝ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ

زیادہ قریب ہیں جبکہ دائیں سے اور بائیں سے دو لینے والے بیٹھے (بیٹھے)

الشِّمَالِ قَعِيدٌ ۝ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ

ہر بات کو لیتے جاتے ہیں ایک بات (بھی) مُنہ سے ایسی نہیں نکالتا کہ اُسکے لیے نگراں پاس ہی موجود

عَتِيدٌ ۝ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۚ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ

نہ ہو اور موت کی غفلت جو بر حق ہے آ پہنچی یہی تو ہے جس سے تو

مِنْهُ تَحِيدُ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ۚ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ۝ وَجَآءَتْ

کتراتا پھرتا تھا اور صور پھونک دیا گیا وہ ڈراوے کا دن یہی تو ہے اور ہر نفس

كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيدٌ ۝ لَقَدْ كُنْتَ فِي غَفْلَةٍ

(اِس شان سے) آئیگا کہ ایک ہانکنے والا اور ایک گواہ اُسکے ساتھ (ساتھ) ہوگا تو اِسی سے تو غفلت میں تھا

مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۝

سو اب ہمنے تیرا پردہ وہ ہٹا دیا سو آج تیری نظر بڑی تیز ہے

وَقَالَ قَرِينُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ۝ اَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ

اور اُسکا ہمنشین یہ کہیگا کہ میرے پاس جو کچھ ہے یہ حاضر ہے (اور ہانکنے والے اور گواہ کو حکم ہوگا کہ) تم دونوں ہر

كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبِۙ الَّذِي

منکر سرکش کو جہنم میں ڈالدو جو نیکیوں سے بڑا روکنے والا زیادتی کرنیوالا اشک کرنیوالا تھا (اور) جو

یہ اُنکو اِس لیے کہ اُس نے یہ لفظ کہے کہ جس نے تمہارے لیے امامت اور جس کو قرار دیا ہے ہم اُس کے منکر ہیں ۱۲-

جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ○

خدا کے ساتھ اور خدا (ابھی) ٹھہراتا تھا پس تم دونو اُسکو سخت عذاب میں ڈال دو

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ○

اُسکا ہمنشین عرض کریگا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے تو اسکو سرکش نہیں بنایا تھا لیکن یہ خود ہی بڑی گمراہی میں تھا

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ○

(خدا تعالیٰ) فرمائیگا کہ میرے حضور میں جھگڑا نہ کرو میں تمہاری طرف ڈراوا پہلے ہی بھیج چکا تھا

٢ ع ١٤ ١٦ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○ ع

میری حضور میں بات بدلی نہیں جا سکتی اور نہ میں بندوں کے حق میں ظلم کرنے والا ہوں

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

جس دن ہم جہنم سے کہینگے کہ آیا تیرا پیٹ بھر گیا وہ عرض کریگا کہ آیا کچھ

مَّزِيْدٍ ○ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ○ هٰذَا

اور بھی ہے؟ اور جنت پرہیزگاروں کی خاطر بہت ہی قریب کردی جائیگی (اور اُنسے کہا جائیگا)

مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ○ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ

یہ وہی ہے جسکا تم میں سے ہر رجوع کرنیوالے اور نگہداری کرنیوالے سے وعدہ کیا جاتا تھا جو بے دیکھے (خدائے) رحمٰن سے

بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ○ نِ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ط

ڈرتا رہا اور رجوع کرنے والے دل کے ساتھ حاضر ہوا (ایسوں ہی سے کہا جائیگا کہ) تم سلامتی کے ساتھ اسمیں داخل ہو جاؤ

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ○ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

یہی تو ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے کا دن ہے اُنکے واسطے جو جو کچھ وہ چاہینگے اُسمیں موجود ہے اور ہمارے پاس

مَزِيْدٌ ○ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

مزید برآں اور ان سے پہلے ہم کتنے ہی زمانے والے ہلاک کر چکے ہیں جو ان سے قوت میں کہیں

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ط هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ○ اِنَّ

زیادہ تھے پھر اُنہوں نے سارے ہی مُلک چھان مارے کہ کہیں بھی بچنے کا موقع ہے بیشک

فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ

اس میں اُس شخص کے لیے نصیحت ہے جو دل رکھتا ہو یا توجہ سے کان

شَهِيْدٌ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا

لگائے اور یقیناً ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان ہے

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ۝ فَاصْبِرْ عَلٰى

اُسکو چھ دن میں پیدا کیا اور ہمکو کوئی تکان نہ ہوئی پس جو کچھ یہ کہتے ہیں

مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ

اُسکی برداشت کرو اور سورج کے نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح

قَبْلَ الْغُرُوْبِ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝

پڑھا کرو اور رات کے بعض حصوں میں اُسکی پاکی بیان کیا کرو اور نمازوں کے بعد (بھی)

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۝ يَّوْمَ

اور جس دن ایک پکارنے والا قریب کے مکان سے پکاریگا تو اُسے غور سے سُننا جس دن

يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ

وہ سب واقعی چنگھاڑ سُنینگے یہی تو نکلنے کا دن ہے بیشک ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں

وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ۝ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ

اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف بازگشت ہے جسدن زمین اُنکی لاشوں سے پھٹکر (الگ ہوجائیگی اور وہ دوڑتے ہوئے نکل پڑینگے)

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ

یہی جمع کرلینا ہمارے لیے آسان ہے جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں ہم اُس سے خوب واقف ہیں اور تم اُنپر

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۝ ع ۳ ۱٦ ۱۷

حاکم جابر نہیں ہو پس جو میری دھمکی سے ڈرتا ہو اُسکو قرآن (مجید) سُناسُنا کر نصیحت کرتے رہو

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً

اٰیاتہا — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳٦۰ — حروفہا ۱۵۵۹

منزل ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۙ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۙ

قسم ہے اُن ہواؤں کی جو (بکھیر کر) اُڑا دینے والی ہیں پھر اُن بدلیوں کی جو (بارش کا) بوجھ اُٹھانیوالی ہیں پھر اُن کشتیوں کی جو آسانی سے چلنے والی ہیں

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ وَّاِنَّ الدِّيْنَ

پھر اُن فرشتوں کی جو کام تقسیم کرنیوالے ہیں بیشک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچا ہے اور بدلہ ضرور ملنے والا

لَوَاقِعٌ ۙ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ

ہے اور قسم ہے راستوں والے آسمان کی کہ تم جھگڑے کی بات میں

مُّخْتَلِفٍ ۙ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۙ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۙ

ہو جس سے وہی گمراہ ہوجاتا ہے جو گمراہ کردیا گیا غارت ہوں یہ اٹکل پچو باتیں بنانے والے

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۙ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۙ

جو جہالت کے بھنور میں غافل ہیں (اور) پوچھتے ہیں فیصلہ کا دن کب آئیگا؟

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ۙ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا

(اُس دن آئیگا) جس دن اُن کو جہنم میں عذاب دیا جائیگا (اور یہ کہا جائیگا) کہ اپنے عذاب کا مزہ چکھو وہ یہی ہے

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۙ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ

جس کی تم جلدی کیا کرتے تھے بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں اور چشموں

وَّعُيُوْنٍ ۙ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ

(کی سرزمین) میں ہونگے اُن کے پروردگار نے جو کچھ عطا کیا ہوگا اُسکا لطف اُٹھانیوالے ہونگے بیشک وہ اس سے پہلے

ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۭ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۙ

نیکوکار تھے (اور) راتوں کو وہ کم سویا کرتے تھے

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۙ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ

اور صبح کو وہ مغفرت طلب کیا کرتے تھے اور اُن کے مالوں میں مانگنے والوں کا

لِلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝

اور یہ مانگنے والوں کا (بھی) حصّہ ہوتا تھا اور یقین کرنے والوں کے لیے اس زمین میں (بھی) نشانیاں موجود ہیں

وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَفِي السَّمَاۗءِ

اور تمہاری ذات میں (بھی) تو کیا تم نہیں دیکھتے . اور آسمان میں

رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ فَوَرَبِّ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ

تمہارا رزق (بھی) موجود ہے اور جن چیزوں کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے (وہ بھی) پس آسمان کے اور زمین کے پروردگار ہی کی قسم ہے

اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝ هَلْ اَتٰىكَ

یہ ایسا ہی برحق ہے جیسے کہ تم باتیں کر رہے ہو آیا تمہارے پاس

ع ۲۳ / ۱۸

حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا

ابراہیم کے معزز مہمانوں کا قصّہ پہنچا جس وقت کہ وہ اُن کے

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝

پاس آئے تو اُنہوں نے سلام کہا (جواب میں) اُنہوں نے بھی سلام کہا (اور یہ فرمایا کہ) تم اجنبی لوگ ہو

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ

پھر چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گئے پھر وہاں سے ایک موٹا تازہ بچھڑا (کباب کرکے) لائے پھر اُسے اُن کے پاس رکھا
بڑا مہربان (اور) رحم کرنے والا ہے۔ اور تمہیں ہو کیا گیا ہے کہ تم راہ خدا میں کوئی چیز خرچ نہیں کرتے حالانکہ

مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ

آسمانوں کی اور زمین کی وراثت اللہ ہی کی ہے۔ تم میں سے جنہوں نے فتح (مکہ) سے پہلے (راہ خدا میں) خرچ کیا

مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ

اور جہاد کیا وہ برابر نہیں ہو سکتا۔ ایسے لوگ ان سے جنہوں نے بعد فتح خرچ کیا اور جہاد کیا

أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ

درجہ میں کہیں بڑھے ہوئے ہیں۔ اور اللہ نے اجر نیک کا وعدہ تو سبھی سے کیا ہے اور جو عمل

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا ع ۱۷

تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب واقف ہے۔ وہ کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ

حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۚ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ

دے کہ خدا اُسکو اُسکے لئے کئی گنا کر دے اور اُسکے لئے نفیس اجر بھی ہو۔ جس دن تم مومن مردوں اور

وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ

مومن عورتوں کو دیکھو گے کہ اُنکا نور اُنکے آگے آگے اور اُنکے داہنے ہاتھ دوڑتا جاتا ہے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج تمہارے لئے

الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ ذٰلِكَ

خوشخبری ہے یعنی وہ جنتیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں تم اُن میں (ہمیشہ) ہمیشہ رہو گے یہی تو

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ

وہ بڑی کامیابی ہے۔ اُس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان لانیوالوں سے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا

کہینگے کہ ذرا ہمارا (بھی) انتظار کرو کہ ہم (بھی) تمہارے نور سے فائدہ اٹھالیں۔ کہا جائیگا کہ پیچھے لوٹ جاؤ

وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۗ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۗ

اور وہاں نور ڈھونڈ لو پھر اُن (مؤمنین و منافقین) کے مابین ایک فصیل قائم کر دی جائیگی جس میں ایک دروازہ ہوگا۔

بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۗ

اُسکے اندر کی طرف تو اس میں رحمت ہوگی اور اُس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۗ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ

وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہینگے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ جواب دینگے کہ ہاں تھے لیکن تم نے اپنے آپ کو

اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى

آزمائش میں ڈالا اور منتظر (مومنین کے حق میں نزولِ بلا کا) انتظار کیا اور تم شک میں پڑے اور تمکو آرزوؤں نے دھوکا دیا یہاں تک کہ

جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ

قیامت آگئی اور اللہ کے بارے میں شیطان تمکو دھوکے ہی دیتا رہا۔ سو آج کے دن نہ تم سے کوئی معاوضہ

مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۗ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ

لیا جائیگا اور نہ اُن سے جو کافر ہوئے تھے تمہارا ٹھکانا آتش جہنم ہے۔

هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

وہی تمہاری حاکم ہے اور وہی (سب کی) بری بازگشت ہے۔ کیا اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اسکا وقت

اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا

نہیں آیا ہے کہ اُنکے دل خدا کی یاد کے لیے اور جو کچھ حق کی طرف سے نازل ہوا ہے اُسکے لیے گھل جائیں اور وہ

يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ

اُن لوگوں کے مانند نہو جائیں جنکو پہلے کتاب دی گئی (تھی) پھر اُن پر ایک زمانہ

الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝

گزر گیا پس اُنکے دل سخت ہوگئے اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا

(یہ) خوب جان لو کہ اللہ زمین کو اسکی موت کے بعد ضرور زندہ فرمائیگا بیشک ہمنے تمہارے

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ

لیے آیتوں کو کھولکر بیان کردیا تاکہ تم سمجھو۔ یقیناً صدقہ دینے والے مرد

وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ

اور صدقہ دینے والی عورتیں اور وہ جنہوں نے خدا یتعالٰے کو قرض حسنہ دیا اُنکے لیے دوچند کردیا جائیگا

وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ

اور اُنکے لیے نفع بخش اجر ہوگا۔ اور جو لوگ اللہ پر اور اُسکے رسولوں پر ایمان لائے ہیں

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَاۗءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ

وہی تو اپنے پروردگار کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں۔

لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

انکا اجر اور انکا نور اُنہی کے لیے ہوگا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور جھٹلایا

ع ٢ ٩ ١٨ بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا

وہی تو جہنمی ہیں۔ (یہ) خوب سمجھ لو کہ

ربع

کتاب میں ایک آیت آئی ہے سو عرض کیا گیا وہ آیت کونسی ہے؟ فرمایا خدایتعالیٰ کا یہ قول وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ پھر فرمایا تم صادق بھی ہو گئے اور اپنے پروردگار

اَلْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِیْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَیْنَكُمْ وَ

زندگانی دنیا سوائے کھیل کود اور آرائش و پیراستگی اور آپس میں بڑائی مارنے اور مال اور اولاد

تَكَاثُرٌ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَیْثٍ اَعْجَبَ

کی زیادتی کی خواہش کرنے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ اسکی (مثال) بارش کی سی مثال ہے کہ اس

الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ یَهِیْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَكُوْنُ

(کے ذریعے) سے نباتات کا پیدا ہونا کفار کو تعجب میں ڈالتا ہے پھر وہ لہلہاتی ہے پھر تم اسکو زرد ہوا دیکھتے ہو پھر وہ

حُطَامًا ؕ وَفِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ

چورا چورا ہو جاتی ہے۔ اور آخرت میں سخت عذاب (بھی) ہے اور اللہ کی طرف سے مغفرت اور

اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ○

خوشنودی (بھی) اور زندگانی دنیا سوائے دھوکے کی پونجی کے اور کچھ (بھی) نہیں ہے

سَابِقُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا

تم اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف اور ایسی جنت کی طرف دوڑو جس کا عرض

كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

آسمان و زمین (دونوں) کے عرض کے برابر ہے (اور) وہ انہی لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

اسکے رسولوں پر ایمان لائے ہوں۔ یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ○ مَاۤ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ جو مصیبت بھی زمین پر اور تمہاری ذات پر

فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

گزرتی ہے قبل اس کے کہ ہم اسکو پیدا کریں وہ ہمارے پاس ایک نوشتہ میں (لکھی)

نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ ○ لِّكَیْلَا تَاْسَوْا

ہوئی) موجود ہے۔ بلاشبہ یہ امر اللہ کے لیے آسان ہے تاکہ جو کچھ تمہارے ہاتھ سے جاتا رہے

عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اُسپر تو تم افسوس نہ کرو اور جو کچھ اُسنے تم کو عطا کیا ہے اُسپر آپے سے باہر نہ ہو جاؤ۔ اور اللہ ہر شیخی باز

كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

کو دوست نہیں رکھتا۔ جو خود بھی کنجوسی برتتے ہیں اور لوگوں کو بھی کنجوسی برتنے کا

بِالْبُخْلِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ لَقَدْ

حکم دیتے ہیں۔ اور جو روگرداں ہو جائیگا تو اللہ ضرور صاحب حمد اور بے پروا ہے۔ بیشک ہمنے

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

اپنے رسول کُھلی دلیلوں کے ساتھ بھیجے اور ہمنے اُن کے ساتھ کتاب اور میزان

وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ

نازل کی تاکہ لوگ عدالت پر قائم ہو جائیں۔ اور ہمنے (خاص) لوہا نازل کیا جس میں

بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ

سخت خوف (بھی) ہے اور لوگوں کے لیے نفعے بھی اور یہ غرض (بھی) کہ اللہ یہ جان لے کہ اُسکی اور

وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اُسکے رسولوں کی بغیر دیکھے مدد کون (کون) کرتا ہے بیشک اللہ صاحب قوت و غلبہ ہے۔ اور یقیناً ہمنے نوح کو

ع ٣ ١٩

نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ

اور ابراہیم کو بھیجا اور ہمنے اُن دونوں کی اولاد میں نبوت و کتاب کو قرار دیدیا

فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓي

پس اُن میں سے کوئی (کوئی تو) ہدایت یافتہ ہے اور بہت سے اُن میں سے نافرمان ہیں۔ پھر ہمنے اُن کے پیچھے (پیچھے) اُنہی کے نقش قدم

اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ

پر اپنے (اور) رسول بھیجے اور اُنکے بعد ہمنے عیسٰے بن مریم کو بھیجا اور اُنکو ہمنے انجیل

الْاِنْجِيْلَ ڏ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

عطا کی اور ہمنے اُن لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے اُن کی پیروی کی

وجہ اس دعا کی یہ تھی کہ خدا تعالیٰ اُن سے وعدہ کر چکا تھا کہ تمکو اور آپکے اہل کو نجات دیگا۔ اس دعا کے جواب میں خدا تعالیٰ نے فرمایا ینوح انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح فلا

رَأْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَ ِۨابْتَدَعُوْهَا

مہربانی اور رحمت قرار دیدی اور ترکِ دنیا کو انہوں نے (خود) ایجاد کیا

مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ

ہمنے اُسے اُنپر واجب نہیں کیا تھا مگر خوشنودی خدا حاصل کرنیکے لیے (اُنہوں نے اُسے

فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

خود ایجاد کرلیا) پھر اُنہوں نے اُسکی ویسی رعایت نہیں کی جیسا کہ اُسکی رعایت کا حق تھا۔ پھر ہمنے اُن لوگوں کو جو اُن میں سے

مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ○ يٰۤاَيُّهَا

ایمان لائے تھے اُنکا اجر دیدیا اور بہت سے اُن میں سے نافرمان رہے اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ

ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ کہ وہ اپنی رحمت کا

كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا

دوہرا حصہ تم کو دے اور تمہارے لیے ایسا نور قرار دے جس کے

تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

ذریعے سے تم چلو اور تمہارے گناہ بخش دے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ○ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا

رحم کرنیوالا ہے۔ تاکہ اہل کتاب یہ جان لیں کہ وہ خدا کے

يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ

فضل کے کسی حصے پر قدرت نہیں رکھتے اور یہ کہ فضل

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

(صرف) خدا کے ہاتھ ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ○ ع ۴ ۱۹

اور اللہ بڑے فضل والا ہے

آیاتہا ٢٢ رکوعاتہا ٣ کلماتہا ٤٧٩ حروفہا ٢١٠٣

الجزء الثامن والعشرون ٢٨

سورة المجادلة مدنية وهي ثنتان وعشرون آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ

بیشک اللہ نے اُس (عورت) کی بات سنی جو تم سے اپنے شوہر کے بارے میں

زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ

جھگڑتی ہے اور خدا کی حضور میں شکایت کرتی ہے اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سنتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ

یقیناً اللہ بڑا سننے والا (اور) بڑا دیکھنے والا ہے تم میں سے جو لوگ اپنی عورتوں سے ظہار

نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔيْ

کرتے ہیں وہ اُنکی مائیں نہیں ہو جاتیں۔ اُنکی مائیں تو صرف وہی ہیں جنہوں نے اُنکو

وَلَدْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ

جنا ہے اور ضرور ایسا کہنے والے بیہودہ بات (کہتے) اور جھوٹ بکتے ہیں

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ

اور ضرور اللہ بڑا معاف کرنیوالا (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ تم میں سے اپنی عورتوں سے

نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ

ظہار کریں پھر وہ جو کچھ کہہ چکے ہیں اُسکا تدارک کرنا چاہیں تو قبل اسکے کہ دونو مباشرت کریں

قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

ایک غلام آزاد کرنا لازم ہے۔ یہ اس لیے کہ تمکو اسکے ذریعے سے نصیحت کی جائے کہ تم پھر ایسا نہ کرو) اور

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ

جو تم کرتے ہو خدا تعالیٰ اُس سے خبردار ہے۔ پھر جسے یہ میسر نہ ہو تو قبل اسکے کہ دونوں مجامعت کریں (ظہار کرنیوالا)

مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَمَاسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ

کے ذمے) دو مہینے کے متواتر روزے رکھنا ہے پھر جس کو یہ ممکن نہ ہو تو (اسکے ذمے) ساٹھ مسکینوں کو کھانا

مِسْكِينًا ۚ ذَٰلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ۚ وَتِلْكَ حُدُودُ

کھلانا ہے۔ یہ اس لیے کہ تم اللہ اور اسکے رسول کی تصدیق کرو اور یہ خدا تعالیٰ کی (مقرر کی ہوئی)

اللَّهِ ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ

حدیں ہیں اور نہ ماننے والوں کیلیے دردناک عذاب تیار ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اسکے رسول کی مخالفت

وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَقَدْ أَنْزَلْنَا

کرتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائینگے جیسے وہ لوگ ذلیل کیے گئے جو ان سے پہلے ہو چکے ہیں اور ہم نے کھلی کھلی نشانیاں

آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۚ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

اتاری ہیں۔ اور نہ ماننے والوں کیلیے ذلت دینے والا عذاب (مہیا کیا) ہے جس دن اللہ ان سب کو

اللَّهُ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا ۚ أَحْصَاهُ اللَّهُ وَنَسُوهُ ۚ

مبعوث فرمائیگا پھر جو کچھ یہ کر چکے ہیں اس سے انکو آگاہ کریگا۔ اللہ نے تو انکے اعمال شمار کر لیا ہے اور یہ

وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي ع ۱

انکو بھول گئے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہر ایک چیز پر گواہ ہے۔ کیا تم اتنا نہیں سمجھتے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں میں جو کچھ

السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ

اسکو (بھی) اور زمین میں جو کچھ ہے اسکو (بھی) جانتا ہے۔ کسی راز میں تین ایسے (شریک) نہیں ہوتے کہ وہ خود انکا

رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِنْ ذَٰلِكَ

چوتھا نہ ہو اور نہ پانچ ایسے ہوتے ہیں کہ وہ انکا چھٹا نہ ہو اور نہ اس سے کم ہوتے ہیں اور

وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ۖ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا

نہ اس سے زیادہ مگر یہ کہ جہاں کہیں (بھی) وہ ہوں وہ خود انکے پاس ہوتا ہے۔ پھر جو کچھ بھی وہ کر چکے ہیں

عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ

قیامت کے دن وہ انکو جتلائیگا۔ بیشک خدا تعالیٰ ہر بات کا جاننے والا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا

نُهُوا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ

جو سرگوشی کرنے سے روکے گئے پھر جس بات سے روکا گیا وہی کرتے ہیں اور گناہ کے بارے

بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَاِذَا جَآءُوْكَ

اور زیادتی (کے بارے) میں اور رسول کی نافرمانی کے بارے میں آپس میں کاناپھوسی کرتے ہیں۔ اور (اے رسول)

حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا

جب وہ تمہارے پاس آتے ہیں تو تمکو اس طریقے سے سلام کرتے ہیں جس طریقے سے تمکو اللہ نے سلام نہیں کیا اور اپنے دلوں میں یہ کہتے ہیں

يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ۭ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ

کہ جو کچھ ہم کہتے ہیں اسکے عوض میں خدا ہمکو عذاب کیوں نہیں دیتا؟ انکو جہنم کافی ہے جسمیں وہ جائینگے اور وہ بہت ہی برا

الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا

ٹھکانا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جب تم کاناپھوسی کرو تو گناہ اور زیادتی

بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

اور رسول کی نافرمانی کے بارے میں کاناپھوسی نہ کیا کرو ہاں نیکی اور پرہیزگاری کی

وَالتَّقْوٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ اِنَّمَا

باتوں میں کاناپھوسی کیاکرو اور اس اللہ سے ڈرتے رہو جس کے حضور میں تم جاؤگے سوائے اسکے نہیں ہے

النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَاۗرِّهِمْ

کہ (بدی کی باتوں میں) کاناپھوسی شیطان کی طرف سے ہے تاکہ مومنین رنجیدہ ہوں حالانکہ بغیر مشیت خدا کے وہ ان کو

شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

کچھ نقصان نہیں پہنچاسکتا۔ اور مومنین کو صرف خدا ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ

اے ایمان لانیوالو! جب تم سے یہ کہا جائے کہ اپنے جلسوں میں کشادگی کرو (تو کشادگی کر دیا کرو)

فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا

اللہ بھی تمہارے لیے کشادگی فرمادیگا اور جب تم سے یہ کہا جایا کرے کہ اٹھ جاؤ تو اٹھ جایا کرو

کہ اس حکم کے آنیکی وجہ یہ تھی کہ لوگ جناب رسول خدا کا قرب حاصل کرنے کے لیے اور آنحضرت کا کلام سننے کے شوق میں ایک دوسرے سے بہت پہلے

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

اللہ اُن لوگوں کے جو تم میں سے ایمان لائے ہیں اور جن کو علم دیا گیا ہے بہت درجے بلند فرما دیگا۔

دَرَجٰتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا

اور جو کچھ بھی تم عمل کرتے ہو خدا تعالیٰ اُس سے خبردار ہے۔ اے ایمان لانیوالو جب تم

نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً

رسُول سے علٰحدگی میں کچھ مشورہ کرنا چاہو تو اپنے اس تخلیہ سے پہلے کچھ صدقہ دیدیا کرو۔

ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

یہ تمہارے لیے بہتر (بھی) ہے اور زیادہ پاک کرنیوالا (بھی) پھر تم کو اگر یہ میسر نہ ہو تو خدا بڑا بخشنے والا (ہے)

رَّحِيْمٌ ۝ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ

بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ کیا تم اِس سے ڈر گئے کہ اپنے تخلیہ کرنے سے پہلے کچھ صدقے دیدیا کرتے۔

صَدَقٰتٍ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا

اب چونکہ تم نے ایسا نہیں کیا اور اللہ نے بھی تمہاری توبہ قبول کرلی تو بس (باقاعدہ)

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ

نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اُس کے رسُول کی اطاعت کیے جاؤ۔ اور جو کچھ بھی تم

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ ع ۲ ۲

کرتے ہو خدا تعالیٰ اُس سے باخبر ہے۔ کیا تمنے اُن کی طرف خیال نہیں کیا جو ایسے لوگوں سے دوستی رکھتے ہیں جن پر خدا تعالیٰ

عَلَيْهِمْ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ

غضبناک ہوا ہے۔ نہ وہ تم ہی میں سے ہیں اور نہ اُنہی میں سے اور وہ جان بوجھ کر جھوٹی باتوں پر

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا اِنَّهُمْ

حلف اُٹھا رہے ہیں اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار کیا ہے۔ بیشک جو کچھ

سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْۤا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً

وہ کرتے ہیں وہ بہت ہی بُرا ہے۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے۔

فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ لَنْ
اور لوگوں کو راہِ خدا سے بازرکھا ہے پس اُنکے لیے ذلت دینے والا عذاب (تیار) ہے۔ (عذاب)

تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ
خدا سے بچانے کیلیے نہ اُنکے مال کچھ اُنکے کام آئینگے اور نہ اُن کی اولاد

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ يَوْمَ
وہی جہنمی ہیں۔ (اور) وہی اُس میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے جس دن

يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَ
اللہ تعالیٰ انکو ایک ساتھ مبعوث کریگا تو یہ اُسکے سامنے بھی اسی طرح قسم کھائینگے جیسے کہ تمہارے

يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ ۝
سامنے حلف اُٹھاتے ہیں اور گمان یہ کرینگے کہ وہ کچھ تو راستی پر ہیں خبردار رہو کہ وہ لوگ ضرور بالضرور جھوٹے ہیں

اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ
شیطان اُن پر غالب آگیا ہے اور اُنکو یادِ خدا بھلادی ہے۔ وہ

حِزْبُ الشَّيْطَانِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝
شیطان کا گروہ ہیں خبردار رہنا کہ شیطان کا گروہ وہی تو ٹوٹا اُٹھانیوالے ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ فِي
بیشک جولوگ اللہ اور اُسکے رسول سے مخالفت کرتے ہیں سب سے زیادہ ذلیلوں

الْأَذَلِّينَ ۝ كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللَّهَ
میں وہی ہیں یہ تو اللہ لکھ چکا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور بالضرور غالب رہینگے یقیناً اللہ

قَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ
قوت والا (اور) زبردست ہے۔ تم اُن لوگوں کو جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اُسکے

الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا
لوگوں کو دوستی کرتے نہ پاؤگے جنہوں نے اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کی ہو گو وہ اُن کے

اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ
باپ (دادا) ہوں یا اُنکے بیٹے (پوتے) یا اُنکے بھائی (بند) یا اُنکا کنبہ (قبیلہ)۔ وہی تو ہیں

كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ وَ
جنکے دلوں میں اللہ تعالے نے ایمان کو لکھ دیا ہے اور اپنی طرف سے روح (ایمان) کو انکی تائید فرمائی ہے اور

يُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
انکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی ہمیشہ (ہمیشہ) اُنہی میں رہنے والے

فِيْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ
ہونگے اللہ اُنسے راضی ہو گیا اور (وہ) اُس سے راضی ہو گئے۔ وہی خدا کا گروہ

اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ع ۳ / ۹
ہیں آگاہ رہو کہ خدا کا گروہ وہی تو (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں۔

سورة الحشر مدنية وهي اربع وعشرون اية

ایاتها ۲۴ رکوعاتها ۳ کلماتها ۴۵۵ حروفها ۲۰۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ
جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسنے خدا کی تسبیح کی اور وہ غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ
حکمت والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے اہل کتاب میں سے اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے تھے

الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ
اُنکے گھروں سے پہلی مرتبہ جلاوطن کردیا تم کو یہ گمان بھی نہ تھا کہ

يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
وہ نکل جائینگے اور اُنکو خیال یہ تھا کہ اُنکے قلعے اُنکو (عذاب) خدا سے بچانیوالے ہیں

یہود بنی نضیر کے مدینۂ منورہ سے نکالے جانیکا جو قصہ منقول ہے وہ حصے میں ملاحظہ کیجیے ۱۲

فَأَتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ

پس (عذاب) خدا اُن پر اِس طرح آیا جس طرح اُنکو گمان بھی نہ تھا اور اُسنے اُنکے دلوں میں ایسا

الرُّعْبَ يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُمْ بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِي الْمُؤْمِنِينَ

رعب ڈالدیا کہ وہ اپنے مکانوں کو اپنے ہاتھوں سے اور مومنین کے ہاتھوں سے برباد کر رہے تھے۔

فَاعْتَبِرُوا يٰٓأُولِي الْأَبْصَارِ ○ وَلَوْلَا أَنْ كَتَبَ اللّٰهُ

تو اے آنکھوں والو! عبرت پکڑو۔ اور اگر خدا تعالےٰ نے اُنکی سزا جلاوطنی

عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ

نہ لکھدی ہوتی تو اِس دُنیا میں بھی اُنکو عذاب دیتا۔ اور آخرت میں (تو) اُنکے لیے

عَذَابُ النَّارِ ○ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۖ

عذاب دوزخ موجود (ہی) ہے۔ یہ اِس لیے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کی۔

وَمَنْ يُشَاقِّ اللّٰهَ فَإِنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ○ مَا

اور جو اللہ کی مخالفت کریگا تو اللہ بھی سخت عذاب دینے والا ہے۔ عمدہ

قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلٰى أُصُولِهَا

کھجورے کے درختوں میں سے جو تم نے کاٹ ڈالا یا جسے اُسکی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا

فَبِإِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِينَ ○ وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى

تو یہ خدا کے حکم سے تھا اور اِس لیے تھا کہ نافرمانوں کو ذلیل کرے۔ اور جو مال حق تعالےٰ نے اپنے رسول کو

رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ

اُن لوگوں سے بغیر لڑے عنایت کیا ہے تو اسپر نہ تم نے گھوڑے دوڑائے میں نہ اونٹ

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلٰى مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے مسلط فرما دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری)

شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرٰى

قدرت رکھنے والا ہے۔ دیہات والوں کا جو مال اللہ تعالےٰ نے اپنے رسول کو بدون جہاد عنایت کیا

تشریف لیگئے تو وہاں جو لڑائی بھی نہیں ہوئی تھی۔ اسی لیے آنحضرتؐ نے وہاں کو مال غنیمت سے انصار کو کچھ نہ دیا۔ سوا دو تین آدمیوں کے جو محتاج تھے۔ ۱۲

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ

وہ اللہ کا ہے اور رسول کا اور (رسول کے) قرابت مندوں کا اور (اُنہی کی) یتیموں اور مسکینوں

وَابْنِ السَّبِیْلِ کَیْ لَا یَکُوْنَ دُوْلَةً بَیْنَ الْاَغْنِیَآءِ مِنْکُمْ

اور مسافروں کا تاکہ وہ (مال غنیمت) تمہارے دولتمندوں کے مابین چکر کھاتا نہ پھرے۔

وَمَآ اٰتٰىکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىکُمْ عَنْهُ

اور رسول جو کچھ تم کو دیں اُسے تو لیلو اور جس سے تم کو باز رکھیں (اُس سے)

فَانْتَهُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝

باز رہو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

وقف لازم

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِیْنَ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ

نیز (یہ مال فَے) ہجرت کرنیوالوں میں سے اُن ضرورتمندوں کا حق بھی ہے جو اپنے گھروں سے بھی نکالے گئے اور اپنے مالوں

یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّیَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ

سے بھی (الگ کیے گئے) تاہم خدا تعالیٰ کے فضل اور اُسکی خوشنودی کے خواستگار ہیں اور اللہ اور اُسکے رسول کی

رَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ

نصرت کیے جاتے ہیں وہی تو سچے ہیں۔ اور (اُن کا حق بھی ہے) جو ہجرت

تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ یُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ

کرنیوالوں کے پہلے سے دار ہجرت میں مقیم اور ایمان پر قائم ہیں اور جو اُنکی طرف ہجرت کرکے آئے

اِلَیْهِمْ وَلَا یَجِدُوْنَ فِیْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا

اُنسے محبت رکھتے ہیں۔ اور جو کچھ اُن ہجرت کرنیوالوں کو دیا جائے اُس کی اپنے دلوں میں خواہش

وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ کَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَ

نہیں پاتے اور گو اُنہیں خود ضرورت موجود ہو تاہم اوروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور

ربع

مَنْ یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ

جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچا لیا جائے تو ایسے ہی لوگ تو (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں۔ اور (اُنکا حق بھی ہے)

جَآءُوْ مِنْ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

ان مہاجرین و انصار کے بعد یہ عرض کرتے ہوئے آئے کہ اے ہمارے پروردگار تو ہماری (گناہوں) اور ہماری

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

بھائیوں کے گناہوں کو جنہوں نے ایمان میں ہم پر سبقت کی ہے بخشدے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ع ١ ربع

کی طرف سے کوئی کینہ نہ رہنے دے اے ہمارے پروردگار بیشک تو بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ کیا تم نے ان منافقوں

نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

کی طرف نظر نہیں کی جو اہل کتاب میں سے اپنے کافر ہو جانیوالے بھائیوں سے یہ کہتے تھے کہ اگر تم نکالے گئے

الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ

تو ضرور بالضرور ہم تمہارے ساتھ نکلیں گے اور تمہارے بارہ میں کبھی کسی کی اطاعت

اَحَدًا اَبَدًا وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

نہیں کرینگے اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ضرور بالضرور ہم تمہاری مدد کرینگے حالانکہ اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ ضرور

لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ

جھوٹے ہیں اگر وہ نکالے گئے تو یہ انکے ساتھ نہ نکلیں گے اور اگر ان سے

قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ

لڑائی ہوئی تو یہ انکی مدد نہ کرینگے۔ اور اگر انہوں نے انکی مدد بھی کی تو ضرور بالضرور پیٹھ پھیر

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً

بھاگیں گے۔ اور پھر انکی کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ ان کے دلوں میں خدا سے زیادہ تمہارا

فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝

خوف چھایا ہوا ہے۔ یہ اس لیے کہ یہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔

لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ

یہ اکٹھے ہوکر تم سے کبھی نہ لڑینگے سوائے اس کے کہ محفوظ بستیوں میں ہوں یا فصیلوں کے پیچھے

جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ

ہوں۔ اُنکی لڑائی آپس ہی میں سخت ہوتی ہے تم تو اُنکو متفق خیال کرتے ہو حالانکہ اُنکے دل

شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَعْقِلُونَ ○ كَمَثَلِ الَّذِينَ

متفرق ہیں۔ یہ اِس لیے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے۔ ان کی مثال اُن لوگوں کی سی

مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ہے جو ابھی (ابھی) ان سے پہلے اپنے کیے کی سزا کا مزہ چکھ چکے ہیں۔ اور اُنکے لیے (آخرت میں بھی) دردناک

أَلِيمٌ ○ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنْسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا

عذاب ہے۔ (یا اُن (منافقوں) کی حالت شیطان کی سی ہے جس وقت اُسنے انسان سے کہا کہ کافر ہو جا تو جب

كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِنْكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ○

کافر ہو گیا تو یہ کہدیا کہ میں تجھ سے الگ ہوں میں تو تمام عالم کے پروردگار خدا سے ڈرتا ہوں۔

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا وَذَلِكَ

پس نتیجہ اُن دونوں کا یہ ہوا کہ وہ دونوں جہنم میں جائینگے (اور) دونوں ہمیشہ اُسی میں رہنے والے ہونگے۔ اور

جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ○ ع ٢ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ

نافرمانوں کا بدلہ ہے بھی یہی۔ اے ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ

اور ہر شخص کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کل (روز قیامت) کے واسطے کیا بھیجتا ہے۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بیشک

اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ○ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ

اللہ جو (جو) کچھ تم کرتے ہو اُس سے باخبر ہے۔ اور اُن لوگوں کے مانند نہ ہو جو

نَسُوا اللَّهَ فَأَنْسَاهُمْ أَنْفُسَهُمْ أُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ○

اللہ کو بھول گئے پس اللہ نے بھی اُن کو اُنکا آپ بھلا دیا۔ وہی تو نافرمان ہیں۔

لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابُ

جہنم والے اور جنت والے برابر نہیں ہیں۔ جنت والے

الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ

(واقعی) کامیاب تو وہی ہیں۔ اگر ہم اِس قرآن کو کسی پہاڑ پر

عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

اُتارتے تو تم اُسکو خوفِ خدا سے لرزتا اور پھٹتا دیکھ لیتے۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○

اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ چھپی اور کھلی کا جاننے والا

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ

وہی رحمٰن (اور) رحیم ہے۔ وہ اللہ وہی ہے جسکے سوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

کوئی معبود نہیں بادشاہ ہے۔ پاکیزہ ہے۔ صاحب سلامتی ہے۔ امان عطا فرمانیوالا۔

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

نگہبانی کرنیوالا۔ زبردست۔ حکم چلانیوالا (اور) حسبِ بڑائی۔ جن جن چیزوں کو لوگ شریک قرار دیتے ہیں

يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ

اُن سب سے اللہ (کی ذات) منزہ ہے۔ وہ اللہ بنانیوالا پیدا کرنیوالا (اور) صورت عطا فرمانیوالا ہے۔ کل

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

اچھے اچھے نام اُسی کے ہیں۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے اُسی کی تسبیح کرتا ہے۔

ع ۳ ۷ ۶ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور وہی زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

سورة الممتحنة مكية وهي ثلث عشرة اية

آیاتہا ۱۳ رکوعاتہا ۲ کلماتہا ۳۷۰ حروفہا ۱۵۹۳

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ

اے ایمان لانیوالو! تم میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ

أَوْلِيَاءَ تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا

تم اُن سے محبت سے پیش آتے ہو حالانکہ جو حق تمہارے پاس آچکا ہے

جَاءَكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ

وہ اُسکے قطعی منکر ہو چکے ہیں وہ رسول کو اور تم کو اسی بنا پر تو نکالتے ہیں کہ تم

أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا

اللہ اپنے پروردگار پر ایمان رکھتے ہو اگر تم میری راہ میں جہاد کرنیکے لیے اور میری

فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ

خوشنودی حاصل کرنیکے لیے (اپنے گھروں سے) نکلے ہو (تو ایسا نہ کرو) تم اُنہیں چپکے چپکے دوستی

وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ ۚ وَمَن يَفْعَلْهُ

کے پیغام دیتے ہو حالانکہ جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جسکا تم اظہار کرتے ہو میں اُس سے خوب واقف ہوں اور

مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝ إِن يَثْقَفُوكُمْ

تم میں سے جو ایسا کریگا وہ راہ راست سے قطعی بھٹکا ہوا ہے۔ اگر وہ تم کو پکڑ پائیں تو

يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَ

تمہارے دشمن ہو جائیں اور اذیت رسانی کے لیے تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں اور

أَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ۝ لَن تَنفَعَكُمْ

زبان درازی کریں۔ اور خواہش یہ کریں کہ کاش تم کافر ہو جاؤ۔ نہ تمہارا کنبہ رشتہ

مع ١٦ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ يَفْصِلُ

تمکو نفع پہنچائیگا اور نہ تمہارے بال بچے۔ قیامت کے دن وہ تمہارے مابین جدائی

بينكم والله بما تعملون بصير ○ قد كانت لكم

فرمادیگا۔ اور جو کچھ بھی عمل تم کرتے ہو اللہ اس کا دیکھنے والا ہے۔ تمہارے لیے ابراہیم اور ان لوگوں (کی باتوں)

أسوة حسنة في إبرهيم والذين معه إذ قالوا

میں جو ان کے ساتھ تھے اچھا نمونہ موجود ہے۔ جس وقت کہ انہوں نے اپنی قوم

لقومهم إنا برءؤا منكم ومما تعبدون من دون الله

سے یہ کہا کہ ہم تم سے اور ان چیزوں سے جنکی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو یقیناً بیزار ہیں

كفرنا بكم وبدا بيننا وبينكم العداوة والبغضاء

ہم تم سے علیحدہ ہو چکے اور جب تک تم

أبدا حتى تؤمنوا بالله وحده إلا قول إبرهيم لأبيه

خدائے یکتا پر ایمان نہ لے آؤ ہمارے اور تمہارے درمیان کھلم کھلا دشمنی اور عداوت

لأستغفرن لك وما أملك لك من الله من شيء

ظاہر ہو گئی مگر ابراہیم کا اپنے چچا سے یہ کہنا کہ میں تمہارے لیے بخشش کی دعا ضرور کروں گا (اس) پیروی کے قابل

ربنا عليك توكلنا وإليك أنبنا وإليك المصير ○

نہیں ہے اور میں اسکو تمہارے لیے خدا کے حضور میں میرا کوئی اختیار نہیں ہے۔ اے ہمارے پروردگار تجھ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رجوع

ربنا لا تجعلنا فتنة للذين كفروا واغفر لنا

کی اور تیرے ہی حضور میں بازگشت ہو گی۔ اے ہمارے پروردگار ہم کو ان لوگوں کے لیے جو کافر ہو گئے ہیں (ذریعہ)

ربنا إنك أنت العزيز الحكيم ○ لقد كان لكم

آزمائش نہ بنا۔ اور ہمکو بخش دے۔ اے ہمارے پروردگار تو ضرور زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ بیشک تمہارے لیے

فيهم أسوة حسنة لمن كان يرجوا الله واليوم

ان لوگوں (کی باتوں) میں اچھا نمونہ موجود ہے (مگر) اس کے لیے جو اللہ کی اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہو

الآخر ومن يتول فإن الله هو الغني الحميد ○ ع

اور جو روگردانی کریگا تو اللہ ہی ضرور بے پروا (اور) قابل تعریف ہے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ

قریب ہے کہ اللہ تمہارے درمیان اور اُن لوگوں کے درمیان جن سے تم نے دشمنی کی ہے

مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

دوستی پیدا کردے۔ اور اللہ (ہربات پر) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم کرنیوالا ہے

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ

جو لوگ تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑے اور اُنہوں نے تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا

لَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا

خدا تعالے تم کو اس سے منع نہیں فرماتا کہ تم اُن سے نیکی کرو اور اُنکے ساتھ انصاف سے

اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ

پیش آؤ۔ یقیناً اللہ تعالے انصاف کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔ خدا تعالے تم کو صرف اُن لوگوں کے

عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

دوست رکھنے سے منع کرتا ہے جو تم سے دین کے بارے میں لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا

وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ

اور تمہارے نکالنے والوں کے پشت پناہ بنے اب جو ایسوں کو دوست رکھے بس وہی تو

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا

نافرمان ہیں۔ اے ایمان لانیوالو! جب ایمان والی

جَاۗءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

عورتیں ہجرت کرکے تمہارے پاس آئیں تو اُن کا امتحان لے لو۔ اللہ تو اُن کے ایمان (کی حالت)

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ

سے واقف ہی ہے۔ پس اگر تم بھی اُن کو صاحب ایمان سمجھ لو تو پھر اُن کو کافروں کی طرف

اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۭ

واپس نہ بھیجو۔ نہ تو یہ (ایمان والی عورتیں) اُنکے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کافر شوہر) اِن (ایمان دار)

؎ جو وہ ایمان کا اقرار کرتی ہیں دل سے اُس اقرار کی موافقت کہاں تک ہے۔ ۱۲

وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ

عورتوں) کیلئے حلال ہیں۔ ہاں جو کچھ وہ خرچ کر چکے ہوں تم انکو دیدو۔ اور اس میں تم پر کوئی الزام نہیں

تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۭ وَلَا تُمْسِكُوْا

کہ تم ان سے نکاح کر لو جبکہ تم انکے مہر دیدو۔ اور کافر عورتوں کو تم اپنے

بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔــلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔــلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ۭ

نکاح میں نہ رکھو اور جو کچھ تم خرچ کر چکے ہو وہ (ان سے) مانگ لو اور جو کچھ وہ خرچ کر چکے ہیں تم سے

ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

مانگ لیں۔ خدا کا فیصلہ یہی ہے۔ وہ تمہارے مابین حکم دیتا ہے۔ اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے۔

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ

اور اگر تمہاری عورتوں میں سے کوئی تمہارے ہاتھ سے نکل کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر کفار کا

فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ۭ

مال (غنیمت) تمہارے ہاتھ آئے تو جن لوگوں کی عورتیں چلی گئی ہوں انکو (اس مال غنیمت میں سے) اتنا دیدو جتنا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ

وہ خرچ کر چکے ہوں۔ اور اس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبی!

اِذَا جَاۗءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓي اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ

جب ایمان لانیوالی عورتیں تمہارے پاس اس شرط پر تمہاری بیعت کرنے آئیں کہ نہ کسی چیز کو اللہ

بِاللّٰهِ شَيْـــًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ

کا شریک قرار دیں اور نہ چوری کریں اور نہ زنا کریں اور نہ اپنی اولاد کو

اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ

قتل کریں۔ اور نہ (اپنے شوہروں پر) اپنے ہاتھوں اور پیروں کے مابین کوئی بہتان باندھیں

وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ

(یعنی غیر کے بچے کو شوہر کا نہ قرار دیں) اور نہ کسی نیکی میں تمہاری نافرمانی کریں تو انکی بیعت قبول کر لو

ع ٨ / ١

ڈالو یعنی تمہاری بیعت ہو ١٢

وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور اُنکے بارے میں خدا سے مغفرت مانگو۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ

اے ایمان لانیوالو! اُن لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر خدا نے اپنا غضب نازل کیا ہے

عَلَيْهِمْ قَدْ يَىِٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَىِٕسَ ۱۳

اور وہ آخرت سے ایسے ہی مایوس ہیں جیسے کافر لوگ

الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ۝ ع ۲

مُردوں (کے زندہ ہونے) سے۔

اٰیاتہا ۱۴ — رکوعاتہا ۲ — کلماتہا ۲۲۳ — حروفہا ۹۹۰

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسنے اللہ کی پاکی بیان کی اور وہی غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا

حکمت والا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جو کرتے نہیں وہ مُنہ سے کہتے کیوں

تَفْعَلُوْنَ ۝ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا

ہو؟ خدا کے نزدیک یہ بات حد سے زیادہ ناپسندیدہ ہے کہ مُنہ سے وہ کچھ کہو جو

تَفْعَلُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ

کرو نہیں۔ بیشک اللہ تو اُن لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اُس کی راہ میں (اس طرح

صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

صف باندھکر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب موسٰیؑ نے اپنی قوم

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ

سے کہا کہ اے میری قوم! تم مجھے کیوں ایذا پہنچاتے ہو حالانکہ تم یہ جانتے ہو کہ میں

رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ

تمہارے لیے خدا کا رسول ہوں۔ پھر جب اُنہوں نے کجی اختیار کی تو اللہ نے بھی اُنکے دلوں کو کج کر دیا۔

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى

اور اللہ بدکار لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ عیسےٰ ابن

ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ

مریمؑ نے یہ فرمایا کہ اے بنی اسرائیل! ضرور میں تم سب کی طرف خدا کا رسولؐ ہوں

مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا

توریت کی جو مجھ سے پہلے سے ہے تصدیق کرنیوالا ہوں اور ایسے رسولؐ کی خوشخبری

بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا

دینے والا ہوں جو میرے بعد آئیگا اُسکا نام احمدؐ ہوگا پھر جب وہ اُنکے پاس

جَاۗءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ

واضح دلیلیں لیکر آیا تو اُنہوں نے کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اُس سے زیادہ

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى

ظالم اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے حالانکہ وہ اسلام کی طرف

الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

بلایا جاتا ہو اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِــُٔـوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ مُتِمُّ

وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے مُنہ سے (پھونک مار کر) بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو

نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

پورا کرنیوالا ہے گو کافروں کو بُرا لگے۔ وہ وہی تو ہے جسنے اپنے رسولؐ کو ہدایت

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ
اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اسکو تمام ادیان پر غالب کردے گو مشرکوں کو

الْمُشْرِكُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى ع ۱ ۹
برا لگے۔ اے ایمان لانیوالو! آیا میں تم کو ایسا سودا بتلاؤں جو

تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ
تمہیں دردناک عذاب سے بچالے؟ کہ اللہ پر اور اسکے رسول پر

رَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ
ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو۔

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ
اگر تم سمجھو تو یہ تمہارے لیے سب سے بہتر ہے۔ اللہ تمہاری خاطر سے تمہارے گناہ بخشدیگا

وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ
اور تم کو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور ان پاکیزہ مکانوں

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَ
میں (پہنچائیگا) جو دوامی جنتوں میں ہیں۔ اور دوسری وہ چیز (عطا فرمائیگا) جسکو تم بہت ہی دوست رکھتے ہو۔

منزل ۷

اُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ
یعنی اللہ کی طرف سے نصرت اور جلد آنیوالی فتح۔ اور مومنین کو خوشخبری

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا
سنادو۔ اے ایمان لانیوالو! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسے

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ
عیسے ابن مریم نے حواریوں سے فرمایا تھا کہ اللہ کے لیے میرے مددگار کون کون ہونگے؟

قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ
تو حواریوں نے جواب دیا تھا کہ اللہ کے مددگار ہم ہیں پس بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ تو ایمان لایا تھا

مطلب یہ ہے کہ ان مذکورہ نعمتوں کے علاوہ ایک نعمت اور بھی ہے جو تم کو بہت ہی پسند ہے۔ اور اس لفظ پسند کرنے میں ان اصحاب سے جو خدا پر ایک طعن بھی ہے جو آخرت کے مقابلہ میں

بَنِىٓ اِسۡرَآءِيۡلَ وَكَفَرَتۡ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدۡنَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

اور ایک کافر ہو گیا تھا۔ پھر ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لائے تھے

عَلٰى عَدُوِّهِمۡ فَاَصۡبَحُوۡا ظٰهِرِيۡنَ ۝ ع ۲ ۱۰

اُنکے دشمنوں کے برخلاف تائید کی تھی تو وہ غالب رہے تھے۔

سُوۡرَةُ الۡجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِىَ اِحۡدٰى عَشۡرَةَ اٰيَةً

ایاتها ۱۱ — رکوعاتها ۲ — کلماتها ۱۷۶ — حروفها ۷۴۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ الۡمَلِكِ

آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اُس اللہ کی تسبیح کرتا رہتا ہے جو بادشاہ ہے

الۡقُدُّوۡسِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ ۝ هُوَ الَّذِىۡ بَعَثَ فِى

پاک ہے زبردست ہے (اور) حکمت والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے مکے کے رہنے والوں میں

الۡاُمِّيّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ

ایک رسول اُنہی میں سے مبعوث فرمایا جو اُنکو خدا کی آیتیں پڑھ پڑھ کے سناتا ہے اور اُن (کے ظاہر و باطن)

وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ ۚ وَاِنۡ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ

کو پاک کرتا ہے اور اُنکو قرآن اور شریعت کی تعلیم دیتا ہے۔ گو اس سے پہلے وہ

لَفِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ۝ وَّاٰخَرِيۡنَ مِنۡهُمۡ لَمَّا يَلۡحَقُوۡا

کھلی گمراہی میں تھے۔ اور انہی میں سے دوسروں کے لیے بھی (مبعوث فرمایا ہے) جو

بِهِمۡ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ

ابھی اُن سے نہیں ملے ہیں۔ اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ یہ تو اللہ کا فضل ہے کہ جسے چاہتا ہے

مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ۝ مَثَلُ الَّذِيۡنَ

عنایت فرماتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔ اُن لوگوں کی مثال جن پر

حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ

تورات (کے علم و عمل) کا بار ڈالا گیا تھا پھر انہوں نے اُسکا بار نہ اُٹھایا اُس گدھے کی سی مثال ہے جو کتابیں

اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ

اٹھائے ہوئے ہو۔ اُن لوگوں کی حالت جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا ہو کیا ہی بری ہے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔ تم یہ کہدو کہ اے وہ لوگو! جو

هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ

یہودی ہو گئے ہو اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ تم ہی خدا کے دوست ہو نہ اور لوگ تو اگر تم

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ

(اپنے اس گمان میں) سچے ہو تو موت کی آرزو کرو۔ اور جو اعمال اِنکے ہاتھ پہلے کر چکے

اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

اُنکی وجہ سے یہ موت کی تمنا کبھی نہ کرینگے۔ اور اللہ ان ظالموں سے خوب واقف ہے۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ

تم یہ کہدو کہ وہی موت جس سے تم بھاگتے ہو تم سے ضرور ملاقات کرنیوالی ہے

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

پھر تم کھلی اور چھپی کے جاننے والے کی حضور میں پیش کیے جاؤ گے پھر جو عمل تم کیا کرتے تھے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ ع ٨ ١١

اُس سے وہ تمکو آگاہ کر دیگا۔ اے ایمان لانیوالو! جب تمکو جمعہ کے دن نماز (جمعہ) کیلیے

لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا

پکارا جائے تو تم خدا کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور لین دین چھوڑ دو۔

الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا

اگر تم علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے لیے سب سے بہتر ہے۔ پھر جب

قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ

نماز ختم ہو جائے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور خدا کے فضل کے

فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

خواستگار ہو اور اللہ کو زیادہ یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ

اور انہوں نے جب کوئی سوداگری یا کھیل کود کی بات دیکھی تو (وہ نیت توڑ کر) اسکی طرف دوڑ گئے

قَآئِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

اور تم کو (نماز پڑھتے) کھڑا چھوڑ گئے تم یہ کہدو کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ اس کھیل کود اور اس سوداگری سے

ع ٣ / ١٢ التِّجَارَةِ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

بہت بہتر ہے۔ اور اللہ سب رزق دینے والوں سے بہتر (رزق دینے والا) ہے۔

سورۃ المنفقون مدنیۃ وھی احدی عشرۃ اٰیۃ

اٰیاتہا ١١ — رکوعاتہا ٢ — کلماتہا ١٨٣ — حروفہا ٩٢١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ م

جس وقت منافق تمہارے پاس آتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ تم ضرور اللہ کے رسول ہو

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ط وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور اللہ بھی یہ جانتا ہے کہ تم بیشک اسکے رسول ہو۔ اور اللہ یہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق ضرور

لَكٰذِبُوْنَ ○ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ

جھوٹے ہیں۔ انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو سپر بنا لیا پس لوگوں کو راہ خدا سے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ط اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ ذٰلِكَ

روکا۔ بیشک جو عمل یہ کرتے ہیں وہ بہت ہی برا ہے۔ یہ اس سبب

[illegible]

بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ○

کہ وہ ایمان لائے اور پھر کافر ہو گئے اب اُنکے دلوں پر چھاپا لگا دیا گیا تو وہ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ

اور جب تم اُنکو دیکھو تو اُنکا ڈیل ڈول تمکو اچھا معلوم ہو گا۔ اور اگر وہ باتیں کریں تو تم اُنکی باتیں

لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ

سُنو گے۔ (مگر یہ علم و عقل سے ایسی خالی ہیں) گویا وہ لکڑیاں ہیں جنکو دیوار کے سہارے کھڑا کر دیا ہو۔ ہر چیخ کو یہ

عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ ؗ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ○

سمجھتے ہیں کہ اُنہی پر پڑتی ہے۔ وہ دشمن ہیں سو اُنسے بچتے رہو۔ خدا اُنکو غارت کرے۔ کدھر بہکے جاتے ہیں؟

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

جس وقت اُن سے یہ کہا جاتا ہے کہ آؤ رسولِ خدا تمہارے لیے دعائے مغفرت کریں تو وہ اپنے سروں کو

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ○

پھرا لیتے ہیں اور تم اُنکو دیکھو گے کہ وہ متکبرانہ انداز سے منہ بھی پھرا لیتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ

اُنکے لیے برابر ہے خواہ تم اُنکے حق میں دعائے مغفرت مانگو یا اُنکے حق میں دعائے مغفرت نہ مانگو

لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ○

اللہ اُنکو ہرگز نہ بخشیگا۔ بیشک اللہ بدکار لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

یہ وہی تو ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا کے پاس جو لوگ ہیں اُنپر اپنا پیسہ خرچ نہ کرو

حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ

تاکہ وہ بھاگ جائیں۔ حالانکہ آسمانوں کے اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن

الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ○ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى

منافق (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ پلٹ کر گئے تو

منزل ٧

[illegible]

مُسْتَكْبِرُوْنَ ○ اسکے بعد چونکہ خدا اُنکے انجام کی حالت سے واقف ہے اُس کا اظہار یوں فرماتا ہے سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ

[illegible]

المدينة ليخرجن الاعز منها الاذل ولله العزة و

جو زیادہ عزت والا ہے وہ مدینہ سے زیادہ ذلیل کو ضرور بالضرور نکالدیگا۔ حالانکہ حقیقی عزت اللہ

ع ٨ ١ ١٣

لرسوله وللمؤمنين ولكن المنفقين لا يعلمون ○

کی ہے اور اسکے رسول کی اور مومنین کی۔ لیکن منافق (اتنا بھی) نہیں جانتے۔

يايها الذين امنوا لا تلهكم اموالكم ولا اولادكم

اے ایمان لانیوالو! تم کو تمہارے مال خدا کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں اور نہ

عن ذكر الله ومن يفعل ذلك فاولئك هم الخسرون ○

تمہاری اولاد۔ اور جو ایسا کرینگے وہی تو نقصان اٹھانیوالے ہیں۔

وانفقوا من ما رزقنكم من قبل ان ياتي احدكم

اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے کچھ (ہماری راہ میں) خرچ کرو قبل اسکے کہ تم میں سے کسی کو موت

الموت فيقول رب لولا اخرتني الى اجل قريب

آجائے پھر وہ یہ عرض کرے کہ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی کہ میں

فاصدق واكن من الصلحين ○ ولن يؤخر الله

تصدق کرتا اور میں نیک بندوں میں سے ہوجاتا۔ اور اللہ تعالے کسی نفس کو جبکہ اس کی

ع ٣ ٢ ١٤

نفسا اذا جاء اجلها والله خبير بما تعملون ○

اجل آجائیگی ہرگز مہلت نہ دیگا۔ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے خبردار ہے۔

سورة التغابن مكية وهي ثمان عشرة اية

اياتها ١٨ ركوعاتها ٢ كلماتها ٢٤٧ حروفها ١١٢٢

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يسبح لله ما في السموت وما في الارض له الملك وله

آسمانوں میں جو چیز ہے وہ اور زمین میں جو چیز ہے وہ اللہ کی تسبیح کرتی ہے سلطنت اسی کی ہے اور ہر طرح کی

الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

تعریف اُسی کو (زیبا) ہے اور وہی ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تمکو پیدا کیا تم میں سے کوئی تو

كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ خَلَقَ

کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ اُس نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

کو اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور تمکو صورت عطا فرمائی ہے تو تمہاری صورتیں بہت اچھی بنا دیں اور

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ

اور بازگشت اُسی کی حضور میں ہونیوالی ہے۔ وہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اُسکو بھی جانتا ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اُسکو بھی۔ اور

مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

جو کچھ تم چھپاتے ہو اُسکو بھی جانتا ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اُسکو بھی۔ اور اللہ دلوں کے حالات سے آگاہ ہے

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ

کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے سے کافر ہوئے تھے۔ کہ اُنھوں نے اپنی کیکی سزا کا مزہ (یہاں)

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

بھی چکھا اور (وہاں بھی) اُنکو دردناک عذاب ہے۔ یہ اس وجہ سے کہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى

آتے تھے تو وہ یہ کہتے تھے کیا آدمی ہم کو ہدایت کرینگے؟ پس اُنہوں نے انکار کیا اور روگرداں ہو گئے اور

اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ

اللہ نے بھی اُنکی پرواہ نہ کی۔ اور اللہ بے پروا (اور) قابل تعریف ہے۔ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کیا ہے کہ وہ

قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

ہرگز زندہ نہ کیے جائینگے۔ تم کہدو کہ میرے رب کی قسم تم ضرور زندہ کیے جاؤگے پھر جو کچھ تم کرتے ہو اُسکی بابت ضرور تمکو آگاہ کیا جائیگا۔ اور یہ

يَسِيْرٌ ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ

بات خدا کو آسان ہے۔ پھر اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اُس نور پر جسکو ہم نے نازل کیا ہے ایمان لاؤ۔ اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ○ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَٰلِكَ يَوْمُ

جو کچھ تم کرتے ہو اس سے آگاہ ہے ۔ جب وہ قیامت کے دن تمکو جمع کریگا یہی تو ہار جیت کا دن

التَّغَابُنِ وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ

ہے ۔ اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اللہ اسکی بدیوں کو اس سے

وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا

دور کر دیگا اور اسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں ان میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے

ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ○ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ

یہی بڑی کامیابی ہے ۔ اور جو لوگ کافر ہوئے اور انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا جہنم والے

ع ۱۵ أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِينَ فِيهَا وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ○ مَا أَصَابَ

وہی ہیں جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ۔ اور وہ بری جگہ ہے بازگشت کی ۔ بغیر حکم خدا کے

مِنْ مُصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ

کوئی تکلیف نہیں پہنچتی ۔ اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اللہ اسکے دل کو ہدایت کردیگا ۔

وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے ۔ اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو ۔

فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ○ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ

پھر اگر تم روگرداں ہو جاؤگے تو ہمارے رسول پر تو صرف پیغام کا کھولکر پہنچا دینا واجب ہے ۔ خدا وہی ہے جسکے سوا

إِلَّا هُوَ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

اور کوئی معبود نہیں ۔ اور مومنوں کو لازم ہے کہ خدا ہی پر توکل کریں ۔ اے ایمان لانیوالو!

آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ

یقیناً تمہاری بیبیوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض بعض ضرور تمہارے دشمن ہیں پس انسے بچے رہو

وَإِنْ تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○

اور اگر تم معاف کردوگے اور درگزر کروگے اور بخشدوگے تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے

لاطلیا تو ایسے شخص کو حکم دیا کہ انکے ساتھ نیکی کرے اور صلۂ رحم کو کام میں لائے ۔ چنانچہ فرمایا کہ وان تعفوا و تصفحوا و تغفروا فان اللہ غفور رحیم

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ○

سوائے اسکے نہیں کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد (تمہاری) آزمائش ہیں اور اللہ جو ہے اسکے پاس بہت بڑا اجر ہے

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا

پس جہاں تک تم سے بن پڑے اللہ سے ڈرو اور (اسکی نصیحت) سنو اور (اسکے احکام) مانو اور اپنی ذات کی بہتری کے

خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ ۗ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ

(اسکی راہ میں) مال خرچ کرو۔ اور جو شخص اپنے نفس کی کنجوسی سے بچالیا گیا پس وہی تو (پوری پوری) فلاح

الْمُفْلِحُونَ ○ إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَ

پانیوالے ہیں۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دوگے تو وہ اسکو تمہارے لیے دو چند کر دیگا اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ○ عَالِمُ الْغَيْبِ

تمہارے گناہ بخشدیگا۔ اور اللہ بڑا قدردان (اور) بڑا بردبار ہے۔ کھلی اور چھپی کا

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ ع ٢ ٨ ١٦

جاننے والا زبردست (اور) صاحب حکمت ہے۔

سُورَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اِثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً

آیاتہا ١٢ — رکوعاتہا ٢ — کلماتہا ٢٩٨ — حروفہا ١٢٣٧

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ

اے نبی جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انکے عدہ کے (یعنی حیض سے پاک ہونیکے) وقت طلاق دو

أَحْصُوا الْعِدَّةَ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ ۖ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِن

اور عدے کا شمار رکھو۔ اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو۔ نہ تم انکو انکے گھروں سے

بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَن يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَ

نکالو اور نہ وہ خود نکلیں سوائے اسکے کہ انہوں نے کوئی کھلی بےحیائی کی ہو۔ اور یہ خدا کی

یعنی اگر مطلقہ عورت جسکو طلاق بائن نہ دی گئی ہو اور وہ امور مندرجہ بالا میں سے کسی کی مرتکب ہو تو شوہر کو جائز ہے کہ قبل عدہ پورا ہونیکے اسکو اپنے گھر سے نکال دے ۱۲

تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

(مقرر کردہ) حدیں ہیں۔ اور جو خدا کی (مقرر کردہ) حدوں سے تجاوز کرے گا تو اسی نے اپنے آپ پر یقیناً ظلم کیا

لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝ فَاِذَا بَلَغْنَ

کوئی نفس نہیں جانتا کہ اس (قضیہ) کے بعد شاید خدا کوئی بات پیدا کر دے (اور ملاپ ہو جائے) پھر جب وہ

اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ

اپنی مدت پوری کر چکیں تو یا تم انہیں حسن سلوک کے ساتھ روک لو یا انہیں معقول طریقے سے رخصت کر دو اور

وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ

(بوقت طلاق) اپنے میں سے دو عادل گواہ کر لو اور (اے گواہو!) اللہ تم ٹھیک ٹھیک گواہی دینا ان کلام

يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ؕ وَمَنْ

اسکو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو۔ اور جو شخص

يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا

اللہ سے ڈریگا خدا تعالیٰ اسکے لیے کوئی راہ پیدا کر دیگا۔ اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائیگا جہاں سے

يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

اسکو گمان بھی نہ ہو۔ اور جو اللہ پر بھروسہ کریگا تو اللہ ہی اس کے لیے کافی ہے۔ بیشک اللہ اپنے کام کو پورا

اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ

کرنیوالا ہے۔ یقیناً اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر فرما دیا ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس

مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـِٔيْ

ہو چکی ہوں اگر تم کو (انکے بارے میں) شک ہو تو انکا عدہ تین مہینے ہے اور ایسا ہی انکا جن کو

لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ

(ابتک حیض) آیا ہی نہیں۔ اور حمل والیوں کا عدہ یہ ہے کہ ان کا وضع حمل ہو جائے

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ

اور جو اللہ سے ڈریگا تو اللہ تعالے اس کے لیے اسکے معاملہ میں آسانی پیدا کر دیگا۔ یہ اللہ کا حکم ہے

أَنزَلَهُ إِلَيْكُمْ ۚ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ

جو اُسنے تمہاری طرف اُتارا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈریگا اللہ اُسکی بدیاں اُس سے دور کر دیگا اور اُسکے لیے اجر

لَهُ أَجْرًا ۝ أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن

کو بڑھا دیگا۔ مطلقہ عورتوں کو حتے الامکان وہیں رکھو جہاں تم رہتے ہو

وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ وَإِن كُنَّ

اور تنگ کرنیکی غرض سے اُنہیں تکلیف نہ پہنچاؤ۔ اور اگر وہ

أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّىٰ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ

حاملہ ہوں تو جب تک اُنکا وضع حمل نہو جائے اُنہیں خرچ دیتے رہو۔ پھر اگر

أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۖ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم

وہ تمہاری لیے دودھ پلائیں تو اُنکی اجرت اُنکو دیتے رہو۔ اور آپس میں حسن سلوک سے

بِمَعْرُوفٍ ۖ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ۝ لِيُنفِقْ

معاملہ کرو۔ اور طرفین سے تم میں کشمکش ہو تو مرد کی خاطر (بچے کو) کوئی اور عورت دودھ پلائے۔ تاکہ مقدور والا تو

ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ ۖ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ

اپنی مقدور بھر خرچ کرے۔ اور جس کی روزی تنگ ہو تو اُسکو لازم ہے کہ اللہ نے جو کچھ اُسکو دیا ہو

مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ سَيَجْعَلُ

اُسی کے مطابق خرچ کرے۔ اور اللہ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا مگر اُتنی ہی جتنا کہ اُسکو عطا فرمایا ہے عنقریب

ع ١ ١٧ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ

اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد فراخی عطا فرمائیگا۔ اور کتنی ہی بستیوں نے اپنے پروردگار اور اُسکے رسولوں کے حکم

رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا

سے سرتابی کی پھر ہم نے بھی بڑی سختی سے اُنکا امتحان لیا اور ہمنے عذاب بھی اُنکو انوکھا

عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا

عذاب دیا۔ پھر اُنہوں نے اپنے کیے کی سزا کا مزہ چکھا اور اُنکے معاملے کا انجام نقصان ہی نقصان

خُسْرًا ۝ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

ہوا۔ اللہ نے اُنکے لیے سخت عذاب تیار فرمایا ہے پس اے صاحبانِ عقل! جو

يٰٓأُولِي الْأَلْبَابِ ۚ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝

ایمان لاچکے ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔ یقیناً اللہ نے تمہاری طرف ذکر کو رسول بناکر

رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللّٰهِ مُبَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَ الَّذِينَ

بھیجا ہے جو تم کو خدا کی کھلی آیتیں پڑھکر سُناتا ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَ

لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں (کفر کی) تاریکیوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لائے۔ اور

مَنْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي

جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ تعالیٰ اُسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللّٰهُ

جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ہمیشہ ہمیشہ اُنہی میں رہنے والے ہونگے۔ یقیناً اللہ نے ایسے شخص کے لیے

لَهُ رِزْقًا ۝ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ

اچھا رزق مہیا فرمایا ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سات آسمانوں کو پیدا کیا ہے اور اُنہی کے

الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۖ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ

برابر زمینوں کو۔ حکم خدا اُنہی میں سے ہوکر نازل ہوتا ہے۔

لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ

تاکہ تم یہ جان لو کہ اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے

ع ٢ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝

(اپنے) علم سے ہر چیز کا ضرور احاطہ کرلیا ہے۔

آیاتہا ١٢ — رکوعاتہا ٢ — کلماتہا ٢٥٣ — حروفہا ١١٢٤

سُورَةُ التَّحْرِيمِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً

آسمانوں اور زمینوں میں ہوتا ہوا اُتر کر اُس کے پاس پہنچتا ہے۔ (اس پوری حدیث کے لیے دیکھو صفحہ ٨٣١ - نوٹ نمبر ٢) ١٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

اے نبی! جو کچھ اللہ نے تمہارے لیے حلال قرار دیا ہے تم اُسکو کیوں حرام کرتے ہو؟ کیا تم اپنی بیبیوں کی خوشنودی

اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ

چاہتے ہو؟ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ خدا تعالیٰ نے تمہارے لیے (کفارہ دیکر) تمہاری

تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○

قسموں کا توڑ دینا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مالک ہے۔ اور وہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ

اور جس وقت نبی نے اپنی کسی زوجہ سے ایک بات بطور راز کے کہی اور اُس نے اُس راز سے کسی اور کو آگاہ

بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْ

کر دیا اور اللہ نے نبی پر یہ معاملہ کھولدیا تو نبی نے کچھ حصہ تو اُسکا جتلایا اور کچھ حصہ سے چشم پوشی کی۔

بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ

پھر جس وقت نبی نے اُس (عورت) کو اِس سے مطلع کیا تو وہ کہنے لگی کہ آپکو اِس کی خبر کس نے دی؟ فرمایا

نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ

مجھکو بڑے جاننے والے (اور) بڑے خبردار نے خبر دی۔ اگر تم دونوں خدا کی حضور میں توبہ کرلو (تو بہتر ہے) پس تم دونوں کے دل

قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ

حق سے منحرف ہو گئے ہیں۔ اور اگر تم دونو ہمارے رسول کے برخلاف ایک دوسرے کی پشت و پناہ ہوتو

وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ

اللہ اور جبرئیل اور صالح المومنین اُسکے مددگار ہیں۔ اور بعد اسکے کل فرشتے اُس کی

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ○ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ

پشتی پر ہیں۔ اگر وہ تم کو طلاق دیدے تو قریب ہے کہ اُسکا پروردگار بدلے میں اُسکو

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ

ایسی ازواج دیدے جو تم سے بہتر ہوں فرمانبرداری کرنیوالیاں۔ ایمان والیاں۔ اطاعت کرنیوالیاں

تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا ۝ يَا أَيُّهَا

توبہ کرنیوالیاں عبادت کرنیوالیاں روزہ رکھنیوالیاں شوہردیدہ اور کنواریاں ۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا

ایمان لانیوالو! اپنے آپکو اور اپنے بال بچوں کو اُس آگ سے بچاؤ جسکا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ

آدمی ہیں اور پتھر اُس پر نہایت تند خو اور سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں جو خدا ایتعالےٰ کی

اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

کسی بات میں جسکا وہ اُنکو حکم دیتا ہے نافرمانی نہیں کرتے اور جس بات کا اُنکو حکم دیا جاتا ہے وہی بجالاتے ہیں۔ اے

كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ

وہ لوگو جو کافر ہوگئے ہو آج کے دن تم کوئی عذر نہ کرو سوا اسکے نہیں کہ جو عمل تم کیا کرتے تھے اُسی کا بدلہ

ع ١ ١٩ تَعْمَلُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً

دیا جاتا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! خدا کی حضور میں اثر پذیر توبہ کرو

نَّصُوحًا عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ

قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تم سے تمہاری برائیوں کو دور کردے

وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي

اور تم کو (اُس دن) ایسی جنتوں میں داخل کرے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی (اُس دن) جس دن خدا تعالےٰ

اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۖ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ

نبی کو اور اُن لوگوں کو جو انکے ساتھ ایمان لائے ہیں رسوا نہ کریگا۔ انکا نور اُن کے سامنے اور اُنکے

أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا

داہنے ہاتھ چلتا ہوگا اور وہ یہ کہتے ہونگے کہ اے ہمارے پروردگار! تو ہمارے نور کو ہمارے لیے پورا کردے

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ

اور ہمارے گناہ بخشدے۔ بیشک تو ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبیؐ

جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ

کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور اُن پر سختی کرو۔ اور اُنکا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ

جہنم ہے۔ اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہوگئے ہیں

كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ وَامْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ

نوحؑ کی زوجہ کی اور لوطؑ کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے۔ کہ یہ دونوں ہمارے بندوں میں کے دو

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ

نیک بندوں کی ماتحت تھیں پھر اُن دونوں نے اُن دونوں کے حق میں خیانت کی پس وہ دونوں خدا کے عذاب

اللَّهِ شَيْئًا وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِينَ ۝ وَضَرَبَ

بچانے میں ان دونوں کے کچھ بھی کام نہ آئے اور ان دونوں سے یہ کہا جائیگا کہ تم بھی جانیوالوں کے ساتھ ساتھ جہنم میں چلی جاؤ۔ اور

اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَتَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ

اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں فرعون کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے کہ جس وقت اُسنے یہ عرض کی کہ

رَبِّ ابْنِ لِي عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِن فِرْعَوْنَ

اے میرے پروردگار میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک مکان بنادے اور مجھ کو فرعون سے اور اُسکی بدکاری سے

وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

نجات دے اور مجھ کو ان نافرمان لوگوں کے ہاتھ سے چھٹکارا دے۔ اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثل بیان کی ہے)

عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا وَ

جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی پھر ہمنے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونکدی تھی اور وہ اپنے

صَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ ۝ ع ٢

پروردگار کے کلمات کی اور اُسکی کتابوں کی تصدیق کیا کرتی تھی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھی۔

رکوعہا ٢ آیاتہا ٣٠ کلماتہا ٣٣٧ حروفہا ١٣٥٩

سورة الملك مكية وهي ثلثون اية

بسم الله الرحمن الرحيم ۝
رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تبرك الذي بيده الملك وهو على كل
برکت والا ہے وہ خدا جس کے قبضہ میں (تمام جہان کی) بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر (پوری پوری)
شيء قدير ۝ الذي خلق الموت والحيوة ليبلوكم
قدرت رکھنے والا ہے۔ جس نے موت کو بھی پیدا کیا اور حیات کو بھی تاکہ تم کو آزمائے کہ
ايكم احسن عملا وهو العزيز الغفور ۝ الذي
تم میں سے کون شخص عمل میں بہتر ہے۔ اور وہی زبردست (اور سب سے) زیادہ بخشنے والا ہے۔ جس نے
خلق سبع سموت طباقا ما ترى في خلق الرحمن
سات آسمانوں کو اوپر تلے پیدا کیا۔ تم (خدائے) رحمن کی پیدا کی ہوئی چیز میں کوئی
من تفوت فارجع البصر هل ترى من فطور ۝ ثم
اختلاف نہ پاؤ گے۔ پھر نظر ڈال کر دیکھو آیا تم کوئی خلل دیکھتے ہو؟ پھر
ارجع البصر كرتين ينقلب اليك البصر خاسئا
بار بار نظر ڈالو وہ نظر تمہاری طرف تھک کر ذلیل ہو کر لوٹ آئے گی۔
وهو حسير ۝ ولقد زينا السماء الدنيا بمصابيح
اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے زینت دی ہے
وجعلنها رجوما للشيطين واعتدنا لهم عذاب
اور انکو شیطانوں کے لیے (پھینک کر) مارنے کا آلہ قرار دیا ہے۔ اور انکے لیے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب
السعير ۝ وللذين كفروا بربهم عذاب جهنم و
تیار کیا ہے۔ اور ان لوگوں کے لیے جو اپنے پروردگار کا انکار کرتے ہیں جہنم کا عذاب ہے۔ اور

بِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ
وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ جس وقت وہ اُس میں ڈالے جاینگے تو اُسکی چنگھاڑ سُنینگے حالانکہ وہ

تَفُوْرُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۭ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ
جوش مارتی ہوگی۔ قریب ہوگا کہ وہ غصّے کے مارے پھٹ پڑے۔ جب کوئی گروہ اُس میں ڈالا جائیگا تو اُن کے

سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ۝ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَاۗءَنَا
نگہبان اُن سے پوچھینگے کہ آیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا (نبی) نہیں آیا تھا؟ وہ کہینگے ہاں ڈرانیوالا (نبی) تو ہمارے

نَذِيْرٌ ڏ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ښ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ
پاس ضرور آیا تھا۔ مگر ہمنے اُسکو جھٹلا دیا تھا اور یہ کہدیا تھا کہ اللہ نے تو کوئی چیز بھی نہیں اُتاری۔ تم خود ہی بڑی

ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ۝ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ
گمراہی میں ہو۔ اور وہ یہ بھی کہینگے کہ اگر ہم سُنتے اور سمجھ لیتے تو ہم جہنمیوں میں (داخل)

السَّعِيْرِ ۝ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝
نہوتے۔ پس وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرینگے۔ پس جہنمیوں کے لیے خدا (اپنی رحمت سے) دوری کرے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ
بیشک وہ لوگ جو بغیر دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اُنکے لیے گناہوں کی بخشش اور بڑا

كَبِيْرٌ ۝ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
اجر ہے۔ اور تم اپنی بات کو چھپاؤ یا اُسے ظاہر کرو یقیناً خدا تعالیٰ دلوں کے حال سے

الصُّدُوْرِ ۝ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ هُوَ ع ١
واقف ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے حالانکہ وہ باریک بین اور خبردار ہے۔ وہ

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا
وہی ہے جسنے زمین کو تمہارے لیے نرم کر دیا ہے پس تم اُس کے راستوں میں چلو پھرو

وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ۭ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ۝ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي
اور خدا تعالیٰ کے رزق میں سے کھاؤ (پیو) اور اُسی کی طرف تم سب کو اُٹھکر جانا ہے۔ کیا تم اُس سے نڈر ہوگئے ہو

السَّمَاءِ أَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝ أَمْ

کہ وہ (فرشتوں کا گروہ) جو آسمان میں (رہتا) ہے تمکو زمین میں دھنسا دے اور وہ (زمین) یکایک جھونچال میں آجائے۔ یا

أَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ط

تم اُس سے نڈر ہوگئے ہو کہ جو آسمان میں ہے وہ تم پر پتھراؤ کی بارش بھیجدے۔

فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

پھر تم جان ہی لوگے کہ میرا ڈراوا کیسا ہے؟ اور یقیناً اُن لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے

قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ

جھٹلایا تھا پس میرا ناخوش ہونا (عذاب کا نازل کرنا) کیسا رہا؟ کیا انہوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا جو انکے

صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ط مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمٰنُ ط إِنَّهُ بِكُلِّ

اوپر (اڑتے ہیں) پر پھیلائے رہتے ہیں اور کبھی اُنکو (پر) سمیٹ لیتے ہیں سوائے (خدائے) رحمٰن کے کوئی اور انکو روکے نہیں

شَيْءٍ بَصِيْرٌ ۝ أَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ

یقیناً وہی ہر چیز کا دیکھنے والا ہے۔ آیا کوئی شخص (جسکو تم معبود جانتے ہو) جو تمہارا لشکر ہو سوائے (خدائے) رحمٰن کے ایسا ہے کہ

دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ط إِنِ الْكٰفِرُوْنَ إِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝ أَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ

تمہاری مدد کرے؟ کافر محض دھوکے میں ہیں۔ آیا اُن میں کوئی ایسا ہے جو

يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهٗ ج بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝ أَفَمَنْ

تمکو رزق دیدے اگر خدا تعالیٰ اپنا رزق روک لے؟ بات یہ ہے کہ یہ سرکشی اور نفرت میں بہت ہی بڑھ گئے ہیں۔ آیا وہ

يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖ أَهْدٰى أَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ

زیادہ ہدایت یافتہ ہے جو اوندھے منہ کے بل لوندھا چل رہا ہے یا وہ جو سیدھا (کھڑا) صراطِ مستقیم پر چلا جا رہا

مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ أَنْشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ

ہے۔ (تم) کہدو کہ وہ وہی ہے جس نے تمکو پیدا کیا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل

وَالْأَفْئِدَةَ ط قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَأَكُمْ فِي

بنادیے۔ (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ (تم) کہدو کہ وہ وہی ہے جس نے تمکو زمین میں

الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ○ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ

پھیلا دیا ہے اور اُسی کی حضور میں تم اکٹھے کیے جاؤگے۔ اور (وہ) یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو (تو بتلاؤ) یہ وعدہ کا

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا

وقت کب آئیگا ؟ (تم) کہدو کہ اِسکا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ اور میں تو صاف صاف

نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ

ڈرانیوالا ہوں۔ مگر جب اُسکو قریب آتا دیکھینگے تو اُن لوگوں کے مُنہ جو کافر ہوگئے ہیں

كَفَرُوا وَقِيلَ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَدَّعُونَ ○ قُلْ

بگڑ جاینگے اور اُنسے کہا جائیگا کہ یہ وہی ہے جس کی تم خواہش کیا کرتے تھے۔ (تم) کہدو کہ

أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ

آیا تم اِسے سمجھے کہ اللہ مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں اُنکو ہلاک کردے یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو

الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ○ قُلْ هُوَ الرَّحْمَٰنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ

دردناک عذاب سے کون بچالیگا؟ (تم) کہدو وہی (خدائے) رحمٰن ہے ہم اُسپر ایمان لائے اور اُسی پر

تَوَكَّلْنَا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ○ قُلْ أَرَأَيْتُمْ

ہم بھروسہ کیا ہے سو عنقریب تم بھی جان لوگے کہ کھلی گمراہی میں کون ہے؟ (تم) کہدو کہ آیا تم یہ بھی

إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاءٍ مَّعِينٍ ○ ع ٢

سمجھے کہ اگر تمہارا پانی گہرائی میں چلا جائے تو چشمہ کا پانی تمہارے لیے کون لے آئیگا؟

سُورَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُونَ آيَةً

آیاتہا ٥٢ — رکوعاتہا ٢ — کلماتہا ٣٠٦ — حروفہا ١٢٥٦

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

نٓ ۚ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ○ مَا أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ

نٓ۔ قسم ہے قلم کی اور جو (اہل قلم) لکھتے ہیں۔ تم اپنے رب کی نعمت کے سبب دیوانے

بِمَجْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّكَ

نہیں ہو۔ اور یقیناً تمہارے لیے ایسا اجر (مہیا) ہے جو منقطع ہونیوالا نہیں ہے۔ اور بیشک تمہارا

لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ۝ بِاَيِّكُمُ

خلق بہت بڑھا ہوا ہے۔ سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور وہ بھی دیکھ لینگے کہ تم میں سے دیوانہ

الْمَفْتُوْنُ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ

کونسا ہے؟ بالتحقیق تمہارا پروردگار اُس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے

وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَدُّوْا لَوْ

اور اُن لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں۔ پس تم جھٹلانیوالوں کی بات نہ ماننا۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم

تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝ هَمَّازٍ

نرمی کرو تو وہ بھی نرم ہو جائیں۔ اور تم کسی ایسے شخص کی بات نہ ماننا جو بہت قسمیں کھانیوالا ذلیل خیال عیب جو

مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ

چغل خور نیکی سے روکنے والا حد سے گزرجانیوالا گناہگار منہ پھٹ تیسرے حرامی بھی

زَنِيْمٍ ۝ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا

ہو محض اس سبب سے کہ وہ مال و اولاد والا ہے جس وقت اُس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی

قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۝ اِنَّا

ہیں وہ کہہ دیتا ہے کہ یہ تو پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ عنقریب ہم اُسکی ناک پر ایک نشان لگا دینگے۔ بیشک ہم نے

بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا

اُنکی اسی طرح آزمائش کی ہے جیسے کہ ہم نے ایک باغ والوں کی آزمائش کی تھی جبکہ اُنہوں نے

مُصْبِحِيْنَ ۝ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ

قسم کھالی تھی کہ کل صبح ہم اس باغ کے پھل ضرور توڑ لینگے اور انشاء اللہ نہ کہا تھا پس اُس باغ پر تمہارے

مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۝ فَتَنَادَوْا

پروردگار کی طرف سے ایک بلا پھر گئی اور وہ سوتے ہی رہے۔ پس وہ ایسا ہو گیا کہ اُس میں ایک پھل بھی باقی نہ رہا۔ اور صبح کو آپس

مُصْبِحِينَ ۝ أَنِ اغْدُوا عَلَىٰ حَرْثِكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَارِمِينَ ۝

ایک دوسرے کو آواز دینے لگے کہ اگر تم کو پھل لینے ہیں تو اپنے باغ کو سویرے ہی سویرے چلو۔

فَانْطَلَقُوا وَهُمْ يَتَخَافَتُونَ ۝ أَنْ لَا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ

پس وہ چلے اور چپکے چپکے یہ کہتے جاتے تھے کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس نہ آنے

مِسْكِينٌ ۝ وَغَدَوْا عَلَىٰ حَرْدٍ قَادِرِينَ ۝ فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا إِنَّا

پائے۔ اور انہوں نے (اپنے باغ میں پہنچ کر) ایسی حالت میں صبح کی کہ وہ (صرف) روک تھام کی قدرت رکھتے تھے

لَضَالُّونَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ۝ قَالَ أَوْسَطُهُمْ أَلَمْ أَقُلْ

پھر جب اسکو (اُجڑا ہوا) دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم رستہ بھول گئے۔ بلکہ (بات یہ ہے کہ) ہم ہیں ہی بدنصیب۔ اُن میں جو سب سے اچھا

لَكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُونَ ۝ قَالُوا سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ۝

تھا اُس نے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم خدا کی تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار منزہ ہے بیشک

فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَلَاوَمُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا

ہم ہی ظالم ہیں۔ اب لگے ایک دوسرے کو ملامت کرنے اور یہ کہنے لگے ہائے خرابی ہماری ہم ضرور

كُنَّا طَاغِينَ ۝ عَسَىٰ رَبُّنَا أَنْ يُبْدِلَنَا خَيْرًا مِنْهَا إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا

سرکش رہے قریب ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمکو اس سے بہتر عطا فرما دے۔ یقیناً ہم

رَاغِبُونَ ۝ كَذَٰلِكَ الْعَذَابُ ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ

اپنے پروردگار ہی کی طرف رغبت کرنے والے ہیں۔ عذاب یوں ہوا کرتا ہے۔ اور آخرت کا عذاب (اس سے) کہیں بڑھا ہوا ہے۔

لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتِ

بشرطیکہ یہ لوگ سمجھتے ہوتے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لیے اُن کے پروردگار کے پاس نعمت والی

النَّعِيمِ ۝ أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِينَ كَالْمُجْرِمِينَ ۝ مَا لَكُمْ كَيْفَ

جنتیں ہیں۔ کیا ہم فرمانبرداروں کو گناہگاروں کی مانند کر دینگے۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے یہ کیسے

تَحْكُمُونَ ۝ أَمْ لَكُمْ كِتَابٌ فِيهِ تَدْرُسُونَ ۝ إِنَّ لَكُمْ

فیصلے کرتے ہو؟ آیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو۔ کہ جو کچھ تم پسند کرو گے

فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ ۝ أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَىٰ

وہ تمکو اُس میں ضرور ملیگا؟ یا تمہاری قسمیں ہمارے ذمے ہیں جو قیامت تک

يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۙ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ ۝ سَلْهُمْ أَيُّهُم بِذَٰلِكَ

چلی جائینگی کہ جوکچھ تم حکم کروگے وہ ضرور تم کو ملجائیگا۔ ان سے دریافت کرو کہ ان میں سے اس کا

زَعِيمٌ ۝ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ ۚ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ إِن

ضامن کون ہے؟ یا ان کے کچھ شریک ہیں۔ پھر اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو

مع ۱۵
عند المتقدمین ۱۲

كَانُوا صَادِقِينَ ۝ يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى

لے آئیں۔ جس دن پنڈلی کھولی جائیگی (یعنی جو سخت پریشانی اور گھبراہٹ کا دن ہوگا) اور لوگ

السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

سجدے کے لیے بلائے جائینگے تو (سجدہ) نہ کرسکیں گے۔ اُن کی آنکھیں نیچی ہونگی اور ذلت اُن پر چھائی ہوئی

ذِلَّةٌ ۖ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ ۝

ہوگی۔ اور دنیا میں بھی یہ سجدے کے لیے بلائے جاتے تھے جس حال میں کہ یہ تندرست تھے۔

فَذَرْنِي وَمَن يُكَذِّبُ بِهَٰذَا الْحَدِيثِ ۖ سَنَسْتَدْرِجُهُم

اب اُسکو جو اس بات کو جھٹلاتا ہے مجھ پر چھوڑ دو (کہ میں سمجھ لونگا) ہم اُنکو رفتہ رفتہ عذاب سے اس طرح

مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝

قریب کرینگے کہ اُن کو خبر بھی نہوگی۔ اور میں اُن کو ڈھیل دیتا رہونگا کہ میری تدبیر سنجیدہ ہے۔

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمُ

آیا تم اُن سے کوئی اجر مانگتے ہو کہ وہ تاوان کے مارے دبے ہوئے ہیں؟ یا اُن کے پاس

الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن

غیب کی خبریں ہیں جنہیں وہ لکھ لیتے ہیں۔ سو اپنے پروردگار کے فیصلے کے انتظار میں صبر کرو اور مچھلی والے

كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ۝ لَوْلَا أَن تَدَارَكَهُ

(یعنی یونس) کی مانند نہ ہونا کہ اُنہوں نے غم و غصہ کی حالت میں پکارا تھا۔ اگر تمہارے پروردگار کی مہربانی

نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَاۗءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ○ فَاجْتَبٰهُ

اُن کی خبر گیری نہ کرتی تو وہ بُرے حال سے چٹیل میدان میں پڑی ہوئی ہوتی۔ مگر انکو پروردگار نے

رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

انکو برگزیدہ کرلیا اور انکو نیک بندوں میں سے قرار دیا۔ قریب ہے کہ کافر جس وقت قرآن مجید کو سنتے ہیں

لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ

تو اپنی نظروں کے ذریعے سے تمہیں پھسلا دیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ تو

رکوع ۲ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○

ربع دیوانہ ہے۔ حالانکہ وہ (قرآن) تمام عالموں کے لیے نصیحت ہے۔

سورۃ الحاقۃ مکیۃ وھی اثنتان وخمسون اٰیۃ

اٰیاتھا ۵۲ — رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَاۗقَّةُ ○ مَا الْحَاۗقَّةُ ○ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاۗقَّةُ ○

برحق ہونیوالی۔ کیا چیز ہے وہ برحق ہونیوالی اور تم کیا سمجھے کہ وہ برحق ہونیوالی کیا ہے؟

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ○ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا

(قوم) ثمود و عاد نے تو اس کھڑکھڑا دینے والی کو جھٹلا دیا تھا سو ثمود تو صد درجہ کے عذاب (بڑی چیخ) سے

بِالطَّاغِيَةِ ○ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ○

ہلاک کردیے گئے تھے۔ اور رہے عاد تو وہ ایک تیز و تند ٹھنڈی ہوا سے ہلاک کیے گئے۔ جس کو (خدا نے)

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى

لگاتار سات رات اور آٹھ دن اُن پر مسلط رکھا سو تم اُن لوگوں کو اُس میں

ربع الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ○ فَهَلْ تَرٰى

اس طرح پڑا ہوا دیکھتے گویا وہ کھجوروں کے کھوکھلے تنے ہیں۔ پس اب بھی تم اُن کا

لَهُمْ مِّنْ بَاقِيَةٍ ○ وَجَاءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ

کچھ بقیہ دیکھتے ہو؟ اور فرعون اور جو لوگ اُس سے پہلے تھے اور اُلٹی ہوئی بستیوں والے

بِالْخَاطِئَةِ ○ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً

گناہ کے مرتکب ہوئے۔ پس اُنہوں نے اپنے پروردگار کے رسول کی نافرمانی کی تو اُس نے بھی اُنکی بہت ہی سخت گرفت

رَّابِيَةً ○ إِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَاءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ○ لِنَجْعَلَهَا

کی۔ یہ ہم ہی تھے کہ جب پانی نے طغیانی کی تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کر دیا۔ تاکہ ہم اُسکو تمہارے

لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَا أُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ○ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ

لیے ایک یادگار قرار دیں۔ اور ایک یاد رکھنے والا کان اُسکو یاد رکھے۔ پھر جبکہ صور ایک دم سے پھونکا جائیگا۔

نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ○ وَّحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً

اور زمین اور پہاڑ اُٹھا لیے جائینگے پھر یکایک چکنا چور

وَّاحِدَةً ○ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ○ وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ

کر دیے جائینگے پس اُسی دن تو قیامت واقع ہوگی۔ اور آسمان پھٹ جائیگا

فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ○ وَّالْمَلَكُ عَلٰى أَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ

تو وہ اُس دن بالکل کمزور ہو جائیگا۔ اور فرشتے اُس کے کناروں پہ ہونگے۔ اور تمہارے

عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ○ يَوْمَئِذٍ

پروردگار کے عرش کو اُس دن آٹھ اپنے اوپر لیے ہوئے ہونگے۔ اُس دن تم پیش

تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ○ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ

کر دیے جاؤ گے اور تمہارا کوئی بھید چھپا نہیں رہیگا۔ اب رہا وہ شخص جس کا نوشتہ

كِتٰبَهُ بِيَمِيْنِهِ فَيَقُوْلُ هَاؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ○ إِنِّيْ

اُسکے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا وہ تو کہیگا کہ لو آؤ میرے نوشتے کو پڑھو میں تو یقین

ظَنَنْتُ أَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ○ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ○

رکھتا تھا کہ مجھے حساب دینا پڑیگا۔ اب وہ تو پسندیدہ عیش میں

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ۝ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا

عالیشان باغ میں ہو گا جسکے پھل جھکے ہوئے ہونگے (اُن کو کہا جائیگا کہ) گزشتہ دنوں میں جو عمل تم

بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ

پہلے کر چکے ہو اُسکے عوض میں اب مزے سے کھاؤ پیو۔ اور رہا وہ جسکا نوشتہ اُسکے بائیں ہاتھ میں

بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ ۝ وَلَمْ أَدْرِ مَا

دیا جائیگا تو وہ کہیگا کاش میرا نوشتہ ہی مجھے نہ دیا گیا ہوتا۔ اور میں جانتا ہی نہیں کہ

حِسَابِيَهْ ۝ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَا أَغْنَىٰ عَنِّي

میرا حساب کیا ہے؟ اے کاش موت نے فیصلہ ہی کر دیا ہوتا۔ میرا مال تو میرے کچھ بھی کام

مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ ۝ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ۝ ثُمَّ

نہ آیا۔ میری سلطنت بھی مجھ سے جاتی رہی (حکم ہوگا کہ) اِسکو پکڑو پھر اسکے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر

الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ۝ ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا

اِسکو جہنم میں جھونک دو۔ پھر ایک ایسی زنجیر میں جسکا طول ستر ہاتھ کا ہو اِسے

فَاسْلُكُوهُ ۝ إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ۝ وَلَا يَحُضُّ

جکڑ دو۔ یہی ہے وہ جو خدائے بزرگ پر ایمان نہ لاتا تھا۔ اور نہ مسکین کے

عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ ۝

کھلانے پر آمادہ کرتا تھا۔ سو آج نہ تو اسکا یہاں کوئی دلسوز دوست ہے

وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ۝ لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ ۝ ع

اور نہ پیپ کے سوا کوئی اور کھانا جسکو گنہگاروں کے سوا کوئی اور نہ کھائیگا

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ ۝ وَمَا لَا تُبْصِرُونَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ

پس مجھے اُن (چیزوں) کی بھی قسم ہے جو تم دیکھتے ہو اور اُنکی بھی جو تم نہیں دیکھتے۔ یقیناً یہ عزت دار

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ ۝

رسول کا قول ہے۔ اور یہ کسی شاعر کی بات نہیں ہے۔ تم لوگ کسقدر کم ایمان لاتے ہو۔

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ

اور نہ یہ کسی کاہن کی خیال بندی ہے۔ کس قدر کم تم لوگ نصیحت حاصل کرتے ہو۔ یہ (قرآن) تو تمام عالموں کے پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ۝ لَاَخَذْنَا

کی طرف سے اُتارا ہوا ہے۔ اور اگر (رسول) ہمارے برخلاف کچھ باتیں بنا لیتے تو ہم اپنی قدرت سے اُن کو

مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ۝ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۝ فَمَا مِنْكُمْ

گرفتار کرتے۔ پھر ہم اُن کی شہ رگ کاٹ دیتے۔ تو تم میں سے کوئی

مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

اُنکی طرف سے روکنے والا نہ ہوتا۔ اور یہ پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہے

وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى

اور ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے کچھ جھٹلانے والے بھی ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ یہ کافروں کے لیے

الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝ ع ١٥ ٢ ٦

حسرت ہے۔ اور یہ قطعاً سچ ہے۔ پس اے (رسول) تم اپنی عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح کرتے رہو

سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً

٧٠ — آیاتہا ٤٤ — رکوعاتہا ٢ — کلماتہا ٢٢٠ — حروفہا ٩٤٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَاَلَ سَاۗىِٕلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۝ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ

ایک سوال کرنیوالے نے بڑے درجوں والے خدا سے ایسے عذاب کا سوال کیا جو کافروں کے لیے واقع ہو کر رہیگا

دَافِعٌ ۝ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۝ تَعْرُجُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

اور اسکا دفع کرنیوالا کوئی نہیں ہوسکتا۔ فرشتے اور روح اُسکی حضور میں (حاضر

وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ

ہونے کیلیے) ایک ایسے دن میں جس کا اندازہ پچاس ہزار برس ہوگا چڑھ جاتے ہیں۔

سَنَةٍ ۝ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ۝ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا ۝

اب تم نہایت خوبی کے ساتھ برداشت کرتے رہو۔ یہ لوگ تو اُس (قیامت) کو دور سمجھتے ہیں۔

وَنَرَاهُ قَرِيبًا ۝ يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ ۝ وَتَكُونُ الْجِبَالُ

اور ہم اُسکو قریب ہی دیکھتے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہو جائیگا اور پہاڑ دُھنکی ہوئی اُون کی

كَالْعِهْنِ ۝ وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ۝ يُبَصَّرُونَهُمْ ۚ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ

مانند ہو جائینگے اور آئمیں کوئی دوست کسی دوست کی بات نہ پوچھیگا اور گنہگار یہ آرزو کریگا کہ اُس دن کے

لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَ

عذاب سے بچنے کے لیے اگر ہو سکے تو اپنے بیٹوں کو اور اپنی بی بی کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے کنبے کو جو

أَخِيهِ ۝ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ ۝ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ

اُسکو اپنے ساتھ رکھتا تھا اور زمین (بھر) میں جو (جو) ہیں اُن سب کو بطور فدیہ کے دیدے پھر (یہ فدیہ)

جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ۝ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظَىٰ ۝ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ۝

اُسکو (اُس عذاب سے) محفوظ رکھے (تو) ہرگز ایسا نہ ہوگا۔ وہ (جہنم کی آگ) تو بھڑکتا ہوا شعلہ ہے جو کھال کو (ادھیڑ کر)

تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ۝ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ۝ إِنَّ الْإِنْسَانَ

ادھیڑ دیگا۔ یہ (جہنم) اُن لوگوں کو بلائیگی جنہوں نے پیٹھ پھیری اور روگردانی کی اور مال جمع کیا پھر اُسکو (بخل سے) روک رکھا۔

خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ

بیشک انسان حریص پیدا کیا گیا ہے۔ جب اُسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بڑا گھبرا جانیوالا ہے اور جب اُسے دولت ملتی ہے

الْخَيْرُ مَنُوعًا ۝ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ

تو بڑا روکنے والا ہے۔ ہاں وہ نماز پڑھنے والے اس سے مستثنیٰ ہیں جو اپنی نمازوں پر قائم

دَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ ۝

رہنے والے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے مالوں میں مانگنے والوں اور نہ مانگنے والوں کا ایک

لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝

مقررہ حق ہے۔ اور وہ لوگ جو فیصلے کے دن کو سچ جانتے ہیں

وَالَّذِينَ هُم مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ ۝ إِنَّ
اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرنیوالے ہیں بیشک اُنکے پروردگار
عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ
کا عذاب ایسی چیز نہیں ہے کہ اُس سے بیخوف ہو جائیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کو اپنی
حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ
بیبیوں یا اپنی لونڈیوں کے سوا اوروں سے محفوظ رکھنے والے ہیں کہ اُس صورت میں
فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ
اُن کو کوئی ملامت نہیں کیجا سکتی۔ پس جو اُس کے سوا کا خواستگار ہو تو ایسے ہی لوگ تو حد سے
هُمُ الْعَادُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ۝
بڑھ جانیوالے ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد کی رعایت کرنیوالے ہیں
وَالَّذِينَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ
اور وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی
صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ ۝ ع ٥
حفاظت کرتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ تو جنتوں میں عزت پائینگے۔
فَمَالِ الَّذِينَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِينَ ۝ عَنِ الْيَمِينِ وَ
پس ان کافروں کو کیا ہو گیا ہے کہ ان کی ٹولیاں داہنے سے اور بائیں سے
عَنِ الشِّمَالِ عِزِينَ ۝ أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُدْخَلَ
تمہاری طرف دوڑی چلی آتی ہیں۔ کیا ان میں سے ہر شخص یہ خواہش رکھتا ہے کہ اُس نعمت والی جنت میں
جَنَّةَ نَعِيمٍ ۝ كَلَّا ۖ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّمَّا يَعْلَمُونَ ۝ فَلَا
داخل کر دیا جائے۔ ہرگز ایسا نہ ہوگا۔ ہمنے انکو اُس چیز سے پیدا کیا ہے جسکو یہ جانتے ہیں پس مشرقوں
أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ ۝ عَلَىٰ أَن
اور مغربوں کے پروردگار کی قسم ہم اس بات پر ضرور قادر ہیں کہ انکے بدلے میں ان سے بہتر

نُبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ○ فَذَرْهُمْ
لے آئیں اور (اس بارے میں) ہم سے کوئی بازی نہیں لے جاسکتا۔ اب تم ان کو چھوڑ دو کہ
يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○
یہ باتیں بناتے رہیں اور کھیلتے (کودتے) رہیں تاآنکہ اُس دن سے مڈبھیڑ ہو جس کا ان کو وعدہ کیا جاتا ہے۔
يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ
اُس دن یہ (اپنی اپنی) قبروں سے نکل کر (اس طرح) بھاگتے ہونگے گویا جھنڈوں کی طرف چلے
يُّوْفِضُوْنَ ○ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذٰلِكَ
جا رہے ہیں۔ ان کی آنکھیں نیچی ہونگی اور ذلت ان پر چھائی ہوئی ہوگی۔ (اور ان کو) یہ
الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ○ ع ٢ ٩ ٨
کہا جائیگا کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

سورۃ نوح مکیۃ وھی ثمان وعشرون اٰیۃ

(٧١)

اٰیاتھا ٢٨ — رکوعاتھا ٢ — کلماتھا ٢٣١ — حروفھا ٩٧٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ
بالتحقیق ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف (اس حکم کے ساتھ) بھیجا کہ تم اپنی قوم کو قبل اس کے کہ
قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ
اُن پر دردناک عذاب آئے ڈراؤ۔ اُنہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم بیشک میں تمہارے
نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ○
ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں کہ تم اللہ کی عبادت کیا کرو اور اُس سے ڈرا کرو اور میرا کہنا مانتے رہو۔
يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى اِنَّ
کہ وہ تمہارے بعض گناہ بخش دیگا اور وہ معینہ مدت تک تم کو مہلت دیگا۔ بیشک جب

شان سے پیدا کیا ہے کہ تمہارے ارادے اور خیالات اور خواہشیں مختلف ہیں اور ایک قول کے مطابق یہ مطلب ہے
[illegible]

أَجَلَ اللّٰهِ إِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ قَالَ

خدا کا مقرر کیا ہوا وقت آجاتا ہے تو وہ ہٹایا نہیں جاتا۔ کاش تم اسی کو سمجھ لیتے (پھر نوح نے) عرض کی

رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلًا وَنَهَارًا ۝ فَلَمْ يَزِدْهُمْ

اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات اور دن بلایا مگر میرے بلانے نے انکو کچھ فائدہ نہ

دُعَآءِيٓ إِلَّا فِرَارًا ۝ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

پہنچایا سوائے اسکے کہ (مجھ سے) اور زیادہ بھاگنے لگے اور جب کبھی میں نے اُن کو اس غرض سے بلایا کہ تو انکے گناہ معاف کردے

جَعَلُوٓا أَصَابِعَهُمْ فِيٓ ءَاذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَ

تو انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں اور اپنے کپڑے اوڑھ لیے اور اپنی بات پر

أَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ

اڑے رہے اور حد سے زیادہ تکبر کیا۔ پھر میں نے انکو کھلم کھلا

جِهَارًا ۝ ثُمَّ إِنِّيٓ أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ۝

بلایا۔ پھر میں نے اُن کے لیے اپنی دعوت کا اعلان کیا اور خفیہ خفیہ بھی اُنسے رازمیں باتیں کیں

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُرْسِلِ

اور یہ کہا کہ تم اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔ جو آسمان سے تم پر

السَّمَآءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا ۝ وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ

موسلا دھار پانی برساتا ہے۔ اور مال و اولاد سے تمہاری مدد فرماتا ہے

وَيَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَارًا ۝ مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ

اور تمہارے لیے باغات پیدا کرتا ہے اور تمہارے لیے ندیاں جاری کرتا ہے تمہیں ہو کیا گیا ہے کہ تم خدا

لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ۝ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ

کی عزت نہیں کرتے۔ حالانکہ اُسنے تم کو طرح طرح کا پیدا کیا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا تعالےٰ

خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ

نے سات آسمانوں کو تو بر تو پیدا کیونکر کیا ہے۔ اور اُن میں چاند کو روشن کیا

[illegible]

ف یرسل ... تا ... یعنی تفسیر صافی میں ہے کہ جب انکو خدا کے دین کی طرف بہت بلایا گیا اور انکا اصرار بڑھتا گیا تو
[illegible]

